باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ® 171

ستمبر 2020ء بمطابق محرم الحرام صفر المظفر 1442ھ

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

- یہ ٹوٹکہ آزمائیے! کبھی دولت نہ کم ہوگی، نہ ختم ہوگی!
- ادرک! معدہ، آنت، اعصاب اور نظر طاقتور بنائے
- 100 سال پرانی کتاب کے بوسیدہ نسخہ جات!
- شادی شدہ جوڑے سات غلطیوں سے بچیں

## عمر بھر غیر ضروری بال نہ آئیں گے! انوکھے 2 ٹوٹکے

## بارش کا پانی پاگل پن اور جادو کا آخری علاج

## بیماریوں سے بچاؤ کے لیے خوشبو لگائیے

ٹھنڈا پانی پینے کے کتنے نقصانات! پڑھیے سنبھل جائیے!


جس عورت کا گھر بستا نہ ہو خاص عمل! گھر بس جائے گا

یہ دعا پڑھیے! سالہا سال پرانی تنگدستی ختم

دیر سے اٹھنے والے یہ نقصانات اٹھا رہے ہیں!

آگ! 7 بار کہف نہ پڑھتا تو سارا گھر جل جاتا

4 چھپکلیاں جلائیں! لگائیں شوگر کا زخم ٹھیک!







0343-8710009

ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن
عبقری ریڈیو ★ اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا
YouTube Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari
facebook.com/ubqari www.ubqari.org
عبقری گروپ آف میڈیا

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | کم کھاؤ غم نہ کھاؤ حلال کھاؤ حرام نہ کھاؤ | 37 | ادرک،معدہ،آنت،اعصاب اور نظر کا طاقتور بنائے |
| 4 | نسلوں کو کھا جانے والی بد دعا کا علاج | 38 | طب محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ |
| 5 | عاشق رسولؐ کے جنازے کو فرشتوں نے غسل دیا | 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 6 | فوڈ الرجی سے نجات! بچوں کو صحت مند بنائیے! | 41 | یہ دعا پڑھیے! سالہا سال پرانی تنگدستی ختم |
| 7 | یہ ٹوٹکا آزمائیے! کبھی دولت نہ کم ہوگی نہ ختم ہوگی! | 44 | بیماریوں سے بچاؤ کے لیے خوشبو لگائیے |
| 8 | ذہنی دباؤ آپ کی خوبصورتی کو متاثر کرسکتا ہے! | 45 | قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے |
| 9 | دیر سے اٹھنے والے یہ نقصانات اٹھا رہے ہیں! | 48 | پرندہ آیا گھر سے کالی چیز اٹھائی اور سکون ہوگیا! |
| 10 | صفر المظفر سارا سال عزیمان مال میں برکت کا انوکھا عمل | 51 | معذور لڑکی کی کامیاب شادی اور اولاد نرینہ! |
| 12 | حضرت ابن عطاءؒ کے مستند روحانی وظائف | 52 | ضدی بیماریوں سے چھٹکارا پانے والوں کے تجربات |
| 13 | جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج | 53 | موٹاپا کو شکست دینے کا فارمولہ لکھ لیجئے! |
| 14 | روحانی امراض اور ان کا علاج | 54 | مجھے ٹوٹکے اکٹھے کرنے کی دیوانگی تھی! آج سب لکھ دیا |
| 15 | میری زندگی کیسے بدلی؟ | 55 | ساری رات بلغم تھوکنے والے افراد متوجہ ہوں! |
| 16 | آگ! 7 بار کبھی نہ پڑھتا تو سارا گھر جل جاتا | 56 | 100 سال پرانی کتاب کے بوسیدہ نسخہ جات! |
| 17 | شادی شدہ جوڑے سات غلطیوں سے بچیں | 57 | آپ کا خواب اور روشن تعبیر |
| 18 | گھر کی آرائش اب کچھ مشرقی طرز پر | 58 | دس سال پرانا درد چند دنوں میں کیسے ختم ہوا؟ |
| 20 | خضر علیہ السلام ظاہر ہوئے! وظیفہ بتایا اور غائب | 59 | 30 ہزار بچ گئے آپریشن بھی نہ ہوا اور پتھری بھی ختم |
| 23 | 4 چھپکلیاں جلائیں! لگائیں، شوگر کا زخم ٹھیک! | 60 | مراقبہ + بقیہ جات |
| 24 | کان میں تیل کے قطرے اور چمکتی مکھی امریکن تحقیق | 61 | عبقری ادویات اشتہار |
| 26 | آخری ہچکی پر آئے مریض کیلئے کامیاب قرآنی عمل | 63 | عبقری ادویات اشتہار |
| 29 | دوران حج! جن کا جوتا پکڑا اٹھایا! زندگی برباد ہوگئی! | 64 | پورے سال کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ لاہور میں گزاریے |
| 34 | سرکہ صدیوں پرانا معالج! انہیں جانئے تو جان لیجئے! | 65 | عبقری ادویات بمعہ نرخ نامہ |
| 35 | قارئین کی آزمودہ تحریریں | | |


**ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں**


عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

شمارہ نمبر 3 | جلد نمبر 15 | ستمبر 2020 محرم الحرام/صفر المظفر 1442 ہجری

**فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک**

# ماہنامہ عبقری لاہور

ستمبر 2020ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1260 روپے بمعہ رجسٹرڈ ڈاک، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


## تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

**قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:** زندگی کے مختلف شعبوں میں کام کیا جا رہا ہے وہ آئندہ آپ کو جاری رکھنا ہوگا۔ جو ذمہ داری آپ پر کل عائد ہونے والی ہیں کیا آپ ان پر عہدہ برآ ہونے کیلئے اپنے آپ کو تیار کر رہے ہیں؟ کیا اپنے اندر اہلیت پیدا کر رہے ہیں؟ موزوں تربیت لے رہے ہیں؟ اگر نہیں تو جائیں آج سے تیاری شروع کر دیجئے۔ مستقبل کیلئے اپنے آپ کو تیار کرنے کا یہی زمانہ ہے۔ (طلبہ کے نام پیغام)

| | |
|---|---|
| کبھی تنہائی کوہ و دمن عشق | کبھی سوز و سرور و انجمن عشق! |
| کبھی سرمایۂ محراب و منبر | کبھی مولا علیؓ خیبر شکن عشق! |

علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

## مجھے ضرور پڑھیں!

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں' ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے' بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے' ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب' رسائل' جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے' وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں' مولف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں۔ شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

## عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

**ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔**

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔


**خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن**

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

E mail:contact@ubqari.org | 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس


محمد طارق محمود نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

نقشہ: مزنگ چونگی قرطبہ چوک سے ساتھ عبقری سٹریٹ سے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

## مصیبت زدہ کو صرف تسلی دینے کا اجر

☆حضرت محمد بن عمر بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو مومن اپنے کسی مومن بھائی کی مصیبت میں اسے صبر و سکون کی تلقین کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے عزت کے لباس پہنائیں گے۔☆حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مصیبت زدہ کو تسلی دیتا ہے تو اسے اس مصیبت زدہ جیسا ثواب ملتا ہے۔ (ترمذی)☆حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: مسلمان کی دعا اپنے مسلمان بھائی کے لیے پیٹھ پیچھے قبول ہوتی ہے۔ دعا کرنے والے کے سر کی جانب ایک فرشتہ مقرر ہے جب بھی یہ دعا کرنے والا اپنے بھائی کیلئے بھلائی کی دعا کرتا ہے تو وہ اس پر وہ فرشتہ آمین کہتا ہے اور (دعا کرنے والے سے) کہتا ہے اللہ تعالیٰ تمہیں بھی اس جیسی بھلائی دے جو تم نے اپنے بھائی کیلئے مانگی ہے۔ (مسلم)

## باپ کا اپنی اولاد کیلئے بہترین تحفہ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے ان بیٹیوں کے کسی معاملہ کی ذمہ داری لی اور ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا تو یہ بیٹیاں اس کیلئے دوزخ کی آگ سے بچاؤ کا سامان بن جائیں گی۔ (بخاری)

☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں یا دو بیٹیاں یا دو بہنیں ہوں اور وہ ان کے ساتھ اچھا معاملہ رکھے اور ان کے حقوق کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے تو اس کیلئے جنت ہے۔ (ترمذی) ☆ حضرت ایوب رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کسی باپ نے اپنی اولاد کو اچھی تعلیم و تربیت سے بہتر کوئی تحفہ نہیں دیا۔ (ترمذی)

ایڈیٹر کے قلم سے

# حال دل

## کم کھاؤ غم نہ کھاؤ
## حلال کھاؤ حرام نہ کھاؤ

جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا

### زیادہ کھانے والے کی مشکلات

میرے ایک دیرینہ اور ابتدائی محسن تجمل الٰہی شمسی مرحوم کی بات مجھے شاید پتھر پر لکیر کی طرح کبھی نہ بھول سکی' ان کا قول ہے اور بڑوں بوڑھوں سے انہوں نے سنا اور میں گمان نہیں سچا خیال رکھتا ہوں' ساری زندگی انہوں نے خود اس پر عمل کرکے بھی دکھایا کیونکہ میرا تقریباً بیس سال ان سے واسطہ اور رابطہ رہا اور یہ کوئی تھوڑا عرصہ نہیں' ان کا قول ہے ''کم کھاؤ غم نہ کھاؤ۔ حلال کھاؤ حرام نہ کھاؤ'' یقین جانیے! میں نے زندگی میں زیادہ کھانے والے کو تکالیف' مشکلات' مسائل اور پریشانیوں میں مبتلا دیکھا ہے اور کبھی سکھی نہیں دیکھا' ان کی عمریں تھوڑی' ان کے گھٹنے ختم' ان کے اعصاب بے کار' ان کے بستر کی زندگی یا دفتر کی زندگی' مِل' کاروبار یا دکان ہر شعبہ میں وہ ناکام اور پریشان ہیں' بے دریغ کھانا' بہت زیادہ کھانا اور کھانے کو زندگی کا حصہ بنایا اور کھاتے ہی چلے جانا' یہ زندگی کا ایک بہت بڑا نچوڑ ہے کہ کبھی احتیاط سے چلو اور احتیاط ہی ساری کائنات کا راز ہے اور اگلا راز جو شمسی صاحب مرحوم نے بیان کیا ''حلال کھاؤ حرام نہ کھاؤ'' اس چھوٹے سے فقرے پر تو حد کردی ہے۔

### آج تک کوئی میرے شکنجے اور جال سے نہ نکل سکا مگر۔۔۔

اک آخری درجے کا بدمعاش مجھے لفظ 'بدمعاش' لکھتے ہوئے جھجک سی محسوس ہو رہی ہے لیکن اس شخص کا تعارف ان الفاظ کے بغیر مجھے کچھ مل نہیں رہا۔ کہنے لگا: میں نے آج تک جس کو بھی گھیرا ہے' کوئی میرے شکنجے اور جال سے نکل نہیں سکا' وہ مرد ہو یا عورت آج تک کوئی بندہ میرے شیطانی جال سے نہیں نکل سکا لیکن ایک شخص میرے شیطانی جال سے نکل گیا' میں یونیورسٹی میں پڑھتا تھا اور وہ بھی یونیورسٹی میں پڑھتا تھا' پھر میں نے بہت زیادہ تحقیق کی' سوچا کہ وہ میرا شکار میرے ہاتھ سے کیوں نکل گیا؟ میں نے اسے اپنی لذت اور تنہائی کا حصہ بنانا تھا' بہت عرصہ میں پریشان رہا کیونکہ وہ میری انا اور شیطانیت کا سوال تھا اور لوگ مجھ پر مذاق کرتے تھے تو کہتا ہے کہ میرا کوئی شکار میرے ہاتھ سے نہیں نکلا لیکن وہ کیوں نکل گیا؟

### حلال کو کبھی حرام چھو نہیں سکتا

آخرکار میں نے اس پر تگ و دو کی انتہا کردی' پتہ چلا جس گھرانے کا وہ فرد ہے اس گھرانے میں رزق حلال آتا ہے اور سختی سے وہ رزق حلال کا اہتمام کرتے ہیں' ان کے دادا پاکستان کے بہت بڑے آدمی تھے اور ان کا ایک نام تھا' وہ رزق حلال کے بارے میں اتنے محتاط تھے کہ ان کی مثالیں موجود ہیں لیکن وہ رزق حلال کو کبھی ہاتھ سے جانے نہیں دیتے تھے اور رزق حرام کو کبھی چھوتے نہیں۔ اس بدمعاش کا جو شکار تھا اس کی رگوں میں حلال رزق دوڑ رہا تھا' اس نے لاکھ کوشش کی لیکن حلال کو کبھی حرام چھو نہیں سکتا اور حرام ہمیشہ آپس میں ملتا ہے۔ قارئین! میرے پاس ایک نہیں سینکڑوں نہیں' بے شمار واقعات ہیں اور میں جب ایسے واقعات کے رزلٹ اور نتائج دیکھتا ہوں' اش اش کر اٹھتا ہوں اور شمسی صاحب کی روح کو فوراً اعمال کا ہدیہ کرتا ہوں کہ کیا کمال کی بات کر گئے۔ آج سالہا سال ہوگئے ہیں وہ بات میرے دل اور جگر میں ایسی اتری کہ کبھی فراموش نہ ہوسکی۔

### زندگی میں حرام کا نہ سوچیے! نسلیں محفوظ رہیں گی

آئیے! سب سے پہلے اپنے دسترخوان پر پہلوان بنیں' کھانے کے نہیں پہلوان وہ ہے جس کا ہاتھ رک جائے کتنا پرتکلف لذیذ دسترخوان ہے لیکن میرا ہاتھ وہیں رک جائے اور اسی طرح رزق حلال کمانا ہے اور اس کی بھرپور کوشش کرنی ہے' چاہے وہ نوکری پیشہ ہے' تاجر ہو' زمیندار ہو' اپنی زندگی میں حرام کو شامل کرنے کا سوچنا نہیں' یقین جانیے! نسلوں کی عزتیں اور عصمتیں جہاں بچی رہیں گی' وہاں قدرت نسلوں کے لیے رزق غیبی کا انتظام کردے گی۔

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال
دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# نسلوں کو کھاجانے والی بددعا کا علاج

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

ہفتہ وار درس سے اقتباس

### بددعا کا علاج استغفار

روحانی استخارہ کرنے پر بعض لوگوں کی پریشانی کی وجہ یہ ملتی ہے کہ کوئی بددعا ایسی ہے کہ جو اس کا تعاقب کررہی ہے۔ اُس کا علاج صرف ایک چیز ہوتی ہے اور وہ ہے استغفار، توبہ اللہ جل شانہٗ سے معافی مانگنا اور اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ سے ٹھیک کروانا۔

### کملی والے ﷺ کی دعا سے کامیابی

ہم سب سے پہلے سرورکونین ﷺ کی دعائیں لیں جیسا کہ میں نے حدیث مبارکہ کا مفہوم عرض کیا ہے کہ وہ شخص سر سبز و شاداب ہوجائے جو میری بات سنے اور اُسے میری امت تک پہنچادے اور جس کو میرے آقا کملی والے ﷺ کی دعا لگ گئی جس نے سرورکونین ﷺ کی دُعا کو حاصل کرلیا وہ دنیا اور آخرت میں کامیاب ہوگیا۔

### بلی کی خدمت پر مشین چل پڑی

ہمارے ایک ساتھی میرے پاس آئے اور علیحدگی میں مجھے ایک بات بتائی۔ میں نے انہیں کہا کہ یہ بات سب کو بتاؤ تو انہوں نے سب کو بلا کر بتایا۔ ہماری ایک کھنڈر والی بیاض ہے، خاندانی بیاض ہے، اسے وہ ٹھیک کررہے ہیں۔ اس کی 90 ہزار کاپیاں فوٹو اسٹیٹ کردی ہیں۔ وہ کہنے لگے کہ ایک فوٹو اسٹیٹ کی مشین مجھے ڈسٹرب کررہی تھی، پریشان کررہی تھی۔ ہمارے گھر میں بلی ہے اور اس نے بچے دیئے ہوئے ہیں۔ ہم اِس کی خدمت کرتے ہیں اسے دودھ وغیرہ ڈالتے ہیں وہ بچوں کی خدمت کرتی ہے اپنے بچوں کو دودھ پلاتی ہے۔ اس کے بچے گھر میں کھیلتے کودتے پھر رہے ہیں۔ کہنے لگے مشین ڈسٹرب کررہی تھی میں نے اہلیہ سے کہا: بلی کو دودھ ڈال دیں۔ جب بلی کو دودھ ڈالیں گے تو مشین ٹھیک ہوجائے گی اگر پھر مجھے مشین تنگ کرے تو میں کہوں بلی کو دودھ نہیں دیا ناں؟ صبح یا شام کو دودھ نہیں دیا ناں؟ اہلیہ کہنے لگیں گھر کی مصروفیات کی وجہ سے نہیں ڈالا، ابھی ڈالتی ہوں، ادھر بلی کو دودھ ڈالا اُدھر مشین ٹھیک ہوگئی۔ میں نے پوچھا ایسا کتنی دفعہ ہوا کہنے لگے کہ 4،5 مرتبہ ایسا ہوا اور یہ سچ ہے‘ میرے پاس بے شمار ایسے واقعات ہیں کہ کسی جانور کی خدمت کی اور اس کی دعا سے کام بن گیا۔

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

# تسبیح خانہ کے پانچ لنگر! برکت کا انوکھا نظام

ہمارے تسبیح خانہ میں پانچ لنگر روزانہ چلتے ہیں‘ انسانوں کا لنگر‘ بلیوں کا لنگر‘ پرندوں کا لنگر‘ مچھلیوں کا لنگر‘ چونٹیوں کا لنگر اور پتہ نہیں مجھے کس کے طفیل روٹی مل رہی ہے۔ یہاں تسبیح خانہ میں خدمت کرنے والوں کو میں نے کہا کہ اللہ والو! اللہ کی رضا کے لیے خدمت کرو۔ پرندوں، جانوروں، ان بے زبانوں کی تمہیں پتہ ہی نہیں کہ کتنی دعائیں مل رہی ہیں اور ملیں گی۔ بعض دعائیں ایسی ہوتی ہیں جو دنیا کا کام بنواتی ہیں، جو دنیا کی مشکلات ٹلواتی ہیں۔

### تم پر عذاب نہ ٹوٹ پڑے

ہم ٹھٹھہ کے سفر میں تھے تو محی الدین ہاشمی بھی ہمارے ساتھ تھے، بڑے درویش آدمی ہیں۔ مجھے ایک واقعہ سنانے لگے کہ فلاں بڑا آدمی غالباً جج تھا، اُس کے گھر میں بلی نے بچے دیئے اور اُس کی بیوی نے کہا کہ ان کو نکالو یہ گھر میں گند ڈالتے ہیں۔ گھر والوں کے خواب میں کسی نے دہشت ناک آواز میں کہا خیال کرنا ان بچوں کا اکرام کرنا کہیں یہ نہ ہو کہ تم پر عذاب ٹوٹ جائے۔

### بلی کے ساتھ بدسلوکی سے پورا گھر تباہ

ہمارے بلوچوں کے ایک سردار الٰہی بخش خان صاحب کہنے لگے کہ کسی کے گھر میں بلی نے بہت سارے بچے دیئے۔ وہ بلی کے بچوں کو نکالتے اور بلی انہیں دوبارہ لے آتی، اسے کوئی محفوظ جگہ نہ مل رہی تھی۔ سخت سردی کا موسم تھا اور اوپر سے بارش شروع ہوگئی گھر والوں نے بلی کے بچوں کو ٹوکرے میں ڈال کر باہر درخت کے نیچے رکھ دیا۔ درخت سے بارش کا پانی ٹپک رہا تھا۔ بلی کے بچوں کو درخت کے نیچے رکھا۔ اب بچے بھی اور بلی بھی بیچاری سردی سے روئیں چیخیں اور بلی کے بچے تو بہت نازک ہوتے ہیں۔ میں نے تجربہ کیا ہے کہ سخت گرمی میں جہاں ہمارا دم گھٹتا ہے، جہاں آکسیجن نہیں ملتی بلی کے بچے وہاں رہتے ہیں، ان کی نشوونما وہیں ہوتی ہے۔ الٰہی بخش صاحب کہنے لگے کہ: خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ بچے بھی خاموش ہوگئے اور بلی بھی خاموش ہوگئی اور اس گھر کی چھت گری اور گھر والے بھی خاموش ہوگئے۔ بلی بھی مرگئی، بچے بھی مرگئے اور وہ گھر والے بھی مرگئے۔ دعاؤں کا ایک نظام ہے اور بددعاؤں کا بھی ایک نظام ہے۔ یہ دعائیں اللہ والوں سے ملتی ہیں اور جانوروں سے بھی ملتی ہیں۔ ہماری عقل اور سمجھ کام نہیں کرتی ورنہ دعائیں بولنے والوں سے بھی ملتی ہیں اور بے زبانوں سے بھی ملتی ہیں۔ (جاری ہے)

## خوشیوں بھرا خط! پڑھے بغیر نہ جائیے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں 2016 میں پہلی مرتبہ تسبیح خانہ لاہور آئی‘ عبقری سے تعلق جڑے چند ماہ ہی ہوئے تھے مجھے یہاں آنے کی اتنی لگن ہوئی کہ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے لگی کہ میں تسبیح خانہ میں آکر درس سنا کروں‘ اللہ میرے لیے آسانیاں پیدا کر۔ شوہر کے ساتھ تسبیح خانہ آئی یہاں پر لوگوں کا جم غفیر دیکھ کر بہت خوش ہوئی‘ درس سنا‘ ذکر خاص کی محفل میں شامل ہوئے‘ گڑگڑا کر دعائیں مانگیں‘ آپ کے درس سے مجھے اور میرے شوہر کو بہت سکون حاصل ہوا۔ پھر درس میں مسلسل آن لائن شامل ہونا شروع ہوئے‘ اس کے علاوہ بھی سارا دن درس گھر میں لگا رہتا‘ مجھے دس سال سے گورنمنٹ کی طرف سے گھر نہیں ملتا تھا نہ میرا فلیٹ فروخت ہوتا تھا‘ درس سننے‘ وظائف اور اعمال کی برکت سے یقین مانیں چھ ماہ بھی نہ گزرے تھے کہ مجھے اور میرے شوہر کو گھر مل گیا‘ چھ ماہ کے اندر میں نے ایک بیٹے اور ایک بیٹی کی شادی بھی اسی برکت کی بدولت کردی اور مالی تنگی بھی دور ہوگئی۔ فلیٹ جو کہ فروخت نہیں ہورہا تھا تسبیح خانے کے وظائف کی برکت سے وہ بھی فروخت ہوگیا۔ (صوفیہ بانو، کراچی)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ وزکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
”شفائے حیرت“ چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# عاشق رسولؐ کے جنازے کو فرشتوں نے غسل دیا

انتخاب: ابولبیب شاذلی

محمود بن لبید سے روایت ہے کہ حضرت حنظلہ بن ابی عامر رضی اللہ عنہٗ جو بنی عمرو بن عوف کے بھائی تھے وہ اور ابوسفیان بن حرب یوم اُحد میں مقابل ہوئے جب ابوسفیان پر حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہٗ غالب آ گئے تو ان کو شداد بن اسود نے دیکھا اور شداد کو ابن شعوب بھی کہا جاتا ہے کہ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہٗ ابوسفیان پر چڑھ بیٹھے ہیں تو شداد نے حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہٗ کو تلوار ماردی اور انہیں شہید کردیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہارے ساتھی یعنی حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہٗ کو ملائکہ غسل دے رہے ہیں۔ ان کی گھروالی سے پوچھو کیا بات ہے؟ میں نے ان کی گھروالی سے پوچھا۔ اس نے بیان کیا کہ جب انہوں نے غزوہ کی ندا سنی تھی یہ حالت جنابت ہی میں نکل پڑے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا اسی وجہ سے ان کو ملائکہ نے غسل دیا ہے۔

محمود بن لبید نے بیان کیا کہ جب حضرت سعدؓ کی غزوہ خندق میں رگ اکحل پر زخم لگا پس وہ بیمار ہوگئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے ان کو وہاں سے ایک عورت کے پاس منتقل کردیا جن کو رفیدہ کہا جاتا ہے تو حضور ﷺ نکلے اور ہم سب آپ ﷺ کے ساتھ چلے‘ آپ ﷺ نے چلنے میں یہاں تک تیزی کی کہ ہمارے جوتوں کے تسمے ٹوٹ گئے اور ہماری گردنوں سے ہماری چادریں گر گر جاتی تھیں اس بات پر آپ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہم اجمعین نے آپ ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے تو چلنے میں ہم کو تھکا دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا میں خوف کرتا ہوں کہ ہم سے پہلے کہیں ان کو غسل دینے کے لیے ملائکہ نہ پہنچ جائیں جیسا کہ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہٗ کو غسل دیا ہے۔ مزید ایک جگہ اسی واقعہ کو عاصم بن عمر بن قتادہؒ نے بیان کیا کہ رسول اکرم ﷺ سوگئے تو آپ ﷺ کے پاس ایک فرشتہ آیا یا یوں کہا کہ جبریل علیہ السلام آئے جب کہ آپ ﷺ جاگے اور کہا کہ آپ ﷺ کی اُمت میں سے آج کی رات کس نے وفات پائی ہے؟ اس کی موت کی بشارت اہل آسمان کو دی گئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ میں نہیں جانتا مگر یہ کہ سعد رضی اللہ عنہٗ نے اس حالت میں شام کی تھی کہ انتہائی مریض تھے، آپ ﷺ نے دریافت کیا کہ سعد کا کیا حال ہے؟ لوگوں نے بتایا یارسول اللہ ﷺ! ان کی وفات ہوگئی اور ان کے پاس ان کے گھر کے لوگ آئے اور ان کو اپنے گھر اٹھا لے گئے۔ راوی کہتے ہیں کہ حضور ﷺ نے صبح کی نماز پڑھی پھر آپ ﷺ نکلے اور آپ ﷺ کے ساتھ لوگ تھے، لوگ چلتے چلتے تھک گئے یہاں تک کہ ان کے جوتوں کے تسمے ان کے پیروں سے ٹوٹ گئے اور ان کی چادریں ان کے کندھوں سے گری پڑتی تھیں، آپ ﷺ سے ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ! لوگ تو ہار گئے، راوی کہتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ ہم سے پہلے کہیں ان کی طرف ملائکہ نہ پہنچ جائیں جیسا کہ ہم سے پہلے حنظلہؓ کی طرف پہنچ گئے تھے۔

# جنازہ کا وزن ہلکا! منافقین کا سوال اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا جواب

## صحابہ کرامؓ کے جنازوں کو ملائکہ کا گھیر لینا

حضرت جابر رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جب ان کے والد شہید کردیئے گئے یہ چہرہ پر سے کپڑا اٹھاتے اور روتے تو ان کو لوگوں نے (رونے سے) منع کیا حضور ﷺ نے فرمایا تم اپنے والد کو روؤ یا نہ روؤ فرشتے برابر ان پر سایہ کئے رہے یہاں تک کہ تم نے ان کو اٹھایا۔ ایک روایت میں ہے کہ فرشتے برابر اپنے پروں سے سایہ کئے رہے اس وقت تک جب تک کہ تم نے ان کے جنازہ کو اٹھایا۔

سلمہ بن اسلم سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اور ہم دروازہ پر تھے، ہم ارادہ کررہے تھے کہ آپ ﷺ کے پیچھے ہی ہم داخل ہوں، رسول اللہ ﷺ گھر میں داخل ہوئے اس گھر میں کوئی نہ تھا سوائے حضرت سعد رضی اللہ عنہٗ کے اور انہیں کپڑے سے ڈھانک دیا گیا تھا۔ سلمہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ آہستہ آہستہ قدم رکھ رہے ہیں جب میں نے آپ ﷺ سے ایسا دیکھا تو میں کھڑا ہوگیا اور آپ ﷺ نے بھی میری طرف اشارہ کیا کہ ٹھہر جا تو میں کھڑا ہوگیا اور اپنی پشت کی جانب واپس آ گیا۔ آپ ﷺ ذرا دیر بیٹھے اس کے بعد باہر تشریف لائے۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! میں نے کسی کو نہیں دیکھا اور میں نے آپ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ قدم سنبھال کر رکھ رہے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ مجھے اس مجلس میں بیٹھنے کا موقع نہ ملا جب تک کہ میرے لیے ایک فرشتہ نے اپنا بازو نہیں سمیٹ لیا تو میں بیٹھ گیا اور حضور ﷺ فرمارہے تھے۔ اے ابوعمر! تیرے لیے مبارک ہوا ے ابوعمر! تیرے لیے مبارک ہو۔ اے ابوعمر! تیرے لیے مبارک ہو۔ (ابوعمر حضرت سعد رضی اللہ عنہٗ کی کنیت ہے) حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سعد بن معاذؓ کے لیے ایسے ستر ہزار فرشتے اترے ہیں جو اس سے پہلے زمین پر کبھی نہیں چلے اور جس وقت حضرت سعد بن معاذؓ دفن کئے گئے تو حضور ﷺ نے فرمایا سبحان اللہ۔ اگر قبر کے ضغطہ یعنی بھینچ سے کوئی نجات پاتا تو اس سے سعدؓ ضرور نجات پاتے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ سعد بن ابراہیم نے بیان کیا کہ جب حضرت کی چارپائی نکالی گئی تو منافقین میں سے کچھ لوگوں نے کہا کہ سعدؓ کا جنازہ کس قدر ہلکا ہے یا یوں کہا کہ سعد کی چارپائی کس قدر ہلکی ہے تو حضور ﷺ نے فرمایا سعد کے جنازہ پر حاضر ہونے کے لیے یا یوں فرمایا کہ سعد کی چارپائی کو کندھا دینے کے لیے ایسے ستر ہزار فرشتے حاضر ہوئے ہیں جو آج کے دن سے پہلے زمین پر نہیں چلے تھے۔ حضرت حسنؓ فرماتے ہیں کہ جب حضرت سعد بن معاذؓ کی وفات ہوگئی اور یہ بھاری بھرکم آدمی تھے منافقین ان کے جنازہ کے پیچھے چل رہے تھے اور انہوں نے کہنا شروع کیا کہ ہم نے آج کے دن سے ہلکا جنازہ نہیں دیکھا اور یہ بھی کہا کہ کیا تم جانتے ہو ایسا کیوں ہے؟ یہ ان کے بنی قریظہ کے معاملہ میں فیصلہ دینے کی وجہ سے ہے تو اس بات کا تذکرہ حضور ﷺ سے کیا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ قسم اس ذات کی کہ میری جان اس کے ہاتھ میں ہے جنازہ اس وجہ سے ہلکا تھا کہ ان کی چارپائی کو فرشتے اٹھائے ہوئے تھے۔ (بحوالہ: حیاۃ الصحابہ جلد سوئم‘ حصہ دہم‘ صفحہ نمبر 614 تا 617)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد و بال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنادیگا۔ اس کے علاوہ ”کمر درد جوڑوں کا درد کورس“ آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی‘ طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوچکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)



www.ubqari.org

# فوڈ الرجی سے نجات! بچوں کو صحت مند بنائیے!

مہوش طالب، اسلام آباد

## آپ اپنی آنکھ کے تاروں کو ماند پڑنے سے کیونکر بچا سکتی ہیں؟

یوں محسوس ہوتا ہے، جیسے زندگی کیلئے خطرناک فوڈ الرجیز پہلے سے کہیں زیادہ ہیں جب ''آپ'' بچے تھے اور فوڈ الرجی (جو ایک طرح کا مرض ہے) کا تصور بھی نہیں کرتے تھے۔ امریکہ کا ادارہ برائے ڈیسز کنٹرول اینڈ پریونشن میں کی گئی تحقیق کے مطابق (1997-2011) فوڈ الرجی کا شکار بچوں کی شرح پچاس فیصد بڑھ چکی ہے۔ محققین دنیا بھر کے ترقی یافتہ ممالک میں فوڈ الرجی کے بڑھنے کی وجوہات دریافت کرنے میں کوشاں ہیں۔ فوڈ الرجی کا باقاعدہ علاج شاید ممکن نہ ہو تاہم کچھ ضروری احتیاطی تدابیر سکول کے دوران آپ کے بچے کی حفاظت کو یقینی بنا سکتی ہیں۔

## اساتذہ کے ساتھ دوستانہ رویہ رکھیں

جب الرجی کے نقصانات کا معاملہ ہو تو روزمرہ کی بنیادوں پر بچے کے سکول ٹیچر سے گفتگو کرنا بہت اہم ثابت ہو سکتا ہے، اپنے آپ کو تمام سکول سٹاف بشمول بالغ طلباء، کینٹین کے ممبران، ڈسپنسری نرس، سکول بس ڈرائیور، اسپورٹس ٹیچر وغیرہ سے متعارف کرائیں جنہیں آپ کا بچہ ہر روز دیکھتا ہے۔ بعض اوقات فوڈ الرجیز سے متعلق محض غلط فہمیاں ہوتی ہیں جن کے خوف سے بچے پراعتماد نظر نہیں آتے ہیں۔ لہٰذا اپنے بچے کو صحت مند اور مضبوط بنانے کیلئے سکول سٹاف کی شراکت داری سے یہ غلط تصور دور کریں۔ اپنے بچوں کو ضروری معلومات فراہم کریں، کہ سٹاف کا ہر رکن ہر وقت ان کی مدد کے لیے تیار ہے اور سکول کے اوقات میں وہ تنہا نہیں ہے۔

## ہمیشہ ہلکی پھلکی کھانے کی اشیاء یا اسنیکس کا ذخیرہ رکھیں

فوڈ الرجی خطرناک ہے مگر اپنے اہل خانہ کیلئے کھانے کی کسی بھی چیز کو فوبیا (ڈرنے والی شے) نہ بننے دیں۔ البتہ اس قسم کی الرجیز آپ کے بچوں کیلئے صحت بخش غذا کے انتخاب میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ کے بچے کو مونگ پھلی سے الرجی ہے تو اس کے لنچ باکس کیلئے ہلکی پھلکی زود ہضم غذا منتخب کریں جیسے نمکین بسکٹ، گندم والے بسکٹ، خستہ پیٹز وغیرہ۔ فوڈ الرجی کا شکار بچے اکثر لنچ بریک (آدھی چھٹی) کے دوران کلاس روم سے بھاگ جاتے ہیں تاہم ان کے بیگ میں موجود صحت مند اور بغیر الرجی والے اسنیکس اس کا بہترین حل ہیں۔ سب سے بہتر یہ ہے کہ اپنے بچوں کو ہمیشہ سادہ اور تازہ اشیاء کھانے کی عادت ڈالیں' انہیں بالکل تازہ پھل' تازہ گھر کی بنی روٹی اور گھر کی بنی سویٹ ڈشز کھلانے کی عادت ڈالیں' ہماری بڑی بوڑھیاں گھروں میں ہی ایسی لذیذ اور فطری اشیاء تیار کرتی تھیں کہ بچے کی صحت دیدنی ہوتی تھی' آج کی ماڈرن مائیں بچوں کو نجانے کیا کیا ٹانک کھلاتی ہیں بچے کچھ عرصہ کیلئے تو صحت مند نظر آتے مگر زندگی بھر کیلئے سست اور کاہل بن جاتے ہیں اور مزید ان کا معدہ کسی بھی چیز کو قبول نہیں کرتا اور وہ آئے دن فوڈ الرجیز کے نام پر ہسپتال کے چکر لگاتا ہے۔

## اپنے بچوں کو ان کی الرجیز کے ساتھ سمجھوتہ کرنا سکھائیں

اپنے بچوں کو فوڈ الرجی کے حوالے سے سمجھوتہ کرنے پر اس کی حوصلہ افزائی کریں جب بات صحت کی حفاظت کی ہو۔ فوڈ الرجی سے متعلق کتب کا انتخاب کریں، انہیں بچوں کے ساتھ پڑھیں اور خودکار ماہرین (مشین) کے ساتھ مشق کرنے میں ان کی مدد کریں۔ جب وہ تیار ہو جائیں، تو انہیں فوڈ لیبل (خورد و نوش کے لفافوں پر کندہ آئٹمز کے نام اور تفصیلات) پڑھنا سکھائیں، یہ بھی بتائیں کہ وہ سکول میں اپنی الرجی سے متعلق کھانوں کی پہچان کیونکر کریں۔ گھر کے بنے اور بغیر سرنامے (فوڈ لیبل) کے کھانوں سے پرہیز کریں۔ لاپرواہی یا انجانے میں کھائے گئے الرجک کھانے کے باعث ہونے والے ری ایکشن کی علامات کی پہچان سکھائیں۔

## بچے کو طبی نسخے والا کارڈ (میڈیکل آئی ڈی) پہنچائیں

جب آپ کا بچہ گھر میں ہو تو آپ اسے محفوظ رکھ سکتی ہیں تاہم جب وہ دوستوں کے ساتھ ہو کیمپ میں ہو یا پھر سکول آپ چاہتے ہوئے بھی اس پر نظر نہیں رکھ سکتیں۔ ڈاکٹر کا تجویز کردہ نسخہ آپ کے بچے کو یاد ہو گا کہ درحقیقت کیا کھانا اس کے لیے مفید ہے اور کس فوڈ سے اسے الرجی ہے اور کسی بھی قسم کے ری ایکشن کی صورت میں جب آپ اپنے بچے کے پاس نہ ہو تو یہ میڈیکل آئی ڈی دوسرے افراد کے لیے یہ جاننے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے کہ انہیں اس صورتحال میں کیا کرنا چاہیے۔

## کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں حفاظتی تدابیر، منصوبہ (پلانز) تیار رکھیں

بچوں کی فوڈ الرجیز اور اینافلیکسز (پروٹین کے زیادہ استعمال سے ہونے والی خاص الرجی) اور اس مسئلے کا شکار بچوں کی حفاظت کے سلسلے میں مختلف پلانز آپ ایجوکیشن، فوڈ الرجی ریسرچ کی ویب سائٹس سے حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ پلانز مطلوبہ فوڈ الرجی کے حوالے سے علاج کے بارے معلومات و مواد فراہم کرتے ہیں۔ ان میں الرجی میں مبتلا کرنے والی اشیاء علامات اور ان کا آسان طریقہ علاج بھی موجود ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ ویب سائٹس فوڈ الرجی سے متعلق مستند طبیبوں کے نسخے اور ایمرجنسی کی صورت میں معلومات بھی فراہم کر سکتی ہیں۔ آپ ان پلانز کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے بعد ایک سے زائد پرنٹ شدہ کاپیاں اپنے پاس رکھ سکتی ہیں۔ اپنے فزیشن، سکول سٹاف اور دیگر والدین کو بھی ان پلانز کی دستیابی کے بارے میں آگاہ کریں۔ آخر میں صرف اتنا لکھوں گی کہ بچوں کو بازاری اور فاسٹ فوڈز سے جتنا بچائیں گی آپ کا بچہ اتنا ہی صحت مند اور مختلف الرجیز سے بچا رہے گا۔ سادہ کھلائیں بھرپور کھلائیں۔

## پیسٹ لگائیں رنگ گورا ہو جائے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا کرے آمین۔ پہلی دفعہ عبقری میں لکھ رہی ہوں پہلے میں بہت میگزینز پڑھتی تھی لیکن جب سے عبقری پڑھنا شروع کیا تو اس سے اچھا کوئی میگزین نہ لگا میں ہر وقت آپ کیلئے دعا گو رہتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو دین دنیا میں استقامت عطا کرے۔ **رنگت گوری کرنے کیلئے:** رنگت گوری کرنے کیلئے آٹھ عدد بادام کو عرق گلاب میں بھگو کر رکھ دیں۔ عرق گلاب اتنا ہو کہ بادام اس میں ڈوب جائیں۔ باداموں کا چھلکا اتار لیں پھر ان کو کوٹ کر پیسٹ بنالیں یہ پیسٹ چہرے پر لگانے سے رنگ گورا ہو جائے گا۔ **فریش جلد کیلئے:** جو سبزی ہم ہر روز کاٹتے ہیں ان پر سے جو چھلکا اترتا ہے ان چھلکوں کو چہرے پر رگڑنے سے ڈسٹ بھی ختم ہو جائیگی اور آپ کی جلد فریش بھی ہو جائے گی۔ (سائقہ عثمان، چکوال)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3

یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

# یہ ٹوٹکہ آزمائیے! کبھی دولت نہ کم ہوگی‘ نہ ختم ہوگی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتی بھی ہوں اور دوسروں کو پڑھنے کیلئے دیتی بھی ہوں۔ مجھے عبقری کے وظائف سے جو ملا اور جو میرے بتانے سے دوسروں کو ملا وہ تمام آج عبقری قارئین کی نذر کررہی ہوں:

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (سورۂ انعام، آیت ۴۵)

(۱) ایم اے کے پیپرز میری توقع کے مطابق نہیں ہوئے‘ میں بہت پریشان تھی‘ عبقری رسالہ میں درج بالا آیت کا وظیفہ پڑھا‘ بعد نماز عشاء اول وآخر درود شریف ایک بار اور سو مرتبہ سورۂ انعام کی آیت نمبر 45 (درج بالا) پڑھتی رہی‘ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جب میرا رزلٹ آیا تو میرا رزلٹ اے پلس گریڈ میں تھا۔ میں خود حیران اور پریشان تھی کہ میرے پیپرز تو ایسے نہ ہوئے تھے جیسا رزلٹ آیا تو پھر خیال آیا کہ میں نے وظیفہ یقین توجہ اور دھیان سے کیا تھا اور اللہ کریم کسی کی محنت کبھی رائیگاں نہیں جانے دیتا۔

(۲) یہی آیت دوسری دوستوں کو پڑھنے کے لیے دی جن کے فیل ہونے کے چانس تھے لیکن اس آیت کی برکت سے الحمدللہ بہت اعلیٰ رزلٹ رہا۔ اب میں سب کو زندگی کی ہر ناکامی‘ پریشانی‘ گھریلو الجھن میں پڑھنے کیلئے یہی آیت بتاتی ہوں الحمدللہ! ہر پڑھنے والے کو فائدہ ضرور ہوا۔ کئی گھرانے اور افراد میرے سامنے ہیں جو زندگی میں ناکام ہوچکے تھے مگر اس آیت نے ان کو پھر کامیابی کے دہانے پر لاکھڑا کیا۔ آج وہ پرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔

(۳) الحمدللہ! میں ایک بڑے پرائیویٹ سکول میں ٹیچر ہوں‘ ایک مرتبہ سکول میں میری ایک ضروری فائل نہیں مل رہی تھی‘ جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھی‘ پریشانی کی عالم میں ہی میں نے باوضو اسی آیت کو بہت زیادہ کھلا پڑھا‘ صرف ایک گھنٹے بعد ہی مجھے وہ فائل مل گئی اور ملی بھی اس جگہ سے جہاں میں پہلے کئی مرتبہ دیکھ چکی تھی۔

## تنخواہ بڑھانے کا فارمولہ

(۴) میں جس سکول میں گزشتہ چند سالوں سے پڑھا رہی تھی اور بڑی محنت اور لگن سے پڑھا رہی تھی‘ میرا رزلٹ ہمیشہ بہترین ہوتا ہے‘ مگر سکول والے میری تنخواہ نہیں بڑھا رہے تھے‘ میں نے کافی مرتبہ بات کی درخواستیں لکھ کر بھیجیں مگر ان کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ پھر میں نے یہی سورۂ انعام کی آیت نمبر 45 (درج بالا) صرف تین دن سارا دن کھلا پڑھی اور پڑھ پڑھ کر پرنسپل پر تصور میں ہی دم کرتی رہی۔ تیسرے دن پرنسپل نے خود بلاکر میری تنخواہ بڑھا دی اور بڑھائی بھی اتنی جتنی میں چاہتی تھی‘ دیگر ٹیچرز حیران تھیں یہ کیسے ہوگیا؟ اتنی تنخواہ بڑھنا تو جیسے ناممکن تھا!

## اچانک پیسوں کی ضرورت پوری ہوئی

(۵) ہمیں اچانک پیسوں کی ضرورت پڑگئی کوئی بندوبست نہیں ہورہا تھا‘ امی نے اس آیت کو کھلا پڑھا‘ اس آیت کی برکت سے غائب سے مدد آئی اور اتنے پیسے مل گئے جتنی ہمیں فوراً ضرورت تھی۔ (۶) عبقری رسالہ میں بھی پڑھا اور آپ نے درس میں بھی بتایا تھا کہ اپنی تنخواہ یا روزانہ کی انکم میں سے صرف اڑھائی فیصد نکالنے سے کبھی پیسے ختم نہیں ہوں گے۔ میری امی ایک سال سے یہ عمل کررہی ہے تو الحمدللہ امی کے پاس اخراجات کے لیے رقم کہیں نہ کہیں سے آجاتی ہے۔ بہت ہی لاجواب عمل ہے‘ اس کی سمجھ صرف کرنے والے کو ہی آتی ہے۔ جو اڑھائی فیصد نکالیں کوشش کریں کسی سفید پوش کو دیں اور سفید پوش اگر کوئی رشتہ دار ہو تو پھر تو کمال ہوتا ہے۔ قارئین بھی آزمائیں اور دعاؤں مجھے اور عبقری کی پوری ٹیم کو یاد رکھیں۔ (کرن منصور علی خان، سرگودھا)

قسط 7 | تجربات رومی | رومی احمد پوری

# سونا بنانے کا نسخہ میرے بابا سے لیجئے!

اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو سہولت دینے والا شخص کبھی بھی پریشان نہیں ہوسکتا۔ پریشانی ایک ایسی چیز ہے‘ اگر مال ہے تو سکون نہیں ہے اور اگر مال نہیں تو سکون نہیں۔ اس دور میں لوگ بہت پریشان ہے۔ کوئی اولاد کے لیے‘ کوئی مال کے لیے‘ کوئی اپنے کاروبار کے لیے اور کوئی دین کے لیے‘ فرمان شیخ الوظائف ’’آج کل ہر کوئی مسائل بتا رہا ہے‘ مسائل کا حل دینے کے لیے کوئی تیار نہیں‘‘۔ اس لیے حضرت شیخ الوظائف اعمال لوگوں میں بانٹ رہے ہیں تاکہ ان کے مسائل‘ مشکلات حل ہوں اور وہ سکھی زندگی گزاریں۔ یہ وہی بندہ کرسکتا ہے جس کے دل میں انسانیت کا غم ہو۔ دوسرے اللہ والے بھی لوگوں کی مشکلات حل کرنے کی کوشش میں ہیں لیکن جو درد اور غم شیخ الوظائف پر طاری ہے وہ شاید بہت کم میں ہو۔ آج میں آپ کو شیخ الوظائف کے ہی بتائے ہوئے اعمال میں سے ایک عمل بتاتا ہوں‘ وہ یہ ہے کہ اللہ کی مخلوق کے لیے پانی عام کردینا۔ یہی عمل مشکلات ٹلوادیتا ہے۔ یہ بات مشہور ہے کہ پانی زندگی ہے۔ آپ اگر اللہ کی مخلوق کی ایک اشد ضرورت پوری کردیں گے تو آپ کی پریشانیاں کیسے نہیں حل ہوں گی۔ کچھ روز قبل شیخ الوظائف دردو محل تشریف لے گئے (درود محل‘ سگیاں روڈ لاہور پر ہے) وہاں پر چونکہ عیدالاضحیٰ کی وجہ سے مویشی منڈی لگی ہوئی تھی تو اُدھر شیخ الوظائف نے بیوپاریوں کے لیے سہولت کے لیے پانی کی سبیل لگوائی اور یہ نہیں کہ اسی سال شروع کی یہ سلسلہ گزشتہ کئی سالوں سے جاری ہے اور وہ لوگ بہت خوش رہتے ہیں اور دعائیں دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مویشی منڈی میں جگہ جگہ پانی فروخت ہورہا ہے اور آپ ہمارے لیے اور ہمارے جانوروں کے لیے اتنی سہولت دے رہے ہیں اور پانی کے ساتھ ساتھ شیخ الوظائف نے موبائل کی چارجنگ کا نظام بھی بنوایا تاکہ ان کو اپنے کاروبار اور پیچھے گھر میں رابطے کے لیے سہولت رہے کیونکہ مویشی منڈی کے اندر بجلی کا تو انتظام ہوتا نہیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ حکیم صاحب کے پاس سونا بنانے کا نسخہ ہے وہ نسخہ یہی ہے کہ مخلوق خدا کے لیے خیر اور سہولیات عام کردو پھر دیکھو مشکلات‘ پریشانیاں‘ دکھ مسائل آپ کے پاس سے بھی نہیں گزریں گے۔

## پانی پلانے کا اجر حدیث مبارکہ کی روشنی میں

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے کسی مسلمان کو ایک گھونٹ پانی وہاں پلایا جہاں پانی عام ملتا ہو اس نے گویا غلام آزاد کیا اور جس نے مسلمان کو وہاں ایک گھونٹ پانی پلایا جہاں پانی نہ ملتا ہو اس نے گویا اسے زندگی بخشی۔ (ابن ماجہ، ج3، ص177، حدیث: 2474)

جسم وجان کیلئے شاہی ٹانک
تندرستی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)

# ذہنی دباؤ آپ کی خوبصورتی کو متاثر کرسکتا ہے!

دنیا میں شاید ہی کوئی انسان ایسا ہو، جسے ذہنی دباؤ کا سامنا نہ ہوتا ہو۔ ملازمت، یوٹیلیٹی بلز یا زندگی کا کوئی نہ کوئی واقعہ آپ کو ذہنی دباؤ میں مبتلا کرسکتا ہے، تاہم اس کیفیت میں آپ کب تک رہتے ہیں، یہ آپ پر منحصر ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ ذہنی دباؤ کو کیسے مینج کرتے ہیں۔ عام طور پر ذہنی دباؤ سے دور رہنے کیلئے صحت بخش غذائیں، ورزش اور بھرپور نیند جیسے معمولات پر عمل کیا جاتا ہے۔ نیویارک کے ادارے ایلون ایلون ویلنیس سینٹر کے ہیلتھ کوچ جیکی ڈومبورگیان کا کہنا ہے، ''اگر ذہنی دباؤ آپ کے بالوں، جلد اور ناخنوں سے ظاہر ہونے لگے تو آپ کبھی دباؤ کا شکار ہونا پسند نہیں کریں گی لیکن کچھ علامات ایسی ہیں، جو آپ کے ذہنی دباؤ کو ظاہر کرسکتی ہیں''۔

## آنکھوں کی دیکھ بھال

کل کیا کرنا ہے؟ اس کی ٹینشن آج سے ہی شروع ہو جاتی ہے اور بعض اوقات کل کے متوقع حالات آج کی نیند اڑا دیتے ہیں۔ نیند نہ آنے کی وجہ سے آپ کی آنکھوں کے نیچے پانی جمع ہو جاتا ہے اور وہ پھولنے لگتی ہیں۔ صبح آپ کی آنکھیں اور زیادہ خرابی ظاہر کررہی ہوتی ہیں۔ اگر آپ کو سیاہ حلقوں سے پاک خوبصورت آنکھیں چاہئیں تو ساری سوچوں کو بالائے طاق رکھ کر موبائل اسکرین اور دیگر الیکٹرانک ڈیوائس بند کرکے بھرپور نیند لینے کی تیاری کریں اور کیفین سے پاک چائے جیسے کہ کیمومائل ٹی کا ایک کپ پئیں۔ اس سے آپ کو اچھی نیند آئے گی۔ اگر پھر بھی صبح آپ کی آنکھیں سوجی ہوئی ہوں تو ایک ٹھنڈا اٹھار چمچ (جو فریج میں رکھا ہو) الٹا کرکے آنکھوں کے نیچے پھیریں۔ اس کے بعد آنکھوں کے نیچے الٹی مثلث بنا کر کنسیلر لگائیں۔ ایسا کرنے سے آپ کے ناک سے چمک شروع ہو کر آپ کی آنکھوں تک بڑھتی چلی جائے گی اور اس سوجن کو چھپالے گی۔

## خشک اور کھردری جلد

اگر آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہیں تو ہوسکتا ہے کہ آپ زائد مقدار میں پانی نہ پی رہی ہوں، خصوصاً موسم گرما میں زیادہ پانی نہ پینے سے ڈی ہائیڈریشن اور آپ کی جلد کاغذ جیسی خشک ہوسکتی ہے۔ اس کے سدباب کے لیے آپ بہت سارا پانی پئیں، کم سے کم آٹھ گلاس اور وہ بھی ہر روز۔ جسم میں صحت بخش اینٹی آکسیڈنٹس میں اضافے کیلئے آپ کو گرین ٹی پینے اور ایسی غذائیں کھانے کی ضرورت ہے جن میں پانی کی مقدار زیادہ ہو، جیسے کہ کھیرے، ٹماٹر، چقندر، تربوز یا ہری سبزیاں وغیرہ۔ فوری ہائیڈریشن کیلئے ایک سیرم استعمال کریں، جس میں ہیالیورونک ایسڈ (Hyaluronic Acid) ہو۔ یہ ایسا جزو ہے جو قدرتی طور پر آپ کے جسم میں موجود ہوتا ہے اور پانی سے ہزار گنا زیادہ وزن رکھتا ہے۔ یہ ہوا سے نمی جذب کرکے جلد تک پہنچاتا ہے اور آپ کی جلد دمکنے لگتی ہے۔

## گہرے سانس لیں اور چنبل ایگزیما دور

ذہنی دباؤ کی وجہ سے جلد کے مسائل بھی سامنے آتے ہیں جیسے کہ ایکنی، چنبل یا ایگزیما۔ ذہنی دباؤ کی وجہ سے کورٹیسول (Cortisol) ریلیز ہوتا ہے، اس کی وجہ سے جسم میں ایسے ہارمونز پیدا ہوتے ہیں، جس سے آپ کے چہرے اور جلد پر دانے نکلنا شروع ہو جاتے ہیں۔ ذہنی دباؤ کی وجہ سے آپ کے جسم میں اچھے اور برے بیکٹیریا کا توازن بگڑ جاتا ہے اور یہ آپ کے چہرے پر ایکنی کی صورت ظاہر ہونا شروع ہوتا ہے۔ اس کا حل یہ ہے کہ گہری سانسیں لیں (ایک لمبی سانس لے کر روک لیں اور چند سیکنڈز کے بعد آہستہ آہستہ اپنے منہ سے نکالتے رہیں)، اس سے اینگزائٹی کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ماہرین اس کیلئے 10 منٹ کا مراقبہ بھی تجویز کرتے ہیں۔ بہت سارا پانی پینا اور متوازن غذا کھانا بھی اہمیت رکھتا ہے۔ پھل، سبزیاں اور اعلیٰ معیار کا پروٹین بھی ان مسائل کے حل کیلئے لازمی ہیں۔

## ذہنی دباؤ سے خارش کا مرض

ذہنی دباؤ کی وجہ سے بگڑنے والا ہارمون Dysbiosis پیدا ہوتا ہے، جس سے برے بیکٹیریا، اچھے بیکٹیریا پر حاوی ہو جاتے ہیں اور جلد میں خارش ہونے لگتی ہے۔ جلد کو پرسکون رکھنے کیلئے سانس کی مشق بہت کام آتی ہے۔ گہری سانس لینے سے ذہنی دباؤ کم ہوتا ہے اور اس قسم کے مسائل کم پیدا ہوتے ہیں۔

## بے داغ جلد کے اصول

شاید آپ میک اَپ کے ذریعے اپنی پسند اور خواہش کے مطابق جلد کو چمکدار اور بے داغ بنا سکتی ہیں، تاہم اس بات میں کوئی دو رائے نہیں کہ ہر عورت جلد کو فطری طور پر اچھی اور خوبصورت بنانے کی خواہاں ہوتی ہے، کیونکہ فطری خوبصورتی کا کوئی مقابلہ نہیں۔ درج ذیل باتوں پر عمل کرکے آپ فطری طور پر ایک چمکدار، بے داغ اور خوبصورت جلد حاصل کرسکتی ہیں۔

## اپنی جلد کی 'ٹائپ' جانیں

کوئی بھی بیوٹی پراڈکٹ استعمال کرنے سے پہلے چہرے کی جلد اور ساخت کا اندازہ لگانا ضروری ہے تاکہ جلد کی ساخت کے مطابق اسی قسم کے میک اَپ کو ترجیح دی جاسکے ورنہ ایک مصنوعی قسم کا تاثر ابھرتا ہے اور جلد انفیکشن کا شکار بھی ہوسکتی ہے۔ متضاد میک اَپ یا بیوٹی پراڈکٹس کا استعمال جلد کو خراب کرنے کا باعث بنتا ہے۔

سب سے اہم بات جو آپ کو معلوم ہونی چاہیے، وہ یہ ہے کہ آپ کی جلد کی کیا ٹائپ ہے؟ کیا آپ کی جلد خشک ہے، حساس ہے، آئلی ہے یا ان سب کا کامبی نیشن ہے؟ آپ کو کون سی پراڈکٹس استعمال کرنی ہیں یا جلد کے لیے آپ کو روزانہ کی بنیاد پر کیا کرنا ہے، یہ سب آپ مؤثر اور بہتر طور پر اس وقت کرپائیں گی اور آپ کی محنت نتیجہ خیز رہے گی، جب آپ کو اپنی اسکن ٹائپ کا علم ہوگا۔ مثلاً، اگر آپ کی جلد آئلی ہے تو ایسی جلد پر آئل بیسڈ موئسچرائزر سودمند ثابت نہیں ہوگا، تاہم خشک جلد پر ان کا اثر سب سے بہترین دیکھا جاتا ہے۔ خشک جلد پر میک اَپ کے لئے پہلے جلد کو نمی فراہم کرنا بے حد ضروری ہوتا ہے تاکہ میک اَپ متوازن نظر آئے۔ جلد کو نم نہ کرنے کی صورت میں چہرے پر دھبے پڑ جاتے ہیں، اگر آپ کی جلد بے حد خشک ہے تو آپ نمی کے ساتھ ساتھ میک اَپ میں آئلی بیس یا فاؤنڈیشن کا استعمال کریں۔ حساس جلد رکھنے والی خواتین میک اَپ کے معاملے میں احتیاط برتیں۔ چکنے فاؤنڈیشن کو بالکل استعمال نہ کریں جبکہ خشک فاؤنڈیشن یا خشک بیس کا استعمال ان کی جلد کے لئے مناسب رہتا ہے۔

## درست پراڈکٹس کا استعمال

جب ایک بار آپ اپنی جلد کی ٹائپ کے بارے میں جان لیں گی، تو اس (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء

☆ جلد کی خرابی، پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو کسی قسم کا انفیکشن ہو الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔

(بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج

خون صفاء

جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔ قیمت -/120 روپے

# دیر سے اٹھنے والے یہ نقصان اٹھا رہے ہیں!

افشاں، لاہور

رات دیر تک جاگنے والوں کے لیے صبح سویرے اٹھنا کافی مشکل ہوتا ہے، جو لوگ صبح سویرے اٹھنے کے عادی نہیں ہوتے وہ نہ اچھے طالب علم ہوتے ہیں، نہ اچھے ملازمت پیشہ اور نہ ہی کامیاب کاروباری بن پاتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ دنیا کے ننانوے فیصد کامیاب لوگ صبح جلدی اٹھنے کے عادی ہوتے ہیں اور ایسے ہی لوگ آپ کے اساتذہ، باس اور کاروباری رہنما ہوتے ہیں جن کے جیسا بنے بغیر آپ قابل رشک کامیابی شاید ہی حاصل کر پائیں گے۔

رات کو دیر تک جاگنے والوں کے لیے صبح عام طور پر دوپہر میں ہوتی ہے، شام میں ان کی دوپہر ہوتی ہے جبکہ رات کے پچھلے پہر ان کی شام ہوتی ہے جب ساری دنیا سو رہی ہوتی ہے وہ شام کے مزے لینا چاہتے ہیں یعنی کہیں تفریح کے لیے جانا، ریسٹورنٹ جانا یا پھر کسی رشتہ دار کے ہاں جانا مگر ان کے پاس رات کے پچھلے پہر بستر میں پہلو بدلنے کے سوا اپنی شام کے مزے لینے کا کوئی اور موقع نہیں ہوتا ہے۔ یہ مضمون پڑھنے کے بعد رات دیر تک جاگنے والوں کی مشکل حل ہو جائے گی اور ان بارہ آزمودہ گر پر عمل کرنے سے وہ بھی صبح سویرے اٹھنے کے عادی ہو جائیں گے۔

## (۱) سویرے اٹھنے کا درست مقصد

اگر آپ کو صبح سویرے اپنے تعلیمی ادارے یا دفتر جانا ہوتا ہے تو یہ مت سوچیں کہ آپ کو وہاں وقت پر پہنچنے سے کیا فائدہ ہوگا بلکہ یہ سوچیں کہ دیر سے پہنچنے پر کیا نقصان ہوگا اور اس نقصان کا آپ کے مستقبل پر کیا اثر پڑے گا۔ ایسا سوچیں گے تو آپ کو سویرے اٹھنے کی اہمیت کا اندازہ ہوگا اور آپ کسی بھی کاہلی یا سستی کے خیال کو اپنے قریب پھٹکنے بھی نہ دیں گے۔

## (۲) سونے کا ماحول بنائیں

رات جلدی سونے کے لیے ہر اس چیز کو خود سے دور کر دیں جو آپ کو دیر تک جاگنے پر لبھاتی ہو خواہ وہ ایک اچھی کتاب ہو، ٹی وی کا ریموٹ یا موبائل فون، آپ کے بس میں صرف سونا ہو اور آپ اپنے بستر پر کچھ نہ کر پائیں۔

## (۳) کھلی فضا میں چند دن سوئیں

کھلے آسمان تلے سونے سے آپ کو یہ فائدہ ہوگا کہ اجالا ہوتے ہی آپ کی آنکھ کھل جائے گی، ایسا آپ کو ہمیشہ نہیں کرنا ہوگا بلکہ چند دن آپ کھلی فضا میں سوئیں اس سے آپ کو سویرے اٹھنے کی خود بخود عادت ہو جائے گی۔

## (۴) ٹھیک وقت پر نیند کی جھپکی

دن میں نیند آنے کی صورت میں آپ نیند کی ایک جھپکی لے سکتے ہیں یاد رہے کہ ایسا آپ صبح جاگنے کے بعد کے سات گھنٹوں میں کر سکتے ہیں کیونکہ اس کے بعد آپ کی جھپکی نیند میں بدل سکتی ہے اور پھر رات آپ کو نیند دیر سے آئے گی۔

## (۵) دوپہر کا کھانا ضرور کھائیں

رات کا کھانا ڈٹ کر کھانے سے آپ کے معدہ پر بوجھ رہے گا جس کے باعث آپ سویرے نہیں اٹھ پائیں گے، بہتر ہوگا کہ ناشتہ اور دوپہر کا کھانا پیٹ بھر کر کھائیں اور رات کو کم کھائیں تاکہ سویرے اٹھنے میں آسانی ہو۔

## (۶) اپنے اطراف ٹھنڈی روشنی رکھیں

اپنے سونے کے کمرے میں ایسے بلب لگائیں جو ٹھنڈی روشنی دیتے ہوں اور گرمائش کم سے کم دیتے ہوں تاکہ شام سے ہی آپ کو سکون کا احساس آلے اور آپ کو سونے میں آسانی ہو۔

## (۷) آہستہ آہستہ عادت بنائیں

یہ مت کیجئے کہ کل ہی سے صبح چھ بجے کا الارم لگا کر سو جائیں، بہتر ہوگا کہ روزانہ پانچ منٹ جلدی اٹھنے کی عادت ڈالیں اور ایسا کرتے کرتے چند ہی دنوں میں آپ چھ تو کیا صبح پانچ بجے بھی آسانی سے اٹھ جایا کریں گے۔

## (۸) پانچ منٹ اور بالکل نہیں

سویرے اٹھنے میں درپیش ایک اہم رکاوٹ پانچ منٹ اور سونے کا خیال ہوتا ہے اسے اپنے قریب بھی پھٹکنے نہ دیں ایسا خیال آئے تو فوراً خود سے کہیں آج نہیں کل پانچ منٹ اور سوؤں گا، اور آپ تو جانتے ہیں کہ کل کبھی نہیں آتی ہے۔

## (۹) ادبی کتابیں پڑھیں

ایسا مواد پڑھیں جو حقیقت سے دور ہو کیونکہ حقیقت بھرا مواد جیسا کہ خبریں، پیغامات وغیرہ پڑھ کر آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہو سکتے ہیں جس سے آپ کی نیند بھاگ جائے گی۔ وہ کچھ پڑھیں جو آپ میں امید بڑھائے اور آنے والے کل کے حوالے سے سہانے سپنے دکھائے۔

سونے سے قبل کا معمول بنائیں روزانہ سونے سے قبل کچھ خاص سرگرمیاں کریں اور روزانہ کریں اس طرح آپ کے ذہن کو پیغام مل جائے گا کہ اب آپ کو سونا ہے، مثال کے طور پر سونے سے آدھ گھنٹے قبل نہالیں اور پندرہ منٹ قبل کوئی کتاب پڑھیں، تسبیح لیکر بیٹھ جائیں تاکہ اس کے بعد آپ کے پاس سونے کے سوا کوئی جواز نہ رہے۔

## (۱۰) سب کو عادی بنائیں

گھر کے سارے افراد کو سویرے اٹھنے پر راضی کریں اور انہیں بھی اوپر دیئے گئے نسخے بتائیں تاکہ گھر کے تمام افراد جلدی سو جائیں اور کسی کے سونے میں خلل پیدا نہ ہو۔

## (۱۱) ذہن الرٹ رکھیں

یہ سوچ کر سوئیں کہ سویرے اٹھتے ہی الارم بند نہیں کریں گے بلکہ اس کی آواز کچھ دیر سنیں گے تاکہ آپ نیند کی وادیوں سے مکمل طور پر باہر آجائیں پھر الارم بند کر کے دن گزرنے کی تیاری شروع کریں گے۔

## (۱۲) خود فریبی سے دور رہیں

ایسا کچھ نہ سوچیں جس پر آپ عمل نہ کر سکیں، اس لیے سب کچھ آہستہ آہستہ کرنے کی عادت ڈالیں اور نہایت دیانتداری کے ساتھ اپنے معمولات کو سویرے اٹھنے میں مددگار بنائیں۔

## برص کا روحانی علاج مجھ سے لیجیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ سات سال سے پڑھ رہی ہوں' انٹرنیٹ پر عبقری ویب سائٹ سے آپ کے درس ڈاؤن لوڈ کر کے سنتی ہوں بہت فیض ملتا ہے۔ میرے پاس برص کا روحانی علاج ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں:۔ برص کے مریض جب بھی پانی پئیں' اس پر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کریں' اس کے علاوہ روزانہ سات سو مرتبہ کوئی سا بھی استغفار پڑھ لیا کریں۔ برص کے مریض جو بھی ادویات کھا رہے ہیں کھانے سے پہلے سورۃ ''ص'' کی آیت نمبر 42 صرف تین مرتبہ پڑھ لیا کریں' پھر اپنی روٹین کی ادویات کھائیں۔ ان شاءاللہ بہترین رزلٹ ملے گا۔ (رابعہ' چکوال)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# صفرالمظفر! سارا سال عمر‘ جان‘ مال میں برکت کا انوکھا عمل

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیرشرعی اعمال کی بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے

جب صفر کا چاند دیکھے تو نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ نہایت توجہ و یکسوئی سے یہ درود پاک پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بفضل باری تعالیٰ اس عمل کے کرنے سے گناہوں کی معافی عطا ہوگی‘ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ **ماہ صفر کی پہلی شب:۔** کتاب ’’راحۃ القلوب‘‘ میں ہے کہ جوکوئی نمازِ عشاء کے وتر اور نفل نماز سے پہلے چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے‘ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے‘ تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ فلق پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ الناس پڑھے۔ نماز ادا کرنے کے بعد ایک سو مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھے۔ پھر ستر مرتبہ درود پاک پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ **آخری عشرہ:۔** ماہ صفر کے آخری عشرہ میں نفل نمازیں پڑھنے سے اللہ تعالیٰ بندے پر خصوصی فضل و کرم فرماتا ہے۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ آخری عشرہ کے شروع کے دن نماز اشراق کے بعد غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنے اور بغیر کسی سے کوئی کلام کئے چار رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ستر مرتبہ سورۂ کوثر‘ پانچ مرتبہ سورۂ اخلاص اور ایک ایک مرتبہ معوذتین پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد اپنا سر سجدے میں رکھے اور ایک سو مرتبہ یَاوَھَّابُ اور اَلْحَیُّ الْحَقُّ کہے۔ اس کے بعد اٹھ کر بیٹھ جائے اور اکسٹھ مرتبہ سورۂ الم نشرح‘ اکسٹھ مرتبہ سورۂ والتین‘ اکسٹھ بار سورۂ النصر‘ اکسٹھ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پھر ایک ہزار چودہ مرتبہ یَاوَھَّابُ کا ورد کرے۔ اس کے بعد سو مرتبہ اَلْحَیُّ الْحَقُّ پڑھے اور تین مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ **جان و مال کی حفاظت کیلئے:۔** جو کوئی اس ماہ مبارک میں کسی بھی دن پانچوں فرض نمازوں کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھ کر ایک مرتبہ ذیل میں دی ہوئی آیاتِ مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی خود بھی پیئے اور اپنے گھر والوں کو بھی پلائے تو بفضل باری تعالیٰ وہ ہر طرح کی مصیبت و پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ یہ دم کیا ہوا پانی پینے والے کی جان و مال کی حفاظت فرمائے گا۔ اس کی عمر میں برکت عطا فرمائے گا۔ آیات مبارکہ یہ ہیں:۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (یٰسین). سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ○ سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ ○ (الصفت)۔ سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ (الزمر) سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (القدر) **ثواب حاصل کرنا:** جو کوئی یہ چاہے کہ اسے بہت زیادہ ثواب حاصل ہو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کرے اور اسے نیکی کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے تو وہ اس ماہ کی 27 تاریخ کو چاشت کی نماز کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الم نشرح پڑھ کر ستر مرتبہ سورۂ والتین پڑھے‘ ستر مرتبہ سورۂ نصر پڑھے اور ستر مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔

# ماہانہ روحانی محفل

**روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے**

اس ماہ کی روحانی محفل 11 ستمبر بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 20 ستمبر بروز اتوار صبح 10 بجے سے لیکر 11 بجکر 21 منٹ تک۔ 30 ستمبر بروز بدھ رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 19 منٹ تک۔ یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا‘ اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

**ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں**

(نوٹ:)1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (**ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ**)

## پاؤں اور جسم کی بدبو دور کرنے کے آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کیلئے کچھ مفید ٹوٹکے لکھ رہی ہوں‘ یقیناً قارئین عبقری بھرپور استفادہ حاصل کریں گے۔

**پاؤں کی ناگوار بدبو ختم:** (۱) میٹھا سوڈا جرابیں پہننے سے پہلے پاؤں پر مل کر جرابیں پہنیں ایک مرتبہ استعمال سے ہی پاؤں کی بدبو ختم ہو جاتی ہے۔

**جوتے جتنی دیر مرضی پہنیں پاؤں سے بدبو نہ آئیگی:** (۲) اگر جوتوں میں بدبو ہوگئی ہو تو سوڈا پاؤں میں لگا کر جرابوں کے بغیر جوتے پہنیں بدبو دور ہو جاتی ہے۔

**پسینہ کی بو:** (۳) جن لوگوں کو بغل گند کی بیماری یعنی پسینہ کی ناگوار بو ہو وہ نہانے کے بعد ایک ڈبہ پانی میں میٹھا سوڈا ملا کر بدن پر پانی گرائیں بغلوں وغیرہ میں لگائیں چند مرتبہ استعمال سے انشاء اللہ بدبو نہیں آئے گی۔ (۴) گرمیوں میں پسینے اور سردیوں میں گرم کپڑوں سے جسم میں ناگوار بو پیدا ہو جاتی ہے وہ بھی اس عمل سے ختم ہو جاتی ہے۔ (پ‘ راولپنڈی)

خاص الخاص عمل کے بعد **جادو شکن تیل**
کالا جادو‘ جنات‘ نظر بد‘ سفلی عمل‘ بدروحوں کے برے اثرات‘ لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے اولاد کی نافرمانی‘ مسلسل ناکامیاں‘ دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت **40** روپے)

# حضرت ابن عطاءؒ کے مستند روحانی وظائف

## گردہ مثانہ کی پتھری اور پیشاب میں خون

بعض مرتبہ مثانہ یا گردوں میں پتھری پیدا ہوجاتی ہے اس کی وجہ سے پیشاب میں خون آتا ہے اور بعض مرتبہ بہت گرم چیزیں کھانے سے بھی یہ شکایت پیدا ہوجاتی ہے۔ اسی طرح حد سے زیادہ لال مرچ کا استعمال بھی پیشاب میں جلن پیدا کرتا ہے۔ لہٰذا اس شکایت کو دور کرنے کیلئے پتھری کا علاج گرم چیزوں اور لال مرچ کے استعمال سے پرہیز کریں اور روحانی علاج اس طرح کریں کہ اول باوضو تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد یہ آیت تین بار پڑھیں اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھیں اور پانی پر دم کرکے یہ پانی پی لیں یہ پانی ہر دو گھنٹہ بعد ایک گلاس پینا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿الحشر ۲۴﴾

## کند ذہن بچوں کیلئے لاجواب عمل

اگر کوئی بچہ کند ذہن ہو اور اس کا دماغ کمزور ہو اور اسے سبق یاد نہ ہوتا ہو یا قرآن پاک حفظ کررہا ہو اور اس دوران پچھلا سبق بھول جاتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور اس کاغذ کو لپیٹ کر اپنی کتاب میں سبق کی جگہ رکھ لے یا قرآن مجید حفظ کررہا ہے تو قرآن مجید کے اس مقام پر رکھ لے جہاں اس کا سبق ہے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے سبق جلد یاد ہوگا اور پڑھا ہوا اور حفظ کیا ہوا یاد رہے گا اور حفظ اور فہم بہت کامل ہوجائے گی۔ وہ آیت ہے:۔ وَاِذۡ نَتَقۡنَا الۡجَبَلَ فَوۡقَهُمۡ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوۡۤا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمۡ‌ۚ خُذُوۡا مَاۤ اٰتَيۡنٰكُمۡ بِقُوَّةٍ وَّاذۡكُرُوۡا مَا فِيۡهِ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُوۡنَ ﴿اعراف ۱۷۱﴾

## ظالم خیر خواہ بن جائے گا!

یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے ظالموں کے ظلم سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار یَاعَزِیۡزُ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے ظلم کرنے والوں سے حفاظت اگر کسی شخص کا واسطہ حاکم سے پڑ گیا ہو یا کسی ظالم آدمی سے مقابلہ ہوگیا ہو تو ایک سفید کاغذ پر چھٹے پارے کی ابتدائی آیت باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اور عورت ہے تو دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اور اس ظالم شخص کے پاس جائے یا اس کا سامنا ہوجائے تو انہی آیات کو پڑھنا شروع کردے تو انشاءاللہ تعالیٰ اس ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا اور وہ اس کا خیر خواہ بن جائے گا اور اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کریگا۔ وہ آیت یہ ہے: لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الۡجَهۡرَ بِالسُّوۡۤءِ مِنَ الۡقَوۡلِ اِلَّا مَنۡ ظُلِمَ‌ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيۡعًا عَلِيۡمًا ﴿النساء ۱۴۸﴾

## اہل خانہ کو آسیب نظر آتا ہوتو۔۔۔!!

جس گھر میں جن یا آسیب کا شبہ ہو یا آسیب اہل خانہ کو نظر آتا ہو اس گھر میں مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر ہر کمرے میں دروازے کے اوپر لگادیں اور کمرے کے اندر دروازے کے بالکل سامنے دیوار پر بھی لگادے۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَالَمۡ يَشَأۡ لَمۡ يَكُنۡ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ ٥ فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ يَابُدُّوۡحُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوۡمُ

## تیسرے دن کے بخار کا خاتمہ

اگر کسی کو تیسرے دن کا بخار چڑھتا ہو تو اس کیلئے پاک روئی لے کر 7 بار سورہ فاتحہ باوضو پڑھ کر روئی پر دم کرکے مریض کے دائیں کان میں لگادیں' اس کے بعد دوبارہ سورہ فاتحہ پانچ بار پڑھ کر روئی پر دم کریں اور مریض کے بائیں کان میں لگادیں۔ انشاءاللہ بخار ختم اور مریض تندرست ہوجائیگا۔

# بیروزگاری سے پریشان متوجہ ہوں!

اگر کوئی شخص بیروزگاری سے پریشان ہو یا کاروبار بندش کا شکار ہو یا اکثر کام طرح طرح کی رکاوٹوں کے سبب نہ ہوتے ہوں تو اس کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد اکتالیس روز یہ عمل کریں۔ عشاء کی نماز پڑھ کر باوضو قبلہ رخ پاک مصلے پر بیٹھ کر روزانہ 2500 بار بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھیں اکتالیس روز مسلسل اور بلاناغہ پڑھنے کے بعد پھر تمام زندگی بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ انیس مرتبہ پڑھنی ہے تاکہ عمل قبضے میں رہے اور اس کے اثرات زائل نہ ہوں۔ اکتالیسویں روز عمل ختم ہونے کے بعد اگلے دن ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس میں بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ الگ الگ حروف میں لکھیں۔ اس دن نفلی روزہ بھی رکھیں اور روزہ کی حالت میں لکھیں۔ بسم اللہ شریف کو الگ الگ حروف میں لکھیں۔

# جادو کی وجہ سے صحت و کاروبار برباد! یہ عمل کیجئے

جادو، سحر اور سفلی عمل کے ذریعہ لوگوں کی صحت برباد کی جاتی ہے اور ان کا کاروبار تباہ کیا جاتا ہے، وہ آدمی جو دولت میں کھیلتا تھا، پائی پائی کو محتاج ہوجاتا ہے اور اسی کے ساتھ ساتھ اس کی صحت بھی برباد ہوجاتی ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اور اس کے ذریعے سے سحر، جادو، سفلی کرنے والے پر لوٹ جاتا ہے۔ عمل یہ ہے:۔ صبح بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء تین تین بار بہ نیت رد سحر پڑھتا رہے: اَعُوۡذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنۡ شَرِّ مَاخَلَقَ ط اور مندرجہ ذیل سورتیں اور آیتیں ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر پھیر لے وہ سورتیں اور آیتیں یہ ہیں:۔ سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس، سورۃ الفاتحہ اور آیۃ الکرسی مکمل۔ نیز "منزل"، کی تینتیس آیات کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے لکھ کر موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کے جادو، سحر اور سفلی سے حفاظت ہوجائے گی۔ تنبیہ آیات قرآنی کو باوضو لکھنا چاہیے بغیر وضو لکھنا، قرآن پاک کو چھونا اور بغیر موم جامہ کیے تعویذ کا باندھنا سخت گناہ ہے۔ لہٰذا بغیر وضو کے قرآن پاک، قرآنی سورتوں کا ہاتھ میں لینا منع ہے اسی طرح ان کو بغیر موم جامہ کیے باندھنا بھی سخت گناہ ہے۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
بے طاقتی، بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
قوت و شباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# بادام! کینسر کیخلاف سب سے زیادہ لڑنے والا میوہ!

نرگس ارشد، کراچی

بادام سے کون واقف نہیں؟ اس کے بے شمار فوائد آپ نے پڑھے بھی ہوں گے اور سنے بھی ہوں گے۔ بادام کا استعمال جہاں دیگر ذرائع میں لوگ کرتے ہیں وہیں آج اس کا آٹا بھی مقبول ہورہا ہے' بادام کا آٹا لوگوں میں اس لیے پسند کیا جاتا ہے کیونکہ یہ نشاستہ سے پاک یعنی گلوٹین فری ہوتا ہے، اس کے علاوہ جن افراد کو کم کاربوہائیڈریٹ والی غذائیں پسند ہے ان کے لیے یہ بہترین انتخاب ہوتا ہے۔ اگر آپ کوئی بھی چیز بیک کرنے کے لیے میدہ یا آٹا استعمال نہیں کرنا چاہتے تب بادام کا آٹا اس کا بہترین نعم البدل ثابت ہوسکتا ہے۔ کیونکہ یہ آٹا صرف اور صرف باداموں سے ہی تیار کیا جاتا ہے، جس میں سب سے پہلے اس کا چھلکا اتارا جاتا ہے تب نہایت صفائی سے اسے باریک پیسا جاتا ہے۔

جیسا کہ ہم سب ہی اس بات سے اچھی طرح آگاہ ہیں کہ بادام اپنی غذائیت اور قدرتی اجزاء کی بدولت صحت اور حسن و دلکشی کو برقرار رکھنے کے لیے ہر طرح سے فائدہ مند ہے۔ اس کی سب سے خاص بات یہ ہے کہ اسے بغیر کسی دوسرے اشیاء کے آمیزش کے ساتھ بنایا جاتا ہے اس لیے اس میں شامل قدرتی اجزاء سے بھرپور نفع ملتا ہے۔ اس میں ہی خصوصیات ہیں جو ثابت بادام میں ہوتی ہیں۔ بادام کے آٹے کا ایک کپ تقریباً 90 باداموں کو پیش کر تیار کیا جاتا ہے اور یہ جسم کی روزانہ طلب کے حساب سے سو فیصد وٹامن ای فراہم کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ بادام کے آٹے کو ''سپرور اسٹائل آٹا'' بھی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ اسے ہر قسم کی بیکنگ میں آسانی سے استعمال کیا جاسکتا ہے دوسرے عام آٹے یا معدہ میں نشاستہ بھی موجود ہوتا ہے جس کے آپ کی صحت پر خاطر خواہ اثرات مرتب نہیں ہوتے کیونکہ انہیں مصنوعی طریقے سے تیار کیا جاتا ہے اور اس قسم کے آٹے میں دیگر اشیاء کی آمیزش بھی کی جاتی ہے۔ لہٰذا ان کے استعمال سے صحت کے حوالے سے خطرہ رہتا ہی ہے۔ اگر آپ کو آٹا سہولت سے دستیاب نہیں تو بادام ویسے بھی کھاسکتے ہیں یہی فوائد ملیں گے۔ بادام قدرتی طور پر مکمل پاور ہاؤس ہے اس لیے دیگر جسمانی فوائد کے ساتھ ساتھ یہ دل کی صحت کے لیے بھی انتہائی مفید مانا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ بلڈ شوگر کو لیول میں رکھتا ہے اور کینسر کی کچھ اقسام کی روک تھام میں بھی اہم ثابت ہوتا ہے۔ بادام کو اس لیے بھی بہترین سمجھا جاتا ہے کہ اس کے استعمال سے وزن میں اضافہ نہیں ہوتا اور انسان جسمانی طور پر چاق و چوبند رہتا ہے۔

بادام دل کی صحت کے لیے انتہائی بہترین جانا جاتا ہے اس کے علاوہ خون میں کولیسٹرول کے توازن کو بھی برقرار رکھتا ہے اس لیے اگر یہ کہا جائے کہ دل کے متعلق امراض میں شفایابی یا ان سے دور رہنے کے لیے بادام کا استعمال کیا جائے تو کچھ غلط نہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اسٹڈی سے یہ بات بھی ثابت ہوچکی ہے کہ جو افراد اپنی خوراک میں بادام کو شامل رکھتے ہیں ان میں امراض قلب ہونے کا خطرہ بہت کم رہتا ہے کیونکہ یہ خون کی شریانوں کو بھی صحت مند رکھتا ہے۔

تحقیق سے یہ بھی پتہ چلایا گیا ہے کہ ایک ماہ تک روزانہ 50 گرام بادام کا استعمال انتہائی نتیجہ خیز ثابت ہوتا ہے یہ دل کی صحت کے لیے بہترین غذا ہے۔ اسٹڈی سے ثابت ہوا ہے کہ بادام کو کسی بھی شکل میں استعمال کیا جائے خواہ ثابت ہو یا آٹے کی صورت میں یا پھر ثابت بادام کھانا یہ ہر طرح سے ایک ہی جیسا فائدہ مند رہتا ہے کیونکہ اس کو غذا کا مستقل حصہ بنائے رکھنے سے خون میں اینٹی آکسیڈینٹ کے لیول میں اضافہ ہوتا ہے خون کی روانی کو رواں رکھتا ہے اور ہائی بلڈ پریشر کے خطرہ کو بھی کم کرتا ہے۔ یہ تمام فنکشنز کیونکہ دل کی صحت سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے دل کی تندرستی کے لیے بادام کا آٹا ضرور استعمال کرنا چاہیے۔ بادام کینسر کے سیل پر اپنا اثر ڈالتے ہیں اور انہیں بڑھنے اور پیدا ہونے سے روکتے ہیں۔ بادام میں موجود قدرتی اجزاء اینٹی کینسر کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اسٹڈی میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ کینسر کی روک کے لیے بادام دیگر تمام Nuts سے زیادہ طاقتور ہے۔ اس لیے اسے Cancer fighting Food بھی کہا جاتا ہے۔

# ٹھنڈا پانی پینے کے کتنے نقصانات! پڑھیے سنبھل جائیے!

کیا آپ جانتے ہیں کھانے کے بعد ٹھنڈا پانی پینے سے کتنے نقصانات ہیں؟ اس کا اثر براہ راست آپ کے نظام ہاضمہ پر پڑتا ہے اور اس سے ہماری جسمانی طاقت میں بھی کمی آتی ہے۔ زیادہ تر لوگ کھانے کے بعد پانی ضرور پیتے ہیں۔ لیکن وہ یہ نہیں جانتے کہ انہیں سادہ پانی پینا چاہیے یا ٹھنڈا۔ کھانے کے بعد فوراً بعد پانی پینا تو ویسے بھی نقصان دہ ہی ہے۔ ہمارے جسم کا عام درجہ حرارت 98.6 ڈگری فارن ہائیٹ یعنی 37 ڈگری سینٹی گریڈ ہوتا ہے۔ لہٰذا ہمارے جسم کے لیے 20 سے 22 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت کا پانی مناسب ہے اس سے زیادہ ٹھنڈا پانی نقصان دہ ہے۔ آئیے جانتے ہیں کہ کھانے کے بعد ٹھنڈا پانی کیوں مضر ہے۔

**قبض کا مسئلہ:** ٹھنڈا پانی پینے سے معدے کا درجہ حرارت کم ہوجاتا ہے جس کا اثر ہمارے نظام ہاضمہ پر بھی پڑتا ہے۔ یوں عمل انہضام میں رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہے۔ اس کے علاوہ ٹھنڈے پانی سے پیٹ کی بڑی آنت بھی سکڑ جاتی ہے جو قبض کی بنیادی وجہ ہے۔ جن لوگوں کو اکثر قبض کا مسئلہ ہوتا ہے انہیں عام حالات میں بھی ٹھنڈا پانی پینے سے بچنا چاہیے۔

**ہارٹ اٹیک کا خطرہ:** کچھ لوگوں کی عادت ہے کھانا کھانے کے بعد فوری طور پر ٹھنڈا پانی پینے کی لیکن یہ عادت ان کے دل کے لیے خطرناک بھی ہوسکتی ہے۔ ہارٹ اٹیک اور ٹھنڈے پانی میں ایک گہرا تعلق ہے۔ ایک سائنسی تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ کھانے کے بعد ٹھنڈا پانی پینے سے ہارٹ اٹیک کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ چین اور جاپان کے لوگ کھانے کے بعد ٹھنڈا پانی نہیں پیتے۔ یہ لوگ کھانے کے بعد گرم چائے پیتے ہیں۔ سائنسدانوں نے نوٹ کیا کہ ان لوگوں میں ہارٹ اٹیک کا مسئلہ نہ ہونے کے برابر ہے۔

**بلغم کا مسئلہ:** کھانے کے بعد ٹھنڈا پانی پینے سے ہمارے جسم میں بلغم بھی بنتا ہے۔ جب جسم میں زیادہ بلغم بننے لگتا ہے تو اس سے نزلہ زکام کا خطرہ بڑھ جاتا ہے اس لیے کھانے کے بعد کبھی بھی ٹھنڈا پانی نہ پئیں۔ اس کے علاوہ کھانے کے دوران نوالے کو اچھی طرح چبا چبا کر کھائیں اور پرسکون ماحول میں ہی کھائیں۔

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدے کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو کے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن و سنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہِ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ راز داری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام‘ موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

## اہلیہ کو رسولی اور جگر کا کینسر! کوئی وظیفہ بتائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری اہلیہ کو رسولی اور جگر کا کینسر لاحق ہے۔ بہت پریشان ہوں‘ بہت علاج معالجہ کروا رہا ہوں‘ مگر کوئی فرق نہیں‘ کسی نے روحانی علاج کیلئے آپ کا بتایا‘ مجھے کوئی وظیفہ بتائیے کہ جسے پڑھنے سے میری اہلیہ اس تکلیف سے نکل آئے اور ٹھیک ہوجائے۔ (ریاض احمد‘ گجرات)

جواب: حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کو گیارہ دن، اکیس دن، اکتالیس یا اکانوے دن میں سوالاکھ مکمل کریں۔ جب تک مسئلہ حل نہیں ہوتا اسی طرح ایک، تین، پانچ، سات، سوالاکھ جتنے زیادہ کر سکتے مکمل کریں۔ دن زیادہ ہوجائیں تو گھبرائیں نہیں عمل جاری رکھیں۔ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ جتنی توجہ زیادہ ہوگی اتنا نفع اور اتنی بیماریاں‘ بندشیں‘ سفلی عمل‘ بیماریاں اور مشکلات زیادہ جلدی ختم ہوں گی۔ ہر قاری کو اجازت ہے‘ اپنی بیماری‘ پریشانی کا سخت تصور کرکے بتائی گئی ترکیب سے پڑھیں۔

## 13 سال بعد اللہ نے بیٹا دیا اور۔۔۔!!!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شادی کے 13 سال بعد اللہ کریم نے مجھے بیٹا عطا فرمایا‘ مگر وہ بچپن سے ہی ضدی ہے‘ بہت مشکل سے آٹھویں کلاس تک پہنچا‘ پڑھائی کا شوق نہیں‘ ناظرہ قرآن بمشکل پڑھا‘ نہ ہی کوئی کام شوق سے کرتا ہے‘ بہت مشکل سے پراپرٹی کے کام میں ڈالا مگر نہیں کرتا‘ ہر وقت موبائل یا لیپ ٹاپ پر فلمیں دیکھتا ہے‘ غلط لوگوں سے دوستی ہے‘ عمر صرف ابھی 18 سال ہے‘ میں بہت زیادہ پریشان ہوں۔ (دکھی ماں‘ کراچی)

جواب: اگر اولاد نافرمان ہوں تو والدین اسے نیک اور صالح کرنے کیلئے پارہ 26 کی سورۃ الاحقاف کی آیت نمبر 15 ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھے اگر ایسا نہ کرسکیں تو چالیس روز تک عشاء کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ بگڑی ہوئی اولاد فرمابردار ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ جب بیٹا سوجائے تو سرہانے کھڑے ہوکر سورۂ کوثر آہستہ آواز کے ساتھ تین مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کردیں۔

## جوان بیٹی کا علاج نہیں! جلد اندھی ہوجائے گی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی عمر 17 سال ہے‘ اس کی آنکھوں کی روشنی بہت کم ہوگئی ہے‘ ڈاکٹر کہتے اس مرض کا علاج نہیں‘ دماغ کے پٹھے کمزور‘ نظر ختم ہوجائے گی۔ پریشان ہوں‘ اگر نظر چلی گئی تو میرے بعد کون سنبھالے گا‘ خدارا کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ میری بیٹی شفاءیاب ہوجائے۔ (ام‘ص‘۔ ملتان)

جواب: بیٹی سے کہیے اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے درمیان سورۂ قدر تین مرتبہ پڑھے اور تین بار انگلیوں پر دم کرکے آنکھوں پر مس کرے‘ اس کے علاوہ ہر فرض نماز کے بعد سورہ ق کی آیت 22 فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿ق ۲۲﴾ 7 بار پڑھ کر اول آخر ایک ایک بار درود ابراہیمی کے ساتھ پڑھ کر انگلیوں پر دم کرکے آنکھوں پر کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کیجئے۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی روشن دماغ لکھی گئی ترکیب سے ضرور استعمال کریں۔

## شوہر کے اذیت ناک طعنے

محترم جناب حکیم صاحب السلام علیکم! ہر ماہ عبقری تقسیم کرتی ہوں‘ حلقہ احباب میں متعارف کرواتی ہوں‘ خوب دعائیں لیتی ہوں۔ الحمدللہ! اللہ نے چار صحت مند خوبصورت بیٹوں اور سرکاری نوکری سے نوازا ہے۔ بڑی مشکل سے خط لکھنے بیٹھی ہوں‘ آزمائش میں مبتلا ہوں یا کسی گناہ کی سزا ہے‘ شادی کے بعد سکھ کا سانس نہیں لیا‘ شوہر اور سسرال والے روایتی ہیں‘ زندگی جیسے جہنم بن گئی ہے‘ میرے ساتھ جو کریں وہ میرے برداشت میں لیکن میرے والدین کے بارے گندی گالیاں‘ بیہودہ باتیں اور میری چھوٹی بہن کے بارے میں انتہائی گندے اور بیہودہ ریمارکس! میرا کلیجہ چیر دیتے ہیں‘ میرا تعلق مذہبی گھرانے سے ہے‘ ایسی باتیں سن کر دماغ پھٹنے کو آجاتا ہے‘ میری اچھی خاصی جاب ہے‘ اللہ کی نعمتوں اور عطا میں کسی چیز کی کمی نہیں۔ مجھے خصوصی وظیفہ عنایت فرمائیں میرے شوہر کا رویہ ٹھیک ہوجائے۔ (پوشیدہ)

جواب: روزانہ ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور 12 بار سورۂ یٰسین کی آیت نمبر 9 پڑھ کر گڑ، چینی یا مٹھائی پر دم کر کے اپنے خاوند کو کھلائیں (چینی، گڑ کو کھانے یا چائے وغیرہ میں ملا کر بھی دے سکتے ہیں)۔ خاوند کے دل میں بیوی کی محبت گھر کر جائے گی اور وہ اپنی بیوی کے علاوہ دوسری عورت کا نام نہ لے گا اور بیوی کو ہمیشہ محبت دے گا اس کے بارے غلط الفاظ نہ بولے گا۔ نوٹ: خاوند، بیوی کے دل میں اپنی محبت بڑھانے کیلئے بھی یہ عمل کرسکتا ہے۔

## ہاں جی! بتائیں میرے اندر کیا نقص ہیں؟

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں 30 سال کی ہوچکی ہوں‘ میرے بہت سے رشتے آئے ہیں‘ کوئی پسند بھی کر جائے تو جواب میں خاموشی‘ ٹینشن لے لے کر وزن بھی بڑھتا جارہا ہے‘ میری بھی عزت نفس ہے‘ بن سنور کر لوگوں کے سامنے بیٹھ جاؤ کہ ہاں جی بتائیں میرے اندر کیا کیا نقص ہیں؟ سب سے کربناک وہ منظر ہوتا ہے کہ جب گھر والے بولتے ہیں کہ تمہیں دیکھنے لوگ آرہے ہیں‘ تیار ہوجاؤ‘ ہر مرتبہ ایک نیا امتحان‘ خدارا کوئی وظیفہ بتائیے‘ اس اذیت سے جان چھوٹ جائے۔ (س، ا راولپنڈی)

جواب: شادی کیلئے اگر سچے دل اور سچی لگن سے یہ عمل کیا جائے تو انشاء اللہ کبھی ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔ مدت عمل 11 دن ہے‘ بدھ کو نماز عشاء کے بعد گیارہ تسبیح روزانہ اسم الٰہی یَامُعْطِیُ کا ورد کریں۔ اول و آخر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ دوران عمل کھانا‘ پینا‘ بولنا نہیں چاہیے ورنہ عمل باطل ہوجائے گا۔ روزانہ لباس‘ جگہ اور جائے نماز بھی ایک ہو۔ انشاء اللہ نکاح کے پیغام کے علاوہ شادی کے اخراجات کا بھی بندوبست ہوجائیگا۔ اس کے علاوہ اپنے وزن کے برابر سب سے سستا ٹوٹا چاول لے کر اس میں سے ایک مٹھی چاول نکال کر اس کے ہر دانے پر اللہ الصمد پڑھنا ہے اور پھر اس مٹھی کو باقی چاولوں میں ملا کر اس صاف بہتے پانی میں جہاں مچھلی اور آبی جانور ہوں بہادیں۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟

آزمودہ طبی فارمولہ
کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں
قیمت 150 روپے

دانے‘ کیل مہاسے‘ جھائیاں‘ داغ‘ گڑھے‘ پیپ دار الرجی‘ رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔

چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

## جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

### پٹھے کمزور' جوڑ درد' فالج کا اٹیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو ایمان والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ گزشتہ پندرہ سال سے ٹانگوں اور پٹھوں کے مرض میں مبتلا ہوں میرے جسم کے تمام پٹھے کمزور ہو چکے ہیں۔ ٹانگیں گھٹنوں کے پاس سے پیچھے چلی گئی ہیں۔ چلنا پھرنا تو دور کی بات مجھ سے خود سے اٹھا بھی نہیں جاتا۔ میرے بازو بھی اوپر نہیں اٹھتے جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں۔ میری شادی کو دس سال ہو چکے ہیں اور میرے دو بچے ہیں۔ مجھے 25 سال پہلے ٹائیفائیڈ کا اٹیک ہوا تھا اور اس کے فوراً بعد مجھے فالج کا اٹیک بھی ہوا تھا تب سے میں چلنے پھرنے سے معذور ہوں' آپ کے پاس اس کا کوئی علاج ہے تو بتا دیں۔ میری عمر 45 سال ہے۔ (محمد اشفاق، کراچی)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا ''کمر درد جوڑوں کا کورس'' اور ''معذور شفاء ٹانک'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''کراماتی تیل'' کی مالش لکھی گئی ترکیب کے مطابق کریں۔ یہ ادویات چند دن استعمال کر کے چھوڑ نہ دیجئے گا' چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کیجئے' ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں آپ کو اپنے اندر مثبت تبدیلیاں محسوس ہونا شروع ہو جائیں گی۔

### خشک کھجلی! بدن میں آگ لگ جاتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج کل خشک کھجلی سے بہت لوگ متاثر ہے بدن میں آگ سی لگ جاتی ہے بار بار نہانا پڑتا ہے کچھ خارش دانوں والی بھی ہوتی ہے۔ اس کا علاوہ دل کا مرض بہت عام ہو گیا ہے اس کا سپیشل علاج لکھیں، بواسیر بھی عام ہو رہی ہے، شوگر بہت زیادہ پھیل گئی ہے۔ عبقری رسالہ میں ان سب بیماریوں کا علاج درج فرمائیں۔ (پوشیدہ' بہاولپور)

مشورہ: خارش کے علاج کیلئے یہ نسخہ جات بہت بار آزمائے جا چکے ہیں' آپ بھی بنائیے اور جو بھی خارش کا مریض ملے اسے ضرور بتائیے صدقہ جاریہ ہے۔ **خارش، ایگزیمیا اور سورائسز کیلئے:** ترتیب و ترکیب استعمال: ھوالشافی: زنک آکسائیڈ 20 گرام، بورک ایسڈ 20 گرام، گندھک آملہ سار 10 گرام، سیلی سلک ایسڈ 20 گرام، کاربالک ایسڈ 5 گرام، ویزلین سادہ 200 گرام۔ آپس میں ملا کر خوب اچھی طرح حل کر لیں۔ حل کرنے سے قبل مذکورہ ادویات باریک پیس لیں اور کسی ڈبہ میں محفوظ رکھیں۔ تھوڑی سی مرہم لیکر جسم پر اچھی طرح ملیں اگر صبح ملیں تو شام کو اگر شام کو ملیں تو صبح غسل کر سکتے ہیں۔ بے شمار استعمال کر چکے' صحت یاب ہیں' دانے دار دھدری' خارش جس سے پانی نکلے' خارش سے زخم ہو جائیں' چمڑے کا جوتا کاٹ لے' ریشہ دار زخم۔

**نسخہ نمبر 2 خارش خشک و تر:** گندھک آملہ سار' نیلا تھوتھا' ہیرا کسیس' مردار سنگ' برابر وزن باریک کر لیں۔ مقام خارش پر سرسوں کے تیل میں ملا کر مالش کریں۔ دھوپ میں بیٹھ جائیں ایک گھنٹہ تک بیٹھیں۔ پھر نیم گرم پانی سے غسل کریں۔ نسخہ 1947ء میں انڈیا کے ایک بزرگ نے دیا تھا۔ مزید آپ نے پوچھا کہ دل کے امراض' شوگر اور بواسیر بہت زیادہ پھیل گئی ہے تو اس کا حل صرف فطرت کی طرف لوٹنا ہے' اپنی خوراک سادہ بنائیں' برائیلر' بیکری اور باہر کے کھانے سے خود بھی بچیں اور نسلوں کو بچائیں' پانچ وقت نماز پڑھیں' صبح کی سیر کی عادت ڈالیں' ان شاء اللہ آپ کو یہ امراض کبھی نہ ہوں گے۔

### جلد از جلد میرے مسائل کا حل بتائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 18 سال ہے جبکہ قد 5 فٹ ہے اور دبلی جسامت ہے اور دیکھنے میں اپنی عمر سے چھوٹی لگتی ہوں۔ جسم میں بھی جان نہیں بہت جلد تھکاوٹ ہو جاتی ہے ہر وقت جسم میں سستی رہتی ہے لیکوریا کا بھی مسئلہ ہو چکا ہے اس کے علاوہ بال بھی بہت کمزور ہو چکے ہیں۔ دور کی نظر بھی بہت کمزور ہے۔ گھڑی سے ٹائم تک نظر نہیں آتا اور اکثر سر میں بھی درد رہتی ہے آپ سے گزارش ہے کہ جلد از جلد مجھے میرے مسائل کا حل بتا دیجئے۔ (امیرہ شارب، گوجرانوالہ)

مشورہ: آپ کے تمام مسائل کا حل عبقری دواخانہ کی ان تین ادویات میں ہے' لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کیجئے۔ ان شاء اللہ آپ کے مسائل بہت جلد حل ہو جائیں گے اور آپ کی صحت قابل رشک ہو جائے گی۔ آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''ستر شفائیں' اکسیر البدن' فٹنس فولاد ٹانک' لیکوریا شفاء اور حسن شفاء سیرپ'' استعمال کریں۔ اس کے ساتھ بالوں کے مسائل کیلئے ''عبقری ہربل ہیئر آئل'' لکھی گئی ترکیب سے استعمال کیجئے۔

### قد بڑھانے کا نسخہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا قد بہت چھوٹا ہے' میری عمر 16 سال ہے' بہت ادویات استعمال کر چکی ہوں' لیکن کوئی فرق نہیں پڑ رہا' مہربانی فرما کو مجھے آسان سا ٹوٹکہ یا عمل تجویز کریں' اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ (پوشیدہ' جھاوریاں)

ھوالشافی: آپ یہ نسخہ استعمال کیجئے' ان شاء اللہ قد میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے کو ملے گا' مگر اس کے ساتھ ورزش اور خوراک کا خاص خیال رکھیں' موسمی پھل کھائیں' رسہ کودنے کی ورزش زیادہ سے زیادہ کریں' گھر میں کسی اونچی جگہ لٹکنے کی وورزش بھی دن میں چند بار کریں۔ ھوالشافی: سنگھاڑے کا پاؤڈر سو گرام۔ مصطگی رومی دس گرام۔ مصری سو گرام۔ ان سب چیزوں کو پیس کر یکجان کر لیں اس کو صبح اور شام ایک کھانے کا چمچ دودھ کے ہمراہ کھائیں۔ مزید عبقری دواخانہ کی تیار کردہ دوا ''اکسیر البدن'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے ضرور استعمال کیجئے۔

### شوہر کی آنکھیں ٹھیک! لاجواب فارمولہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کی آنکھیں سرخ اور ان میں خارش رہتی تھی کافی ڈراپرز کا استعمال کیا فرق نہیں پڑا۔ میں نے سورۂ بقرہ پانی پر دم کر کے خالی ڈراپر میں ڈالا اور شوہر کو بار بار استعمال کرنے کا کہا الحمدللہ! پانچ دن میں آنکھیں ٹھیک ہو گئیں۔ (زوجہ محمد خورشید قریشی')

### مجھے پڑھے بغیر آپ کے طبی مسائل حل نہ ہوں گے؟

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
ستر شفائیں
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج
(قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

میری زندگی کیسے بدلی؟

# دولت کمانا چاہتی تھی شوہر گھریلو خاتون دیکھنا چاہتے پھر طلاق لے لی

قارئین! حضرت جی کے درس‘ موبائل (میموری کارڈ)‘ نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں‘ انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں‘ آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں‘ روز سنیں‘ آپ کے گھر‘ گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں‘ کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو لمبی عمر دے اور تسبیح خانے کے تمام وسائل اللہ پاک خزانہ غیب سے پورے کردیں اور تسبیح خانہ ہمیشہ آباد رہے۔ میری شادی 20 سال پہلے ہوئی‘ شادی سے پہلے بھی ایک اچھی فرم میں نوکری کرتی تھی‘ کسی دولت مند سے شادی کی خواہش تھی‘ بمشکل والدین کی رضامندی سے ایک متوسط اور مذہبی گھرانے میں شادی ہوئی‘ میں پہلے خود ہی کماتی تھی خود ہی اڑاتی تھی‘ مگر شادی کے بعد جب شوہر کی محتاج ہوئی تو زندگی تنگ لگنا شروع ہوگئی‘ آہستہ آہستہ جھگڑے شروع ہوئے‘ میرا خرچہ بھی بڑھتا گیا مگر ساتھ لالچ بھی بڑھاتی گئی‘ شوہر سے نوکری کی اجازت چاہی مگر اس نے نہ دی‘ بات بڑھتے بڑھتے طلاق تک پہنچ گئی اور یوں میں نے اپنے پاؤں پر خود ہی کلہاڑی ماری اور طلاق لے لی‘ میں دولت کمانا چاہتی تھی مگر میرے شوہر مجھے گھریلو خاتون دیکھنا چاہتے تھے‘ جو میں نہ بن سکی اور مجھے طلاق ہوگئی۔ پھر زندگی میں بڑے اتار چڑھاؤ آئے‘ میں نے نوکری کی‘ میرے ساتھ تقریباً 18 سالوں سے بڑے عجیب وغریب واقعات رونما ہوئے‘ مجھے کوئی روحانی رزق نہ ملا‘ کوئی رہنما ملا اور نہ ہی رہبر‘ پہلے میں 20 ہزار میں بھی اپنا ذاتی خرچ پورا نہیں کرسکتی تھی‘ سارا دن پیسے کے پیچھے بھاگتی رہی‘ 19 سال خود کمایا خود کھایا مگر کبھی پوری نہ پڑی۔ ایک کولیگ نے عبقری رسالہ دیا‘ پڑھا‘ اچھا لگا‘ پھر آپ کے درس کے متعلق بھی اسی نے بتایا‘ درس سننا شروع کیے اور زندگی بدلتی گئی۔ اب میں آپ کے درس باقاعدگی سے سنتی ہوں‘ میری زندگی بدل رہی ہے۔ قرآن وحدیث سے جڑ گئی ہوں اور ہر وقت اپنے نفس کا محاسبہ کرتی رہتی ہوں‘ غصہ بھی ختم ہوگیا اور دنیاداری سے بھی جی اُکتا گیا ہے۔ میں نے آپ کو جوابی لفافہ کے ساتھ خط لکھا۔ آپ نے مجھے سورۂ توبہ کی آیت 129 ساری زندگی کھلا پڑھنے کا کہا۔ وہ میں تین ماہ سے متواتر پڑھ رہی ہوں اور بڑا سکون ملا ہے میں دن بدن اللہ کے قریب ہوتی جارہی ہوں۔ پیچھے مڑ کر دیکھتی ہوں تو صرف تباہی اور بربادی ہی نظر آتی ہے‘ اپنی ساری زندگی من چاہی گزارنے پر تباہ کرلی۔ اب میں جاب نہیں کرتی سارا دن اللہ کا ذکر کرتی ہوں۔ تہجد سے غافل ہوگئی تھی حالانکہ میں تہجد اور نفلی روزے تقریباً گیارہ سال کی عمر سے رکھتی تھی‘ عبادت کا بہت شوق تھا لیکن اس کے ساتھ ساتھ دنیاداری اور غلط کاموں کا بھی بہت شوق تھا۔ غلط راہ راوی کا شکار تھی۔ اب اللہ کا لاکھ کرم ہے عبقری رسالہ پڑھنے اور درس سن کر اعمال کرنے کی بدولت تہجد بھی باقاعدگی سے پڑھتی ہوں۔ صدقہ کرنا بھی شروع کردیا ہے بلکہ اب تو مدد کے لیے لوگوں کو ڈھونڈتی رہتی ہوں‘ میں اب مال جمع کرکے اپنے پاس نہیں رکھ سکتی۔ جب سے آپ نے کسی کے لیے روزے رکھنے کا کہا کہ پہلے میں نے تسبیح خانہ کی تمام ضرورتیں غائب سے پوری ہوں اور ہمیشہ قائم ودائم رہنے کے لیے روزہ رکھا‘ پھر معاشرے میں لوگوں کو دیکھ کے ان کی پریشانیاں اور مسائل ختم ہوں ان لوگوں کو بتائے بغیر خالص اللہ تعالیٰ کے لیے رکھتی ہوں۔ اعمال کرنے کی وجہ سے میرے ساتھ اب ایک عجیب مسئلہ ہے کہ جب بھی کوئی کام ہونا ہو مجھے تین خواب آتے ہیں پھر کچھ عرصے کے بعد ان کی تعبیر ہوجاتی ہے۔ میرا دل کرتا ہے سارا دن بس اللہ اللہ کرتی رہوں سوتے جاگتے آیت سورۂ توبہ کی 129 پڑھتی ہوں۔ میرا دل کرتا ہے کسی وقت میں بھی مراقبہ کروں۔ میں چاہتی ہوں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے تسبیح خانہ کی خدمت کے لیے مختص ہوجاؤں۔ اللہ پاک آپ کو جزائے خیر دے۔ آپ کے رسالہ عبقری اور درس نے ایک لاوارث‘ بے راہ روی کی شکار لڑکی کی زندگی کو سکون سے بھر دیا ہے‘ اللہ تعالیٰ نے میرے بھائی کے دل میں ڈال دیا وہ مجھے ماہانہ خرچ دیتے ہیں جس میں سے میں اڑھائی فیصد نکالتی ہوں اور باقی میں میرا بھرپور گزارا ہوجاتا ہے۔ اب سارا دن گھر میں رہتی ہوں‘ پردہ کرتی ہوں‘ لوگوں کی گندی نظروں سے محفوظ رہتی ہوں۔ پوری مسلم امہ اور میرے گھر والوں، ہمسایوں، رشتے داروں اور نسلوں کے لیے خصوصی دعا کیجئے گا۔ (پوشیدہ)

# شیخ الوظائف کا درس گھر میں لگایا اور گھریلو جھگڑے بڑھ گئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ میں اپنی کہانی کیسے بتاؤں اور کہاں سے شروع کروں‘ ہوا یوں کہ گرمیوں کی چھٹیاں تھیں‘ میں اپنی امی کے گھر گئی اور میری باجی جو ملتان میں رہتی ہے وہ بھی چھٹیاں گزارنے امی کے گھر آگئی‘ میرے ساتھ بہت زیادہ گھریلو مسائل تھے مثلاً میاں بیوی کا جھگڑا، رزق کی تنگی، بچوں کی بیماری وغیرہ جب ہم دونوں نے آپس میں باتیں کیں تو میری باجی کے پاس ایک صفحہ تھا جس کے اوپر دو انمول خزانہ لکھا ہوا تھا‘ وہ انہوں نے مجھے دیا اور بتایا کہ لاہور میں ایک اللہ والے درس دیتے ہیں‘ ان کا رسالہ عبقری بہت مشہور ہے‘ لوگ بہت زیادہ پڑھتے ہیں اور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ایک مرتبہ ملتان میں ان کا درس ہوا تھا تو وہاں کسی نے یہ دو انمول خزانہ بانٹا تھا‘ مجھے بہت فائدہ ہوا‘ اب یہ تم رکھ لو مجھے زبانی یاد ہے اور ہر نماز کے بعد پڑھا کرو اور اس کے ساتھ ایک اور عمل جو کہ سورۂ مائدہ کی آیت والا عمل تھا جو گیارہ بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارنی تھی‘ یہ دونوں چیزیں میری باجی نے دیں کہ یہ گھر جاکر عمل کرنا اور تسبیح خانہ کو ضرور ڈھونڈنا‘ آپ کو وہاں سے بہت کچھ ملے گا۔ تو میں جب چھٹیاں گزار کہ گھر واپس لاہور آئی تو میں نے آتے ہی اپنے میاں سے ذکر کیا کہ مجھے عبقری رسالہ لاکر دیں اور تسبیح خانہ لیکر چلیں۔ پہلے تو میں کافی دن ان کی منتیں کرتی رہی کہ آپ جاکر ایک مرتبہ تسبیح خانہ دیکھ تو آئیں‘ بالآخر ایک دن اللہ نے میرے شوہر کا دل نرم کیا اور وہ تسبیح خانہ گئے‘ وہاں سے عبقری رسالہ بھی لے کر آئے اور اگلے دن مجھے تسبیح خانہ چلنے کا کہا‘ یوں پہلی دفعہ شوہر کے ہمراہ تسبیح خانہ آئی تو درس والا میموری کارڈ بھی واپسی پر لے آئی اور گھر آکر درس چلانا شروع کردیا لیکن درس سننے اور لگانے سے ہمارے مسائل کم ہونے کی بجائے زیادہ ہونے لگے مثلاً ہماری میاں بیوی کی لڑائی جو پہلے ایک دو روز کے بعد ہوتی ہے ہر وقت شروع ہوگئی اور مجھے لگتا کہ جیسے میں خودکشی ہی کرلوں گی لیکن اچانک آپ کا ایک درس سنتے ہوئے آپ نے ایک بات کہی جو میرے اندر اتر گئی اور وہ بات یہ تھی ”اگر آپ کسی چیز کا گلا دبائیں گے تو آنکھیں تو باہر آئیں گی۔ آپ گلا بھی دبائیں اور آنکھیں بھی باہر نہ نکلیں“ تو ایک دم اللہ نے (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

خون افزاء ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے‘ جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ وجگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ‘ اسٹریس‘ ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔
قیمت:۔/120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# آگ! 7 بار کہف نہ پڑھتا تو سارا گھر جل جاتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ اور تمام قارئین عبقری کی تا قیامت، دین کی جان کی والدین اہل وعیال کی اور مال کی حفاظت فرمائے اور تمام شر و فتنے‘ بیماری، مصیبتوں، غموں سے حفاظت فرمائے آمین!۔

عبقری رسالہ اور درس میں لفظ ’’کہف‘‘ کے کرشمات پڑھے‘ تو آزمانے کا سوچا‘ مختلف اوقات میں مختلف جگہوں پر میں نے اس لفظ کو آزمایا۔ اس کے مجھے کیا فوائد حاصل ہوئے وہ تمام قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں‘ لاکھوں کا بھلا اور میرے لیے صدقہ جاریہ ہے۔ الحمدللہ! اس کریم نے مجھے یہ سعادت بخشی کے میں اس شاندار رسالہ کیلئے کچھ لکھ سکوں‘ اللہ قبول فرمائے۔

میں مسجد میں نماز پڑھنے گیا تقریباً تین بجے کا وقت تھا تو وہاں موجود ایک دوست نے کہا کہ ملتان میں ایک محفل ہے وہاں چلتے ہیں‘ دوست کی بات نہ ٹال سکا اور اس کے ساتھ جانے کو تیار ہوگیا‘ سورۂ قریش گیارہ دفعہ پڑھی اور موٹر سائیکل پر سوار ہوگئے اور نہایت اطمینان اور سکون سے ملتان پہنچ گئے رات کو وہیں رہے‘ جب جوتے اتارے تو بندہ نے سات مرتبہ لفظ کہف پڑھ کر تصور میں جوتے پر پھونک دیا اور میرے ساتھ میرے دوست نے بھی جوتا رکھا‘ حالانکہ میرا جوتا اچھی کمپنی کا اور بالکل نیا تھا اور میرے دوست کا میرے سے جوتا پرانا اور ذرا سستا تھا مگر جب صبح ہوئی تو دوست کا جوتا غائب تھا اور میرا وہیں موجود تھا‘ مجھے آکر کہنے لگے میرا جوتا کسی نے اٹھا لیا ہے تو میں نے کہا کہ آپ نے اسکی حفاظت کی دعا کی تھی؟ تو کہنے لگے نہیں۔ تو میں نے کہا کہ اب نئی جوتی خرید لیں۔ پھر ہم لطف آباد آگئے جہاں میرے دوست کے رشتے دار تھے جب وہاں پر آئے تو بڑے عجیب وغریب حالات دیکھے آم کے درخت کے پتے جل چکے تھے۔ گندم کی فصل برباد ہو چکی تھی ہر طرف تباہی و بربادی تو بندہ حیران ہوا کہ یہاں کیا ہوا تو پتا چلا کہ بارش اور ژالہ باری نے سب تباہ کردیا۔ تو جب ہم رشتے دار کے گھر کے قریب گئے تو سامنے دو کتے کھڑے تھے تو بندہ نے کتوں کو کہا کہ قیامت کے دن قطمیر کو تمہاری شکایت کروں گا نہیں تو چلے جاؤ تو وہ دونوں کتے چلے گئے۔

ایک دن مجھے ایک رشتہ دار نے فون کیا کہ فلاں رشتہ کی پنچایت ہے‘ گھر کا بہت بڑا مسئلہ ہے‘ آپ بھی آجایئے‘ میں نے کہا کہ جب آپ فیصلہ کے وقت جائیں گے تو بندہ کو فون کردیجئے گا انہوں نے کال کی تو میں نے سات مرتبہ لفظ کہف پڑھا اور دعا مانگی کہ یا اللہ اگر یہ حضرات حق پر ہیں تو فیصلہ ان کے حق میں ہوجائے تو فیصلہ ان کے حق میں ہوگیا۔

چند دن ہوئے میں نماز پڑھنے گیا تو بچوں نے بتایا کہ چوہدری صاحب کے گھر آگ لگ گئ تو میں نے دیکھا تو اس طرح لگ رہا تھا کہ چند منٹ میں سارا گھر جل کر خاکستر ہوجائے گا میں نے فوراً کہف پڑھنا شروع کردیا تو الحمدللہ میں جیسے جیسے پڑھ کر پھونک رہا تھا آگ بجھ رہی تھی اور آخر کار آگ بجھ گئی۔ بندہ کو ایک دفعہ پیچش لگ گئے تو پریشان ہوا اتنے میں خیال آیا کہ میرے پاس تو ہر مسئلہ کا حل موجود ہے تو میں نے لفظ کہف سات مرتبہ پانی پر پڑھ کر پی لیا تو طبیعت ٹھیک ہوگئی۔ میرے گھر کے ساتھ گھر بن رہا تھا‘ وہ ٹریکٹر سے مٹی ڈلوا رہے تھے‘ ٹریکٹر پر بہت اونچی آواز میں ٹیپ چل رہی تھی‘ میں نے سات مرتبہ لفظ کہف پڑھا‘ ٹیپ کا تصور کرکے دم کردیا‘ اسی وقت ٹیپ بند ہوگئی۔ ایک دفعہ بندہ گھر سے باہر نکلا تو ساتھ والے گھر میں لڑائی ہو رہی تھی تو بندہ نے فوراً لفظ کہف سات مرتبہ پڑھ کر پھونک ماری تو لڑائی ختم ہوگئی۔ (محمد عبدالرحمن، ہری پور)

# کسی بڑے آدمی کے اوپر کیچڑ اُچھالنا شروع کردو

مولانا وحید الدین خاں

مولانا شبلی نعمانیؒ سے کسی نے پوچھا کہ بڑا آدمی بننے کا آسان نسخہ کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: ’’کسی بڑے آدمی کے اوپر کیچڑ اُچھالنا شروع کردو۔‘‘

اصل یہ ہے کہ کام کی دو قسمیں ہیں۔ ایک کام وہ ہے جو معروف میدانوں میں ہوتا ہے۔ دوسرا وہ جو غیر معروف میدان میں کیا جاتا ہے۔ معروف میدان میں زور دکھانے والا آدمی فوراً لوگوں کی نظروں کے سامنے آجاتا ہے۔ اس کے برعکس غیر معروف میدان میں محنت سے آدمی کو نہ شہرت ملتی ہے اور نہ مقبولیت۔ جس چیز کا عوام میں چرچا ہو اس کے ساتھ اپنے کو ملانے میں آپ کا چرچا بھی بڑھے گا اور جس چیز کا عوام میں چرچا نہ ہو اس کے ساتھ لگنے میں آپ بھی چرچے سے محروم رہیں گے۔

اگر آپ کسی مسلمہ شخصیت کے خلاف بولنے لگیں۔ کسی مشہور معاملہ کو اپنا نشانہ بنائیں، کسی حکومت سے ٹکراؤ شروع کردیں۔ کوئی عالمی عنوان لے کر جلسہ جلوس کی دھوم مچائیں تو فوراً آپ اخباروں کے صفحہ اوّل میں چھپنے لگیں گے۔ لوگوں کے درمیان آپ پر تبصرے شروع ہوجائیں گے۔ آپ بہت سے لوگوں کے خیالات کا مرجع بن جائیں گے۔ آپ جلسہ کا اعلان کریں گے تو بھیڑ کی بھیڑ وہاں جمع ہوجائے گی۔ آپ چندے کا مطالبہ کریں گے تو لوگ آپ کو روپیہ میں تول دیں گے۔ لیکن اگر آپ خاموش تعمیری کاموں میں اپنے آپ کو لگائیں۔ ’’گنبد‘‘ کے بجائے ’’بنیاد‘‘ سے اپنے کام کا آغاز کریں۔ انقلابی پوسٹر چھاپنے کے بجائے خاموش جدوجہد کو اپنا شعار بنائیں۔ ملت کا جھنڈا بلند کرنے کے بجائے فرد کی اصلاح پر محنت کریں۔ سیاسی ہنگامہ چھیڑنے کے بجائے غیر سیاسی میدان میں اپنے کو مشغول کریں، تو حیرت انگیز طور پر آپ دیکھیں گے کہ آپ کے گرد نہ ساتھیوں کی بھیڑ ہے اور نہ چندہ دینے والوں کی قطاریں۔ آپ کا نام نہ اخباروں کی سرخیوں میں جگہ پا رہا ہے اور نہ پُررونق جلسوں کے ڈائس کی زینت بن رہا ہے۔ مگر یہی دوسرا کام‘ کام ہے۔ اسی کے ذریعہ کسی حقیقی نتیجہ کی امید کی جاسکتی ہے۔ اس کے برعکس پہلا کام کام کے نام پر استحصال ہے۔ اس سے شخصی قیادتیں تو ضرور چمکتی ہیں مگر قوم اور ملت کو اس سے کچھ ملنے والا نہیں ہے۔ ایک اگر کام ہے تو دوسرا صرف نام۔

## بتاشے کھائیے! الرجی بھگائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میری والدہ اور میں بہت شوق سے پڑھتی ہیں‘ مجھے الرجی ہوگئی تھی وہ کسی بھی دوا سے نہیں جارہی تھی میری امی کو کسی نے دوا بتائی‘ لال پھٹکری توے پر پھلالیں اور بتاشے، طباشیر ہم وزن تینوں کو باریک پیس لیں۔ بڑوں کیلئے چوتھائی چمچ دن میں دو سے چار بار ہمراہ پانی‘ بچوں کو چنے کے برابر 2 سے 4 بار کھلایئے۔ ہر قسم کی الرجی ختم انشاء اللہ۔ (انیلا عثمان، کراچی)

آنکھ شفاء موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم‘ موتیا بند‘ دھندلا پن‘ سوزش چشم‘ ضعف چشم‘ آنکھیں درد کرتی ہوں‘ صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑجاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں‘ آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں‘ آنکھوں میں دھندلا‘ غبار یا جالا ہو‘ آنکھوں میں خارش ہو‘ نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو‘ آنکھوں کی تھکن‘ ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 90 روپے

# شادی شدہ جوڑے سات غلطیوں سے بچیں

عیشہ قادر، اسلام آباد

شادی کا بڑا سیدھا سا مطلب ہے، شادی کرو، ایک دوسرے سے محبت کرو، زندگی ساتھ مل کر گزارو، بچوں کی پرورش کرو اور ان کے گھر بساؤ۔ صدیوں سے یہ طریقہ چلا آرہا ہے۔ مگر آج کی اس تیز رفتار زندگی نے جہاں اور بہت سی چیزوں کو متاثر کیا ہے وہیں یہ مضبوط رشتہ بھی اس کے اثرات سے محفوظ نہیں رہا۔ اب یہ رشتہ اتنا پیچیدہ ہوگیا کہ اس کے بارے میں دنیا بھر میں سروے اور تحقیق ہورہی ہے۔ شادی کو بچانے اور اسے کامیاب بنانے کے لیے میڈیا پر بات ہوتی ہے۔ مختلف رسائل میں مضامین چھپتے رہتے ہیں۔ اس بات سے کوئی انکار نہیں کرسکتا کہ میاں بیوی کا رشتہ زندگی کا سب سے قریبی رشتہ ہے اور ہر جوڑا اس رشتے کو محفوظ بنانا چاہتا ہے۔ مگر اس رشتے کو سب سے نازک بھی قرار دیا جاتا ہے، جو ذرا سی ٹھیس سے ٹوٹ سکتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ جوڑے آسمانوں پر بنتے ہیں مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ اس رشتے کو نبھانا زمین پر پڑتا ہے۔ شادیوں کی ناکامی کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں، جن میں سے کچھ تو ایسی ہوتی ہیں، جن کے ہم خود ذمہ دار ہوتے ہیں اور انجانے میں ہمیں اس کا احساس بھی نہیں ہوتا کہ ہم کتنی بڑی غلطی کرنے جارہے ہیں یا کررہے ہیں۔ اگر ان غلطیوں کا پہلے ہی سے ادراک کرلیا جائے تو بہت سے مسائل جنم ہی نہ لیں۔ آئیے کچھ ایسی ہی غلطیوں پر نظر ڈالتے ہیں۔ آپ بھی دیکھیں کہ کہیں آپ خود بھی ان میں سے کسی غلطی کا ارتکاب تو نہیں کررہے ہیں۔

## غلطی نمبر 1: محبت میں بغیر کہے بہت سی باتیں سمجھ لی جاتی ہیں

**حقیقت:** ذہن کی باتیں بغیر کہے سمجھ لے، ایسا پارٹنر صرف افسانوں یا فلموں میں ملتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ خواہشات، ضروریات، توقعات کو کھل کر بتانے کے بعد بھی ضروری نہیں کہ وہ ہر بات کو ویسے ہی سمجھے، جیسا آپ اسے سمجھانا چاہتے ہیں۔ اگر سمجھ بھی لے تو وہ اسے پورا کرے گا، اس کی بھی کوئی ضمانت نہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ اپنے شریک حیات کو اپنے احساسات، خواہشات اور ضروریات کے بارے میں کھل کر بتائیں۔ اور اس حقیقت کو سامنے رکھیں کہ بغیر بتائے وہ کچھ نہیں سمجھے گا۔ آپ کی باتوں سے وہ سمجھ سکتا ہے کہ اس رشتے میں آپ کی اس سے توقعات کیا ہیں۔ ایک بات یاد رکھیں تعلق چاہے کیسا ہی کیوں نہ ہو بات چیت میں ہی سارے مسائل اور شکایات کا حل ہے۔

## غلطی نمبر 2: دونوں کو برابر کام کرنا چاہیے

**حقیقت:** ہوسکتا ہے کہ یہ بات مغربی ملکوں میں تو درست ہو، مگر ہمارے ہاں یہ محض خام خیالی ہے اور کچھ نہیں۔ دراصل شادی ہمیشہ دو اور دو چار والا معاملہ نہیں ہوتا۔ کئی بار ایک پارٹنر 80 فیصد دیتا ہے تو دوسرا صرف 20 فیصد ہی دے پاتا ہے۔ اس کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں۔ مثلاً بیماری، طویل دفتری اوقات، ذہنی وجسمانی تھکاوٹ وغیرہ۔ بیوی سارا دن دفتر میں کام کرے اور شام کو جلدی سے آکر کچن سنبھالے اور وقت پر ہر ضرورت کی ہر چیز حاضر کردے، خوشگوار ازدواجی رشتے کے لیے ایسی توقعات ٹھیک نہیں۔ اگر بیوی شوہر کی طرح دفتر میں کام کرتی ہے تو شوہر کو بھی چاہیے کہ وہ بھی گھر آکر اس کا ہاتھ بٹائے۔ لیکن اگر خاتون خانہ ورکنگ وومن نہیں، تو پھر انہیں بھی شوہر سے یہ توقع نہیں رکھنی چاہیے کہ وہ گھر کے کام کاج میں اس کا ہاتھ بٹائے اگر وہ ایسا خود سے کرتا ہے تو غلط نہیں، مگر آپ اسے ایسا کرنے پر مجبور نہیں کرسکتیں۔ مل جل کر کام کرنے سے محبت بڑھتی ہے۔

## غلطی نمبر 3: شریک حیات کو ہر پریشانی بتانی چاہیے

**حقیقت:** مشکلات سے اکیلے لڑنا مشکل ہوتا ہے جبکہ ساتھ مل کر کسی بھی مسئلے کا حل آسانی ڈھونڈا جاسکتا ہے۔ شادی میں بھی میاں بیوی کو ایک دوسرے کو اپنی پریشانی اور مسائل سے آگاہ کرنا چاہیے۔ اس سے بوجھ بھی ہلکا ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات مسئلے کا حل بھی نکل آتا ہے۔ لیکن اس معاملے میں تھوڑی سی احتیاط کی ضرورت ہے۔ کوئی بھی پریشانی یا مسئلہ اپنے شریک حیات کے ساتھ شیئر کرنے سے پہلے یہ ضرور سوچیں کہ کیا یہ بات اسے بتانی ضروری ہے۔

## غلطی نمبر 4: شادی کے بعد ہر ضرورت پوری ہوتی ہے

**حقیقت:** شادی کوئی الہ دین کا چراغ تو ہے نہیں کو جو چاہا حاصل کرلیا۔ کچھ لوگوں کا خیال ہوتا ہے کہ شادی کے بعد انہیں وہ ہر چیز مل سکتی ہے جس کی وہ پہلے خواہش ہی کرسکتے تھے۔ مثلاً مرد یہ سوچتے ہیں کہ شادی کے بعد انہیں وقت پر کھانا ملے گا۔ کہے بغیر کپڑے استری ہوجائیں گے۔ گھر صاف ستھرا رہے گا۔ بیوی ہر حکم پر جی سرکار کہے گی جبکہ خواتین کی سوچ یہ ہوتی ہے کہ شوہر انہیں وقت دے گا، گھمائے پھرائے گا، خوب شاپنگ ہوگی۔ انہی خوش فہمیوں کی وجہ سے بہت سے جوڑے شادی کے ابتدائی دنوں میں ہی مایوسی کا شکار ہوجاتے ہیں۔ حقیقت کا سامنا کرنا سیکھیں اگر وہ بیوی ہے تو بیمار بھی پڑسکتی ہے کبھی اسے اچانک کہیں جانا بھی پڑسکتا ہے جس کی وجہ سے کھانے اور کپڑے استری ہونے میں تاخیر ہوسکتی ہے ان چیزوں کو سمجھیں۔ اسی طرح مرد بھی صرف شوہر نہیں ہوتا، وہ کسی کا بھائی، بیٹا اور دوست بھی ہوتا ہے۔ اسے ان لوگوں کے لیے بھی وقت نکالنا ہوتا ہے۔ پھر دفتری مصروفیات بھی ہوتی ہیں۔ اسی طرح اس کی مالی حالت دیکھیں کہ کیا وہ ہر ہفتے یا ہر مہینے سیر وتفریح اور شاپنگ افورڈ کرسکتا ہے یا نہیں۔ بلاوجہ اسے ہدف تنقید نہ بنائیں۔

## غلطی نمبر 5: پارٹنر کو اس کی غلطیاں بتا کر انہیں درست کیا جاسکتا ہے

**حقیقت:** غلطیاں ضرور بتائیں لیکن بلیم گم سے دور رہیں۔ آئیڈیل شریک حیات صرف فلموں اور افسانوں میں ہوتے ہیں۔ کوئی بھی انسان خامیوں سے مبرا نہیں ہوتا۔ تاہم مثبت تنقید سے دوسرے کی غلطیوں کو درست کیا جاسکتا ہے لیکن تنقید برائے تنقید نہیں ہونی چاہیے۔ بات چیت سے بہت سے مسائل حل ہوتے ہیں۔ تنقید کرتے ہوئے پارٹنر کی اچھائیوں کو فراموش نہ کریں۔ تنقید کے دوران ان کی طرف بھی اشارہ کریں۔ کیونکہ تنقید کا بہترین طریقہ یہی ہے۔ مقصد پارٹنر کو نیچا دکھانا نہیں بلکہ اس کی غلطیوں یا رویئے کو درست کرنا ہوتا ہے۔

## غلطی نمبر 6: میاں بیوی کے خیالات کا یکساں ہونا ضروری ہے

**حقیقت:** خیالات چاہے ایک جیسے ہوں یا نہ ہوں لیکن ایک دوسرے کی جانب سے ان کا احترام ضرور کیا جانا چاہیے۔ ایسے کئی جوڑے ہیں جو کچن میں ساتھ کھانا بنانا پسند کرتے ہیں یا کسی بات پر الجھنے کے بجائے ساتھ بیٹھ کر چائے پیتے اور باتیں کرتے ہیں۔ لیکن ہر گھر میں ایسا نہیں ہوتا۔ خیالات اور پسند ناپسند میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس بات پر اختلاف کیا جائے اور بات لڑائی جھگڑے تک پہنچ جائے۔ میاں بیوی کے خیالات یکساں ہوں یا نہ ہوں ایک دوسرے کا احترام کرنا ضرور آنا چاہیے۔ اپنے خیالات اور نظریات سے ایک دوسرے کو تکلیف نہیں پہنچانی چاہیے۔ (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

معجون شفایابی

گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا

بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے

لولے لنگڑے، اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید

پولیو کے شکار، مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# گھر کی آرائش اب کچھ مشرقی طرز پر

آج آپ جس گھر میں داخل ہوں مغربی طرز آرائش آپ کو حیران کردیتی ہے اور یہ احساس ہونے لگتا ہے کہ مغرب ہم پر کتنا اثر انداز ہو چکا ہے۔ ہمارا پورا زندگی کا انداز مغربی ہے۔ ہمارا لباس ہمارے دفاتر ہمارے گھر زبان اور کھانا پینا سب کچھ مغربی ہو چکا ہے۔ اب اتنا زیادہ مغربی ہوجانا بھی ٹھیک نہیں۔ آپ کے گھر کے معاملے میں یہ توازن گھر کے اندرونی سجاوٹ اور آرائش کے ذریعے کرسکتے ہیں۔ اپنے گھر کو دیسی یا ثقافتی شکل کا خوبصورت امتزاج دے سکتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ ہم ایسا کیوں کریں؟ تو آپ کو ہم وہ وجوہات بتاتے ہیں جو آپ کو اس بات پر قائم کردیں گی۔

## گھر میں دیسی طریقے سے بنیادی اور خوشگوار تبدیلی لائیے!

ہوسکتا ہے کہ مغربی طرزِ آرائش دیکھ دیکھ کر آپ بیزار ہو چکے ہوں جیسے کہ آپ کا گھر دفتر ہوٹل شاپنگ مالز سب کے سب مغربی اسٹائل کے ہیں۔ آپ جس طرف نگاہ اٹھائیں آپ کو فائبر گلاس اور اسٹیل کی کارفرمائیاں ملیں گی۔ یہ ماحول آپ کے دفتر کا ہے۔ آپ لنچ کیلئے اپنے دوستوں کے ساتھ ہوٹل گئے ہیں وہاں بھی آپ کو یہی سب کچھ دیکھنے کو ملتا ہے۔ پھر شام کو جب گھر واپس آتے ہیں تو گھر کی بھی یہی صورتحال ہے لہٰذا اس یکسانیت کو ختم کرنے کیلئے تبدیلی ضروری ہے اور یہ تبدیلی آپ دیسی طریقے سے لاسکتے ہیں۔ آپ اپنے گھر کو دیسی انداز سے سجا کر دیکھیں آپ کو بے پناہ خوشگواریت اور اطمینان کا احساس ہوگا۔ اپنی چیز پھر اپنی ہوتی ہے۔ یہ آپ کو گرم جوشی کا احساس دلاتی ہے یہ آپ کے احساسات کو مہمیز کرتی ہے اور آپ کے جمالیاتی ذوق کی بھی آئینہ دار ہوتی ہے۔

## دیسی سٹائل پوری دنیا میں اعلیٰ ذوق کا حامل

آپ یقین جانیے! اس وقت پوری دنیا آپ کے اس دیسی اسٹائل سے مسحور ہوکر رہ گئی ہے بلکہ یہ اسٹائل پوری دنیا میں فیشن اور اعلیٰ ذوق کا حامل سمجھا جاتا ہے۔ یہ آرائش خوبصورتی اور سادگی کا دلکش امتزاج ہے۔ یہ طرزِ آرائش ایک معنی میں تحریک دلانے والی آرائش ہے۔ اگر آپ نے اپنے گھر کو خالصتاً دیسی انداز میں سجالیا تو یقین کریں کہ آپ کی دیکھا دیکھی نہ جانے کتنے لوگ اپنے اپنے گھر کو آپ ہی کے انداز میں سجالیں گے اور آپ ایک جدت طراز خاتون کہلائیں گی۔

## پوری دنیا اس آرٹ کے پیچھے ہے!

یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ روایتی دیسی (پاک وہند) کی کاریگری اتنی منفرد اور شاندار ہے کہ کہیں اور اس کی نقل بھی نہیں کی جاسکتی ہے۔ حالانکہ پوری دنیا اس آرٹ کے پیچھے ہے اور سب اپنے اپنے طور پر اس کی نقالی کرنے کی کوشش کررہے ہیں مگر وہ بات کہاں جو انڈین و پاکستانی کاریگری کے بے مثال نمونوں میں پوشیدہ ہے۔ اب چاہے یہ کچھ بھی ہو۔ ملتان، بہاولپور، خانیوال، سکھر، خیرپور، پشاور، کوئٹہ، کشمیر اور گجرات کے دستکاروں کا کوئی بھی کام مختلف دھاتوں اور میٹریلز کو ایک دوسرے سے ملانے اور جوڑنے کا ہنر شیشے موتیوں اور دھاتوں کی کاریگری کا نتھا ایمبر انڈری قالین میزیں دیواریں آئینے اور سجاوٹ کی چھوٹی موٹی بے شمار اشیاء غرض کچھ بھی ہو یہ سب اپنے ہنرمندوں کی انفرادیت کا مکمل اور واضح ثبوت ہیں اور چیخ چیخ کر کہہ رہی ہیں کہ ہم ساہو تو سامنے آئے۔

وہی حال قبائلی علاقوں کی ہنرمندی اور کاریگری کا ہے۔ پوری دنیا میں ان کا بھی کوئی ثانی نہیں ہے۔ آپ کو اگر بازار سے روایتی قبائلی جیولری مل جائے تو آپ اسے گھر لے جانے میں فخر محسوس کریں گی کیونکہ ان سب چیزوں میں خوبصورتی اور دلکشی کے ساتھ ساتھ انفرادیت بھی ہے اور یہ سستی بھی ہیں۔ قبائلی علاقوں کے بنائے ہوئے زبردست کمان اور تیر ترکش وغیرہ آپ کے گھر کی سجاوٹ میں غیرمعمولی کردار ادا کریں گے اور کوئی ان کی نقل بھی آسانی سے نہیں کرسکے گا۔

## مٹی کے سستے منقش ظروف ڈرائنگ روم کی زینت

کئی نسلوں سے دستکاری کا فن ہماری طرز زندگی اور آرکیٹیکچر کا حصہ رہا ہے۔ لکڑی پتھر اور دھات پر نقاشی کندہ کاری اور دھاتی پینٹنگ شیٹ ورک اور روایتی کارپینٹری ہمارے معاشرے کا ایک لازمی جزو رہا ہے۔ قدیم زمانے میں گھروں کے ستونوں کو جو لکڑی یا پتھر کے ہوتے تھے ان پر نقش ونگار کندہ کیے جاتے تھے اور کارپینٹر ہفتوں اس پر اپنے فن کے جوہر دکھانے میں مصروف رہتے تھے۔ اس کام کے کاریگروں کی اس زمانے میں بھی قدر تھی۔ آج بھی قدر ہے۔ آج کل مٹی کے ظروف جن پر منقش کام ہوتا ہے اور جو مختلف سائز اور شیپ بھی دستیاب ہوتے ہیں کئی گھروں کے ڈرائنگ رومز کی زینت بنے ہوئے ہیں اور ان کی سج دھج ایک اپنا الگ مقام رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ تانبے اور پیتل کے ظروف بھی گھروں میں سجاوٹ کے طور پر استعمال میں لائے جاتے ہیں۔ قابل خرید بھی اور باآسانی دستیاب بھی ہے۔ اگر آپ کو راجھستانی انداز میں بنائی ہوئی سجاوٹ کی اشیاء درکار ہیں۔ جیسے رنگ برنگے زیورات پردے اور اسی قسم کی دوسری چیزیں تو ان کے لیے آپ کو راجھستان جانے کی ضرورت نہیں یا پھر ناگالینڈ میں بنے ہوئے بانسوں کے گلدان دیواروں کی آرائش شوپیس اور رنگ برنگی ناگا شالیں یا پھر اڑیسہ میں بنائے ہوئے سیپیوں کے فانوس یہ سب آپ کو مقامی ہینڈی کرافٹس مارکیٹ میں باآسانی مل جاتی ہیں اور آپ کی جیبوں پر ان کا زیادہ بوجھ بھی نہیں پڑتا۔

## ہینڈی کرافٹس! سستے معیاری اور دلکش! دیواروں پر لٹکا کر تو دیکھئے!

دیسی لکڑی کا فرش پائیدار بھی ہوتا ہے اور آسانی سے صاف بھی ہوجاتا ہے۔ فرش کی سجاوٹ کیلئے دیسی سٹائل کی بہت سی چیزیں مارکیٹ میں دستیاب ہیں اور ان کی قیمت بھی زیادہ نہیں ہوتی۔ آپ کے پاس بے شمار آپشنز ہوتے ہیں جیسے جوٹ سینی ہوئی چٹائیاں غالیچے دریاں وغیرہ۔ یہ چیزیں فنکار اپنے ہاتھوں سے بناتے ہیں اور بہت سی مناسب قیمتوں پر نمائش یا ہینڈی کرافٹس مارکیٹ وغیرہ میں دستیاب ہوتی ہیں۔ بے شمار چیزوں کی طرح یہ سب بھی مختلف رنگوں میں دستیاب ہیں۔ ان میں گرد جمع نہیں ہوتی۔ اگر ہو بھی جائے تو آپ انہیں باآسانی صاف کرسکتے ہیں۔ ان نادر نمونوں کو آپ سجاوٹ کے طور پر دیواروں کے ساتھ بھی لٹکا سکتی ہیں ما ان سے چھتوں کی آرائش کا کام بھی لیا جاسکتا ہے۔

### آزمودہ عمل بال گھنے، لمبے چمکدار بنائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بال بہت باریک ہوگئے اور گرتے بھی ہیں، میں بہت پریشان تھی، ہر ٹوٹکہ، شیمپو، تیل استعمال کیا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا میں نے سورۂ والیل (پارہ 30) ہر نماز کے بعد تین بار پڑھنا شروع کیا، اول وآخر درود پاک ایک مرتبہ الحمدللہ بہت فرق پڑا، سب کہنے لگے: تمہارے بال بہت اچھے ہوگئے ہیں، لمبائی میں بھی اضافہ ہوگیا، گھنے اور چمکدار ہوگئے اللہ کے کلام میں بہت طاقت ہے۔ (زارا، لاہور)

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری، ملازم پیشہ مردوں، عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# پرسکون اور محبت والی زندگی گزاریں

بعض گھروں میں اکثر لڑائی جھگڑے، بے اتفاقی، میاں بیوی میں نفرت، ساس بہو میں سخت قسم کا اختلاف دیکھنے اور سننے میں آتا رہتا ہے۔ پریشانی کے عالم میں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عاملوں کے ڈیروں پر چکر لگانے شروع کر دیئے جاتے ہیں جو صرف ایک ہی جواب دیتے ہیں کہ کالا جادو مخالفین نے کر رکھا ہے اگر بروقت علاج نہ کیا تو سارا گھر اُجڑ جائے گا۔ ڈر کے مارے ان کو منہ مانگی فیس دی جاتی ہے اور تعویذ لیے جاتے ہیں۔ حالات اچھے نہ ہونے پر دوسروں کے دروں پر حاضری دینی پڑتی ہے۔ اسی طرح کرتے کرتے زندگی کی صبح وشام بے سکونی اور بے چینی میں گزرنے لگتی ہے۔ کئی عورتوں کی طلاق کی نوبت آجاتی ہے۔ کسی کو بھی یہ احساس نہیں ہوتا کہ ہنستا بستا گھر کیوں اُجڑ رہا ہے۔ کیا ان کے کسی عمل سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے نحوست تو نہیں برس رہی۔ جیسے رزق حرام، فحاشی وغیرہ جس گھر میں ہوں تو وہاں سکون کیسے آسکتا ہے۔ کئی گھر ان جعلی عاملوں اور جادوگروں نے اجاڑ دیئے ہیں۔ دن بدن ان کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے جب ان کا کاروبار چمک جاتا ہے تو اخباروں میں بھی اشتہار دینے لگ جاتے ہیں۔ میں تمام حضرات سے اپیل کرتا ہوں کہ اگر کسی کا اس طرح حال دیکھیں تو انہیں کسی بزرگ ہستی کے پاس جانے کا مشورہ دیں‘ کسی نام نہاد عامل کے پاس ہرگز نہ بھیجیں‘ بے شمار کیس ایسے میں نے دیکھے ہیں کہ یہی گندے عامل بعد میں سب کچھ لوٹ کر بھی جان نہیں چھوڑتے۔ چند ماہ قبل ایک روحانی عامل سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے ایک بہترین ٹوٹکہ اور پرسکون ماحول پیدا کرنے کا بتایا۔ دن کو یا رات کو کسی وقت باوضو طاق بار درود شریف پڑھیں پھر اسم اعظم یَاوَدُوْدُ ایک سانس میں بیس مرتبہ پھر درود شریف پڑھ کر چینی پر روزانہ دم کر دیں۔ اگر بیس دن متواتر دم کر دیا جائے تو جو بھی اس چینی کی چائے یا شربت یا حلوہ وغیرہ کھائے گا وہ نرم دل ہوجائے گا۔ سب کے دل میں محبت اور خلوص کی لہریں دوڑنے شروع ہوجائیں گی۔ اگر کسی خاص فرد کی زیادتی کا علم ہو مثلاً شوہر کا یا بیوی کا یا ساس وغیرہ کا تو اسکا تصور کر کے پڑھ کر دم کر دیں۔ ان شاء اللہ پہلی خوراک سے فرق واضح محسوس کریں گے۔ بیس دن کے استعمال سے ہمیشہ کے لیے نفرت ختم ہوجائیگی۔ (نصیر احمد، ایبٹ آباد)

## جس عورت کا گھر نہ بستا ہو خاص عمل! گھر بس جائے گا

جس عورت کا گھر نہ بستا ہو سسرال والے تنگ کرتے ہوں وہ عورت روزانہ صبح فجر کے بعد یَاعَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ بِحَقِّ یَاعَزِیْزُ 108 مرتبہ اوّل آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں بلاناغہ سارا دن یَاعَزِیْزُ کا ورد کرے الحمدللہ جس کو بھی دیا اس کا گھر بس گیا ہے۔ (طارق محمود، لاہور)

## مرد اپنا دایاں ہاتھ اور بایاں قدم دھو کر پلادے! بیوی عاشق

1100 مرتبہ یَالَطِیْفُ سات دن تک پانی پر پڑھ کر پلائے۔ مزید ایک آدمی نے کہا تھا بیوی کے لیے اگر مرد اپنا دایاں ہاتھ اور بائیں قدم دھو کر پانی بیوی کو پلادے تو ایسے عاشق ہوگی کہ دنیا دیکھے گی۔ رش کے وقت سورۂ الم نشرح پڑھنا بھی بہت مجرب ترین عمل ہے۔ ایک دفعہ بندہ کی ایک بکری بیمار ہوگئی تو بندہ نے اپنے بھانجے کو کہا کہ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص روٹی کے ٹکڑوں پر پڑھ کر پرندوں کو ڈال دو تو بکری الحمدللہ ٹھیک ہوگئی۔

## شوہر سدھر گیا! میرے گھر میں خوشیاں آگئیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ہروقت گھر میں پریشان رہتی تھی گھر میں ہروقت لڑائی رہتی تھی میرا شوہر ہروقت مجھے یہی کہتا تھا کہ میں تمہیں طلاق دے دوں گا کبھی کہتا گھر سے چلی جا‘ کبھی اپنی اماں سے جھگڑتا ہے کبھی بچوں کو مارتا ہے‘اس کی وجہ سے دادی کو تکلیف ہوتی ہے کہ بچوں کو نہ مار۔ والدہ نابینا بھی تھیں اور ناراض بھی۔ عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا‘ اس میں سے دیکھ کر درود شریف صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سارا دن کھلا پڑھنا شروع کردیا‘ چند ہفتوں کے اندر اندر ہی میرے گھر میں خوشیاں آگئیں۔ میرے شوہر کو اپنی غلطی کا احساس ہوگیا۔ انہوں نے مجھ سے معافی مانگی ہے کہ میں نے تمہارے ساتھ بہت زیادتی کی ہے۔ مزید خوشی کی بات یہ ہے کہ عبقری رسالہ کی وجہ سے میرے شوہر کا تعلق تسبیح خانہ سے جڑ گیا ہے‘ وہ درس بھی سنتے ہیں‘ اب ان کی نابینا والدہ (میری ساس صاحبہ) اور سب بہن بھائی آپ کو بہت دعائیں دیتے ہیں۔ (نعیمہ، ہری پور)

# اولاد نرینہ کی وجہ سے جھگڑیں مت! علاج ہے

## اولاد نرینہ کے لیے ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جس گھر میں لڑکے کی ضرورت ہو اور عورت کا پہلا بچہ ہو وہ خالص دیسی مرغ کے کپورے جو کیپسول کی شکل میں ہوتے ہیں دوائی سمجھ کر حمل کے تیسرے مہینے صرف ایک مرتبہ نگل لیں‘ اس کے ہاں بیٹا ہوگا‘ یہ ہمارے خاندان کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے میرے ماموں کی پھوپھی نے یہ ٹوٹکہ آزمایا تھا ان کے سارے بیٹے تھے اور پھر میرے ماموں نے آزمایا یعنی اپنی بیوی کو کھلایا تو ان کے بھی سارے بیٹے ہوئے اور ماموں کی اولاد مطلب بڑے بیٹے کے بھی سارے بیٹے ہیں۔ (مقامی علماء سے پوچھ کر کریں!)

## ضدی انسان کی روح کو ہدیہ کریں سکون پائیں

ایک وظیفہ جو کہ میں نے کیا اور جس میں کامیابی ہوئی وہ یہ ہے کہ میں اپر والے پورشن میں رہتی تھی سیڑھیوں کی وجہ سے میرے خاوند کا بلڈ پریشر ہائی رہتا تھا میں نے نیچے شفٹ ہونے کے لیے وظیفہ کیا جو کہ یہ تھا 9 بار درود شریف ایک بار سورۂ فاتحہ، تین بار اخلاص اور پھر تین بار درود شریف پڑھ کر ضدی انسان کی روح کو بخش دیں یہ عمل میں نے دن میں ایک وقت اور مغرب کے وقت پورا ایک مہینہ کیا یہ عمل کرنے کی وجہ سے میرے خاوند کے بھائیوں نے ہمیں باعزت مکان میں بیٹھنے کی اجازت دے دی۔ گھر میں سکون آگیا‘ گھریلو جھگڑے ختم ہوگئے‘ انوکھا لاجواب عمل ہے‘ ضرور آزمائیے۔ (ام عبیداللہ‘ کراچی)


**جادو شکن پانی**

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو‘ جنات‘ نظر بد‘ سفلی عمل‘ بدروحوں کے برے اثرات‘ لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے اولاد کی نافرمانی‘ مسلسل ناکامیاں‘ دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں ”جادو شکن پانی“ کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔

قیمت صرف 60 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# خضر علیہ السلام ظاہر ہوئے! وظیفہ بتایا اور غائب

## ہر مرض کا مجرب علاج

حضرت محمد بن سماک رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ ایک بار بیمار ہوئے تو ان کے متوسلین ان کا قارورہ لے کر ایک نصرانی طبیب کے پاس بغرض علاج جارہے تھے کہ راستے میں ایک نہایت روشن چہرے والے خوش لباس بزرگ ملے کہ جن کے بدن سے بڑی پاکیزہ خوشبو مہک رہی تھی، انہوں نے فرمایا: کہاں جارہے ہو؟ لوگوں نے عرض کیا کہ حضرت محمد بن سماک رحمۃ اللہ علیہ بیمار ہیں، ان کا قارورہ غیر مسلم طبیب کے پاس لیے جارہے ہیں یہ سن کر انہوں نے فرمایا سبحان اللہ! ایک اللہ کے ولی کے لیے دشمن خدا سے تعاون چاہتے ہو۔ قارورہ پھینک دو، واپس جاؤ اور ان سے جاکر کہو کہ مقام درد پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ یہ فرما کہ وہ بزرگ غائب ہوگئے۔ ان صاحبوں نے واپس آکر حضرت محمد بن سماکؒ سے واقعہ عرض کیا، تو انہوں نے مقام درد پر ہاتھ رکھ کر یہ کلمہ پڑھے، تو فوراً آرام آگیا۔ حضرت محمد بن سماک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ وہ حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام تھے۔ (خزائن العرفان و تفسیر حسینی جلد اوّل)

## کنگھی کرنے کا فائدہ غربت ختم

حضرت ابی بن کعبؓ راوی ہیں کہ حضور رسول کریم ﷺ نے فرمایا ''جو شخص روزانہ رات کو اپنے سر اور داڑھی میں کنگھی کرتا ہے۔ وہ طرح طرح کی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے اور اس کی عمر دراز ہوتی ہے'' اور یہ بھی مروی ہے کہ جو اپنی ابرو (پپوٹا) پر کنگھی پھیر لیا کرے، وہ وباء سے امن میں رہتا ہے۔ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا ''کنگھی کیا کرو، کیونکہ اس سے فقر دور ہوتا ہے اور جو صبح کو کنگھی کرتا ہے (گویا کہ) شام تک امن میں رہتا ہے اور فرمایا کہ داڑھی مردوں کی زینت اور چہرہ کی خوشنمائی ہے'' (مذکورہ)

## بدنظر کی سزا

ابوعبداللہ نباجی سے ایک حکایت مروی ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ میرے پاس ایک خوبصورت اونٹ تھا، وہ ساتھیوں کے ساتھ جارہا تھا۔ میرے ہمراہیوں میں ایک شخص ایسا تھا جو نظر بد لگانے میں مشہور تھا وہ جس اچھی چیز پر نظر ڈالتا وہ گر کر تلف ہوجاتی۔ مجھے لوگوں نے کہا کہ اپنے اونٹ کو اس شخص کے شر سے محفوظ رکھو۔ میں نے کہا کہ اسے میرے اونٹ پر کوئی قدرت نہیں ہے۔ جب اس شخص کو عبداللہ نباجی کی اس بات کا پتہ چلا تو وہ گھات میں رہا۔ ایک بار عبداللہ نباجی موجود نہ تھے، وہ شخص ان کی قیام گاہ پر آیا اور اونٹ پر نظر بد ڈالی۔ اونٹ اس طرح تڑپ کر گر پڑا۔ جس طرح جڑ سے اکھڑا درخت گر پڑتا ہے۔ نباجی کو خبر کی گئی کہ بدنظر نے اونٹ کو نظر بد لگادی ہے وہ آئے اور بدنظر شخص کو دیکھ کر پڑھا: حَبَسٌ حَابِسٌ وَ شَجَرٌ یَابِسٌ وَ شِهَابٌ قَابِسٌ رُدَّتْ عَیْنُ الْعَائِنِ عَلَیْهِ وَعَلٰی اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیْهِ (ساتھ یہ سورۃ ملک کی آیت فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ عبداللہ نباجی کا یہ دعا پڑھنا ہی تھا کہ اس بدنظر کی آنکھ اپنے حلقہ چشم سے نکل کر باہر گر پڑی اور اونٹ تندرست ہوکر کھڑا ہوگیا۔ (مدارج النبوۃ جلد اوّل)

## قولنج سے بچاؤ

کتاب البرکۃ میں حضرت نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ حمام سے نکل کر قدموں پر ٹھنڈا پانی ڈالنا قولنج سے امن میں رکھتا ہے۔ (مذکورہ)

## دردِ زہ سے بچاؤ

ابن سنی نے حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ حضرت سیّدۃ النساء نور چشم مصطفےٰ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دردِ زہ کی تکلیف تھی۔ حضور سیّد عالم ﷺ نے ام المومنین حضرت ام سلمہ اور حضرت زینب بنت جحشؓ کو حکم دیا کہ وہ حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے پاس جاکر آیت الکرسی، سورۂ فلق اور سورۂ الناس پڑھیں۔ (تفسیر در منثور بحوالہ تفسیر نعیمی، جلد سوم)

# اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو تمام حاجات پوری

**بیٹا کھانا کہاں سے آیا؟:** حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میرے ہاں فرزند پیدا ہوا۔ بچپن میں وہ اپنی ماں سے کھانا مانگتا تو اس کی والدہ کہتی بیٹا ''اپنے رب سے مانگ'' وہ بچہ محراب میں جاتا اور سجدہ کرتا۔ اس کی والدہ خفیہ طور پر اس کی مطلوبہ چیز دے دیتیں اور صاحبزادے پر یہ نہ ظاہر ہونے دیتیں کہ والدہ نے دیا ہے۔ اس بچے کو صرف پروردگار سے مانگنے کی عادت راسخ ہوگئی۔ ایک روز جب بچہ مکتب (سکول) سے آیا تو دیکھا کہ والدہ موجود نہیں ہیں اس نے حسب معمول سجدہ کیا اور کھانا مانگا' اللہ تعالیٰ نے کھانا عطا فرمادیا۔ جب آپ کی والدہ آئیں تو دیکھا کہ صاحبزادہ کھانا کھارہا ہے، پوچھا: ''بیٹا کھانا کہاں سے آیا تھا؟'' فرزند نے جواب دیا: ''جہاں سے ہمیشہ آتا تھا۔'' اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو، تمام حاجات پوری ہوجائیں گی۔ (امیر علی خان، پشاور)

## کامیابی چاہتے ہو تو یہ پڑھو!

حضرت سیدنا مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ زندگی کی مہلت بہت تھوڑی ہے اگر یہ شریعت کے مطابق نہ گزاری ہوگی تو ہمیشہ کا عذاب اس سے وابستہ ہے اور اس شخص کے حال پر افسوس ہے جو اس فرصت کو بے فائدہ کاموں میں ضائع کردے اور دائمی عذاب اپنے اوپر مسلط کرلے۔ فراغت غنیمت ہے ساری عمر بے فائدہ اور فضول کاموں میں نہ گنوانی چاہیے بلکہ ساری زندگی اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق گزارنی چاہیے یعنی ساری عمر شریعت محمدی پر عمل کرنا چاہیے۔ پنج گانہ نماز جماعت کے ساتھ اور جماعت تعدیل ارکان کے ساتھ پڑھنی چاہیے۔ تہجد نماز کو ہاتھ سے نہ جانے دیں اور سحر کے وقت کی استغفار نہ چھوٹنے پائے۔ (از مکتوبات 31)

## استغفار بھی استغفار کا محتاج ہے!

استغفار کے بارے میں ہی حضرت رابعہ بصریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمارا استغفار بھی استغفار کا محتاج ہے یعنی اس لیے کہ اس میں سچائی نہیں ہوتی۔

کالے جادو کیلئے کڑوی شفاء
کالی کڑوی شفاء
صرف اس مریض کیلئے جس کو جادو نے ڈس لیا ہو، معالجین نے لاعلاج قرار دیا ہو، جادو کی وجہ سے کینسر، کالا یرقان، چھاتی کا سرطان، ہڈیوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ہو، مریض موت کا انتظار کررہا ہو تو اسی صورتحال میں اسم اعظم کی دم شدہ ''کالی کڑوی شفاء'' واقعی شفاء دیتی ہے۔
قیمت 400 روپے

# شاندار فصل! 50 سال پرانے تجربات قارئین کے نام

## کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم جدی پشتی زمیندار ہیں الحمدللہ! مذہبی اور کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق ہے‘ جہاں زمیندار کا پچاس سالہ تجربہ ہے‘ ہر بیج‘ پانی‘ کھاد اور پودے کا مکمل علم اور ادراک ہے وہیں میرا وظائف پر بھی مکمل اعتماد ہے‘ میرے پاس میری والدہ کی ڈائری آج بھی موجود ہے‘ جس میں کھیت اور جانوروں کی حفاظت کیلئے وظائف لکھے ہوئے ہیں‘ جن پر میں گزشتہ کئی سالوں سے عمل کررہا ہوں‘ اپنے بچوں کو بھی یہ وظائف بتائے اور لاجواب رزلٹ لیتا ہوں۔ عبقری میں ”کسان دوست“ سلسلہ دیکھا‘ بڑی خوشی ہے‘ عبقری رسالہ سے ہی میں نے سیکھا کہ کوئی بھی تجربہ اپنے ساتھ قبر میں نہیں لے جانا بلکہ دوسروں تک پہنچانا ہے تاکہ صدقہ جاریہ رہے۔ بس اسی سوچ نے لکھنے پر مجبور کیا اور آج میں اپنے پوتے کی کاپی‘ قلم لے کر بیٹھ گیا۔ یہ جو لکھ رہا ہوں اپنی والدہ کی پچاس سال پرانی ڈائری سے نوٹ کرکے اپنے کسان بھائیوں کیلئے لکھ رہا ہوں‘ عمل کیجئے اور دعاؤں میں یاد رکھیے۔

### کھیت اور باغ کی حفاظت کیلئے

اگر کھیت کو جانور کھا جاتے ہوں یا چوہے اور دیگر موذی جانور نقصان پہنچاتے ہوں یا باغ میں چوری ہوتی ہو اور پھل غائب ہوجاتے ہوں تو اس کیلئے دریا یا سمندر کے کنارے کی پاک ریت لیں اور باوضو چار مرتبہ آیۃ الکرسی مع بسم اللہ کے پڑھ کر ریت پر دم کریں اور یہ ریت تھوڑی تھوڑی کھیت یا باغ کے چاروں کونوں میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے کھیت اور باغ محفوظ ہوجائیں گے اور کوئی بھی ان کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

### اچھی فصل کیلئے

نیا درخت یا کھیت میں بیج پھینکے وقت اگر کوئی شخص کسی پھل کا نیا درخت لگاتا ہے یا سایہ کیلئے درخت لگاتا ہے اور چاہتا ہے کہ درخت محفوظ طریقے سے پروان چڑھے یا کھیتی میں ہل چلا کر بیج پھینکتا ہے اور چاہتا ہے کہ بیج ضائع نہ ہو اور فصل اچھی ہو اور ہر قسم کے موذی جانوروں سے محفوظ رہے تو اس کے لیے مندرجہ ذیل کلمات باوضو پڑھے۔ جب درخت لگا رہا ہو مسلسل پڑھتا رہے اسی طرح جب بیج کھیت میں پھینک رہا ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ درخت ہر طرح سے محفوظ رہے گا اور فصل بھی ہر طرح سے محفوظ رہے گی اور خوب پیداوار ہوگی وہ کلمات یہ ہیں۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ. تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۗ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ (ابراہیم آیت 24,25)

### کھیتی میں برکت

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے کھیت میں فصل خوب اُگے اور اس فصل کو کوئی نقصان نہ پہنچے اور خوب برکت ہو تو اس کیلئے جب کھیت میں بیج ڈالے اس وقت اول درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھے اس کے بعد ایک سو بار پڑھے:
سُبْحَانَ اللّٰهِ الْبَاعِثِ الْوَارِثِ اس کے بعد گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے اس کے بعد بیج ڈالنا شروع کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کھیت میں بہت برکت ہوگی اور خوب فصل پیدا ہوگی کہ نہال ہوجائے گا۔

### کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں‘ فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو‘ یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

**جانور شفاء:** سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند‘ سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# بزرگ آئے چار کیل کا عمل دیا اور جادو ٹوٹ گیا

بانیہ ادریس، واہ کینٹ

یہ تب کی بات ہے جب میں کافی چھوٹی تھی اس وقت میں پانچویں کلاس میں تھی۔ میرے ابو اور امی کے درمیان جھگڑا رہتا۔ میری دادی بھی ہر وقت ہم پر غصہ کرتی۔ ہم سب بہن بھائی خوفزدہ رہتے ان دنوں ہمارے ابو کے جاننے والے ایک رشتہ دار ہمارے گھر تشریف لائے وہ کافی نورانی شکل کے مالک تھے اور ہر وقت عبادت کرتے رہتے تھے۔ انہوں نے ہمارے گھر کے حالات دیکھے تو ایک عمل کیا جو آج تک میرے ذہن میں محفوظ ہے کیونکہ اس کے بعد ہمارے حالات بہتری کی طرف گامزن ہوئے۔ امی اور ابو بھی مسکراتے نظر آئے۔ انہوں نے بتایا کہ آپ کے گھر پر جادو اور آسیب کے اثرات ہیں اور انہوں نے جو عمل کیا وہ مندرجہ ذیل ہے: چار عدد کیلیں لیں ہر کیل پر 25 مرتبہ سورۃ الطارق کی آیت نمبر 15,16,17 پڑھ کر دم کریں اور متاثرہ کمرے یا دکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہوگا۔ گھر والوں نے ایسا ہی کیا تھا۔ ابو کے رشتہ دار نے گھر میں سب کو نماز کی پابندی کی بھی تلقین کی جس کی وجہ سے ہمارے گھر کے حالات اللہ کے فضل و کرم سے بہت بہتر ہوگئے۔ کچھ آزمودہ ٹوٹکے بھی لیجئے!

### پٹھوں کے درد کیلئے

ادرک پیس کر تیل میں ملا کر مالش کرنے سے پٹھوں کے درد ٹھیک ہوتے ہیں۔

### دانت موتی جیسے

دانت کو اگر موتیوں جیسے شفاف کرنے ہوں تو لیموں کے چھلکے سکھا کر پیس لیں اور ان میں نمک ملا کر رکھ لیں اور اس سفوف سے دانت صاف کریں۔

### شوگر‘ بلڈ پریشر کنٹرول! قد بھی بڑھائیے!

جو دو حصے، سفید چنے یا کالے چنے ایک حصہ، گندم کا ایک حصہ اس میں کلونجی اور زیرہ تھوڑا تھوڑا ملا کر پیس لیں اور زیتون کے تیل سے روٹی بنا کر شوگر اور بلڈ پریشر کے مریض کو کھلائیں۔ اس نسخے سے بچوں کے قد میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قد لمبا کرنے کیلئے ستو بہترین ہیں۔ شکر ملا کر استعمال کریں۔ یہ نسخہ جات انتہائی مفید ہیں انہیں معمولی ہرگز نہ جانیے۔ آزمودہ اور مجرب ہیں۔

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ
زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو جوڑ جوڑ کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے
لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج
شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
شاہی ٹانک
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید
بادشاہ، نواب، روساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# 4 چھپکلیاں جلائیں! لگائیں شوگر کا زخم ٹھیک!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' اس میں موجود ٹوٹکے اور اعمال سے مستفید ہورہے ہیں۔ بے شمار نسخہ جات لوگوں کو بتائے' لوگوں کو بہت فائدہ ہوا۔ میرے پاس ایک مشاہدہ ہے جو میں عبقری قارئین کی نذر کررہا ہوں یقیناً بے شمار دکھی افراد کیلئے مرہم ہوگا۔ میرے دوست کوٹ ادو کے رہنے والے ہیں ان کے پاؤں پر شوگر کا زخم تھا' کافی جگہ سے علاج کروایا' زخم دن بدن خراب ہوتا گیا۔ بالآخر ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ انگوٹھا کاٹنا پڑے گا مگر یہ نہ مانے۔ مزید جگہ سے علاج شروع کروایا انہوں نے بھی چند دن بعد یہی کہا کہ زخم ٹھیک نہیں ہورہا ابھی انگوٹھا کٹوالیں ایسا نہ ہو کہ بعد میں زخم پھیل کر پاؤں تک پہنچ جائے اور پھر پاؤں کاٹنا پڑے مگر یہ نہ مانے۔ ایک دن انہوں نے مجھے فون کیا ساری تفصیل بتائی تو مجھے عبقری میں آیا ایک نسخہ یاد آگیا' میں نے گھر میں پڑے عبقری کھنگالے' یہ نسخہ نکالا' ان کو دوبارہ کال کی اور یہ نسخہ بنانے کا عرض کیا' انہوں نے نسخہ بنایا' ایک ماہ استعمال کیا' الحمدللہ! ایک ماہ کے اندر زخم تو دور زخم کا نشان تک ختم ہوگیا۔ جب دوبارہ ڈاکٹرز کو جاکر دکھایا تو وہ بار بار پوچھتے کہ آخر ہمیں بھی بتاؤ تم نے کیا علاج کیا ہے؟ الحمدللہ! میرے دوست نے سب کو عبقری رسالہ کے متعلق بتایا اور ساتھ یہ نسخہ بھی سب کو لکھ کر دیا کہ کسی میرے جیسے مریض کو بتا کر اس کا بھلا کردیں۔ نسخہ یہ ہے ھوالشافی:

چار عدد چھپکلیاں' تقریباً ایک پاؤ تیل سرسوں میں اچھی طرح جلائیں' جب چھپکلیاں کوئلہ بن جائیں تو انہیں نکال کر پھینک دیں اور تیل کو چھان کر کسی بوتل میں محفوظ کرلیں' صبح وشام زخم پر لگائیں' ان شاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر زخم ٹھیک ہوجائے گا۔ آزمودہ ہے۔

## چنبل کے لیے

میرے ایک جاننے والے کے جسم پر چنبل ہوگئی کافی علاج کروایا پر فرق نہ پڑا پھر میں نے اس کو کہا کہ تم عبقری دواخانہ چلو میرے پاس شیخ الوظائف سے ملاقات کا ٹوکن ہے' ان شاء اللہ تمہارا مرض ٹھیک ہوجائے گا۔ میں اس کو مقررہ دن عبقری کلینک لایا' آپ نے تسلی سے چیک کیا اور اسے عبقری کی کچھ ادویات اور ساتھ ہیپاٹائٹس نجات سیرپ اور مرہم سکون دی۔ ان ادویات کے استعمال سے چند ہفتوں میں ہی مرض ختم ہوگیا۔ (عبدالغفار، دائرہ دین پناہ)

# نہ بولنے والا بچہ فرفر بولے! آزمودہ ٹوٹکہ!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری تمام خاندان بہت شوق سے پڑھتا ہے۔ میری خالہ کے بچے دیر سے بولتے تھے' انہیں کسی نے یہ ٹوٹکہ بتایا انہوں نے آزمایا تو ان کے بچے بہت جلد بولنا شروع ہوگئے۔ میری خالہ کیلئے یہ ٹوٹکہ حیران کن تھا کیونکہ وہ پہلے بہت ادویات اور ٹانک استعمال کرچکی تھیں مگر بے سود رہا' جب کسی نے یہ ٹوٹکہ بتایا تو پہلے تو کئی ماہ انہوں نے استعمال ہی نہیں کیا مگر ٹوٹے دل اور بے توجہی سے یہ ٹوٹکہ بنایا اور جب بچوں کو استعمال کرنے کے بعد رزلٹ دیکھا تو حیران رہ گئی۔ بچوں نے آہستہ آہستہ بولنا شروع کردیا' ایسے ہی میری اسی خالہ کی ایک بیٹی ابنارمل ہے' میری خالہ نے اس کو بھی یہ استعمال کروایا الحمدللہ! ابنارمل بچی نے بھی بولنا شروع کردیا۔

یہ ٹوٹکہ میری باجی کا بھی آزمودہ ہے' انہوں نے اپنے بیٹے کے لیے استعمال کیا' ان کا بیٹا بھی بالکل نہیں بولتا تھا' تین سال کا ہوگیا تھا مگر اوں آں سے زیادہ بات نہ کرتا تھا' میری خالہ نے اسے بھی یہی ٹوٹکہ بتایا اس نے اپنے بیٹے کو استعمال کروایا تو چند دنوں کے بعد ہی اس نے اماں، ابا اور پھر آہستہ آہستہ درست الفاظ بولنا شروع کردیئے۔ قارئین! آپ بھی یہ آزمودہ ٹوٹکہ کسی ایسے بچے پر ضرور آزمائیے جو بولتا نہیں' کسی قسم کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں' عام سی جڑی بوٹی ہے جو ہر پنساری کی دکان سے مل جاتی ہے اور سب سے اچھی بات کہ ہے بھی بالکل سستی۔ ٹوٹکہ یہ ہے ھوالشافی: پنسار کی دوکان سے عقرقرحا ملتا ہے' وہ تھوڑا سا لے لیں' چھان کر صاف کرکے پیس لیں۔ بالکل ایک چٹکی لیں اور شہد میں ملا کے بچے کی زبان کے اوپر لگادیں اور بچے کا منہ کھول کر رکھیں' بچے کے منہ سے پانی نکلے گا' وہ پانی بچے نے نگلنا نہیں بلکہ باہر بہنے دینا ہے۔ ایک سے دو بار ہی یہ عمل کریں ان شاء اللہ بچہ بولنے لگ جائے گا۔

## مجھ سے چنبل کا علاج بھی لے لیجئے!

میری کزن کے پاؤں پر بہت بڑا چنبل کا زخم تھا اور وہ پیپ سے بھرا ہوا تھا۔ بہت علاج کروائے مگر بے سود' مہنگی سے مہنگی کریمیں' ڈاکٹر حکیم' ہومیوپیتھک ڈاکٹر یعنی کوئی معالج نہ چھوڑا مگر اسے آرام نہ آرہا تھا' میرے ابو کو کسی مخلص نے یہ نسخہ بتایا' میرے ابو نے یہ تیل خود بنا کر میری کزن کو دیا اس نے کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے لگایا الحمدللہ اس کا یہ زخم بالکل ختم ہوگیا۔ آج تک اس کو یہ مسئلہ نہیں ہوا۔ ھوالشافی: آک کے پتے 6 یا 7 لیں ان کو سرسوں کے تیل میں اچھی طرح جلا لیں جب تیل میں وہ جل جائیں تیل کا رنگ بدل جائے تو تیل کو چھان کر بوتل میں محفوظ کرلیں اور چنبل جو گیلی زخموں والی' گلے ہوئے زخم ہوں ان کے اوپر لگائیں انشاء اللہ جڑ سے چنبل ختم ہوجائے گی۔

## زخموں کی مرہم

قارئین! یہ مرہم بہت لاجواب ہے' بالکل سستی بنتی ہے اور بہت زیادہ بنتی ہے' بنا کر رشتہ داروں' دوستوں کو ہدیہ بھی کرسکتے ہیں' ہر گھر' ہر کچن کی ضرورت ہے' کہیں بھی زخم یا کٹ لگ جائے فوراً صبح وشام اسے لگائیں' بہت کمال چیز ہے' بس چند بار لگانے سے زخم بھی مندمل اور ان شاء اللہ نشان تک ختم ہوجاتا ہے۔ ھوالشافی: ویزلین ایک پاؤنڈ ایک بوتل لیں۔ دس لاکھ کا 2 عدد ٹیکہ ملتا ہے۔ نام ہے یہ دوائی کا۔ سپڑان کا پاؤڈر 2 عدد، مردہ سنگ 100 روپے کی لے لیں۔ ان سب چیزوں کو ویزلین میں ملا کر مکس کرلیں یہ مرہم تیار ہوجائے گی یہ ہر گہرے سے گہرے زخم کٹ ہوں، ایکسیڈنٹ کے زخم ہوں کسی بھی قسم کا پاؤں کی انگلیاں جو سردیوں میں خراب ہوجاتی ہیں ان پر لگائیں انشاء اللہ فوراً آرام آجائے گا۔

## گنٹھیا کے جوڑوں کے درد کے لیے

یہ نسخہ بھی بے شمار کا آزمایا ہوا ہے۔ ھوالشافی: اسگندھ ناگوری، پیپلا مول یہ ہموزن لے کر چھان کر پیس کر گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ صبح وشام ایک گولی کھانے سے درد ختم ہوجاتا ہے۔ کچھ عرصہ پابندی سے استعمال کریں۔

ناک شفاء
دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/130 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔



www.ubqari.org

# کان میں تیل کے قطرے اور چمکتی مہکتی امریکن تحقیق

(قسط نمبر 2)

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

قارئین! جس دور میں سائنس کا نہ عروج تھا‘ نہ کمال‘ اس دور میں ہمارے بڑے بوڑھے بہت سمجھدار تھے‘ وہ جہاں دیسی گھی کھاتے تھے اور ہاتھوں پر لگ جاتا تو اپنے چہرے‘ سر‘ گھٹنوں‘ ٹانگوں کی اسی سے مالش کرلیتے‘ یا اسی کو لگا لیتے تو بالکل اسی طرح وہی گھی کانوں میں بھی ڈالتے تھے اور اس کا رزلٹ ملتا تھا‘ میں نے اپنے بڑوں کو دیکھا‘ بڑوں سے سنا اور بڑوں کی کتابوں میں پڑھا کہ کانوں کو بھوکا نہ رکھو‘ جیسے پیٹ بھوکا ہو تو طبیعت بے چین پریشان ہوجاتی ہے اور پیٹ سارے جسم کو پریشان کرتا ہے‘ ایسے ہی اگر کان بھوکے ہوں تو ان کو زیتون‘ سرسوں‘ دیسی گھی یا گری کا تیل اگر نہ ڈالیں تو کان بے چین ہوتے ہیں‘ اس کی بے چینی کے اثرات‘ ٹینشن‘ ڈیپریشن‘ سر کے چکر‘ ذہنی دباؤ‘ اعصابی کھچاؤ‘ سردرد‘ یادداشت کی کمی‘ طبیعت کی بے زاری‘ بے چینی‘ یہ سب کچھ کانوں کو بھوکا رکھنے سے ہے۔ آئیں! آپ کو ایک امریکن ریسرچ پڑھواتے ہیں آپ حیران ہوں گے کہ انگریز کانوں کے بارے میں کتنا حساس ہے۔

## امریکن ہیئرنگ ریسرچ فاؤنڈیشن

امریکن ہیئرنگ ریسرچ فاؤنڈیشن کے مطابق ایک یا دو قطرے زیتون کے تیل کو روزانہ کان میں ڈالنے سے میل کو آسانی سے ہٹایا جاسکتا ہے، تیل کو کان میں کچھ منٹ کے لیے رہنے دیں، اس کے بعد اسے کسی کپڑے یا تولیے پر جھکا کر صفائی کرلیں۔ کانوں کی صحت اور حفاظت کے لیے ان میں کبھی کبھی بادام روغن یا کڑوا تیل ڈالتے رہنا چاہیے، اس سے کانوں کے پردے ملائم اور تر رہتے ہیں اور کسی حد تک بہرہ پن بھی دور ہوجاتا ہے۔ دماغ کی تروتازگی اور آنکھوں کی بینائی کے لیے کان میں تیل ڈالنا مفید ہے۔

**سرسوں کا تیل:** سرسوں کے تیل کے دو سے تین قطرے کان میں ڈالیں اور 10 سے 15 منٹ کے لیے اسے چھوڑ دیں، کان میں صحت وتندرستی زندہ ہوجائے گی۔

## جو کان میں تیل ڈالے وہ صحت مند

حواس خمسہ میں سے حس سماعت ہمارے کان کی مرہون منت ہے۔ کان کے اکثر و بیشتر مسائل ہماری سماعت کو اثرانداز کرتے ہیں‘ یہ اثر کان میں گھنٹیاں بجنے‘ عمر کی وجہ سے سماعت میں کمی‘ کان کے انفیکشن اور کینسر سے لیکر خطرناک بیماری تک کسی بھی نوعیت کا ہوسکتا ہے۔ کان کی میل بھی سماعت میں کمی کی ایک وجہ ہوسکتی ہے لیکن دراصل یہ رطوبت ہمارے کانوں میں میل کچیل، بال اور جلد کے بے جان خلیوں کو جذب کرکے اکٹھا کرنے میں مدد دیتی ہے۔
اس کی عدم موجودگی میں نہ صرف ہمارے کانوں میں انفیکشن کے امکانات کافی بڑھ جاتے ہیں بلکہ کان میں خارش اور الجھن جیسے مسائل بھی بڑھ سکتے ہیں۔ علاوہ کان کی رطوبت میں بیکٹیریا ختم کرنے کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے تاہم مجموعی طور پر یہ ہمارے کان کے لیے فائدہ مند ہے۔
یہ رطوبت کان کی بیرونی نالی میں موجود گلینڈز کی مدد سے بنتی ہے اور اس کی نارمل مقدار سوتے ہوئے، نہاتے ہوئے یا روزمرہ کے معمولات میں مشغول ہمارے کانوں سے نکل جاتی ہے لیکن بعض لوگوں میں یہ مقدار ضرورت سے بڑھ جاتی ہے جو کہ بڑھتی عمر، جلد کی بیماریاں مثلاً ایگزیما یا پسینہ زیادہ آنے کی وجہ سے ہوسکتی ہے۔

## نسلوں سے بہرے پن کا خاتمہ

ایسے تمام حالات میں وہ لوگ ہمیشہ صحت مند رہتے ہیں چاہے عمر جتنی زیادہ بھی ہوجائے جو کانوں کو تیل دیتے رہتے ہیں اور کانوں کو بھوکا اور روکھا نہیں رکھتے۔ پوری دنیا کی تحقیق اس وقت کان کی طرف متوجہ اس لیے ہے کہ ہماری ہواؤں فضاؤں میں آلودگی اور تابکاری اثرات بہت بڑھ رہے ہیں‘ یہ تابکاری اثرات ہماری زندگی میں بہت بُرا اثر چھوڑ رہے ہیں‘ اس کی وجہ سے بہرے پن اور نسلوں میں بہرے پن میں اضافہ ہورہا ہے‘ بہرے بچے پیدا ہورہے ہیں‘ گونگا دراصل بہرہ ہوتا ہے‘ ہر گونگا گونگا نہیں ہوتا‘ وہ بہرہ ہوتا ہے اس بہرہ ہونے کی وجہ سے اسے وہ ترتیب الفاظ کی نہیں ملتی‘ اس لیے وہ گونگا ہوتا ہے‘ آیئے! اپنی نسلوں کو گونگا بہرہ ہونے سے بچائیں اس کا واحد حل صرف یہی ہے کہ آپ اپنے اور اپنے بچوں کے کانوں میں تیل ڈالیں۔ چاہے چند قطرے ہی کیوں نہ ہوں؟ بس چند منٹ ڈال کر ہلکا ہلکا اسے ملتے رہیں‘ وہ جذب ہوجائے اور اگر ایک دو قطرے باہر نکل آئیں تو کوئی حرج نہیں۔ صحت مند زندگی کے لیے اپنے کانوں کو صحت مند رکھیں یہ دراصل آپ اپنے کانوں کو صحت مند نہیں رکھ رہے بلکہ آپ اپنی نسلوں کو گونگے اور بہرے پن سے نکال رہے ہیں اور نسلوں کو صحت مند‘ ذہین‘ اعصابی طور پر مضبوط‘ نظر تیز‘ عینک سے نجات اور بہترین زندگی دے رہے ہیں۔

**نوٹ: قارئین! آپ بھی کان میں تیل ڈالنے کے تجربات ومشاہدات فوراً لکھیں۔ لیکن ایک چیز لکھنا نہ بھولیں کہ خط کے اوپر موٹا موٹا لکھیں کہ ”کان میں تیل ڈالنے کے تجربات“ یہ لکھنا ہرگز نہ بھولیں!**

## میرے آزمودہ چند ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ مخلوق خدا کی بے شمار خدمت کررہے ہیں‘ اللہ کریم آپ کا حامی وناصر ہو اور اللہ تعالیٰ آپ سے یہ عظیم کام ہمیشہ لیتا رہے اور آپ کو صحت وتندرستی والی لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین! میرے پاس عبقری کیلئے چند ٹوٹکے ہیں‘ ضرور چھاپیے‘ قارئین ضرور آزمایئے! مفید ہیں۔

### بچوں کے موشن کا علاج

جب بچوں کو موشن لگ جائیں تو انہیں چائے والی پتی‘ سونف اور دارچینی دودھ میں تھوڑی سی ڈال کر تھوڑا سا ابال کر چائے بنائیں اور بچے کو وقفہ وقفہ سے یہی چائے چمچ سے دیں‘ اس دوران بچے کو مزید دودھ ہرگز نہ دیں۔ مزید کھچڑی بنا کر استعمال کروائیں۔ گھر کا آزمودہ ہے۔

### کمردرد اور طاقت کیلئے لاجواب

پانچ کلو دودھ میں ایک کلو چھوہارے رات کو بھگو کر رکھ دیں اور صبح اسی دودھ میں پکائیں جب تک دودھ گاڑھا نہ ہوجائے اسے پکاتے رہیں‘ پھر چھوہاروں کو دودھ سے نکال کر کوٹ لیں اور دیسی گھی میں بھون لیں صبح وشام دودھ کے ساتھ کھانے کا چمچ کھائیں‘ یہ کمردرد اور طاقت کیلئے لاجواب ہے‘ چینی حسب ذائقہ ڈال لیں‘ بہت فائدہ ہوگا۔

### بچوں کے گلے میں خراش

بچے کے گلے میں خراش محسوس ہو تو انہیں ایک چمچ شہد میں لیموں کے کچھ قطرے ڈال کر مکس کرلیں اور بچوں کو دن میں دو دفعہ پلائیں ان شاء اللہ گلے میں خراش ختم ہوجائیگی‘ بچے کو وقفے وقفے سے چٹائیں۔ (سکندر احمد‘ لاہور)

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنایئے
معدہ میں درد ہو‘ معدہ کا کینسر ہو‘ تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

## چھوٹی بیٹی کی زیادہ فکر

میری بڑی بہن کو پورا خاندان پسند کرتا ہے۔ اس کے رشتے بھی بہت آرہے ہیں۔ ایک روز میں نے امی کو کہتے سنا کہ مجھے چھوٹی بیٹی کی زیادہ فکر ہے۔ یہ الفاظ میرے کانوں میں کیوں پڑے کیونکہ یہ سننے کے بعد مجھے اپنا آپ اچھا نہیں لگا۔ اس دن سے خود کو گھر میں بوجھ سمجھنے لگی۔ آخر مجھ میں ایسا کیا ہے کہ امی میری فکر زیادہ کریں۔ کیا میں اتنی بری ہوں۔ (ش، کراچی)

مشورہ: زیادہ فکر وہی لوگ کرتے ہیں جو محبت کرتے ہیں۔ والدہ نے کسی برائی یا بوجھ سمجھ کر ایسا نہیں کہا ہوگا بلکہ وہ تو بڑی بہن سے زیادہ آپ کا خیال کررہی ہیں حالانکہ آپ چھوٹی ہیں۔ ان کے الفاظ کو مثبت لیں، ان میں آپ کی خیرخواہی اور محبت چھپی ہے۔ اپنے الفاظ، خیالات اور عمل سے والدہ سے اظہار محبت کریں تاکہ اپنی ذات کی ناپسندیدگی سے توجہ ہٹ کر خدمت کے خوشگوار احساس میں بدل جائے۔

## مجھے ناخن کاٹنے کی عادت ہے!

مجھے دانتوں سے ناخن کاٹنے کی عادت ہے۔ اب کالج میں آگیا ہوں مگر یہ عادت برقرار ہے۔ ناخن اتنے چھوٹے ہوگئے ہیں کہ انگلیاں بدنما لگتی ہیں۔ گھر میں فارغ بیٹھا ہوتا ہوں تو ناخن کترتا رہتا ہوں۔ پہلے تو سب ہی ٹوکتے تھے اب کوئی کچھ نہیں کہتا مگر اب مجھے اپنی یہ عادت اچھی نہیں لگتی۔ خاص طور پر کچھ سوچتے ہوئے بغیر ارادے کے ناخن کترنے لگتا ہوں۔ (کاشف، پشاور)

مشورہ: عام طور پر یہ عادت بچوں میں ہوتی ہے جو کہ گہرے اضطراب اور اعصابی تناؤ کو ظاہر کرتی ہے۔ ان کے ذہنوں میں والدین، بہن، بھائی، دوست احباب یا اساتذہ کے خلاف غم و غصے کے دبے ہوئے جذبات پائے جاتے ہیں لہٰذا بڑے ہوکر بھی ایسے لوگ عدم تحفظ یا خطرات کے احساس اور ناخوشی، بے زاری وغیرہ کا اظہار اسی طرح کرنے کے عادی ہوجاتے ہیں۔ اس عادت کو ترک کرنے کے لیے ارادے کی مضبوطی سے مدد لینی ہوگی۔ ہاتھوں کو لکھنے میں مصروف رکھیں۔ کمپیوٹر کا استعمال کریں۔ اسائنمنٹ وغیرہ ٹائپ کرکے تیار کریں تاکہ دونوں ہاتھ مصروف رہیں اور دانتوں کی طرف نہ بڑھیں۔ جس قدر ارادہ مضبوط ہوگا اتنی ہی جلد یہ عادت ختم ہوجائے گی۔

## بیٹے کے ساتھ ضرور کوئی نفسیاتی مسئلہ ہے!

اس وقت میرا بیٹا پانچ سال کا تھا مجھے اس کی شرارت پر غصہ آتا اور میں اس کو تھپڑ مار کر ایک کونے میں بٹھا دیتا۔ وہ نظر بچا کر کسی بھی وقت کونے سے نکل کر بھاگ جاتا۔ میں دیکھتا کہ کونا خالی ہے تو مسکرا دیتا۔ اب وہ پندرہ سال کا ہے۔ اگر اسے سست، کاہل یا نکما کہہ دوں تو منہ بنالیتا ہے، کتنے گھنٹے تک بات نہیں کرتا حالانکہ میری اس سے دوستی ہے۔ اس کے ساتھ ضرور کوئی نفسیاتی مسئلہ ہے۔ (خرم شہباز، لاہور)

مشورہ: ٹین ایج بچوں میں نفسیاتی مسئلہ نہیں بلکہ نفسیاتی مسائل ہوتے ہیں۔ وہ بچپن کی حدود سے نکل کر جوانی کی منزلوں میں قدم رکھتے ہیں۔ ایسے موقع پر والدین کو چاہیے کہ ان کا خاص خیال رکھیں۔ تھپڑ کی تکلیف سے زیادہ اثر منفی الفاظ کا ہوتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ بچے کو دوبارہ تھپڑ مارنا شروع کردیں بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس کو سخت الفاظ نہ کہیں۔ وہ بری باتیں جو غصے میں کہی جائیں عرصہ گزرنے کے بعد بھی بچوں کو یاد رہتی ہیں، خاص طور پر اپنے والدین کے الفاظ کو کبھی اپنے ذہن سے نہیں نکال سکتے۔

## دراصل چھوٹی بہن کو خود پر اعتماد نہیں!

میری چھوٹی بہن پڑھنے میں بہت اچھی ہے۔ گھر میں سب ہی کی رائے ہے کہ اس کو اس بار چھٹی جماعت کا امتحان پاس کرنے کے بعد ساتویں کے بجائے آٹھویں جماعت میں پروموٹ کروادیں مگر وہ اپنی ذہانت کا یقین نہیں کرتی۔ ڈرتی ہے کہ مشکل ہوگی۔ دراصل اس کو خود پر اعتماد نہیں۔ (زینت، لاہور)

مشورہ: بچی اپنی ذہنی صلاحیتوں کے بارے میں دوسروں سے زیادہ واقف ہے، اس کا ڈر فطری ہے نفسیاتی نہیں، لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اس کو چھٹی کے بعد ساتویں جماعت پڑھنے کا موقع دیا جائے۔ ماہرین تعلیم کے مطابق بچوں کو آسان سے مشکل کی طرف لایا جاتا ہے۔ اس کی مثال یہ بھی ہے کہ ایک ایک سیڑھی چڑھنے والے پوری سیڑھیاں آسانی سے چڑھ لیتے ہیں، اگر ایک ساتھ کئی سیڑھیاں چڑھنا چاہیں تو گرنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

## گھول کر تلخی میری زندگی میں۔۔۔ اپنی زندگی بنارہے ہے

اپنے ہی جیسے ایک لڑکے کو پسند کرتی تھی لیکن گھر والوں نے اپنی مرضی سے بڑے گھرانے میں رشتہ کردیا۔ گھرانہ برا نہیں تھا، میری ہی قسمت خراب تھی۔ شوہر نے کبھی اہمیت نہ دی، اور اب ایک سال سے جاپان میں ہیں۔ کہتے ہیں وہاں شادی کرنا ضروری ہے۔ اس سے بہت فائدے ہوں گے۔ مگر میں ان کے آنے کی امید نہ کروں۔ اب اکیلی بیٹھی سوچتی ہوں کہ گھول کر تلخی وہ میری زندگی میں اپنی زندگی بنارہے ہیں اور کہتے ہیں کہ بہت فائدے ہوں گے مگر کس کو؟ اولاد میری ہوئی نہیں۔ نئی نئی شادی اور پھر لمبے عرصے کی دوری مجھے کہاں لے جائے گی؟ (پوشیدہ، میرپور)

مشورہ: مشکل حالات کو بدلتے دیر نہیں لگتی، اس لیے کبھی قسمت کو برا نہیں کہنا چاہیے۔ مشکلات بھی تو سبق سکھاتی ہیں۔ اس وقت بھی آپ کے سامنے دو راستے ہیں۔ ایک یہ ہے اپنے حقوق کو فراموش کرکے قسمت پر آہیں بھریں۔ دوسرے یہ کہ پہلے شوہر سے بات کی جائے۔ انہیں احساس دلائیں کہ ان کا فیصلہ آپ کے حق میں ٹھیک نہیں ہے۔ ایسا ہو نہیں سکتا کہ ان کے آنے کی کبھی امید ہی نہ رکھی جائے۔ اگر وہ اتفاق نہیں کرتے تو اپنے والدین اور شوہر کے والدین میں بات کی جائے۔ کوئی نہ کوئی بہتری کی صورت ضرور سامنے آئے گی۔

## بات منوانے کیلئے دلیل دیں دھمکیاں نہیں!

چچازاد بہن کی شادی میرے بھائی سے ہوئی۔ چچا کا بیٹا مجھے پسند کرتا ہے۔ انہوں نے میرے والد سے کہا کہ ہم نے تمہیں اپنی بیٹی دے دی، تم نے اس کو جیسا بھی رکھا ہم نے کوئی شکایت نہ کی، اب اپنی بیٹی ہمیں دے دو۔ ہمارا بیٹا اس سے ہی شادی کرنا چاہتا ہے۔ میرے والد کو بہت برا لگا اور انہوں نے صاف انکار کردیا۔ اب لڑکا خودکشی پر آمادہ ہے۔ چچا دوبارہ رشتہ لانے پر رضامند نہیں۔ میں بھی اس سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔ (ا، ج۔ ملتان)

مشورہ: آپ کے چچا نے رشتہ بہتر انداز میں نہیں مانگا۔ کسی سے کچھ مانگا جائے تو پہلے احسان نہیں جتایا جاتا۔ بہرحال کچھ ان کے دل پر گزری ہوگی جو ان کا انداز ایسا ہوا۔ مگر اب بیٹے کی پسند کا معاملہ ہے اس بار وہ نہیں آنا چاہتے تو لڑکے کی ماں یا بڑا بھائی یا خاندان کا کوئی قریبی فرد بات کرسکتا ہے۔ ایک ہی بات اگر دوسرے اور مناسب انداز سے کہی جائے تو مان لی جاتی ہے۔ اس معاملے میں آپ کو بہت زیادہ سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے۔ جو لڑکا خودکشی پر آمادہ ہورہا ہے وہ ذہنی طور پر ٹھیک ہے یا نہیں۔ کیونکہ اپنی بات منوانے کے لیے دلیلیں دی جاتی ہیں، دھمکیاں نہیں۔

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی
دائمی نزلہ الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال، دماغ کمزور، حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا
کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف -/600 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

www.ubqari.org

# آخری ہچکی پر آئے مریض کیلئے کامیاب قرآنی عمل

محمد فاران ارشد بھٹی مظفر گڑھ

یہ ایک عجیب وغریب قرآن کا عمل ہے بعض اوقات اپنا کوئی عزیز ایسے مرض میں مبتلا ہوتا ہے کہ لواحقین دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہیں دوا علاج کچھ بھی کارگر نہیں ہوتا بعض دفعہ مریض کومہ میں چلا جاتا ہے کچھ مریض فالج میں گرفتار ہوتے ہیں چلنے' پھرنے' بولنے' ہلنے سے معذور ہوتے ہیں ان کی صحت یابی کی امید کم ہوتی ہے بعض کو کینسر کے مرض نے ڈھانچہ بنا دیا ہوتا ہے' امید اور ناامیدی کی عجب کیفیت ہوتی ہے ان کے بچنے کے امکانات بھی نہیں ہوتے لیکن موت بھی نہیں آتی گھر والے پریشان ہوتے ہیں دعا کرتے ہیں رب العالمین اسے شفاء عطا کردے ورنہ سنبھال لے۔ بعض دفعہ ایسی حالت ہوجاتی ہے کہ مسجد کے امام صاحب اور نمازیوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ دعا کریں اللہ تعالیٰ مریض کی مشکل آسان کردے۔

یہ ایک ایسا عمل ہے کہ بعض دفعہ جاں بلب مریض جن کے بچنے کی امید بہت کم ہوتی ہے اس عمل سے صحت یاب ہو جاتے ہیں چونکہ موت وزندگی تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے آتی ہے یہ سب ہم لوگوں کے حیلے وسیلے ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ کو جو منظور ہوتا ہے وہی ہوتا ہے' ہمارے محلے کی ایک خاتون کینسر کے مرض میں مبتلا تھیں انہیں گلے کا کینسر تھا سال ہوگیا تھا منہ کے راستے کھانا پینا بند تھا ٹیکوں اور ڈرپ وغیرہ اور ناک کی نالی سے بوند بوند دودھ پانی دیا جارہا تھا مردے کی طرح پڑی تھیں گھر والے تنگ آچکے تھے دوا علاج پر پانی کی طرح پیسہ بہا چکے تھے قرآن خوانی، وظیفے وغیرہ بھی کرچکے تھے نہ تو شفاء ہوتی تھی نہ ہی زندگی ختم ہوتی تھی انہیں کسی نے یہ قرآنی عمل بتایا شام کے وقت یہ عمل کیا اور عشاء کے وقت وہ خاتون راہی ملک ہوگئی۔

دوسرا واقعہ یہ ہے کہ ایک 60 سالہ بزرگ انتہائی بیمار ہوگئے دو مہینے سے بیمار تھے منہ بری طرح سوج چکا تھا بیماری کسی کی سمجھ میں نہیں آرہی تھی خیرات، صدقے، قرآن خوانی بھی کرچکے تھے لیکن ان کی حالت سنبھلنے کا نام نہیں لے رہی تھی یہی قرآنی عمل کیا آہستہ آہستہ ان کی حالت سنبھلنا شروع ہوگئی دوا علاج بھی اثر کرنے لگا وہ صحت یاب ہوگئے۔ یعنی اس عمل میں یہ ہوتا ہے جس کی زندگی رب تعالیٰ نے ختم کرنا ہوتی ہے وہ جلد ابدی سفر پر روانہ ہوجاتا ہے' دنیا کے دکھوں سے چھوٹ جاتا ہے جس کی ابھی زندگی باقی ہوتی ہے وہ جلدی شفایاب ہوجاتا ہے۔ کئی لوگوں نے یہ عمل کیا ہے اور اس کے نتیجے سے فائدہ اٹھایا ہے سال پہلے کی بات ہے ہماری ملازمہ کی لڑکی نے زہریلی دوا کھا کر خودکشی کی کوشش کی وقتی طور پر تو وہ بچ گئی لیکن اس کی حالت مُردوں سے بھی بدتر ہوگئی۔ ڈاکٹروں کو دکھایا لیکن کچھ افاقہ نہیں ہوا اسے یعنی ملازمہ کو یہ عمل بتایا کہ اس سے تیری لڑکی مر بھی سکتی ہے شفایاب بھی ہوسکتی ہے یعنی یہ رسکی عمل ہے وہ بولی باجی بے شک مرجائے جان چھوٹ جائے یا تو ٹھیک ہوجائے کسی ایک طرف تو ہو ان لوگوں نے یہ عمل کیا اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ شفایاب ہوگئی۔ عمل یہ ہے۔ تیس مرتبہ سورۂ توبہ پڑھیں طاق عدد میں یعنی سات یا پندرہ یا تیس لوگ مل کر پڑھیں دل میں نیت یہی ہو کہ اس مریض کی صحت یابی کے لیے پڑھ رہے ہیں پھر اللہ کو منظور ہوگا وہی ہوگا یا مریض شفایاب ہوجائے گا یا پھر انتقال کرجائے گا اس عمل میں کچھ نہیں اللہ تعالیٰ کی جس طرف رضا ورغبت ہوگی۔

## دل پر اسم ''محمد'' صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لکھیں شفاء پائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی نسلوں کو خوش رکھے' آپ کی خدمت میں پیش کررہی ہوں۔ **دل کی تکلیف سے نجات:** مجھے کچھ عرصہ قبل دل کی تکلیف ہوگئی تھی' سانس بھی مشکل سے آتا تھا' ڈاکٹرز کو چیک کروایا مگر کچھ نہ ہوا' کوئی کہتا کارڈیالوجی میں ایک مرتبہ چیک کروالو' کوئی کہتا یہ گیس کی وجہ سے ہوتا ہے' کچھ بھی سمجھ نہیں آرہی تھی' درس میں سنا تھا کہ انگلی سے دل پر ڈائریکٹ اسم ''محمد'' صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لکھیں میں نے وہ عمل کیا تو تقریباً ڈیڑھ سال پرانی میری تکلیف ختم ہوگئی۔ دل کے مریض بھی یہ عمل کیجئے ان شاءاللہ فائدہ ہوگا۔ (میمونہ' ملتان)

## گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

## ملازمت پر دوبارہ بحالی

جس بھائی کو اس کی ملازمت سے فارغ کیا گیا ہو اس کے بالا افسر نے اس کے صاحب نے اور وہ یہ چاہتا ہو کہ دوبارہ اس کی ملازمت یا نوکری بحال ہوجائے تو یقین اور صدق دل سے ذیل ورد کو پڑھتا رہے تو بہت جلد اس کی وہی پہلے والی نوکری بحال ہوجائے گی۔ 1۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ 3 مرتبہ۔ **2۔ درود شریف:** گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی۔ 3۔ یَاعَظِیْمَ السُّلْطَانِ۔ یَاقَدِیْمَ الْاِحْسَانِ۔ یَادَائِمَ النِّعَمِ۔ یَابَاسِطَ الرِّزْقِ۔ یَاوَاسِعَ الْعَطَاءِ۔ یَادَافِعَ الْبَلَاءِ۔ یَاحَاضِرًا لَیْسَ بِغَائِبٍ۔ یَامَوْجُوْدًا عِنْدَ الشَّدَائِدِ۔ یَاخَفِیَّ اللُّطْفِ۔ یَالَطِیْفَ الصُّنْعِ۔ یَاحَلِیْمًا لَایَعْجَلُ اِقْضِ حَاجَتِیْ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ 4۔ درود شریف دوبارہ گیارہ مرتبہ بعد میں عجز وانکساری کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور ہاتھ اٹھا کر دعا کریں دن میں دو یا تین بار دعا کریں۔ بحالی ملازمت تک ورد جاری رکھیں بہت آزمایا ہوا ہے۔ جلد انشاءاللہ واپس اسی جگہ پر ملازمت بحال ہوجائیگی۔

### خونی وبادی بواسیر کیلئے

ہمارا صدری نسخہ ہے قارئین کیلئے سینے کا راز کھول رہا ہوں رنہ ایسا نسخہ جو سو فیصد رزلٹ دے اس کا افشاں کرنا آسان نہیں۔ **ھوالشافی:** کوڑتمہ 3 عدد لیکر گائے کے دودھ ڈیڑھ کلو میں ابالنا شروع کریں جب دودھ ایک پاؤ رہ جائے تو کوڑتمے نکالدیں' دودھ میں آدھا کلو چینی ڈال کر اس کو ہلاتے ہیں جب سرخی مائل ہوجائے تو اتارلیں۔ خوراک: آدھا چمچ صبح وشام ہمراہ پانی' 2 ہفتہ تک استعمال کریں۔ انشاءاللہ اللہ کے فضل سے پرانی سے پرانی بواسیر کا قلع قمع ہوجائیگا۔ بحوالہ عبقری جلد نمبر 10)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں

ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں

حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں

داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج

صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# یُوانسُ بُوس کا نقش! لاعلاج تندرست! دشمن زیر

(کامران، لاہور)

## عملیات سیکھنے کا شوقین

بچپن سے ہی مجھے عملیات سیکھنے کا بہت شوق تھا۔ میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد تو یہ شوق جنون میں تبدیل ہوگیا۔ اُردو بازار سے آئے روز میں عملیات سیکھنے کی نئی نئی کتابیں لایا کرتا تھا اور ان پر دیئے گئے عملیات کو سمجھنے کی اور کرنے کی پوری کوشش کیا کرتا تھا لیکن ہر بار ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا کیونکہ میرا استاد کوئی نہ تھا اور بغیر استاد کے تو عملیات سیکھنا ناممکن ہے۔ بی اے کرنے کے بعد میں ایک پرائیویٹ کمپنی میں اچھی سیلری پر جاب کرنے لگا اور یوں میں عملیات کی دنیا سے کچھ عرصہ دور رہا لیکن شوق میرا ختم نہیں ہوا۔ انٹرنیٹ پر کئی کئی گھنٹے بیٹھ کر صرف عملیات کی ویب سائٹ کو ہی سرچ کرتا رہتا اکثر میرے ساتھ کام کرنے والوں کی میرے کمپیوٹر پر نظر جاتی تو وہ پوچھتے کہ آپ کیا دیکھتے رہتے ہیں؟ میں ان کو کچھ نہیں کہہ کر بات کو ختم کر دیتا۔ اب مجھے تلاش تھی ایک استاد کی جو مجھے عملیات کی دنیا میں لے جائے۔ ایک روز آفس سے گھر واپس آتے ہوئے سڑک کنارے ایک باباجی مجھے دکھائی دیئے سفید لباس میں ملبوس تھے انہوں نے مجھے ہاتھ کا اشارہ کیا اور لفٹ مانگی میں نے ان کو ساتھ بیٹھا لیا کچھ دیر کے سفر کے بعد باباجی نے کہا بیٹا تمہارا نام کیا ہے؟ میں نے ان کو اپنا نام بتایا تو انہوں نے تو میری زندگی کی جیسے کتاب ہی کھول دی ہو۔ میں حیران کہ میری زندگی کے اکثر واقعات جو کسی کو معلوم نہیں یہ باباجی ان واقعات کی طرف اشارہ کر رہے ہیں آخر ماجرہ کیا ہے؟ میں نے موٹر سائیکل روکی اور باباجی سے کہا کہ یہ ساتھ ہی ایک پارک ہے وہاں بیٹھتے ہیں مجھے آپ سے کچھ پوچھنا ہے۔ باباجی نے کہا ٹھیک ہے بیٹا چلو۔ ہم پارک میں بیٹھ گئے اور میں نے باباجی پر سوالوں کی بارش کردی۔ باباجی مسکرائے اور بولے بیٹا آرام سے میں تمہارے سارے سوالوں کے جواب دوں گا اور جو چیز تم کو مطلوب ہے اس بارے بھی تمہاری مکمل رہنمائی کروں گا۔

## اگر یہ کام کیا تو میری شاگردی سے جاؤ گے

میں نے باباجی سے کہا کہ میں عملیات سیکھنا چاہتا ہوں ایک عرصہ سے مجھے استاد کی تلاش تھی آپ کو دیکھ کر میرے دل کہتا ہے کہ اب میری تلاش ختم ہوگئی ہے۔ باباجی نے کہا کہ بیٹا تم ایک نیک دل شخص ہو اور تمہاری لگن سچی ہے میں تمہیں عملیات کی دنیا کے راز بتاؤں گا مگر ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا عملیات کا استعمال صرف اور صرف جائز کاموں پر کرنا ہے ناجائز کاموں میں عملیات کا استعمال کیا تو تم میری شاگردی سے جاؤ گے ہی جاؤ گے ساتھ میں دین اسلام سے بھی خارج ہو جاؤ گے۔ میں نے باباجی سے وعدہ کیا کہ میں کبھی بھی عملیات کو ناجائز کاموں میں استعمال نہیں کروں گا۔ ہمیشہ جائز اور مخلوق خدا کے فائدہ کے لیے عملیات کو عمل میں لاؤں گا۔ باباجی نے کہا ٹھیک ہے مجھے تم راوی دریا کے کنارے اُتار دو اور کل دوپہر 12 بجے کے بعد راوی کنارے مجھے ملنا۔ اگلے روز آفس سے چھٹی کی اور دوپہر 12 بجے میں راوی کنارے پہنچا تو مجھ سے پہلے ہی باباجی وہاں مجھے تھے۔

## جاؤ اللہ تمہیں کامیاب کرے

وہ مجھے ایک درخت کی چھاؤں میں لے گئے جہاں ایک چٹائی بچھی تھی وہاں ہم بیٹھے اور باباجی مجھے عملیات کی دنیا کے بارے میں بتانے لگے۔ میں نے باباجی سے تقریباً ایک سال سے زائد عرصہ عملیات کا علم سیکھا لیکن آزمایا نہیں کیونکہ مجھے ابھی اجازت نہ تھی۔ دو سال مکمل ہونے پر باباجی نے کہا کہ بیٹا اب تمہارے امتحان کا وقت آ گیا ہے اب میری طرف سے تمہیں مکمل اجازت ہے۔ یہ سن کر میری خوشی کی انتہا نہیں رہی اور میں باباجی کے گلے لگ گیا۔ انہوں نے میرے کندھے پر تھپکی دی اور کہا جاؤ اللہ تعالیٰ تمہیں کامیاب کرے گا۔ تقریباً دو ہفتے بعد میں نے ایک نقش لکھا اور اس نقش کو دو مسائل پر آزمایا۔

## نظربد کا شکار بچہ تندرست

پہلا محلے میں ایک عورت کا بچہ بہت بیمار رہتا تھا اور نظر بد کا شکار تھا۔ اس کا جسم سوکھی لکڑی کی طرح ہوگیا تھا۔ میں نے بچے کی والدہ کو یہ نقش دیا اور تسلی دی کہ ایک ہفتے میں بچہ تندرست ہو جائے گا آپ بس یہ تعویذ اپنے بچے کے گلے میں ڈال دیں اور ایسا ہی ہوا ٹھیک ایک ہفتے بعد بچہ تندرست ہنستا کھیلتا ہوا نظر آیا۔

دوسرا ایک شخص کو دیا جس کو ہر وقت دشمن سے ڈر لگتا رہتا تھا اس کے دشمن نے اس پر ناجائز مقدمات درج کروا رکھے تھے۔ میں نے اس شخص کو نقش لکھا کر دیا۔ تقریباً دو ہفتے میں دشمن شہر بھی چھوڑ گیا اور تمام مقدمات خارج کر دیئے گئے اس طرح دشمن سے حفاظت بھی ہوگئی اور وہ زیر بھی ہوگیا۔ اصحاب کہف میں سے ایک نام ''یُوَانسُبُوس'' ہے جس پر یہ نقش مشتمل ہے اس کو کرنے کا طریقہ ذیل میں ہے یہ آتشی چال ہے:

## نظر بد کا شکار بچے کیلئے

جو بچے نظر بد یا سوکھے پن کا شکار ہو تو اس نقش کو مربع چاندی کی لوح پر نقش کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے تو بچہ تندرست ہو جاتا ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۸ | ۵۱ | ۵۵ | ۴۱ |
| ۵۴ | ۴۲ | ۴۷ | ۵۲ |
| ۴۳ | ۵۷ | ۴۹ | ۴۶ |
| ۵۰ | ۴۵ | ۴۴ | ۵۶ |

## دشمن سے حفاظت کیلئے

کاغذ کے ایک طرف درج بالا نقش لکھو اور دوسری طرف پشت پر ذیل عبارت تحریر کرو ''یَاقَھَّارُ بِحَقِّ نَارُ اللّٰہِ قُوْقَدَۃُ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَی الْاَفْئِدَۃِ اَحْرِقْ قَلْبَ فلاں بن فلاں بِالنَّارِ قَھِرَہٗ بُحُرْمَتِ یُوَانْسُبُوْس'' اس طرح چار نقش تیار کرلیں اور قبرستان میں جا کر ایک ایک نقش چار مختلف پرانی قبروں میں دفن کر دیں اس طرح چار دن آٹھ دن بارہ دن یا سولہ دن کریں یعنی روزانہ چار نقش لکھا کریں اور چار مختلف قبروں میں دفن کر دیا کریں اس مدت میں دشمن زیر ہو جائے گا پہلے روز جن قبروں میں نقش دفن کیے گئے ہیں روزانہ ان کی قبروں میں دفن کریں لیکن جگہ تبدیل کرلیا کریں اس عمل کے لیے صرف قلم دوات اور سیاہی کی ضرورت ہے۔ زوال ماہ قمری میں منگل یا ہفتہ کے روز پر عمل شروع کیا جائے تو زیادہ موثر ثابت ہوتا ہے اور اگر قمر در عقرب کے اوروقت میں اس عمل کی ابتدا کی جائے تو اور بھی زیادہ پر تاثیر ہو چکا ہے۔ کیونکہ قمر در عقرب کے اوقات مقہوری دشمنان کے سے عملیات کرنے کے لیے خاص طور سے چلتا تیر مانے گئے ہیں۔

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# جنات کی تباہ کاریاں! ایک مظلوم کا چنگھاڑتا خط

گ، منڈی بہاؤالدین

قارئین! اکثر لوگوں سے سنا اور بعض جگہ پڑھا بھی کہ لوگ جنات کے انکاری ہوتے ہیں' تو میں دل میں کہتی ہوں کہ مجھ سے پوچھیں کہ جنات ہوتے ہیں اور جنات کیا ہوتے ہیں؟ میری ساری زندگی جنات نے برباد کردی ہے۔ میں جنات کا شکار کیوں بنی؟ اس کا جواب تو مجھے آج تک نہیں ملا۔ آیئے! قارئین میری سچی کہانی پڑھیں اور اللہ سے اس مخلوق سے ہمیشہ پناہ مانگیں اور مسنون اعمال کے ذریعے ان سے محفوظ رہیں: ۔ میں نے ایم اے کیا ہے' ایک رات کو سوتے وقت کمرے میں مجھے سائے سے دکھائی دیئے جسے میں نے اپنا وہم سمجھا' خواب میں مجھے کسی نے کہا: ہم تمہاری جلد بگاڑ دیں گے' اچانک رات کو سوتے وقت میرے ہاتھوں میں خارش شروع ہوگئی جس کی وجہ سے ہاتھوں کی جلد خراب ہوگئی اس کی وجہ سے آہستہ آہستہ منہ اور کمر پر بھی زخم بن گئے ڈاکٹرز اسے جلد کی بیماری کہتے ہیں S.L.E ہے 16 سال ہوگئے ہیں مجھے بیمار ہوئے اور دوائیاں کھاتے ہوئے اکثر رات کو مجھے ڈراونے خواب آتے کہ میرے پیچھے ایک غیر مسلم جن لگا ہے جیسے میں اس کے نبی کا واسطہ دیتی ہوتو وہ بھاگ جاتا ہے۔ جیسے جیسے وقت گزرتا گیا اس کی بیماری شدت اختیار کرگئی جب ڈاکٹرز کو دکھایا تو انہوں نے کہا یہ بیماری وقت کے ساتھ ٹھیک ہوجائے گی لیکن ہر قسم کی ادویات کھانے کے باوجود آرام نہ آیا اسے وقت گزرنے کے ساتھ محسوس ہوا کہ رات کو اکثر میرے ساتھ شرارت ہوئی' مجھے جنات بڑے بڑے اجسام والے مرد اور خواتین نظر آنا شروع ہوگئے۔ میرا بھائی مجھے لے کر ایک عامل کے پاس گئے تو انہوں نے کہا کہ آپ پر ایک کالا جن مسلط ہے' انہوں نے میرے بھائی سے 27 ہزار روپے لیے اور کہا کہ میں مسئلہ حل کردوں گا۔ اس نے نجانے کیا کام کیا' اب میری والدہ اور میری چھوٹی بہن پر بھی حاضری شروع ہوگئی کبھی ایک جن آتا کبھی دوسرا' میری والدہ روتی پیٹتی ہائے ہائے مرگئی کہتی گلیوں میں بھاگتی پھرتی ہم سب بھاگتے اور پکڑتے دروازے بند کرتے' ابھی یہ سلسلہ شروع تھا کہ میری بڑی بہن کا بیٹا جس کی عمر پانچ سال ہے اچانک اس پر حاضری شروع ہوگئی جن نے اسے الٹا کردیا ہم سب اس کو پکڑتے تو وہ اس کو مزید اذیت دیتے وہ دن اور آج کا دن اس بچے پر کبھی ایک جن کی حاضری ہوتی اور کبھی دوسرے کی' وہ ہم سے بات کرتے اور کہتے کہ میں فلاں ہوں مجھے اس وقت راولپنڈی عامل کے پاس لے چلو ورنہ ہم اس بچے کو ختم کردیں گے' ہم گھبرا جاتے اور گاڑی 5 ہزار روپے رینٹ پر کرواتے اور اسے لے کر جاتے وہاں جنات ہماری شکایت کرتے کہ یہ ہمیں یہ کھانے کی چیزیں نہیں دیتے اور ہمیں مارتے ہیں' عامل بجائے کہ جنات کو سمجھاتے الٹا ہمیں ڈانٹتا اور ہماری بے عزتی کرتا اگر ہم کہتے کہ ان جنات کو کہے اس بچے پر زیادہ حاضر نہ ہوا کرے تو وہ عامل ڈانٹتا اور کہتا کہ جنات تمہاری مدد کررہے ہیں' سارا دن اور رات اس بچے پر حاضری کرتے ہیں۔ قارئین! ان جنات سے جان چھڑوانے کیلئے ہزاروں نہیں لاکھوں لگا چکے ہیں' رات کی نیندیں برباد' دن کا سکون غارت ہوچکا ہے' ہم سب خون کے آنسو روتے نہ تو کسی سے اس بارے میں بات کرسکتے تھے۔ حتیٰ کہ ہم یہاں تک مجبور ہوئے کہ غیر مسلم عاملین سے علاج شروع کروادیا' مگر سوائے ندامت کے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ ہمارے گھر میں جنات نے وہ اودھم مچائی کہ میں بیان نہیں کرسکتی۔ ایک عامل آیا اس نے پچاس ہزار لیے' گھر میں چند دھونیاں دیں اور چلا گیا' فرق ایک فیصد نہ پڑا۔ کیا کیا لکھوں؟ بربادی کی اتنی لمبی کہانی ہے کہ قلم کی سیاہی ختم ہوجائے' مگر پھر ہمیں کسی مخلص نے عبقری اور تسبیح خانہ کا بتایا' الحمدللہ! شیخ الوظائف کے بتائے اعمال کرنا شروع کیے تو جیسے گھپ اندھیرے میں منزل نظر آنا شروع ہوگئی' جنات اب بھی اکثر حملہ کرتے ہیں مگر پہلے والی شدت نہیں' ہم سے عاملین بھی عاجز آگئے تھے مگر عبقری اور تسبیح خانہ کے اعمال نے ہمیں بچالیا' پورے گھر میں تہدیدی نامہ لگائے ہیں' اصحاب کہف کے تعویذ اور یا قہار کے تعویذ لٹکائے ہیں' ساتھ شیخ الوظائف کے بتائے اعمال کررہے ہیں' ان شاء اللہ جلد اس شریر مخلوق سے نجات پاجائیں گے۔

# یہ درود پڑھا بستر پر لیٹا اور دیدار رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہوگیا

قاضی شاہد، لاہور

میں ٹیکسٹائل ملز میں ٹیکنیکل منیجر تھا اور مختلف اسپننگ ملز کو چیک کرنا میرے کام میں شامل تھا۔ ہیڈ بلوکی میں اسپننگ ملز تھی وہاں پر میرے پیارے دوست بطور جی ایم تعینات تھے میرے ان کے ساتھ روحانی مراسم بھی تھے۔ دوپہر کا کھانا ان کے پاس کھاتا۔ کھانے کے بعد انہوں نے مجھے بتایا کہ مجھے ایک مہربان نے درود غزنوی کا تحفہ بھیجا ہے آپ کو اس کی فوٹو کاپی عنایت کرتا ہوں۔ میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا جب پتہ چلا کہ ایک دفعہ یہ عظیم وشان درود رسول اللہ ﷺ کی ذات اقدس پر بھیجنے سے دس ہزار درود کا ثواب ملتا ہے۔ ارشد خان نے سختی سے تاکید کی کہ یہ درود آپ ہر نماز کے بعد گیارہ دفعہ پڑھنا ہے اور صبح اٹھتے ہوئے اور رات کو سوتے ہوئے تین دفعہ پڑھنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی خاص مہربانی ہے کہ یہ ورد مجھے چند دنوں میں زبانی یاد ہوگیا۔ ایک صبح میں بستر پر لیٹا ہوا تھا میری آنکھ کھل گئی تو میں نے یہ عظیم درود شریف پڑھنے کا سوچا اس دوران میری آنکھ دوبارہ لگ گئی اور میں خواب دیکھتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ میرے ساتھ ساتھ اس درود پاک کا ورد کررہے ہیں۔ درود پاک پڑھنے کے بعد مٹھائی کی دکان نظر آتی ہے اور آقا نبی پاک ﷺ وہاں سے مٹھائی کھا رہے ہیں۔ میں اس دوران ان کے گال مبارک کو دونوں اطراف سے چوم رہا ہوں۔ آنکھ کھلنے پر مجھے اس بات پر خوشی ہوئی کہ یہ پسندیدہ درود شریف نبی پاک ﷺ ہے۔ درود شریف یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ وَ تَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَتَكَرَّرَ الْجَدِيْدَانِ وَاسْتَقَلَّ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ وَ اَرْوَاحَ اَهْلِ بَيْتِهٖ مِنَّا التَّحِيَّةَ وَالسَّلَامَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَثِيْرًا۔

## 20 دن پڑھا! رپورٹ نیگیٹو

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری طبیعت چند دن سے خراب تھی میں ڈاکٹر کے پاس گئی تو اس نے مجھے شوگر ٹیسٹ کا مشورہ دیا میں نے ٹیسٹ کروایا تو پتہ چلا کہ میں شوگر میں مبتلا ہوگئی ہوں۔ میں نے حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کا وظیفہ شروع کردیا تقریباً 20 دن بعد دوبارہ ٹیسٹ کروایا تو شوگر نارمل ہوگئی۔ (حافظہ مریم قاسم خان، نوشہرہ)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ

سائیڈ ایفیکٹ سے پاک

موذی ترین مرض کا موثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پا چکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے' خون بڑھائے' چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 400 چھوٹی 150 روپے میں)

# دورانِ حج! جن کا جوتا چرا بیٹھا! زندگی برباد ہوگئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت کی کروڑوں رحمتیں آپ پر نازل ہوں۔ آمین۔ عبقری رسالہ جب سے پڑھنا شروع کیا اپنی غلطیوں کا احساس ہونا شروع ہوگیا ہے اور سب سے بڑی غلطی جس کے بارے میں' میں لاکھوں قارئین عبقری کو ضرور بتانا چاہوں گا وہ غلطی یہ ہوئی کہ 2002ء کے حج کے سفر میں مجھے ایک شوق پیدا ہوگیا کہ اب احساس ہوتا ہے کہ سنگین گناہ تھا' وہ شوق یہ تھا کہ مجھے جوتا چُرانے کی عادت پڑگئی' جب بھی نماز پڑھ کر باہر نکلتا اپنی پسند کا بہترین جوتا پہنتا اور اپنے کمرے میں چلا جاتا' واپسی پر پھر وہی جوتا پہن کر آتا اور دوبارہ نیا جوتا پہن کر واپس آتا۔ غالباً اس چوری پر میرا نفس مطمئن ہوتا تھا۔ بہرحال ایک رات نماز عشاء ادا کرکے بیت اللہ شریف سے باہر نکلا تو حسب عادل کسی اور کے چپل پہن کے بلڈنگ تک آگیا۔ آج دس سال گزرنے کے باوجود مجھے یاد بھی ہے اور محسوس بھی ہوتا ہے کہ وہ کسی اور مخلوق کے اسپیشل چمڑے کے چپل تھے اور اتنے بڑے سائز کے تھے کہ میرا پورا پاؤں ان چپلوں کے اگلے حصے سے بار بار باہر نکلتا تھا اور وہ لمبے بھی کافی تھے لیکن میں چونکہ عادی ہوگیا تھا اس لیے پرواہ نہ کی۔ اگلے دن صبح فجر کیلئے گیا تو وہ چپل ادھر ہی چھوڑ کے کسی اور کے پہن آیا۔ قارئین! مجھے یقین ہے کہ میں جناتی مخلوق میں کسی کو پریشان کر بیٹھا ہوں۔ میں اس مخلوق سے گزشتہ کئی سال سے معافی مانگ رہا ہوں کہ مجھے معاف کردیں' توبہ استغفار بھی خوب کرتا ہوں۔ کیونکہ حج کے بعد اب تک میری مشکلات اور پریشانیاں بڑھتی ہی جارہی ہیں۔ (م۔ع۔ص، پشاور)

# معذور ماں تڑپتی مرگئی! لاپرواہ بیٹے کا انجام بھی پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے تقریباً بارہ سے تیرہ سال ہوچکے ہیں' اکثر مکافات عمل کے واقعات لکھتا ہوں اور الحمدللہ! جب عبقری کی زینت بنتے ہیں تو پڑھ کر انتہائی خوشی اور اطمینان ہوتا ہے کہ لوگوں کو نفع مل رہا ہے۔ آج بھی 'مکافات عمل' کے متعلق چند سچے واقعات لیکر حاضر ہوا ہوں' قارئین! پڑھیے اور احتیاط کیجئے کہ کہیں آپ کے منہ سے نکلا کوئی لفظ' آپ کا اٹھا کوئی قدم اور ہاتھ کہیں آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے وبال نہ بن جائے۔ خدا سے ڈرتے رہیے اور جھکے رہیے' ہمیشہ خوش رہیں گے۔

قارئین! ہمارے پڑوس میں ایک شخص کی والدہ کو فالج تھا' اس شخص کی ابھی شادی نہیں ہوئی تھی اور دونوں ماں بیٹا اکیلے گھر میں رہتے تھے' یہ شخص انتہائی لاپرواہ اور والدہ کو بوجھ سمجھتا تھا' لوگ اسے سمجھاتے کہ رب کریم نے تجھے موقع دیا ہے کہ تو اپنی والدہ کی خدمت کرکے دعائیں لے مگر وہ سمجھتا تھا کہ یہ (معذور ماں) ایک مصیبت ہے جو میرے گلے میں باندھ دی گئی ہے۔ وہ بیچاری تڑپتی رہتی' سارا دن اس کے اوپر مکھیاں بھنبھناتی' یہ دیکھ بھی رہا ہوتا مگر کبھی ان کو نہ اڑاتا' وہ بیچاری اشاروں سے پانی مانگتی' جب دل چاہتا تو اٹھ کر بے دردی سے پانی پلاتا' منہ دوسری طرف کرلیتا' سارا دن بیچاری گندگی میں لتھڑی رہتی' کوئی ہمسائی دیکھ لیتی تو ترس کھا کر صاف کردیتی' سردیوں میں ٹھٹھرتی رہتی اور گرمیوں میں اس کا گرمی سے بُرا حال ہوجاتا ہے اور یہ ظالم بیٹا اس کے مرنے کی دعائیں مانگتا' یوں بیچاری ماں تڑپ تڑپ اور سسک سسک کر بالآخر مرگئی' بیٹے کی آنکھ میں نہ آنسو تھا نہ ماں کے مرنے کا افسوس' اس نے بخوشی کفن دفن کا انتظام کیا ہے اور شکر ادا کیا کہ مصیبت گلے سے اتری۔ ماں کو فوت ہوئے ابھی چار ماہ بھی نہ گزرے تھے کہ ایک رات اس کو فالج کا اٹیک ہوا' ساری رات تڑپتا رہتا' نہ اٹھ سکتا تھا' نہ بول سکتا تھا۔ دوسرے دن دوپہر کے بعد ایک دوست گھر آیا جب کسی نے دروازہ نہ کھولا تو دیوار پھلانگ کر اندر گیا تو یہ چارپائی سے نیچے اوندھے منہ گرا ہوا تھا' اس نے اٹھایا اس کو ہسپتال لے کر گیا' ہسپتال والوں نے ایک ہفتہ رکھا اور چھٹی دے دی' اب کبھی کوئی آجاتا تو اس کے منہ میں کچھ ڈال دیتا ورنہ سارا دن لیٹا آنکھوں سے آنسو بہاتا رہتا' کوئی پوچھنے' مدد کرنے نہ آیا اور چند ماہ میں ہی سسک سسک اور تڑپ تڑپ کر دنیا سے رخصت ہوگیا جیسے اس کی ماں دنیا سے گئی تھی بالکل اسی طرح کسی نے بھی اس کی خدمت یا مدد نہ کی' کوئی رشتہ دار ایک یا دو مرتبہ کے بعد اس کے گھر نہ آئے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو والدین کی خدمت کرنے کی توفیق دے اور ان کی بے ادبی اور گستاخی سے محفوظ رکھے۔ آمین۔ (سلیم اللہ سومرو' کنڈیاور)

# مرغ کی بددعا! چور کی زندگی اذیت ناک ہوگئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے علاقہ میں ایک پرانا چور تھا' جو بعد میں توبہ تائب ہوا۔ اس سے کسی نے پوچھا کہ اپنی وارداتوں میں سے کوئی عجیب واقعہ سنا جس نے تجھے بھی پریشان کر رکھا ہو اور آج تک تجھے پچھتاوا ہو کہ تجھے یہ نہیں کرنا چاہیے تھا۔ چور نے بغیر سوچے فوراً جواب دیا کہ ہاں! ایک واقعہ ہے جو مجھے آج بھی یاد ہے۔ اس واقعہ نے میری راتوں کی نیندیں اڑادی تھیں اب بھی ایسے ہی یاد ہے جیسے کل کی بات ہو' کاش میں یہ ظلم نہ کرتا۔ ہوا یوں کہ ایک آدمی کے ساتھ میری دشمنی ہوگئی' میں اس کو کچھ کہہ تو نہیں سکتا تھا مگر دل میں اس کیلئے بغض خوب رکھتا تھا' وہ آدمی مرغ پالنے کا شوقین تھا' میں نے اس کے من پسند مرغ کو چُرالیا اور اس کی ایک ٹانگ کو اس کی گردن سے باندھ کر ان کی چھت کے اوپر پھینک دیا 'مرغ بیچارا چیخ بھی نہیں مار سکتا تھا کیونکہ اس کا گلا اچھی طرح میں نے باندھ رکھا تھا' وہ مرغ یوں ہی تڑپ تڑپ کر مرگیا اور کسی کو بھی پتا نہ چلا۔ مالک جب ایک دو ماہ بعد کسی کام سے چھت پر گیا تو اس کے پَر اور پنکھ کے علاوہ وہاں کچھ نہ دیکھا۔ بس مرغ مجھے ہی یاد تھا اور میں اس کو یاد تھا۔ جب سے میں نے مرغ کو باندھا تھا تب سے تقریباً تین مہینوں تک مجھے نیند نہیں آئی۔ جب بھی آنکھ لگتی تو مرغ سامنے ہوتا تھا۔ آنکھوں آنکھوں میں بولتا تھا کہ ظالم! میں نے تیرا کیا قصور کیا تھا؟ مرغ نے میری نیند اڑادی تھی یہ بڑی پریشانی تھی اللہ تعالیٰ ہم سب کو معاف فرمائے۔

اکسیر البدن کامیاب بچپن' لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا
بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی
چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ' اور جگر کی طاقت پائیں
قیمت صرف -/300 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے' کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## اگست کے شمارے میں قارئین کے قارئین سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات

**نینداور ڈیپریشن کا علاج:** 1۔ اگر نیند نہ آئے: خشخاش کا تیل کنپٹی پر ملنے سے جلد نیند آجاتی ہے۔☆ اگر نیند نہ آرہی ہو تو سرخ ٹماٹر کو کاٹ کر اس پر چینی چھڑک کر کھانے سے بے خوابی کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔☆ فروٹ چاٹ کھانے سے بھی نیند نہ آنے کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔ بشرطیکہ آپ کے گلے کے غدود نہ بڑھے ہوئے ہوں یا آپ حساس طبیعت کی مالک نہ ہوں۔☆ بعض اوقات سر میں خشکی ہونے کی وجہ سے نیند نہیں آتی ایسے میں سر کی مالش کرنا بہت مفید ہے۔۔ مزید ایک آسان سا روحانی حل بھی لے لیجئے آپ کی ٹینشن' ڈیپریشن اور الرجی کا حل ہے' جب بھی سونے کیلئے لیٹیں ہاتھ میں تسبیح لیں اور تیسرا کلمہ پڑھنا شروع کردیں' ان شاء اللہ تسبیح ختم ہونے سے پہلے آپ سوجائیں گی' ڈیپریشن اور الرجی کا بھی آخری علاج ہے۔ (لبنیٰ امتیاز' لاہور)

**پڑھائی میں دل لگائیے:** 2۔ جن طلباء وطالبات کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو وہ ہر نماز کے بعد پوری توجہ سے 7 بار یہ پڑھ لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ پڑھائی میں دل لگے گا۔ یَاحَافِظُ یَاعَلِیْمُ یَاقَادِرُ یَاشَافِیُ۔ (م' جہانیاں)

**سسرال میں عزت پائیے:** 3۔ یہ عمل مجھے بارہ سال پہلے ایک شخص نے دیا تھا۔ یہ عمل زبردست کام کرتا ہے۔ سسرال میں موجود بچیوں اور سسرال جانے والوں بچیوں کیلئے لاجواب ہے۔ یَاعَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ بِحَقِّ یَاعَزِیْزُ ہر روز فجر کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے درمیان میں 108 مرتبہ درج بالا وظیفہ پڑھنا ہے۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا یَاعَزِیْزُ کا ورد کرنا ہے۔ اتنی عزت' محبت اور مقام ملتا ہے کہ بندہ خود حیران ہوجاتا ہے۔ (ام رضوان' لاہور)

**جسم کے کچھ حصے سیاہ' ان کا علاج:** 4۔ پوشیدہ مسئلہ بیان کیا' آپ عبقری دواخانہ کی مرہم سکون نشانات والی جگہ پر اچھی طرح ملیں اور اسے خشک کریں' اس کے ساتھ خون صفاء گولیاں عبقری دواخانہ کی تیار کردہ کھائیں۔ (کامران اسحاق' راولپنڈی)

## ستمبر میں قارئین کے قارئین سے پوچھے گئے طبی و روحانی سوالات

**چاچا کو کینسر:** 1۔ محترم قارئین السلام علیکم! میرا نام محمد اسلم ہے اور میں رسالہ عبقری کا گزشتہ دو سال سے قاری ہوں اور عبقری ادویات اور عبقری میں شامل ٹوٹکے بھی استعمال کرتا ہوں جن کا بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ شیخ الوظائف اور ان کی تمام ٹیم کو لمبی عمر عطا فرمائے اور یونہی مخلوق خدا کی خدمت کرتے رہے۔ قارئین! عبقری اپریل 2016ء کے رسالہ میں کینسر کے متعلق پڑھا جس میں ایک بوٹی جس کا نام ''سمبلو'' درج تھا کے علاج سے کینسر کے ٹھیک ہونے کا بتایا گیا تھا۔ میرے چچا جان کو کینسر تشخیص ہوا ہے' ہم غریب لوگ ہیں اور بڑے ہسپتالوں میں علاج نہیں کرواسکتے ہم نے اپنے طور پر ''سمبلو'' کو ڈھونڈنے کی بہت کوشش کی لیکن ہم کو نہیں مل سکی برائے مہربانی ہمیں اسکے متعلق پتہ کرکے دیں یا صرف یہ بتادیں کے فلاں جگہ یا فلاں شخص سے مل سکتی ہے۔ (محمد اسلم، پنڈ دادنخان)

**حاسدین نے کالا جادو کروادیا:** 2۔ قارئین میں فیکٹری میں منیجر تھا' فیکٹری مالک کا بیٹا مجھے اپنے والد کی طرح سمجھتا' مگر دیگر ورکرز کو یہ بات برداشت نہ ہوئی' ایک بندہ نے مجھ پر کالا جادو کروادیا' مجھے پاگل کردیا' مجھے پاخانہ تک کا ہوش نہ رہا' انہوں نے مجھ پر 70 لاکھ کا الزام لگایا اور مجھے فیکٹری سے نکال دیا' آپ مجھے کوئی وظیفہ بتائیے کہ میرے مسائل حل ہوجائیں اور مجھے روزگار مل جائے۔ ہمیشہ شکر گزار رہوں گا۔ (س، جھنگ)

**پنشن کا کیا کروں؟** 3 محترم قارئین! سات سال پہلے خاوند نے دوسری شادی کی اور مجھے طلاق دیدی' خاوند شروع سے ہی بیروزگار تھا' میں ایک میڈیکل سنٹر میں کام کرتی ہوں اسی سے گزارا ہوتا رہا' میں اب ریٹائرڈ ہورہی ہوں' پنشن ملنی ہے' مجھے مشورہ دیں کہ میں کیا روزگار اختیار کروں کہ میرا دال دلیہ چلتا رہے۔ (پوشیدہ' ملتان)

**شادی کی رکاوٹ:** 4۔ قارئین! میرا رشتہ ہوچکا ہے' جب بھی گھر والے شادی کی بات چلاتے ہیں تو کوئی نہ کوئی رکاوٹ آجاتی ہے' میں بہت پریشان ہوں' خدارا مجھے کوئی وظیفہ بتائیے کہ یہ مسئلہ حل ہوجائے اور خیریت سے میری شادی ہوجائے۔ (پ' لاہور)

## مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

المعروف کمی احمد پوری

☆ حضرت جمیع بن عمیر تیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی پھوپھی کے ہمراہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا: حضور نبی اکرم ﷺ کو کون زیادہ محبوب تھا؟ ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: فاطمہ سلام اللہ علیہا۔ عرض کیا گیا: مردوں میں سے (کون زیادہ محبوب تھا)؟ فرمایا: ان کے شوہر' جہاں تک میں جانتی ہوں وہ بہت زیادہ روزے رکھنے والے اور راتوں کو عبادت کرنے والے تھے۔'' **(امام ترمذی' امام حاکم)**

☆ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا: اے فاطمہ! (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کیا تو اس بات پر راضی نہیں ہے کہ تم مسلمان عورتوں کی سردار ہو یا میری اس امت کی سب عورتوں کی سردار ہو۔'' **(متفق علیہ حدیث)**

### ظاہری اور باطنی وار سے حفاظت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو خوشیوں والی زندگی اور لمبی عمر عطا فرمائے۔

**ظاہری اور باطنی وار سے حفاظت:** نماز فجر کے بعد تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. اَللّٰهُ الصَّمَدُ. لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ. وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ. بحق محمد ﷺ واصحابہ وبارک وسلم پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں آپ ظاہری اور باطنی وار سے محفوظ رہیں گے۔ **ہر مسئلہ فوری حل دو رکعت نماز تین دن:** نیت دو رکعت صلوٰۃ کن فیکون پہلی رکعت میں الحمد شریف 100 مرتبہ سورۂ اخلاص تین مرتبہ۔ دوسری رکعت میں الحمد شریف ایک بار سورۂ اخلاص 100 مرتبہ۔ سلام کے بعد درود شریف 100 مرتبہ، تیسرا کلمہ 100 مرتبہ، استغفار 100 مرتبہ پھر سر سجدہ میں رکھ کر یہ دعا 100 مرتبہ پڑھیں:

اے آسان کنندہ مشکلہا اے روشن کنندہ تاریکہا

(منگل۔ بدھ۔ جمعرات) غسل کرکے بعد نماز عشاء پڑھیں' اللہ پاک آپ کی ہر مراد پوری کرے گا۔

خون روک شفاء

حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی

خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا' پیچش میں خون آرہا ہو نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

## دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کریں!

**بلڈ پریشر کنٹرول میں آگیا** — **''ہیپاٹائٹس سی'' کا نام ونشان ختم** — **پریشان کن الرجی کا خاتمہ** — **جوانی کی کمر درد سالہا بعد ختم**

### بلڈ پریشر کنٹرول میں آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کئی سال سے بلڈ پریشر کی مریضہ تھی اور ادویات کا ایک شاپر ہر وقت میرے ساتھ موجود رہتا تھا۔ ہر وقت بلڈ پریشر تیز رہتا تھا جس وجہ سے طبیعت انتہائی ناساز اور چڑچڑی رہتی' طبیعت زیادہ بگڑنے پر مجھے ہسپتال لے جاتے جہاں ڈاکٹرز فرسٹ ایڈ دے کر بلڈ پریشر کنٹرول میں لاتے۔ میں بہت زیادہ پریشان ہوگئی تھی کہ ایسا کب تک چلے گا۔ کیا ایسے ہی ساری عمر گزرے گی لیکن میں اللہ سے مایوس نہیں تھی کیوں ایسی کوئی بیماری نہیں جس کا علاج نہ ہو۔ ایک روز معمول کے چیک اپ کیلئے ہسپتال گئی اور اپنی باری کا انتظار کر رہی تھی' میرے ساتھ والی خاتون نے مجھ سے میری بیماری کے متعلق پوچھا میں نے اس کو تمام احوال بتایا۔ اس نے مجھے دیسی ادویات کے استعمال کا مشورہ دیا میں نے اس کو کہا کہ آج کل کون ہے جو خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے ادویات بناتا ہو' اس نے مجھ سے کہا کہ آج بھی ہے۔ میں نے پوچھا کون؟ اس نے بتایا کہ ''عبقری دواخانہ'' میں دیسی اور خالص جڑی بوٹیوں سے ادویات کی تیاری ہوتی۔ میں نے دواخانہ کا ایڈریس لیا اور اگلے روز دواخانہ پہنچ گئی وہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب سے ملاقات ہوئی انہیں میں نے اپنی بیماری کے متعلق بتایا تو انہوں نے ''فشاری'' دوائی تجویز کی۔ میں نے فشاری کا استعمال شروع کیا تقریباً دو ہفتوں کی دوائی کے استعمال سے میرا بلڈ پریشر کنٹرول ہوگیا۔ (عروج فاطمہ، لاہور)

### ناک میں دم کر دینے والی الرجی کا جڑ سے خاتمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے تقریبا پانچ سال سے الرجی تھی یہ ایک خاص قسم کی موسمی الرجی ہوتی ہے جو درختوں کی وجہ سے ہوتی تھی۔ میرے شوہر سرکاری آفیسر ہے اس لیے ان کا ٹرانسفر لاہور سے اسلام آباد ہوگیا تھا اور اس وجہ سے ہم سب کو اسلام آباد شفٹ ہونا پڑا۔ اسلام آباد جا کر پہلے سال تو ٹھیک گزرا پر دوسرے سال میں مجھے الرجی ہوگئی چھینکیں بے حساب آتیں جو رکنے کا نام نہ لیتیں' چھینک چھینک کر سر میں درد اور حالت بہت بری ہوجاتی۔ پہلی بار جب مجھے الرجی ہوئی تو میں نے ڈاکٹر کو چیک کروایا تو اس نے کہاں کہ یہ موسمی الرجی ہے مسلسل دوائی کے استعمال سے ٹھیک ہوجاتی ہے گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ میں نے دوائی مسلسل استعمال کی تقریب ایک ماہ سکون رہا پر پھر دوبارہ سے الرجی ہوگئی۔ بچے اکثر مجھ سے دور رہتے تھے کہ کہی ان کو بھی الرجی نہ ہوجائے۔ میں نے اپنی امی کو فون پر ساری صورتحال سے آگاہ کیا میری امی لاہور میں رہتی ہیں انہوں نے مجھے اسلام آباد سے عبقری دواخانہ کی ایجنسی پر جانے کا مشورہ دیا۔ میں نے والدہ سے اسلام آباد کی ایجنسی کا نمبر لیا اور وہاں سے ''الرجی کورس'' منگوالیا' اس کورس کے استعمال کے چند دن بعد ہی میری طبیعت سنبھالنا شروع ہوگئی' آج میں مکمل تندرست ہوں' والدہ کی ہدایت پر عبقری رسالہ گھر میں لگوا لیا ہے' تمام گھر والے خاص طور پر شوہر زندگی کی زندگی میں بہت تبدیلی آئی ہے' اب تو فجر کیلئے بھی اٹھنا شروع ہوگئے ہیں' چھوٹی موٹی بیماری کا علاج ہم گھر میں ہی ٹوٹکوں سے کرلیتے ہیں' الحمدللہ! سادہ اور صحت مند غذاؤں کا شوق پیدا ہوگیا ہے۔ (زوجہ ش، اسلام آباد)

> **دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی**
> **جتنی پرانی اتنی انمول**

### ''ہیپاٹائٹس سی'' کا نام ونشان تک نہیں رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! والدہ کی طبیعت کافی عرصہ سے خراب تھی ہم نے ٹیسٹ کروائے تو ڈاکٹر نے ''ہیپاٹائٹس سی'' بتایا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ دوائی کا کورس مکمل کرلو سب ٹھیک ہوجائے گا۔ ہم نے بھی کہا ٹھیک ہے۔ والدہ کو میڈیسن لے دی اور وہ کھانا شروع ہوگئی۔ فکرمندی کی بات تب ہوئی جب کورس بھی مکمل ہوگیا اور مرض بھی ختم نہیں ہوا۔ ہم سب گھر والے ٹینشن میں آگئے کہ یہ کیا ہوا؟ ہیپاٹائٹس کا کورس مکمل کرنے کے بعد بھی والدہ ٹھیک نہیں ہوئی۔ مرض بڑھتا جارہا تھا پھر ہمیں عبقری دواخانے کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' کے بارے میں معلوم ہوا میں صبح لاہور کے لیے نکلا اور عبقری دواخانے پہنچ کر 10 بوتلیں ہیپاٹائٹس نجات سیرپ بڑی بوتلیں لے کر واپس شرقپور شریف آگیا۔ والدہ کو باقاعدگی سے سیرپ استعمال کرنے کی ہدایت کی۔ والدہ نے مسلسل سیرپ کا استعمال جاری رکھا دس بوتل استعمال کرنے کے بعد جب رپورٹ کروائی تو ہیپاٹائٹس کا نام ونشان نہیں تھا۔ والدہ کو اللہ تعالیٰ نے شفاء دے دی۔ (ناصر حبیب، شرقپور شریف)

### جوانی کی کمر درد سالوں بعد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جوانی کی عمر میں گندم کی بوری اٹھاتے ہوئے ایک روز کمر سے ایسی تکلیف نکلی کے اس نے مجھے ہلا کر رکھ دیا۔ ڈاکٹر کے پاس گیا ٹیکہ لگوایا اور دوائی لی سکون ہوگیا لیکن دو دن بعد پھر اچانک سے کمر میں تکلیف محسوس ہوئی پہلے میں نے درگزر کردیا لیکن جب سارا دن تکلیف ہوتی رہی تو میں سمجھ گیا یہ وہی درد ہے جو دو ماہ پہلے ہوئی تھی۔ آج میری عمر 60 سال ہے لیکن وہ درد آج بھی کبھی کبھی نکل آتی ہے بہت علاج کروانے کے بعد بھی درد ٹھیک نہیں ہوئی تھی تو میں نے دوائی لینا چھوڑ دی تھی۔ اب بڑھاپے کی طرف گامزن ہوں دوائی بھی اثر نہیں کرتی۔ ایک دن میرا بڑا بیٹا ''کراماتی تیل'' لے آیا میں نے اس نے پوچھا کہ یہ تیل کہاں سے لائے ہو۔ بیٹے نے کہا ابو جی میرے آفس میں ایک لڑکا کام کرتا ہے اس نے کراماتی تیل کے بارے میں بتایا اور میں ''کراماتی تیل'' آپ کے لیے لایا ہوں اس کی مسلسل مالش سے آپ کی کمر درد ختم ہوجائے گی۔ میں نے بیٹے سے کہا اللہ تمہاری زبان مبارک کرے۔ رات سونے سے پہلے بیٹے نے تیل کو ہلکا سا گرم کیا اور خوب اچھی طرح کمر پر مالش کی مسلسل ایک ہفتہ مالش سے میری کمر کی درد میں واضح کمی ہوئی اور سالوں پرانی درد ایک دو مہینے کی مسلسل مالش سے ختم ہوگئی۔ (عبداللہ، شاہدرہ)


**نوجوان شفاء!**

- قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
- خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
- کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
- نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
- شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
- منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن

قیمت صرف -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# تسبیح خانہ کا لنگر کھایا اور پرانی بیماری ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے عبقری کی جتنی تعریف کروں کم ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو اور عبقری سے جڑے ہر انسان کو اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین! عبقری ہمارے گھر میں 2014 سے پڑھا جارہا ہے' والدہ محترم بہت لگن سے پڑھتی ہے اور ہر بار کہتی تھیں مجھے تسبیح خانہ میں درس سننے کے لیے لے جاؤ میں نے وہاں سے اسم اعظم کا دم کروانے جانا ہے لیکن جب اللہ کا حکم ہو۔ میں' میری امی' میری بہن اس کے تین بچے' میرے بہنوئی ہم نے ارادہ کیا کہ اس بار اسم اعظم کے بابرکت دم کے لیے تسبیح خانہ جانا ہے' ہفتے والے دن پروگرام بنایا تو بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا' اس دن بارش بھی خوب ہوئی اور میری طبیعت بہت خراب ہوئی لیکن پھر بھی ہم دم کروانے تسبیح خانہ کیلئے گھر سے دوپہر تین بجے نکلے اور رات نو بجے ہم تسبیح خانہ میں پہنچے' میں اپنی تکلیف بیان کرنے سے قاصر ہوں' تب میں نے گھر سے ارادہ کرلیا تھا کہ میری تکلیف ٹھیک ہو جائے تو میں عبقری کو مان لوں گی۔ جب ہم خواتین کی سائیڈ والی بلڈنگ تسبیح خانہ میں پہنچے' پہلا فلور عورتوں بچوں سے بھرا ہوا تھا' ہم ایک جگہ چادر ڈال کر بیٹھ گئے کیونکہ قالین پر جگہ نہیں تھی جب انتظامیہ نے ہمیں دیکھا تو بہت محبت و شفقت سے وہ ہمیں تیسرے فلور پر لے گئیں۔ سکینڈ فلور بھی بھرا ہوا تھا' تھرڈ فلور پر ہم رکے' وہاں رہنے کا بہت بہترین اور اعلیٰ انتظام تھا اور دل دماغ اتنی مخلوق کو دیکھ کر یہ ہی سوچ رہا تھا لنگر کم نہ ہو جائے۔ گرمی کی وجہ سے یہ انتظامیہ غصہ نہ کریں پر جو سوچ رہی تھی سب اس سے الٹ ہوا۔ تھرڈ فلور پر سب نماز پڑھ کر سونے لگے تب رات کے دس ہوگئے ہم نے بھی نماز پڑھی' وہاں موجود خواتین سے لنگر کا پوچھا تو سب نے بتایا ہم سیکنڈ فلور سے کھا کر آئیں ہیں' آپ لوگ جائیں وہاں کھا کر آئیں' میرے دل میں یہ خیال تھا ٹائم زیادہ ہوگیا ہے' انتظامیہ غصہ نہ ہو لیکن میرے دل کے خیالات سب غلط تھے' وہاں موجود بڑی اور چھوٹی عمر کی خواتین تھیں جو تمام انتظامات سنبھال رہی تھیں۔ انہوں نے بہت خندہ پیشانی سے ہمیں دسترخوان پر بیٹھا کر لنگر دیا۔ لنگر ماشاء اللہ بہت ذائقہ دار تھا میں نے تکلیف کی وجہ سے ڈر ڈر کے کھایا' مجھے بہت پرانی بیماری تھی کہ میں جب بھی سالن کھا لیتی تھی' پاخانہ اتنی جلن کے اور تکلیف کے ساتھ نکلتا تھا کہ میری بعض اوقات چیخ نکل جاتی تھی' جسم ٹھنڈا اور پسینے سے شرابور ہوجاتا' آنکھوں کے اندھیرا چھا جاتا' اتنی تکلیف ہوتی کہ میں جانتی یا میرا خدا۔ ہم پھر لنگر کھا کر واپس اپنی جگہ پر آکر سو گئے' صبح بھی ناشتہ بہت وسیع اور چائے بہت مزیدار تھی' لنگر صبح کھایا' ذکر میں شریک ہوئے پھر اسم اعظم کا روحانی دم کروانے کیلئے گئے' اتنا رش ہونے کے باوجود نہ کوئی دھکم پیل' نہ شور و غوغا' ہر کام انتہائی پرسکون طریقے سے ہو رہا تھا اور یہ سب کچھ دیکھ کر دل باغ باغ ہو رہا تھا' دم کروایا' شیخ الوظائف کی زیارت کی دل کو بہت سکون ملا' پھر تسبیح خانہ سے رخصت ہوئے اور سیدھا شاہی قلعہ لاہور میں موجود موتی مسجد گئے' وہاں نوافل پڑھے' جب ہم گھر آئے تو میری تکلیف بالکل دور ہوگئی پھر گھر میں آزمانے کے لیے میں نے تیز مصالحے دار سالن کھائے لیکن مجھے وہ تکلیف بالکل نہیں ہوئی جس کی وجہ سے میں ہفتہ ہفتہ چارپائی سے اٹھ نہیں سکتی تھی۔ ہم عبقری کی ادویات پچھلے چار سال سے استعمال کر رہے ہیں جن سے بہت نفع ملا لیکن دم کروانے اور وہاں جا کر رہنے اور لنگر کھانے سے میری سالوں کی تکلیف دور ہوگئی ہے۔

## عبقری کی ادویات سے جو مجھے نفع ملا

(۱) میرے سر میں بہت شدید درد رہتا تھا میں نے عبقری کا ''طب نبویؐ ہیئر آئل'' استعمال کیا اور اب بھی کر رہی ہوں' میرے سر کا تین سال پرانا سر کا درد بالکل ختم ہوگیا' یہ وہ درد ہے جو کسی دوا سے بھی ختم نہ ہوتا تھا۔

## آنکھ شفاء کے استعمال سے نظر ٹھیک

میری نظر کمزور ہے میں نے عبقری دواخانہ کے تیار کردہ ''آنکھ شفاء'' ڈراپر استعمال کیے تو الحمدللہ میری نظر بالکل رک گئی ہے۔ اب تین ماہ ہو چکے ہیں میں عینک اتار کر بھی کام کر لیتی ہوں جبکہ پہلے تو ایک منٹ بھی عینک نہیں اتار سکتی تھی۔ آنکھوں کا درد کرنا اور بھاری پن ختم ہوگیا ہے۔

# جس بھابھی سے لڑائی کرتی وہی میری محسن نکلی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ملا' نئی زندگی مل گئی' الحمدللہ! میری تو رب کریم سے دعا ہے کہ عبقری رسالہ ہر گھر پہنچ جائے کیونکہ آج کے پرفتن دور میں یہ ایک نعمت ہے اور اللہ یہ نعمت ہر کسی کو عطا کرے۔ میری زندگی میں عبقری نے سکون کیسے بھرا یہی لکھنے آج بیٹھی ہوں:۔ سکول لائف میں' میں بہت خوش اخلاق اور بہت باتیں کرنے والی لڑکی تھی میٹرک تک تو میرا مزاج بہت نرم تھا لیکن جوں ہی میرا کالج میں داخلہ ہوا میرے مزاج میں فرق آنا شروع ہوگیا پتہ نہیں کالج کی پڑھائی کی وجہ سے میں ڈیپریشن کا شکار ہوگئی یا میں پڑھنا ہی نہیں چاہتی تھی کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ خیر ایف اے مکمل کرنے کے بعد میں نے پڑھائی چھوڑ دی اور گھر بیٹھ گئی۔ اب میں پڑھائی سے فارغ تھی اور گھر کے کام کرنے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں تھا۔ گھر میں چھوٹی چھوٹی بات پر لڑائی کرنا' میرے مزاج میں شامل ہوگیا۔ ہر وقت بھابھی کے ساتھ لڑائی کرتی' حالانکہ اس بیچاری کا اکثر کوئی قصور بھی نہ ہوتا اور میں امی اور بھائی سے اسے ڈانٹ پڑوا دیتی' چھوٹے بہن بھائی مجھ سے بات نہیں کرتے تھے بلکہ یوں کہا جائے کہ گھر میں مجھ سے کوئی بات نہیں کرتا تھا تو غلط نہ ہوگا اگر کسی کو کوئی کام ہوتا تو وہ بات کرتے ورنہ میرے مزاج کی وجہ سے کوئی بات کرنا پسند نہیں کرتا تھا۔ میری شادی ہوگئی شادی کے کچھ مہینوں بعد ہی میری شوہر سے لڑائی ہوگئی کیونکہ مجھ میں برداشت کی کمی تھی اور میں ڈیپریشن کا شکار ہوگئی۔ مجھے لگتا تھا کہ سب غلط ہیں اور میں ٹھیک ہوں۔ شوہر نے علاج بھی کروایا مگر بے سود۔ میری بھابھی ہی میری محسن نکلی اور اس نے مجھے عبقری رسالہ دیا جب میں امی کے گھر آئی ہوئی تھی' میں نے اس میں سے دیکھ کر ایک وظیفہ یَا قَہَّارُ سارا دن کھلا پڑھنا شروع کردیا اور اس کے ساتھ بھابھی کے مشورہ پر عبقری دواخانہ سے ''ڈیپریشن پیکیج'' منگوا کر استعمال شروع کردیا۔ چند ہفتوں بعد میں خود حیران تھی کہ میرا مزاج کافی حد تک تبدیل ہوگیا لہجہ نرم ہوگیا' شوہر انتہائی خوش' اب مجھ سے ہر کوئی خوشی خوشی ملتا پہلے ہر کوئی دور بھاگتا۔ بھابھی نے مجھے خوش دلی سے معاف کردیا جس کیلئے میں ان کی شکر گزار ہوں۔ الحمدللہ! اب میں ایک خوشحال زندگی گزار رہی ہوں۔ (نورین، جہلم)


مشروب عبقری افزا — بوند بوند خالص

باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے

گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار

نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ

نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج

چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب

قیمت 230 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

**یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں**

## شہد کا جادو

مجھے شہد پسند نہیں لیکن لوگ بہت تعریف کرتے ہیں۔ قہوہ میں ڈال کر پیتے ہیں۔ شہد پینے کے فوائد بتائیے۔ میری بہن کے پیٹ میں اکثر درد رہتا ہے۔ وہ کالج میں برگر وغیرہ کھاتی ہے، شاید اس لیے درد ہوجاتا ہے۔ کوئی اچھا سا نسخہ بتائیے جس سے وہ ٹھیک ہوجائے۔ (فرحان، ساہیوال)

مشورہ: شہد ہمارے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت مرغوب تھا۔ قرآن پاک کی سورۂ النحل اور سورۂ محمدؐ میں شہد کا ذکر ہے۔ فرمان خداوندی کے مطابق شہد میں شفا ہے۔ بڑھاپے میں کمزوری، بلغم کی زیادتی، جوڑوں میں درد جیسی بے شمار تکالیف لاحق ہوجاتی ہیں۔ شہد، سر سے لے کر بالوں تک قوت بخش ہے۔ آپ شہد ضرور کھائیے، آپ کو اچھا لگے گا۔ تھوڑے سے شہد پر تقریباً ڈیڑھ چمچہ پسی ہوئی دارچینی چھڑک کر کھانے سے بدہضمی دور ہوتی ہے۔ تیزابیت نہیں ہوتی، کھانا ہضم ہوتا ہے لیکن اسے آپ کھانے سے پہلے لیجئے۔ الائچی، پودینہ، سونف پانی میں ابال کر قہوہ پینے سے بھی پیٹ ٹھیک رہتا ہے۔ پودینہ کے دس بارہ پتے ایک پیالی پانی میں ابال لیں، چھان کر ایک چمچ شہد ملائیے۔ پینے سے طبیعت بشاش ہوجائے گی۔ پیٹ کے کئی امراض بھی ٹھیک ہوں گے۔ گھر پانی میں شہد ملائیے اور لیموں کا تھوڑا رس ڈال کر پی لیجئے۔ کھانے کے بعد سبز چائے پینے سے کھانا ہضم ہوجاتا ہے۔ اس میں آپ لیموں ڈال سکتے ہیں۔ بہن سے کہئے کہ برگر وغیرہ کھانا چھوڑ دے، گھر سے ہلکا پھلکا کھانا ساتھ لے جائے۔

## چہرے اور بالوں کے لیے

میرا چہرہ بہت خشک ہے اور جیسے جیسے موسم تبدیل ہوتا جائے گا جلد اکڑنا شروع ہوجائے گی، سردیوں میں تو، جھریاں پڑ جاتی ہیں۔ میری عمر 20 سال ہے۔ سب مذاق اڑاتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ بال جگہ جگہ سے کم ہوتے جا رہے ہیں۔ کسی طرح ٹھیک نہیں ہو رہے۔ کیا کروں؟ (ث، اسلام آباد)

مشورہ: میتھی پکا کر کھائیے اس کے پتے توڑ کر دھو کر انہیں باریک پیس کر بالوں کی جڑوں میں لگائیے۔ آدھ ایک گھنٹے بعد سر دھو لیجئے اور گیلے بالوں میں لیموں کے رس کے پانچ قطرے چوتھائی چمچ تیل ملا کر بالوں کی جڑوں میں لگائیے۔ میتھی کے پتوں کا لیپ چہرے پر بھی پندرہ بیس منٹ کے لیے لگا سکتی ہیں۔ پھر منہ دھو کر گلاب کا عرق لگا کر سو جائیے۔ میتھی کے پتے چہرے کی تازگی کے لیے مفید ہیں، جھریاں بھی ختم ہوجاتی ہیں۔ اس طرح گھیکوار کا گودا چہرے پر لگا سکتی ہیں اسے بھی بالوں کی جڑوں میں لگا کر آدھ گھنٹہ بعد سر دھو سکتی ہیں۔ بالوں میں تیل ضرور لگائیے۔ چقندر کا تیل بالوں کے لیے بہت مفید ہے۔ دو چقندر پتوں سمیت لیں۔ چقندر کے گول گول قتلے کاٹ کر تیل گرم کر کے اس میں ایک ایک قتلہ ملائیں۔ جب خوب کالا ہو جائے، اتار کر دوسرا قتلہ ڈالیں۔ آخر میں پتے بھی ڈال دیں۔ تیل ٹھنڈا ہونے پر چھان کر یہ تیل لگائیں۔ چقندر کا تیل بالوں کو بڑھاتا، خشکی دور کرتا ہے۔ گاجر کا رس کچھ دن روزانہ پئیں اور اس میں بھی چقندر کا ایک بڑا ٹکڑا شامل کر لیں۔

## کام مکمل نہیں ہوتے

میرے تین بچے ہیں ساس سسر ساتھ رہتے ہیں، میں صبح گیارہ بجے سے رات گیارہ بجے تک کام میں لگی رہتی ہوں کام پھر بھی ختم نہیں ہوتا۔ کوئی ایسا مشورہ دیں جس سے کام کرنا آسان ہوجائے اور میں بھی آرام کر سکوں (ام کاشف، لاہور)

مشورہ: کام کو صحیح طریقہ سے کیا جائے تو سب کام ہوجاتے ہیں۔ میری ایک جاننے والی خاتون ہے اس کے دو بچے ہیں۔ میاں بینک میں ملازم اور ساس بیمار رہتی ہیں۔ وہ صبح نماز کے وقت اٹھتی ہے۔ واشنگ مشین میں کپڑے دھونے کیلئے ڈالتی ہے، چائے کا پانی رکھتی ہے، نماز پڑھ کر قرآن پاک کی تلاوت کرنے کے بعد کپڑے مشین سے نکال کر پانی میں صاف کر کے سوکھنے کے لیے مشین میں ڈال دیتی ہے، چائے بناتی ہے، ساس کو بسکٹ اور چائے کی پیالی ٹرے میں رکھ کر دیتی ہے، خود اپنے شوہر کے ساتھ چائے پیتی اور بچوں کا لنچ بکس تیار کرتی ہے۔ دوبارہ چائے کا پانی رکھ کے انڈے تل کر سلائس کے ساتھ سب کا ناشتہ بناتی ہے۔ بچے تیار ہوتے ہیں، اتنے میں وہ خود بھی تیار ہوجاتی ہے۔ خود بھی سکول میں پڑھاتی ہے۔ سکول سے آکر روٹی پکاتی اور کھانا شام کو ہی بنا کر فریج میں رکھ دیتی ہے۔ وہ کہتی ہے میرے پاس تو وقت ہی وقت ہے۔ استری بھی کرتی ہے۔ آپ بھی وقت کی تقسیم کریں۔ پہلے زمانے میں مشینیں نہیں تھیں، پھر بھی خواتین سارے کام کرتی تھیں۔ سلائی، کشیدہ کاری بھی کرتیں۔ آپ کا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ آپ صبح دیر سے اٹھتی ہیں۔ صبح صبح اٹھیے، گیارہ بجے تک بہت سارے کام نمٹا لیں گی۔ گھڑی دیکھ کر کام کریں۔

## شادی کے بعد بہنیں موٹی ہوگئیں!

میری دو بہنیں ہیں۔ شادی کے بعد ان کا جسم بھدا ہوگیا اور بچے ہونے کے بعد تو عجیب سی لگتی ہیں۔ میری بھی شادی ہوگئی ہے۔ آپ سے صرف یہ پوچھنا ہے کہ کوئی ایسا ٹوٹکہ ہے جس کے استعمال سے حمل کے دوران کوئی بھی مسئلہ لاحق نہ ہو اور بچے کی پیدائش کے بعد موٹاپا نہ آئے۔ (ب۔ج، وہاڑی)

مشورہ: پنجاب میں خواتین عام طور پر موٹی ہو جاتی ہیں۔ خصوصاً پیٹ بڑھ جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے، زچگی کے بعد وہ خوب کھاتی پیتی اور کام کاج نہیں کرتیں۔ بنگال میں خواتین چھریرے بدن کی دکھائی دیتی ہیں اور ہندوستان میں بھی پیٹ، کمر اور کولہو پر چربی نہیں چڑھتی۔ کھانے پینے میں احتیاط کرتی ہیں۔ اس سلسلہ میں دو ٹوٹکے ہیں بے شمار خواتین نے عمل کیا اور وہ موٹاپے کا شکار نہیں ہوئیں۔ بادام کا تیل اپنے سامنے نکلوائیں کیونکہ خالص تیل ہی اچھا رہتا ہے بازاری نہیں۔ تیسرے چوتھے ماہ سے حمل کے دوران دس قطرے بادام کا تیل، آدھا کپ دودھ میں ملا کر صبح شام پینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ بچہ ٹھیک رہتا ہے اور حمل کے دوران کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ اسی طرح دو چمچ گندم، دو کلو پانی میں خوب ابال لیں۔ پھر گندم نکال کر یہ پانی بوتل میں رکھ لیں۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد یہی پانی پئیں۔ ختم ہوجائے تو دوبارہ بنالیں، پیٹ بالکل نہیں بڑھے گا۔ اس میں کوئی بھی نقصان نہیں۔ آپ محسوس کریں گی کہ آپ کا جسم پھولے گا نہیں۔

## نیازبو کی چٹنی سے امراض قلب ختم

ہمارے ہاں نیازبو کے پودے ہیں۔ ان کا کیا فائدہ ہے اور ہم اسے کسی جگہ اگانا چاہیں تو کیسے لگائیں۔ (رومانہ، پنڈی)

مشورہ: ہندو اسے تلسی کہتے ہیں اور اس کی پوجا بھی کرتے ہیں، اس کے پانچ چھ پھولوں والی ٹہنیاں توڑ کر گلدان میں یا گلاس میں رکھئے۔ کیڑے مکوڑے اور مچھر کمرے سے غائب ہوجائیں گے۔ نیازبو کے پتے بہت سے امراض میں کام آتے ہیں۔ اس کے نرم و نازک پتوں کی چٹنی دل کو طاقت دیتی ہے۔ مٹھی بھر پتے لیں، ذرا سا نمک، کالی مرچ، ہر مرچ ڈال کر چٹنی پیس لیں۔ کھانے کے ساتھ یہ چٹنی استعمال کریں۔ بہت مفید ہے۔ آپ اس چٹنی کو سلائس کے ساتھ بھی کھا سکتے ہیں۔ دو تین پتے نیازبو، ایک دو کالی مرچ کے ساتھ چبانے سے صحت ٹھیک رہتی ہے۔

الرجی کھانسی، ناک بہنا یا بند ہونا، جسم میں درد، دماغی بوجھ، سستی کاہلی، بخار، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# سرکہ! صدیوں پرانا معالج! نہیں جانتے تو جان لیجیے!

سرکہ ایسی چیز ہے جس سے ہم سب واقف ہیں صدیوں سے سرکہ اپنے بے پناہ فوائد کی وجہ سے گھریلو کام کاج میں استعمال ہو رہا ہے لیکن اب بھی ہمارے اردگرد بہت سے افراد ایسے ہیں جو کہ سرکہ کی افادیت سے آگاہ نہیں، ان کے خیال میں سرکہ کا مقصد صرف کچھ کھانوں کے ذائقہ میں اضافہ کرنا ہے۔ سرکہ زیادہ تر جن کاموں میں استعمال ہوتا ہے ان میں سرفہرست کوکنگ، صفائی اور صحت وخوبصورتی شامل ہیں۔

## کچن میں سرکہ رکھنے کے صرف چند فوائد پڑھ لیجئے!

☆ چاول پکاتے ہوئے ان میں ایک چمچ سرکہ ڈالنے سے چاول جڑتے نہیں اور الگ الگ رہتے ہیں۔ ☆ مچھلی کی بدبو دور کرنے کیلئے اسے کچھ دیر سرکہ لگا کے رکھ دیں اور پھر دھوئیں۔ ☆ گوشت کو پکاتے ہوئے اس میں تھوڑا سا سرکہ شامل کرنے سے گوشت جلدی گل جاتا ہے اور اس میں سے نقصان دہ بیکٹیریا کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ ☆ انڈے بوائل کرتے ہوئے پانی میں سرکہ ڈالنے سے انڈے ٹوٹتے نہیں اور ان کا چھلکا باآسانی اتر جاتا ہے۔ ☆ پنیر کو زیادہ عرصہ محفوظ رکھنا ہو تو اسے سرکے میں بھیگے کپڑے میں لپیٹ کے بند ڈبے میں رکھیں۔

## گھر کی صفائی ستھرائی میں سرکہ کا کمال آپ کو حیران کردے گا

☆ شیشہ یا کرسٹل سے بنے ڈیکوریشن پیس اور دیگر اشیاء کی صفائی کیلئے ململ کے کپڑے کو سرکہ میں بھگو کر ان کو صاف کریں اور بعد میں پانی سے صاف کرلیں۔ شیشہ اور کرسٹل کی چمک واپس آجائے گی۔ ☆ کچن کاؤنٹر اور ٹائلز کیلئے سرکہ اور کھانے کا سوڈا مکس کریں کہ ایک لیکوڈ سا بن جائے اسے کاؤنٹر اور ٹائلز پر دس منٹ لگا رہنے دیں اور پھر سرف ملے پانی سے صاف کریں۔

☆ سونے کے زیورات بار بار استعمال کرنے سے ان کی چمک ماند پڑ جاتی ہے ایسے میں ضروری نہیں کہ بازار سے پالش کروائے جائیں بلکہ یہ کام باآسانی گھر میں بھی ہوسکتا ہے۔ ایک کپ سرکہ، دو کھانے کے چمچ کھانے کا سوڈا، ایک چائے کا چمچ ہلدی اور تھوڑی سی سرف مکس کریں اور اس میں دو گھنٹہ تک زیورات کو بھگو دیں، بعد میں کسی پرانے ٹوتھ برش سے رگڑیں کہ میل اچھی طرح صاف ہوجائے۔ آپ دیکھیں گے کہ زیورات پھر سے چمکنے لگ جائیں گے۔ ☆ اکثر کپڑوں پر پین کی انک کے نشان لگ جاتے ہیں جس سے اچھے خاصے کپڑے بعض اوقات استعمال کے قابل نہیں رہتے، انک کے نشان دور کرنے کیلئے اسفنج کو سرکہ میں بھگو کر نشان کے اوپر رگڑیں یہاں تک کہ وہ نشان ختم ہوجائے۔ ☆ چشمہ صاف کرنے کیلئے سرکہ بہترین کلینزر ہے، سرکہ اور پانی برابر مقدار میں اسپرے بوتل میں رکھیں اور جب ضرورت پڑے تو اپنا چشمہ اس سے صاف کرلیں۔

☆ ہاتھوں، کٹنگ بورڈ اور چھری سے سبزیوں کی بو دور کرنی ہو تو سرکہ ان پر ملیں۔ ☆ برتنوں سے سالن کے داغ ختم کرنے کیلئے ان کو سرکہ میں بھیگے کپڑے سے دھوئیں۔ ☆ اوون کو چکنائی کی تہہ سے بچانے کیلئے سرکہ سے صاف کریں۔

## سرکہ لگائیے، ہمیشہ جوان رہیے! جلد کی صفائی کرے، چمک دلائے اور صحت مند بنائے

☆ نوجوانوں کا ایک بڑا پریشان کن مسئلہ چہرے کے دانے ہیں ان سے نمٹنے کیلئے سرکہ اور پانی کی برابر مقدار مکس کریں اور اسے ٹونر کے طور پر استعمال کریں۔ آنکھوں کے اردگرد نہ لگائیں۔ ☆ ہربل ماہرین کے مطابق فیشل میں بھاپ لیتے ہوئے پانی میں چند قطرے سیب کا سرکہ ڈالیں یہ جلد کی گہرائی تک صفائی کرکے اسے چمکدار اور صحتمند بناتا ہے۔

## سرکہ بطور دوا! فوری اثر! ناقابل یقین نتائج

☆ زمانہ قدیم میں وزن کم کرنے کے لیے سیب کا سرکہ Egyptians کی خوراک کا اہم جزو رہا ہے۔ نہار منہ ایک چمچ سیب کا سرکہ ایک گلاس پانی میں ملا کر پینا، یا ہر کھانے سے پہلے پینا وزن کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ کیونکہ یہ جسم میں جمع شدہ اضافی چکنائی کو جلانے میں مدد دیتا ہے۔ ☆ کھانسی کا مسئلہ حل کرنا ہو تو ایک چوتھائی کپ سرکہ، ایک کپ شہد کو ایک کپ گرم پانی میں مکس کرکے رکھ لیں اور دن میں چھ سے آٹھ چمچ لیں۔ ☆ رومیوں کے دور سے سرکہ بالوں کی خوبصورتی میں اضافہ کیلئے استعمال ہو رہا ہے۔ یہ قدرتی کنڈیشنر کا کام کرتا ہے اور بالوں کی چمک بڑھاتا ہے۔ اسے لگانے کا (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

روحانی کیفیت

# یہ جملہ بالکل درست ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے ناطہ جڑا تو کھوٹے کھرے کی پہچان ہوگئی' زندگی ایسے ہی گزر رہی تھی' روز سورج چڑھتا اور غروب ہوجاتا' کوئی زندگی کا مقصد نہیں' بس جانوروں کی طرح رزق تلاش کیا' کھایا پیا اور سو گئے' عبقری سے جڑا' درس سننا شروع کیے' تسبیح خانہ سے نسبت بنی تو معلوم ہوا کہ میں دنیا میں آیا کیوں تھا اور یہاں سے جانے کے بعد مجھے کن چیزوں کا حساب دینا ہے۔ الحمدللہ! تسبیح خانہ سے ملے اعمال کرتا ہوں' مسنون دعائیں پڑھتا ہوں۔ جو اعمال کررہا ہوں کوشش کرتا ہوں ان میں کمی نہ لاؤں۔ بدنظری سے اب حفاظت ہے۔ مسواک آنکھوں میں لگاتا ہوں تاکہ بدنظری سے حفاظت رہے۔ خود کو سب سے کم تر سمجھتا ہوں۔ کسی کے بارے میں دل میں غلط خیال آتا ہے تو اپنی برائی اور تنہائی کی غلاظتوں کو سوچتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ جو بھی خرابی معاشرے میں اور امت میں جو بھی وبال آرہا ہے میرے گناہوں کی وجہ سے ہی آرہا ہوں' میں درست ہوجاؤں گا تو معاشرہ درست ہوجائے گا۔ جب سے آپ سے درس میں سنا کہ اقامت کے وقت دعا قبول ہوتی ہے میں اقامت کے وقت قد قامت الصلوٰۃ پر دعا مانگتا ہوں۔ جمعہ کے خطبے کے درمیان بھی مانگتا ہوں خوب دعائیں کرتا ہوں اور اللہ کریم سے عرض کرتا ہوں اے اللہ مجھے اپنا بنالے دنیا اور آخرت کی خیریں دے' خاتمہ ایمان پر دے اور بھی بہت کچھ۔ جو بھی آپ کے درس میں سنتا ہوں وہ مانگتا ہوں۔ 'دعائیں واقعی اگر مانگنا سیکھنا ہے تو اللہ والوں سے سیکھو' یہ جملہ بالکل درست ہے۔ میرے اندر یہ تمام تبدیلیاں جو اللہ کے فضل وکرم سے آئی ہیں اور آپ کی دعاؤں کی برکات اور آپ کی کوششوں اور تسبیح خانے کی برکت سے۔ جب میرے رشتے دار یا اپنے تسبیح خانے کو یا آپ کو کچھ کہتے ہیں تو مجھے بہت غصہ آتا ہے۔ مجھے بہکانے کیلئے کوئی وسوسہ ڈالتے ہیں عبقری کے بارے میں باتیں میرا دل یہی سوچتا ہے کہ اگر یہ سب ٹھیک نہ ہوتا تو میرے اندر یہ تبدیلیاں کبھی نہ آتیں اور دل خود جواب دیتا ہے۔ بس آپ دعا فرمائیں کبھی میرا دامن اور ساتھ آپ سے' تسبیح خانے سے نہ چھوٹے اور اللہ ہمیشہ مجھے ثابت قدم رکھے۔ (ن، ش۔ ملتان)

نُورتن شفاء

بواسیر' الرجی' بڑھا پیٹ' اٹھرا' خون کی خرابی' پھوڑے پھنسی' شوگر کے زخم' رسولی

چاہے کینسر کی ہی ہو دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی

لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج

قیمت 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل تنگی کریں کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں! اپنے معمولی سے تجربے کو کبھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں، صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

## تلبینہ، کھجور، باسی روٹی اور میرے مشاہدات

(س)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری پڑھتے ایک عشرہ گزر چکا ہے الحمدللہ! بے شمار فوائد پائے، لوگوں کو بتایا اور ان کی بیماریاں پریشانیاں دور ہوئیں۔ میرے پاس کچھ مشاہدات اکٹھے ہوئے ہیں، جو میں قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتا ہوں تاکہ میرے لیے صدقہ جاریہ بنے۔

### تلبینہ! فوائد میں سونے سے کم قیمتی نہیں

(۱) تلبینہ کے بڑے فوائد دیکھے، بہت لوگوں کو استعمال کروایا۔ معدے کے لیے لاجواب چیز ہے، اس نسخے کو میں اپنی زبان میں سونا بولتا ہوں، اس کا میں نے نام 'سونا' رکھا ہے۔ سونا (یعنی تلبینہ) معدے کے مریض، قبض کے مریضوں کیلئے آخری ٹانک ہے۔ جوڑوں کے درد کے مریضوں کیلئے اس سے طاقتور چیز اور کوئی نہیں ہوسکتی۔ ایک آدمی کے گھٹنوں میں گیپ آگیا تھا ہماری زبان میں اسے 'گھٹنے کھڑکنا' کہتے ہیں۔ میں نے اسے تلبینہ تیار کرنے کا مشورہ دیا اس نے جَو کے آٹے کا تلبینہ بنا کر صبح وشام استعمال کیا، قارئین یقین کیلئے چند ہفتوں کے اندر اندر وہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔

### پاؤں کے تلوؤں کا درد اور پریشانی ختم

میرے ایک پولیس ملازم جاننے والے ہیں، انہوں نے ایک مرتبہ شکوہ کیا کہ یار میرے پاؤں کے تلوے ہروقت درد کرتے ہیں، مجھے کوئی نسخہ یا ٹوٹکہ بتاؤ، لوگوں کو تو بہت بتاتے ہو۔ میں نے اسے ایک تو بتایا کہ روزانہ سوتے وقت صرف تین سے پانچ منٹ پاؤں کے تلوؤں کی کسی بھی تیل سے مالش کرو اور تلبینہ کا ناشتہ کیا کرو، اگر تیار تلبینہ میں ایک سیب بالکل چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ڈال دیئے جائیں تو مزید فوائد حاصل ہوں گے۔ میرے اس بھائی نے چند دن ہی استعمال کیا تو اس کے پاؤں کا درد بالکل ٹھیک ہوگیا۔ مزید اسے زندگی کی وہ بہاریں دوبارہ مل گئیں جو اس سے کافی سالوں سے روٹھ چکی تھیں۔ ایک جاننے والے کے معدہ میں درد رہتا تھا، میں نے اسے بھی تلبینہ کھانے کا مشورہ دیا، اس نے زندگی کی روٹین بنالی ہے کہ ناشتہ صرف تلبینہ سے ہی کرنا ہے، آج الحمدللہ! اس کی صحت قابل رشک ہے۔ میں خود استعمال کررہا ہوں، جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔

**تلبینہ تیار کرنے کا طریقہ:** جَو کا آٹا دو بڑے چمچ بھرے ہوئے ایک کپ تازہ پانی میں گھولیں، برتن میں دو کپ پانی تیز گرم کریں۔ اس گرم پانی میں جَو کے آٹے کا گھولا ہوا کپ ڈال کر صرف پانچ منٹ ہلکی آنچ پر پکائیں اور ہلاتے رہیں پھر اتار کر اس کو ٹھنڈا کریں ہلکا گرم ہو تو اس میں شہد حسب ذائقہ مکس کریں اور پھر اسی میں دو کپ دودھ نیم گرم (یعنی پہلے سے ابال کر اس کو ہلکا نیم گرم کرلیا گیا ہو) ملا کر خوب مکس کریں۔ تلبینہ تیار ہے۔ نوٹ: عبقری دواخانہ کا خالص تلبینہ بھی موجود ہے، قریبی ایجنسی ہولڈر یا گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں۔

### شوگر کے مریض اور السی کے بیج

عبقری رسالہ میں السی کے بیج کے متعلق پڑھا، السی کے بیج کا سفوف بے شمار شوگر کے مریضوں کو صبح کے وقت آدھ چائے کا چمچ استعمال کروایا، شوگر والے مریض بہت ٹھیک ہوئے ہیں آپ نے پشاور کے درس میں السی کے بیج کے بارے میں بتایا تھا۔

### ہلدی اور کھجور! گھٹنوں کے مریض ٹھیک

(۲) قارئین! میں نے ہلدی اور کھجور کے بھی بڑے فوائد دیکھے ہیں، خاص کر گھٹنوں کے دردوں کے لیے لاجواب ہے۔ خالص دیسی ہلدی کے کیپسول بھرلیں صبح وشام ایک کیپسول کھالیں۔ کھجور کو متواتر اپنے استعمال میں رکھیں روزانہ کم ازکم تین کھجوریں کھائیں اور کمال دیکھیں۔

### سبز الائچی اور میتھرے کا کمال

50 گرام چھوٹی سبز الائچی اور 50 گرام اچار میں ڈالنے والے میتھرے لیکر سفوف بنالیں، ہر کھانے کے بعد آدھا چائے کا چمچ کھالیں۔ اس کے میں نے بے شمار فوائد دیکھے ہیں، بواسیر، معدہ کے مسائل، جوڑوں کے درد، بے اولادی، زنانہ مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے لاجواب چیز ہے۔ یہ نسخہ بھی شیخ الوظائف نے ایک درس میں بتایا تھا اور میں نے عبقری رسالہ میں بھی پڑھا تھا۔

### دہی اور باسی روٹی کے کمالات

دہی اور باسی روٹی کے بھی بہت کمالات پائے۔ میرے ماموں ہیں وہ ہمیشہ رات کی باسی روٹی کھاتے ہیں۔ 60 سال کے قریب ہیں کوئی بیماری نہیں ہے ان کو ابھی بھی پیدل ان کے ساتھ چلنا مشکل ہے ان کی اتنی سپیڈ ہوتی ہے۔ یعنی بہت تیز چلتے ہیں۔

### پاؤں کی میٹھی میٹھی خارش سادہ سا علاج

موسم سرما قریب قریب ہے میرا ذاتی تجربہ ہے کہ سردیوں میں پاؤں کو خارش ہو میٹھی میٹھی پانی میں نمک ڈال کر پانی نیم گرم یا تھوڑا تیز گرم جو پاؤں برداشت کرسکیں۔ تھوڑی دیر پانی کے اندر پاؤں رکھیں اور پھر ہوا نہ لگنے دیں کپڑا لپیٹ لیں تو خارش ختم ہوجاتی ہے۔

### دل کے بند والو یہ پھل کھانے سے کھل گئے

(۶) میرے ایک جاننے والے آدمی نے بتایا کے میرے دل کے وال بند تھے۔ آپریشن تک نوبت پہنچ آئی۔ تو کراچی میں ایک سپیشلسٹ ڈاکٹر دل کا جرمنی سے آیا تھا اس نے کہا کہ آپ اگر آپریشن نہیں کروانا چاہتے تو پھر آپ چیکو ایک پھل ہے وہ کھاؤ وہ کہہ رہا تھا کہ میں نے ایک ہفتہ چیکو پھل بہت زیادہ کھایا تو دل کے والو کھل گئے ہیں۔ آج پانچ سال ہوگئے ہیں میں ٹھیک ہوں اور اس جرمنی کے ڈاکٹر نے کہا جس موسم کے پھل ہوں اس موسم میں ضرور کھائیں۔ اللہ پاک آپ اور آپ کی نسلوں کو قیامت تک شاد و آباد رکھے۔ (محمد کریم، حویلیاں)

عبقری تلبینہ
عورتوں، بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
ٹینشن، ڈیپریشن، تھکان، جسمانی، کمر، ٹانگوں کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ، ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بچوں، بڑوں، بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا، ٹانک بھی، دوا بھی، شفاء بھی اور عطا بھی

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# قدرتی جڑی بوٹیوں سے گھنے مضبوط خوبصورت بال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ' آپ کے اہل خانہ اور ساتھیوں کیلئے ڈھیروں دعائیں۔

## دائمی سردرد کا علاج

میرے سر میں کبھی درد نہ ہوا تھا اس رمضان میرے سر میں شدید درد شروع ہوگیا جو آنکھوں میں بھی ہوتا تھا اتنا شدید کہ میں رونے لگ جاتی اور دوائی سے بھی آرام نہیں آیا۔ میں نے عبقری میں پڑھا تھا کہ سردرد کیلئے ٹوپی پر بسم اللہ لکھ کر سر پر رکھیں۔ میں نے گھر میں کپڑے کی ٹوپی تیار کی اور انگلی سے اس میں بسم اللہ (پوری) لکھیں اور اسے سر پر پہنے رکھا۔ اللہ کا کرم ہوا کہ سردرد 2 دن میں ہی ایسا غائب ہوا کہ جیسے تھا ہی نہیں۔ دوائی کی بھی ضرورت نہ پڑی۔ اس عمل کو میری بہن نے بھی آزمایا کئی سال سے اسے سر میں درد تھا اسکو بھی اسی سے شفاء ملی۔ اگر ویسے بھی انسان سر ڈھانپ کر رکھے تو سر کی تکلیف نہیں ہوتی۔

## بالوں کی خوبصورتی کا راز

بعض خواتین کے بال بھورے بھورے ہوتے ہیں۔ اگر انہیں سیاہی مائل کرنا ہو تو مندرجہ ذیل ٹوٹکہ استعمال کریں۔ آزمودہ ہے۔ ریٹھا (جھاگ دار)، آملہ، سیکا کائی 1/2 کلو، میتھرے (میتھی کے بیج) بیری اور نیم کے پتے پانچ کلو پانی میں دس دن بھگودیں پھر اس کو ہلکی آنچ پر پکائیں۔ یہاں تک کہ آدھا پانی رہ جائے اب اس پانی کو نتھار لیں اور جب سر دھونا ہو تو اسے بالوں پر تیل کی طرح لگائیں جب بال سوکھ جائیں تو تازہ پانی سے دھولیں۔ ایک بات کا خاص خیال رکھیں یہ عمل گرمیوں میں روزانہ کرسکتے ہیں لیکن سردی میں مت کریں۔ اس ٹوٹکے سے آپکے بالوں کا بھورا پن ختم ہوجائے گا اور بال بھی مضبوط ہوں گے اگر ضرورت محسوس ہو تو ہفتے میں ایک بار یا دوبار شیمپو بھی لگا سکتے ہیں۔

## گھنے، مضبوط اور خوبصورت بالوں کے لیے

پانی نتھار لیں اب اس پانی سے سر دھوئیں۔ اگر آپ نے تیل بھی لگایا ہو تب بھی اس سے دھونے سے بال صاف ہو جائیں، گھنے، مضبوط اور خوبصورت بھی ہونگے۔ پہلے زمانے کی خواتین یہی مٹی استعمال کرتی تھیں اور انکے بال بھی بہت شاندار ہوتے تھے۔ ایک بات یاد رکھیں ملتانی مٹی دو قسم کی ہوتی ہے ایک سبزی مائل دوسری زردی مائل (جو لگانے والی ہوتی ہے) بالوں پر وہ استعمال کریں۔ ہفتے میں دو تین بار کوئی تیل ضرور لگائیں تاکہ بال زیادہ خشک نہ ہوجائیں۔ خواتین اسے آزمائیں اور بندی کو دعاؤں میں رکھیں۔ (میمونہ، ملتان)

# ایک پھٹے ہوئے ورق نے مسائل حل کروادیئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ کی دو سال سے قاری ہوں آپ کا رسالہ بہت بہت اچھا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین! میں آپ کا درس بہت شوق سے سنتی ہوں۔ کچھ عرصہ سے بیماری تھی' اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں کہ ایک دن میرے میاں نے مجھے ایک ورق لاکر دیا' یہ کسی رسالہ سے علیحدہ ہوچکا تھا' میرے شوہر کو گلی میں سے ملا تھا' انہوں نے اٹھا کر سرسری سی نظر دیکھا انہیں اچھا لگا تہہ لگا کر جیب میں ڈالا اور گھر آکر مجھے پکڑا دیا' اس میں کچھ وظائف لکھے ہوئے تھے اور ایک یا دو نسخے بھی تھے۔ میں نے صفحے کے اوپر دیکھا تو عبقری لکھا تھا' اس صفحے پر ایک وظیفہ لکھا تھا یَا قَادِرُ یَا نَافِعُ میں نے بھی وہی پڑھنا شروع کردیا' میرے مسائل حل ہونا شروع ہوگئے' میں نے اگلے مہینے بازار سے جاکر بک سٹال پر ''عبقری'' زبان سے نکالا ہی تھا کہ دکاندار نے فوراً رسالہ عبقری نکال کر میرے سامنے رکھ دیا اور اس طرح ہر ماہ آپ کا رسالہ ہمارے گھر آنا شروع ہوگیا۔ میرے پاس بھی ایک مشاہدہ ہے کہ اکثر پاؤں کی جلد پھٹ جاتی ہے اس کے لیے گلیسرین اور پھٹکڑی کو پیس کر مکس کرلیں رات کو سوتے وقت لگائیں ایک دو دن میں آپ کے پھٹے ہوئے پاؤں ٹھیک ہوجائیں گے۔ (ساجدہ پروین)

# معدہ اور انتڑیوں کے زخم کیلئے میرا آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس یہ تین بیماریوں کے شرطیہ علاج ہے۔ **چھینکوں کا علاج:** جن لوگوں کو بہت زیادہ چھینکیں آتی ہوں رکنے کا نام نہ لیں خشخاش آدھ کلو اچھی طرح صاف کرلیں تین پاؤ دودھ میں رات کو بھگودیں صبح گرینڈ کرلیں گرینڈر کے بعد گھی میں بھون کر اس میں چینی ڈال کر پکائیں چینی حسب ضرورت ڈالیں اتارنے سے پہلے میوے بھی حسب طبیعت ڈال سکتے ہیں۔ پھر اتار کر پرات میں بچھالیں اور ٹھنڈا ہونے پر چھری سے کاٹ لیں صبح ناشتہ میں لیں اسی طرح چار پانچ بار بنا کر کھانے سے ساری زندگی چھینکوں کا آنا بند ہوجاتا ہے۔

**معدہ یا انتڑیوں میں زخم کیلئے:** معدہ یا انتڑیوں میں زخم ہوجائیں تو رات کو سونے سے پہلے نیم گرم دودھ ایک کپ بغیر چینی کے لیں ایک چمچ چائے والا ہلدی دودھ ملا کر پی لیں دودھ پینے کے بعد پانی نہیں پینا بیس منٹ تک سیدھے لیٹنا ہے سات دن یا گیارہ دن میں مکمل آرام آجائے گا۔

**بلغم ختم کرنے کیلئے:** اگر کسی کے اندر بہت زیادہ بلغم ہو اسے چاہیے ادرک کا پانی روزانہ دو چمچ تازہ نکال کر اس میں ایک چمچ شہد ملالے اور چاٹ لیا کرے' بلغم کو اندر ہی جلا دیتا ہے گیارہ دن یا اکیس دن کا نسخہ ہے' یہ تینوں ٹوٹکے میں نے بھی اور میرے ملنے والوں نے بھی بہت زیادہ آزمائے ہوئے ہیں۔

**روزگار کا عمل:** جس کو روزگار نہ ملتا ہو یا روزگار سے معطل ہوگیا ہو' مہینہ میں جو اوّل جمعرات جمعہ آئے ان میں روزہ رکھے اور شب جمعہ میں بستر پر لیٹتے وقت سورۃ یوسف پڑھے پھر جمعہ کے دن ظہر اور عصر کے درمیان سورۃ یوسف کی یہ آیت لکھے ''وَلَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ'' پھر افطار کرکے اس سورت کو پڑھے' پھر عشاء پڑھ کر اس سورت کو پڑھے' پھر بستر پر جاکر کے اس سورت کو پڑھے' اور سو بار لا الہ الا اللہ کہے اور سو بار اللہ اکبر اور سو بار الحمدللہ اور سو بار سبحان اللہ اور سو بار استغفار اور سو بار درود شریف پڑھ کے پھر سو رہے جب صبح ہو' گھر سے نکل کر لکھی ہوئی سورت کو تعویذ بنا کر بازو پر باندھ لیں اور پختہ عہد اور نیت کرے کہ کسی پر ظلم نہ کروں گا اور اپنے حق سے کبھی زیادتی نہ کروں گا ان شاء اللہ اسی ہفتے میں یا کچھ زیادہ میں برسرروزگار ہوجائے گا جو شخص پڑھنا نہ جانتا ہو وہ لکھے ہوئے کو سر تلے رکھ لے باقی لا الہ الا اللہ بدستور سابق کہے۔ آزمودہ ہے۔ (محمد انور، وہاڑی)

شوگر کورس
بے شمار کا آزمودہ!
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

# ادرک! معدہ، آنت، اعصاب اور نظر طاقتور بنائیے

ڈاکٹر خالد، کراچی

ہمارے یہاں ادرک کو خاص اہمیت حاصل نہیں۔ کھانا پکانے میں استعمال ہوتا ہے۔ اور اس کے بعد کسی کو خاص دلچسپی نہیں۔ قرآن مجید نے بہشت کی نعمتوں کے ذکر میں فرمایا: ”وہاں پر تم کو ایسے برتنوں میں دیا جائیگا جن میں ادرک کی خوشبو ہوگی“ قرآن مجید نے ادرک کو اتنی اہمیت دی ہے کہ اسکی خوشبو کو ایک نعمت غیر مترقبہ قرار دیا ہے۔ حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبین کی خدمت میں شہنشاہ رُوم نے ادرک کا مربہ تحفہ کے طور پر بھیجا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبین نے نہ صرف کہ خود بڑے شوق سے کھایا بلکہ ہر شخص کو کھلایا کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رائے میں ادرک فوائد کا مجموعہ ہے۔ جن کی تفصیل پیش خدمت ہے۔

## محدثین کے مشاہدات

یہ جسم میں گرمی پیدا کرتا ہے جو کہ اس کی کیمیائی ہیئت سے ظاہر ہے کیونکہ ایک سو گرام جسم میں حدت کے 472 حرارے پیدا کرتا ہے۔ خوراک کو ہضم کرنے میں مددگار ہے۔ پیٹ کو نرم کرتا اور قبض کو رفع کرتا ہے لیکن مسہل نہیں پیٹ اور جگر سے پرانے سدے بھی نکال دیتا ہے۔ بلکہ ثقیل اشیاء کی وجہ سے پیدا ہونے والی تبخیر کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں میں سوزش کی وجہ سے نظر میں کمی آگئی ہو تو اسے دور کرتا ہے۔ اس غرض کے لیے ادرک میں سلائی ڈال کر آنکھ میں پھیری بھی جاسکتی ہے۔ آنتوں سے غلیظ مادوں اور گندی ہوا کو نکالتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ اگر دو ماشہ ادرک ہم وزن کھانڈ کے ساتھ ملا کر گرم پانی کے ساتھ کھایا جائے پیٹ کی ہضم کرنے والی رطوبتوں میں اضافہ کرتا ہے۔ اس سلسلے میں ابن القیم کے الفاظ سے ایسا گمان پڑتا ہے کہ یہ لبلبہ کی رطوبتوں میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ جس سے مراد یہ ہوتی کہ ذیابیطس میں مفید ہوگا۔ کھانسی اور بلغم کو دور کرنے والے مرکبات میں ادرک کی شمولیت ان کے فائدہ کو بڑھاتی ہے۔ مسلسل خرابی کی وجہ سے معدہ اگر سست پڑگیا ہو۔ بھوک کم ہوگئی ہو کھانا ہضم ہونے میں دیر لگتی ہو تو ادرک بڑا مفید ہے یہ سانس سے بدبو کو دور کرکے منہ کے ذائقہ کو ٹھیک کرتا ہے۔ ذہبیؒ کی تحقیقات کے مطابق مکھن کے ہمراہ ادرک کھانے سے بلغم ختم ہوجاتی ہے۔

## اطباء قدیم کے مشاہدات

ادرک معدہ اور دماغ کے لیے مقوی ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے حافظہ کی خرابی کو دور کرتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ یہ ایک ہی وقت میں قابض بھی ہے اور دست آور بھی۔ اگر پیٹ میں غلاظت جمع ہو تو اس کو نکالنے کے لیے یہ جلاب لاتا ہے۔ جب وہ نکل جاتی ہے تو قابض بن جاتا ہے۔ اطباء قدیم سات ماشہ سونٹھ کو پیس کر اس میں کھانڈ ملا کر پانی کے ہمراہ پیٹ کو صاف کرنے اور سینہ سے جمی ہوئی بلغم نکالنے کیلئے دیتے آئے ہیں۔ اس نسخہ کے بعد بلغم کھانسی کے ذریعہ خارج ہوتی ہے۔ ہمارے تجربہ میں اس غرض کیلئے ادرک کا مربہ بہترین صورت ہے۔

## دردشقیقہ سے نجات‘ آواز میں نکھار

سونٹھ کو بکری کے دودھ میں ملائیں۔ سر کے اطراف میں لیپ کرنے سے دردشقیقہ جاتا رہتا ہے۔ اسے بکری کے دودھ کے ساتھ کھانے سے کھانا جلد ہضم ہوتا ہے۔ جسم میں حرارت پیدا ہوتی ہے اور قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ سونٹھ کے ساتھ بلگیری (بہی) کا جوشاندہ پینے سے گلا صاف ہوتا ہے۔ آواز میں نکھار آتا ہے قے اور ہیضے ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ سونٹھ کے ساتھ آملہ اور پیپل کی جڑ پیس کر شہد میں ملا کر بار بار چٹانے سے ہچکی بند ہوتی ہے۔

ہچکی کے لیے خالص سونٹھ کا سفوف بھی اگر بکری کے دودھ کے ساتھ دیا جائے تو فائدہ ہوتا ہے۔ سونٹھ اور سیندھا نمک پیس کر سونگھنے سے بادی کا سردرد جاتا رہتا ہے۔ ماہرین نے ادرک کے اثرات کا خلاصہ کرتے ہوئے اسے کاکرالریاح، محرک، مقوی، ہاضم، پیشاب اور جسم سے اورام کو دور کرنے والا قرار دیا ہے۔ وہ اس کے مقامی اثرات کو خون کے دوران میں اضافہ کرنے والا اور ٹھنڈک مہیا کرنے والا بیان کرتے ہیں۔ ادرک کے ساتھ فلفل سیاہ اور فلفل دراز ملا کر ”تری کاٹو“ نام کا مشہور مرکب بنتا ہے۔ جسے بدہضمی، تبخیر معدہ، قولنج، قے، کھانسی، زکام، نزلہ، دمہ میں بڑی کامیابی سے دیا جاتا ہے۔

## اسم اعظم کا روحانی دم کروایا‘ گیارہ سال پرانا مرض شوگر ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے تمام گھر والے پڑھتے ہیں۔ عبقری سالانہ روحانی چلہ (اجتماع) میں شرکت کی‘ بہت سکون ملا۔ خوب اعمال اور دعائیں مانگیں اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ عبقری رسالہ سے اسم اعظم کے روحانی دم کے بارے معلوم ہوا‘ مقررہ وقت تسبیح خانہ پہنچا‘ دم کروایا‘ یقین کیجئے اس دم سے میری گیارہ سال پرانا مرض شوگر ختم ہوگیا۔ میں خود حیران‘ میرا معالج حیران‘ میرے گھر والے خوشی سے نہال۔ اب ہر ماہ اسم اعظم کا روحانی دم بتائی گئی تاریخ اور وقت کو تسبیح خانہ میں آکر ضرور کرواتا ہوں۔ میرا ایک مزید روحانی مشاہدہ ہے درود تنجینا کے ورد سے اللہ پاک اپنے گھر کی زیارت نصیب فرماتے ہیں۔ تعداد محدود نہیں‘ بس بے حساب اٹھتے بیٹھتے پڑھنا ہے۔ (عابدہ نواز، چکوال)

## اسم اعظم کا روحانی دم کروایا‘ گھر پر لگی بندش ٹوٹ گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کو پڑھتے صرف دو سال ہوئے ہیں‘ مگر ان دو سالوں میں ہمیں اس رسالہ کی بدولت بہت کچھ ملا ہے‘ ہمارے گھر عجب نحوست چھائی ہوئی تھی‘ ہر وقت بیماری‘ لڑائی جھگڑے‘ نوک جھونک‘ چڑ چڑا پن‘ کاروبار ختم‘ تنگدستی کا عروج تھا۔ جس سے بھی پوچھا اس نے یہی کہا کہ سخت بندش ہے اب توڑ کیلئے (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

حکومتی ہدایات پر عمل! اسم اعظم کا روحانی دم تسبیح خانہ لاہور میں نہیں ہوسکے گا۔ ان شاء اللہ اسم اعظم کے روحانی اور شفائیہ دعا کی تاریخ کا اعلان حکومتی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے جلد کردیا جائے گا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں‘ اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی‘ بیماری‘ گھریلو الجھن‘ کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

**اسم اعظم کا روحانی دم کروایا‘ فائدہ ہوا، ضرور لکھیے! لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ**

دردی ہربل بام

پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو‘ بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو‘ فالج‘ لقوہ‘ رعشہ‘ کمر کا درد‘ پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے‘ کسی عضو کا پھڑکنا‘ پنڈلیوں کا درد‘ نقرس‘ لاغری‘ ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا‘ موچ آجانا‘ بجلی کا شاک لگنا‘ کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا‘ جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں

قیمت: =/80 روپے

خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت‘ کئی ہفتے چلے

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

# لاجواب صحت و تندرستی شاندار نسخہ! بالکل مفت حاصل کیجئے!

**فرمانِ حضرت علی سلام اللہ ورضوانہ علیہ**

''جس شخص کو یہ منظور ہو کہ اُسے کوئی کھانا نقصان نہ پہنچائے تو اُسے لازم ہے کہ جب تک معدہ صاف نہ ہو اور خوب بھوک نہ لگے کچھ نہ کھایا کرے اور جب شروع کرے تو بسم اللہ پڑھے۔ کھانا خوب چبا کر کھائے اور تھوڑی بھوک باقی رہنے پر ہاتھ کھینچ لے۔''

## سائنسی ریسرچ

عام تاثر یہ ہے کہ ہم جتنا زیادہ کھانا کھائیں گے اتنے ہی صحت مند رہیں گے۔ لیکن طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ سوچ اور طریقہ نہایت نقصان دہ ہے۔ ٹوکیو کی یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کے پروفیسر Yoshi Nori نامی جاپانی سائنس کا کہنا ہے کہ جب انسان جسم کو بھوک دیتا ہے تو جسم کے خلیوں میں پُراسرار تبدیلیاں رُونما ہونے لگتی ہیں۔ جب ان خلیوں کو باہر سے کوئی خوراک نہیں ملتی، تو وہ خود ہی ایسے خلیوں کو کھانا شروع کردیتے ہیں، جو گلے سڑے، خراب اور جسم کے لیے خطرے کا باعث ہوں۔ اسے عام فہم زبان میں (Self Eating) کہتے ہیں اور سائنسی اصطلاح میں یہ عمل ''Autophagy'' کہلاتا ہے۔ یعنی جب تک تیز بھوک نہ لگے کھانا نہیں کھانا چاہیے۔ اسی طرح چینی ماہرین بھی اس بات کو مانتے ہیں کہ پیٹ بھر کر نہیں کھانا چاہیے۔ جب آپ کا پیٹ 70 فیصد بھر جائے تو اپنا ہاتھ کھانے سے کھینچ لیں کہ اس طرح آپ صحت مند رہیں گے، ہاضمہ درست رہتا ہے اور بدہضمی کی شکایت بھی نہیں ہوتی نیز بہت سے امراض سے نجات مل جاتی ہے۔ یونیورسٹی آف مانچسٹر کے ماہرین کی جدید تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اچھی طرح چبا کر کھانا کھانے سے ایسے خلیات پیدا ہوتے ہیں جو خطرناک امراض پیدا کرنے والے جراثیم سے لڑتے ہیں اور جو لوگ خوب چبا کر کھاتے ہیں ان کے منہ سے ٹی ہیلپر خلیات خارج ہوتے ہیں جنہیں ٹی ایچ 17 سیلز بھی کہا جاتا ہے۔۔ ٹی ایچ 17 سیل جسم کے قدرتی دفاعی نظام کا حصہ ہوتے ہیں جو امراض پیدا کرنے والے جراثیم کو روکتے ہیں اور جسم دوست بیکٹیریا کو بھی پروان چڑھاتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کھانا چبانے سے ہمارے مسوڑھے جسم کے حفاظتی نظام کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

# کمزور جسم کو صحتمند اور مردہ جسم کو زندہ کردینے والا ٹوٹکہ

**فرمانِ حضرت امام رضا سلام اللہ ورضوانہ علیہ**

''کچھ تدبیریں بدن کو موٹا (فربہ وصحت مند) کرتی ہیں۔ مالش کرنا ملائم کپڑے پہننا، خوشبو لگانا اور حمام میں نہانا۔ ان میں مالش تو وہ چیز ہے کہ اگر مردہ بھی زندہ ہو جائے تو کوئی تعجب نہیں۔''

## جدید سائنسی تحقیقات

* اقوام متحدہ (یو این) کی ذیلی تنظیم یونائٹڈ نیشنز ایجوکیشنل سائنٹفک اینڈ کلچرل آرگنائیزیشن (یونیسکو) نے مساج کی روایت کو انسانیت کا لازوال ثقافتی ورثہ قرار دے دیا۔ مساج صدیوں سے آزمودہ ایک حیرت انگیز علاج اور ذریعہ شفاء ہے۔ اپنی باڈی کو مختلف زاویوں سے مساج کرنے سے پٹھوں کو سکون، خون کی گردش میں اضافہ، خون کے سفید خلیات کی پیداوار بڑھتی ہے، معدہ وجگر اور ہاضمے کا نظام بہتر ہوتا ہے اور اس سے جسم صحت مند وتوانا ہوجاتا ہے اور بھی مساج کے سینکڑوں فوائد ہیں۔

* جدید میڈیکل سائنس کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ نمبر 60 پر

حلقہ کشف المحجوب

# صوفیاء کے اقوال

**ہر ماہ توحید ورسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔**

اس باب میں جو عنوان ہے وہ ہے ''صوفیاء کے اقوال'' پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے آج سے گیارہ سو سال پہلے کے صوفیاء اور اولیاء کے اقوال اکٹھے کیے ہیں اور ان کو نقل کیا ہے۔ محمد بن فضل بلخی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: علم کی تین قسمیں ہیں ایک وہ جو اللہ جل شانہٗ کی طرف سے عطا ہو دوسرا وہ علم جو اللہ جل شانہٗ کی معیت میں حاصل ہو اور تیسرا وہ علم جو اللہ جل شانہٗ کی صفات سے متعلق ہو۔ پہلا علم وہ جو خود اللہ جل شانہٗ بندے کو اپنی رحمت سے عطا کرے اور بندہ کو خاص توفیق نصیب کرے اس علم کو وہبی علم بھی کہتے ہیں۔ دوسرا علم وہ جو شریعت کی صورت میں اللہ کا قرب اور معرفت نصیب کرتا ہے اور زندگی کی راہیں اللہ کی مرضی کے مطابق گزارنے کا ڈھنگ سکھاتا ہے۔ تیسرا وہ علم جو اللہ رب العزت کی صفات وکمالات' کائنات کے مظاہر قدرت کی حقیقت' اولیاء کے درجات ومقامات کو بندے پر کھولتا ہے لہٰذا معرفت الٰہی شریعت کو قبول کیے بغیر اور شریعت پر عمل کیے بغیر حاصل نہیں ہوسکتی۔ ابو علی ثقفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علم جہالت کی موت ہے اور کفر کے اندھیرے سے بچ کر ایمان کی آنکھ کا روشن ہونا ہے۔ جس شخص کو معرفت الٰہی کا علم حاصل نہیں اس کا دل جہالت کی وجہ سے مردہ ہے اور جسے شریعت کا علم حاصل نہیں اس کا دل جہالت کی بیماری میں مبتلا ہے پس کہ کفار کا دل مردہ ہے کہ وہ اللہ جل شانہٗ کی ذات و صفات سے جاہل ہیں اور اہل غفلت کا دل بیمار ہے کہ وہ اس کے احکامات سے بے خبر ہیں۔ ابوبکر وراق ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص علم کلام کی وجہ سے محض توحید الٰہی کی عبارت پر اکتفا کرتا ہے اور منع کی ہوئی چیزوں سے تقویٰ اختیار نہیں کرتا وہ بے دین ہے اور جو شخص محض علم فقہ وشریعت پر بغیر پرہیز گاری کے اکتفا کرتا ہے وہ فاسق ہوجاتا ہے یعنی شریعت کے علم کو صرف علم تک محدود رکھتا ہے اور اس پر عمل نہیں کرتا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ بغیر علم ومجاہدہ وکوشش صرف محض توفیق الٰہی سے ہے۔ مواحد حقیقی کا حق یہ ہے کہ اس کا قول جبری ہو یعنی وہ کہے کہ انسان وہی کرسکتا ہے جو اس کیلئے مقدر ہوچکا ہے اور فعل میں قدری ہو یعنی اپنی حد تک انسان مکمل کوشش کرے اور اس کا فعل عمل وجبر کے درمیان ہو یعنی توفیق الٰہی اور کوشش کے مابین ہو۔ جو شخص علم توحید سے بلا عمل یعنی بغیر عمل کے صرف اس کی ظاہری عبارت پر اکتفا کرتا ہے اور گناہوں سے نہیں بچتا وہ ضرور بے دین ہوجاتا ہے۔

**تصوف ومعرفت کی زندہ وتابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں سے اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطابات کے مجموعہ ''حلقہ کشف المحجوب'' کا آج ہی مطالعہ کریں۔**

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا
سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنا دیا ہے
معدہ کا مسئلہ بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 129

# جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے' اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔
قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

## پراسرار چیزیں' پراسرار واقعات

میری زندگی میں بہت پراسرار چیزیں اور پراسراری واقعات ایسے آئے اگر انہیں چھپاتا ہوں تو باقی کچھ بچتا نہیں اور اگر انہیں بچاتا ہوں تو پھر بھی کچھ نہیں بچتا مثلاً اگر انہیں چھپاتا ہوں تو یہ میری زندگی کا عزم نہیں اور میں پھر اپنی زندگی میں اپنے سچ کو چھپا رہا ہوں لیکن وہی سچ اگر بیان کرتا ہوں تو لوگوں کے حوصلے اور برتن اتنے نہیں کہ وہ میری حقیقتوں کو ہضم کرسکیں اور انہیں برداشت کرسکیں کہ وہ سچ ہے یا جھوٹ ہے' ہمارے سچ میں یہ بھی سچ ہے کہ ضروری نہیں کہ ہم انہیں خود محسوس کریں' ایک سچ وہ ہے جسے ہم آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور ایک سچ وہ ہے جسے ہم دیکھ نہیں سکتے حتیٰ کہ محسوس نہیں کرسکتے اور بعض اوقات محسوس نہ بھی کریں سن بھی نہیں سکتے اور سننے کے بعد نہ کانوں کو اعتبار آتا ہے نہ دل یقین کرتا ہے لیکن وہ بھی سچ ہوتا ہے' سائنس کی کتنی ایجادات ہیں جنہیں ہم کچھ نہیں سمجھتے' کسی نے سوچا تھا موبائل سے سات سمندر پار ایک پل میں بات ہوسکتی ہے' ایک دوسرے کو تصویر میں باتیں کرتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں' اسی طرح کچھ روحانی دنیا کے انوکھے بھید ایسے بھی ہوتے ہیں جن بھیدوں کو سن تو سکتے ہیں' محسوس نہیں کرسکتے' ان بھیدوں کا واحد حل صرف اعتماد ہے' اعتبار ہے' بس اور کچھ نہیں ہے۔

## کائنات کے روحانی یا جناتی پراسرار بھید

اگر اس پر اعتبار اور اعتماد ہے تو درست ورنہ کائنات کے سچے رازوں سے ہم محروم ہوجائیں گے اور اس سے وہ نفع حاصل نہیں ہوگا جو ہونا چاہیے اور بعض اوقات وہ نفع تو دور کی بات ہم اس پر اعتراضات کرنے لگ جائیں گے' کتنے لوگ ایسے ہیں جو سائنس کی تحقیقات پر واہ واہ کر اٹھتے ہیں اور کائنات کے روحانی یا جناتی پراسرار بھید ان کے سامنے آئیں تو وہ انوکھی اکتاہٹ اور گھبراہٹ کا شکار ہوجاتے ہیں یا آخری درجہ کی بدزبانی کرتے ہیں اور بداخلاقی پر اتر آتے ہیں یا پھر کنارہ کرکے نظر اندازی کرکے اس موضوع کو چھوڑ دیتے ہیں لیکن یاد رکھیے! حقائق حقائق ہوتے ہیں اور حقائق چھپے کبھی نہیں چھپتے اور سچائی ہمیشہ سچی ہی رہتی ہے۔

آئیے! ایک چھوٹا سا واقعہ سنائے دیتا ہوں' میں اپنے کمرے میں بیٹھا کچھ اوراد و وظائف کررہا تھا' مجھے محسوس ایسے ہوا کہ شاید ہر طرف آندھی ہے اور میرا دروازہ خود بخود کھلا' ایک بگولہ میرے کمرے میں آیا' مجھے پہلے تو ہلکی سی حیرت ہوئی مگر اس کے بعد میں سمجھ گیا' سنبھل کر بیٹھا اور میں انتظار کرنے لگا کہ اب یہ کیا کہتے ہیں اور کیا کرتے ہیں' تھوڑی ہی دیر کے بعد وہاں کچھ افراد بیٹھے تھے' خواتین بھی' مرد بھی' بچے بھی' وہ ایک جنات کا خاندان تھا جو کہ بہت زیادہ مالدار' دولت مند اور نہایت سکھی' یعنی ایسے محسوس ہوتا تھا کہ شاید کوئی غم ان کے پاس آیا ہی نہیں اور ہمیشہ سکھ نصیب اور مقدر ان کے ساتھ رہا ہے اور وہ دنیا کے خوشحال اور سکھی افراد ہیں۔ وہ کہنے لگے: ہمیں آپ کا تعارف کچھ جنات کی دنیا سے ملا' ہم بغیر اطلاع کیے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے' ایک ایسا دکھ ہے جو ہمیں کھائے جارہا ہے۔

قارئین! یقین جانیے جب میں نے لفظ دکھ سنا میں چونک پڑا' یہ کیا کہہ رہے ہیں اور حالانکہ دکھ نام کی چیز تو بظاہر ان کے کبھی قریب سے بھی نہیں گزری لیکن یہ دکھ کہہ رہے ہیں۔

## ہماری نسلوں میں اولادیں نہیں

میں نے پوچھا آپ کو کیا دکھ ہے؟ کہنے لگے: ہمارے پاس دولت' مال' چیزیں وسائل اسباب ہر چیز چاہے وہ کوئی بھی ہو اس کی کمی نہیں' لیکن ہم نے بیٹی کی شادی کی تو اس کی اولاد نہیں دو بیٹوں کی شادی کی تو ان کی اولاد نہیں۔ یہ کہتے ہوئے وہ خاتون جننی بلک بلک کر رونے لگی کہ ہماری نسلوں میں تو اولادیں نہیں تو ہماری نسلیں تو آگے نہ بڑھیں' یہ مال و دولت اور دھن اس پر تو جنات قبضہ کرجائیں اور دوسرے جنات اس کے مالک بن جائیں' ہم دنیا کی ہر جگہ پھرے ہیں' انسان عاملین کے پاس گئے ہیں' جنات عاملین کے پاس گئے ہیں علاج معالجہ کروایا ہے لیکن اولاد نہیں ہے۔ بیٹی کو گزشتہ گیارہ سال ہوئے ہیں' اس طرح دونوں بیٹوں کو بھی دس سال ہوگئے ہیں اولاد بالکل نہیں۔

## کوئی ایسا حل کہ ہماری نسل بھی بڑھے

آپ کا سنا تھا' ہمارے جنات میں سے کسی نے آپ کا بتایا تھا تو خوشی ہوئی حاضر ہوئے ہیں' کوئی ایسا حل ہے کہ جس کی وجہ سے ہماری نسلیں بڑھیں اور ہم بھی اپنے گھر میں بچے دیکھیں وہ جننی خاتون کچھ دیر رکیں اور پھر ساتھ بیٹھے اپنے بیٹے جن کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگیں: یہ میرا بیٹا ہے' بڑی چاہ سے میں نے اس کی شادی کی اور شادی کے بہت زیادہ اخراجات کیے' غریبوں اور مساکین جنات کو بہت زیادہ دیا' خرچ کیا' یہ میرا بیٹا مجھے بہت پیارا ہے' یہ درمیانہ بیٹا ہے' جی چاہتا ہے کہ اب اس کی اولاد ہو' چلو کچھ نہیں تو بیٹیاں ہوجائیں ورنہ بیٹے ہوجائیں اور دوسرے بیٹے کے شانے پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگی: اس بیٹے کی پیدائش پر ہم نے منوں لڈو تقسیم کیے تھے اور ایک ایک فرد کو اتنا دیا تھا کہ آپ سوچ نہیں سکتے۔

## جادو' روگ' بندش' سفلی عمل! کچھ ہے ضرور

وہ کون سا جادو ہے؟ کون سا روگ ہے؟ وہ کہاں کی بندش ہے؟ وہ سفلی عمل ہے؟ وہ نظر بد ہے؟ یا کوئی جسمانی مسئلہ؟ کچھ ہے صحیح۔ بس آپ کوئی ایسا کردیں کہ میری نسلوں میں اولاد ہو' اور میری نسلوں میں کچھ مل جائے۔ ایسا کب ممکن ہے اور ایسا کیسے ممکن ہے' وہ خاتون رو رہی تھی' اور اس کے علاوہ باقی سب کے آنکھوں میں آنسو تھے۔ میں حیران ہورہا تھا قدرت کی بے نیازیوں اور اس کی طاقتوں پر' سب کچھ ہے ساری کائنات ہے' دولت' عزت' صحت' مال' کاروبار' چیزیں لیکن ایک ایسی چیز جس نے انہیں رونے' جھکنے اور دربدر پھرنے پر مجبور کردیا' وہ بے اولادی ہے۔

## روحانی استخارہ! مگر کچھ حاصل نہ ہوا

میں اپنے روحانی استخارے میں بہت زیادہ گہرا چلا گیا اور غرق ہوگیا' تقریباً دس منٹ تک روحانی استخارہ' روحانی دنیا میں' میں غوطے کھاتا رہا اور تلاش کرتا رہا کہ اس کا سبب کیا ہے۔ مجھے بظاہر کچھ نظر نہیں آرہا تھا' سب (جناتی خاندان) میرا منہ تک رہے تھے اور ایک امید اور آس لے کر آئے تھے' اس امید اور آس کو میں بچانا چاہتا تھا اور میری چاہت تھی کہ مولا کریم یہ آئے ہیں تو یہاں سے یہ خالی نہ جائیں اور آئے ہیں تو کریم آقا یہاں سے کچھ لے کر جائیں لیکن کچھ

**موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ**

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

نظر آئے تو میں انہیں بتاؤں‘ مجھے کچھ بھی نظر نہیں آرہا تھا‘ بس ایک خاموشی تھی جو میرے سامنے مسلسل گھوم رہی تھی اور خاموشی نے مجھے بھی خاموش کیا ہوا تھا اور میں بے بس بھی تھا‘ میں نے آنکھیں کھولیں اور مایوسی کا اظہار کیا اور سچ سچ انہیں بتایا کہ میرے روحانی استخارے میں مجھے کچھ حاصل نہیں ہو رہا۔ میں روحانی دنیا میں بہت ڈوبا‘ بہت زیادہ گھوما لیکن مجھے روحانی استخارہ واضح نظر نہیں آرہا۔ میں کسی نتیجے پر پہنچوں تو آپ کا علاج کروں۔

## اچانک اصحاب کہف تشریف لے آئے

مجھے نتیجہ ہی نہیں مل رہا‘ پھر میں اپنے وظائف اوراد پڑھنے لگا اور دل ہی دل میں اللہ کی طرف رجوع کیا اچانک میرے سامنے اصحاب کہف تشریف لے آئے‘ چونکہ وہ شناسا چہرے تھے‘ میری ان سے اکثر ملاقاتیں ہوتی ہیں اور میں انہیں جانتا ہوں وہ مجھے جانتے ہیں‘ وہ بڑے ہیں‘ ان کی مجھ چھوٹے پر شفقت اور مہربانی ہے‘ میں نے فوراً ہی ان سے سوال کیا کہ جناتی خاندان میرے سامنے ہے تو فرمانے لگے: ہم اسی لیے آئے ہیں کہ آج ہمارا دوست پریشان ہے‘ اس کی پریشانی کا حل ہم نکال کر ہی جائیں گے۔

## آئیے! ہم آپ کو بے اولادی کا حل دیتے ہیں

وہ کہنے لگے: ہم آپ کو اس کا حل دیتے ہیں اور ان سے کہیں ہم جیسے کہیں‘ وہ ویسے کریں‘ پہلے دن یعنی جمعرات کے دن نئے چاند کی پہلی جمعرات کے دن مغرب کے بعد انہوں نے اصحاب کہف میں سے پہلے ایک فرد کا نام سارے گھرانے نے پڑھنا ہے‘ وہ نام ہے یَمْلِیْخَا۔ بس اسی کو پڑھنا ہے اور پورا مہینہ اسی کو پڑھنا ہے۔ کم از کم سوا لاکھ زیادہ سے زیادہ بیس لاکھ‘ تیس لاکھ‘ چالیس لاکھ جتنا پاگل دیوانہ ہو کر ہر حالت میں وضو بے وضو‘ پاک ناپاک پڑھنا ہے اور روزانہ ہر گھر کے فرد کی طرف ورنہ جس کی اولاد نہ ہوتی ہو‘ دونوں میاں بیوی سو روپے نکالیں‘ سو روپے میاں کی طرف سے‘ سو روپے بیوی کی طرف سے‘ وہ نکال کر ایک طرف رکھتے رہیں پورا مہینہ یہی لفظ یَمْلِیْخَا ہی پڑھیں۔ باقی نماز قرآن پڑھتے رہیں ان کا ہر پل‘ ہر لمحہ‘ ہر سانس کا بول بس یہی یَمْلِیْخَا ہو۔ یہ دراصل اصحاب کہف میں سے سب سے پہلے فرد کا نام ہے۔

جب دوسرا چاند آئے (یعنی دوسرا مہینہ) تو اس کی پہلی جمعرات کو دوسرا لفظ ساتھ ملا کر پڑھیں‘ یعنی اب دو لفظ پڑھنے ہیں اور دوسرا لفظ ہے مَکْسَلْمِیْنَا۔ اب دونوں الفاظ اس طرح پڑھنے ہیں: یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ اب یہ دونوں الفاظ بہت پڑھیں اور اتنا پڑھیں کہ سینکڑوں ہزاروں لاکھوں سے زیادہ۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بیوی تسبیح وظیفہ کرتی ہے‘ شوہر نہیں کرتا۔ شوہر کو بھی کرنا چاہیے اور لازم کرنا چاہیے اور گھر کے اگر دوسرے افراد جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ نفع ہوگا۔ اسی طرح سو روپے ہر فرد (میاں بیوی) نکال کر رکھتے جائیں اور ہاں ایک بات بتانا بھول گیا‘ مہینے کے بعد اسی جمعرات جس جمعرات دوسرا نام آپ نے وظیفے میں شامل کرنا ہے‘ ان تمام پیسوں کی بہترین حلوہ روٹی بنا کر خود بھی کھا سکتے ہیں اور تقسیم کریں۔ اسی طرح ہر مہینے جو پیسے جمع ہوں ان کی حلوہ روٹی ہی تقسیم کریں۔

## اصحاب کہف کا اصرار

اب تیسرے مہینے کے چاند کی پہلی جمعرات تیسرا اسم بھی وظیفہ میں شامل کریں اور وہ اسم ہے: کَشْفُوطَطْ۔ اب وظیفہ ہوا یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوطَطْ اب یہ تین اسم بھی اسی طرح بے شمار اور بہت زیادہ سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں پڑھنے ہیں لیکن پڑھنا بہت زیادہ ہے۔

قارئین! اصحاب کہف مجھے اس بات کا مسلسل اصرار کر رہے تھے کہ پڑھنا بہت زیادہ ہے اور سو سو روپے ہر فرد کی طرف سے نکالنے ہیں اور اس سو روپے کی حلوہ روٹی ہر چاند کی پہلی جمعرات کو پکا کر تقسیم کرنی ہے۔

اب چوتھے چاند (یعنی چوتھے مہینے) پر اس میں ایک اور اسم کا بھی اضافہ کرنا ہے اور وہ اسم تَبْیُوْنَسْ۔

اب وظیفہ ہوا یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوطَطْ تَبْیُوْنَسْ اب یہ چار اسم بھی اسی طرح بے شمار اور بہت زیادہ سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں پڑھنے ہیں

## اصحاب کہف کی بتائی احتیاطیں!

مزید اصحاب کہف نے ایک احتیاط بتائی کوشش کریں اس دوران سچ بولیں‘ حرام سے پرہیز کریں‘ حلال کھائیں اور کھانے میں مشکوکات سے احتیاط کریں‘ گناہوں سے بچیں اور بہت زیادہ بچیں جتنا گناہوں سے بچیں گے‘ نافرمانیوں سے بچیں گے اتنا وظیفہ تیز سے تیز تر ہوتا چلا جائے گا اور نماز کی پابندی لازم کرنی ہے اور خاص طور پر جن نمازوں میں زیادہ غفلت ہوتی ہے وہ فجر‘ عصر اور عشاء ہے۔ وہ نماز پڑھنی ہے یعنی نمازیں تو پانچوں ہی پڑھنی ہے لیکن جن نمازوں میں زیادہ غفلت ہوتی ہے ان میں احتیاط بہت زیادہ کرنی ہے۔

## حلوہ روٹی کی ترتیب نہ چھوڑیئے!

اب پانچویں مہینے (نئے چاند کی پہلی جمعرات) اصحاب کہف کے پانچویں فرد کا نام آذَرافَطْیُوْنَسْ۔ اب پانچویں مہینے کا وظیفہ ہوا یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوطَطْ۔ تَبْیُوْنَسْ آذَرافَطْیُوْنَسْ اب یہ پانچ اسم بہت توجہ‘ بہت دھیان‘ خوب پڑھیں‘ خوب سے خوب تر پڑھیں۔ اسی طرح سو روپے ہر فرد کا‘ پھر وہی ترتیب جمعرات کو حلوہ روٹی اور اسی طرح حرام کا پرہیز‘ گناہوں سے پرہیز کریں۔

اب چھٹے مہینے نئے چاند کی پہلی جمعرات کو چھٹا اسم کَشَافَطْیُوْنَسْ کا اضافہ کرنا ہے۔ اب چھٹے مہینے کا مکمل وظیفہ ہوا یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوطَطْ۔ تَبْیُوْنَسْ ۔آذَرافَطْیُوْنَسْ۔ کَشَافَطْیُوْنَسْ۔ اب یہ چھ اسم بہت توجہ‘ بہت دھیان‘ خوب پڑھیں‘ خوب سے خوب تر پڑھیں۔ جب آپ چھٹے مہینے میں پہنچیں گے آپ کو احساس ہوگا کہ آپ کا جسم ہلکا پھلکا‘ وہ تو خود پہلے دن احساس ہوگا جس دن آپ نے پہلے اصحاب کہف کا نام پڑھنا شروع کرنا ہے‘ آپ کو ایک تندرستی‘ صحت‘ سکون‘ چین‘ راحت اور غیبی نظام سے عافیت نصیب ہوگی اور یہ نظام آپ کی طرف ایسے متوجہ ہوگا‘ آپ کی عقل دنگ رہ جائے گی۔

## میں اصحاب کہف کو دعائیں دے رہا تھا

یقین جانیے! میں حیران تھا اور اصحاب کہف کو دعائیں دے رہا تھا کہ اللہ نے غیبی نظام بنایا اور وہ میرے سامنے آگئے اور اب وہ مجھے حل بتا رہے ہیں اور میں وہی حل جناتی خاندان کو بتائے جا رہا ہوں اور سمجھا رہا ہوں۔

اب ساتویں مہینے کے نئے چاند کی پہلی جمعرات ساتواں اسم یُوَانَسْبُوْس شامل کرنا ہے۔ اب ساتویں مہینے کا وظیفہ ہوا یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوطَطْ۔ تَبْیُوْنَسْ ۔آذَرافَطْیُوْنَسْ۔ کَشَافَطْیُوْنَسْ۔ یُوَانَسْبُوْس اب یہ سات افراد کے نام سارے پڑھنے ہیں۔ اول تو پہلے ماہ ہی خوشخبری مل جاتی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

**حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل**
اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 64 پر دیا گیا کوپن پُر کر کے بھجوا دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

**اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے ”جنات کا پیدائشی دوست“ کتاب پڑھیے۔**

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
**برص پھلبہری کورس**
برص‘ خارش‘ چنبل‘ کوڑھ‘ جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
500

# یہ دعا پڑھیے! سالہا سال پرانی تنگدستی ختم

## فاقے ختم‘ دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ’’ان کی مشکلات‘ فاقے‘ بے روزگاری‘ بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا‘ دولت مند ہوا‘‘ شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اس وظیفے کا نام ’’دعائے حاجات‘‘ ہے اس کے فضائل بہت ہی زیادہ ہیں۔ نوکری، دکان، مکان، قرض، رہائی، فقیری ختم، غریبی ختم، شادی، اولاد، عزت اور ذلت سے بچاؤ کے لیے بہت بار کا آزمودہ ہے۔ یہ عمل میں خاص طور پر ان کیلئے بھیج رہا ہوں جو تنگدستی اور غربت سے عاجز آچکے ہیں‘ کرایوں پر دھکے کھاتے عمر بیت چکی ہے‘ ہر طرف سے مایوس ہو چکے ہیں‘ یقین جانیے پورے یقین کیساتھ یہ دعا پڑھیں اور پھر کمال دیکھیں۔ طریقہ کار: ہر نماز کے بعد 41 مرتبہ اوّل و آخر درود شریف لازم ہر خاص و عام کو اس کی اجازت ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَااَللّٰہُ یَآ اَحَدُ یَاوَاحِدُ یَامَوْجُوْدُ یَا جَوَّادُ یَا بَاسِطُ یَا کَرِیْمُ یَاوَھَّابُ یَا ذَا الطَّوْلِ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیْ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ یَاعَلِیْمُ یَاحَکِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ نَفِّحْنِیْ مِنْکَ بِنَفْحَةِ خَیْرٍ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَمَّنْ سِوَاکَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَ کُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا۔ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَاوُدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اِکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ وَاحْفَظْنِیْ بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّکْرَ وَانْصُرْنِیْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ (اختر محمود‘ ہری پور ہزارہ)

# پیسوں کی سخت ضرورت! دس منٹ کی دعا سے پوری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عیدالاضحیٰ سے پانچ یا چھ دن پہلے میرے اوپر اچانک کچھ معاملات آگئے‘ میں نے کمیٹی بھی دینی تھی اور قربانی کا حصہ بھی ڈالنا تھا‘ گھر میں بھی کچھ اخراجات بڑھ گئے‘ اچانک تنگی آگئی اور تقریباً 25 ہزار روپے کی اچانک ضرورت پڑ گئی۔ میں نے نماز عشاء ادا کی اور پھر اللہ سے خوب رو رو کر مانگا۔ آپ اکثر درس میں فرماتے ہیں کہ ’’روپ نہیں ہے تو بہروپ ہی بنالے یہ بھی قبول ہے‘‘ بس 10 منٹ مانگا اور خوب مانگا‘ بس میرے کریم اللہ کو ترس آگیا اور میں مانگ کر ایسے مطمئن ہو گیا کہ جیسے میرے اللہ نے مجھے تھپکی دے کر مطمئن کر دیا ہو کہ جا ہم تیرا کام کردیں گے۔ بس اسی طرح میں اللہ سے مانگ کر سو گیا۔ صبح اٹھتے ہی ایسے اسباب بنے کہ مجھے یقین نہیں ہو رہا تھا کہ یہ ہوا کیا؟ اللہ نے اگلے دن شام تک 25 ہزار کا غیبی انتظام فرما دیا اور مجھے میرے کرائے دار نے دس دن پہلے ہی کرایہ دے دیا اور ایک بندے کو میں نے تھوڑا سا کہا ایک مہینے کے لیے 20 ہزار ضرورت ہیں انہوں نے ایک گھنٹے میں کر دیئے کیونکہ مجھے واقعی ضرورت تھی۔ بس اللہ نے غیب سے نظام چلایا۔ بس یقین شرط ہے۔ آپ بھی اعمال سے ملنے، بننے، بچنے کا یقین بنائیں۔

### زم زم سے شفایابی پانچ منٹ سے کم وقت میں

گزشتہ رات میں میرے سر میں شدید درد تھا زم زم پانی کا ایک گھونٹ یقین سے پیا کہ بس اللہ تو اس سے ٹھیک کر دے اور درد فوری ٹھیک ہو گیا۔ (محمد ارسلان‘ ملتان)

### جہاں مہمان زیادہ آئیں صرف وہ پڑھیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں مہمانوں کا آنا جانا بہت ہے میں سورۂ کوثر پڑھ کر کھانے پر پھونک دیتی ہوں‘ برکت زیادہ ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی کھانے کے کم ہونے کا خطرہ ہو تو سورۂ کوثر پڑھ پڑھ کر پھونکتے رہیں‘ ان شاء اللہ برکت ہوگی۔ (ن، حافظ آباد)

# اچھی امید

کامران مشتاق‘ لاہور

آپ ایک کامیاب فرد کو اس کی اچھی امید اور مثبت خیالات کے ذریعے فوراً پہچان سکتے ہیں۔ کامیاب آدمی جیتنے کی توقع رکھتا ہے۔ یہ شخص زندگی کو ایک حقیقی کھیل سمجھتا ہے مگر اسے جوا نہیں سمجھتا۔ کامیاب لوگ جیتنے کی توقع تین وجوہات کی بناء پر رکھتے ہیں۔ (۱) خواہش: وہ جیتنا چاہتے ہیں۔ (۲) اختیار نفسی: انہیں پتہ ہوتا ہے کہ نتائج وہ خود پیدا کرتے ہیں۔ (۳) تیاری: وہ جیتنے کی تیاری کر چکے ہوتے ہیں وہ تیار ہوتے ہیں۔ انہیں جیتنے کے ڈھنگ آچکے ہوتے ہیں۔

وہ لوگ جو تیار نہیں ہوتے انہیں کسی بھی صورت حال سے فائدہ نہیں ملتا۔ کامیاب لوگ لکی یا خوش قسمت ہوتے ہیں کیونکہ انہوں نے موقعوں سے فائدہ اٹھانے کی تیاری کی ہوتی ہے۔ کامیاب لوگوں می عموماً ’’پرامید‘‘ رہنے کا رجحان ہوتا ہے‘ جیتنے والا اپنے کو بہتر شخص سمجھتا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ وہ یہ بات ثابت کرے۔ شبے والا آدمی ناکام رہتا ہے جیتنے والے شبے میں نہیں رہتے۔ مارک اسپنڈز کو اولمپک میں سات سنہری تمغوں کی توقع تھی۔ سات بار وہ پانی میں کودا اور ساتھوں بار اس نے تیراکی کا موجودہ ریکارڈ توڑ دیا، اسے توقع تھی، وہ تیار تھا، اس نے ثابت کر دیا۔

ہوسکتا ہے آپ کو وہ فوائد نہ ملیں جن کے آپ مستحق ہیں مگر آپ کو وہ کچھ ضرور ملتا ہے جس کی آپ کو توقع ہوتی ہے۔

ناکام افراد ہمہ وقت سوچتے ہیں۔ شاید انہیں نوکری سے نکال دیا جائے گا۔ شاید وہ بیمار ہونے والے ہیں۔ شاید وہ فیل ہو جائیں گے۔ یاد رکھیں کہ ذہنی پراگندگی، جسمانی بیماری اور کمزوری کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔ خوف ہمیں اسی سچویشن میں پہنچا دیتا ہے جس سے ہم ڈرتے ہیں۔

### بلاک ٹریفک! راستہ کھولنے کا انوکھا فارمولہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ ہم سب گھر والے پڑھتے ہیں‘ الحمدللہ! بہت فیض ملتا ہے۔ روحانی و جسمانی ٹوٹکے اور اعمال نے زندگی بدل دی ہے‘ ایک ٹوٹکہ قارئین عبقری کی نذر‘ جب ٹریفک بلاک ہو راستہ نہ ملتا ہو تو گاڑی میں بیٹھے ربی سلم سلم سلم پڑھتے جائیں انشاء اللہ فوری راستہ کھل جائے گا۔ (محمد اکبر، جام پور)

آگ شفاء
جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گر جائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں‘ گرم استری لگنے سے‘ کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے‘ موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے‘ فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں‘ آگ شفاء استعمال کریں
(قیمت 80 روپے)

# صبح کی سیر! کمزور نہ بنائے یہ غذا کھائیے دوڑتے رہیے!

آسیہ نسیم، لاہور

دوڑنا ایک چیلنج ہے جو لوگ صبح سویرے چہل قدمی یا دوڑنے جیسی ایکسرسائز کرتے ہیں وہ اس بات سے اچھی طرح آگاہ ہوتے ہیں کہ صبح کا دوڑنا ان کی کتنی طاقت اور انرجی کو کنزیوم کرلیتا ہے نہ صرف یہ بلکہ یہ ایکسرسائز کیلوریز کو بھی ختم کردیتی ہے۔ یہ تھکاوٹ کا باعث بھی بن جاتی ہے لیکن ان تمام باتوں کے باوجود صبح سویرے دوڑنے کی مشق کی افادیت سے کسی کو انکار نہیں یہ صحت مند رہنے کے لیے انتہائی ضروری ایکسرسائز ہے جو لوگ اس ایکسرسائز کے عادی ہوتے ہیں وہ اکثر و بیشتر اس حوالے سے کنفیوژن کا شکار رہتے ہیں کہ صبح کی دوڑ سے واپس آنے کے بعد کسی قسم کی غذا لینی چاہئے جو انہیں بھرپور انرجی فراہم کرسکے ذیل کے فیچر میں چند ایسے مزیدار اور ذائقہ سے بھرپور منفرد آئیڈیاز پیش کیے جارہے ہیں جس سے آپ کے ناشتہ کی رونق دوبالا ہوجائے گی اور وہ صبح کی محنت طلب ایکسرسائز کے بعد دن بھر کے لیے آپ کو چاق و چوبند اور چست رکھے گی۔

**کیلا:** کیلے میں پایا جانے والی کاربوہائیڈریٹس کے متعلق ممکن ہے کہ بہت سے لوگوں کی رائے اچھی نہ ہو لیکن جو افراد صبح کی دوڑ لگاتے ہیں ان کے لیے کیلا بہترین غذا ہے۔ ہر رنر اور ایتھلیٹ اپنی انرجی بڑھانے کے لیے Carbs کا حصول چاہتا ہے اور اس کا بہترین ذریعہ کیلا ہی ہے۔ جو لوگ کیلا سادہ حالت میں نہیں کھانا چاہتے وہ اس کا شیک بھی بنا سکتے ہیں اس شیک میں کیلا دودھ (بغیر چکنائی کے) اور اسٹرابیری بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔ بہترین ذائقہ کے لیے اس میں چند قطرے لیمن جوس ڈال دیں آپ کے ناشتہ میں بنا نا شیک ایک مکمل صحتمند اور بھرپور ناشتہ ہے کیلے میں وٹامنز، منرلز اور کاربوہائیڈریٹ کا منفرد مکسچر پایا جاتا ہے جو کہ کسی ایتھلیٹ اور رنر کے Endurance کو بڑھانے میں مدد دیتا ہے۔

**فروٹ سلاد:** کسی بھی قسم کے پھل اور اس کا رس وٹامنز کا خزانہ ہوتے ہیں۔ رنگ کے بعد صبح فروٹ کھانا آپ کی صحت کے لیے بے انتہا فائدہ مند ہے اس ضمن میں اورنج، سیب، بلیک بیری اور گریپ فروٹ بہ طور خاص صبح کے وقت ناشتہ کے دوران کھائے جاسکتے ہیں۔ گریپ فروٹ اور بلیک بیری جیسے پھل میں اینٹی آکسیڈنٹ کی صلاحیت پائی جاتی ہے اس سے بلڈ پریشر متوازن رہتا ہے اور دل کی بیماریوں کا خطرہ بھی کم ہوجاتا ہے۔

**سبزیاں:** دن کا آغاز سبزیوں سے کرنا بھی صحت مند ثابت ہوتا ہے۔ ان میں پروٹین، وٹامنز اور منرلز جیسے قدرتی اجزاء پائے جاتے ہیں اس کے علاوہ سبزیوں میں اینٹی آکسیڈنٹ کی صلاحیت بھی موجود ہوتی ہے یہ تمام اجزاء جسم کو صحت مند، پٹھوں اور مسلز کو مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ مدافعتی نظام کو بھی فعال رکھتے ہیں۔ اگر سبزیوں کی غذائیت سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو ناشتہ میں پالک، سلاد کے پتے، بروکلی اور گاجر سے بہتر کوئی متبادل نہیں۔ اگر آپ سینڈوچ کھانا پسند کرتے ہیں تو اُبلے ہوئے انڈے کے ساتھ کھیرے اور ٹماٹر کا سینڈوچ آپ کے ناشتہ کے مزے کو دوبالا کردے گا سبزیوں سے دیگر غذائی اجزاء حاصل ہونے کے ساتھ انڈا آپ کے جسم کو پروٹین فراہم کرنے کا سبب بنے گا۔ سبزیوں کے کھانے خاص طور پر Celery قسم کی سبزیاں کو اپنی ڈائیٹ یا ناشتہ کا حصہ بنانے پر بلڈ پریشر نارمل رہے گا اور کینسر کے بننے والے سیل کا خاتمہ بھی ممکن ہوتا ہے۔

**بادام:** بادام ہر لحاظ سے بہترین غذا ہے اس میں کولیسٹرول کی مقدار انتہائی کم ہوتی ہے جبکہ اینٹی آکسیڈنٹ کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے اس لیے اس کا روزانہ کا استعمال بھی نقصان دہ نہیں ہوتا۔ یہ صبح کی دوڑ لگانے والے افراد کیلئے بھی مرغوب غذا ہے لیکن ظاہری بات ہے مارننگ دوڑ کے بعد ناشتہ میں صرف بادام سے کام نہیں چلایا جاسکتا اس لیے پیالہ کارن فلیکس یا پھر ایک مکمل ملک شیک میں بادام شامل کرکے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ بادام جلد کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے وٹامنز اور منرلز کی بھرپور تعداد ہونے کی وجہ سے اس کا استعمال کئی سنجیدہ قسم کی بیماریوں سے دور رکھتا ہے۔

**دہی:** دہی کا استعمال ہر لحاظ سے جسم و صحت کے لیے انتہائی فائدہ مند ہے۔ اور یہ تمام ایتھلیٹ کا پسندیدہ کھانا یا ڈش ہے۔ 45 منٹ یا اس سے بھی زیادہ دوڑنے والے افراد اگر ناشتہ میں دہی کا ایک پیالہ کھائیں تو پروٹین اور دیگر غذائی اجزاء سے بھرپور دہی جسم میں طاقت اور توانائی فوری طور پر فراہم کرے گا۔ دہی سے غیر معمولی فائدہ اٹھانے کے لیے اس میں کچھ پھل یا بادام شامل کرکے بھی کھایا جاسکتا ہے۔ دہی مسلز اور پٹھوں کو مضبوط بناتا ہے اور میٹابولزم سسٹم کو طاقت عطا کرتا ہے۔

**جَو کا دلیہ:** یہ رنرز کیلئے آئیڈیل ڈش ہے کیونکہ اس میں پروٹین، فائبر، کاربوہائیڈریٹ کی بھرپور مقدار شامل ہوتی ہے جو صحت کیلئے ہر لحاظ سے پرفیکٹ جانا جاتا ہے۔ اگر آپ اسے ذائقہ دار بنانا چاہتے ہیں تب اس میں اپنے پسندیدہ پھل کو شامل کرکے بلینڈ کرکے استعمال کریں۔ یہ خراب کولیسٹرول کو کم کرتا ہے اس میں فائبر موجود ہوتا ہے جس کی وجہ سے کولیسٹرول کا بڑھنا ممکن نہیں ہوتا۔

**مچھلی:** سی فوڈ کی اگر بات کی جائے تو سائنس سے بہتر یا متبادل کوئی اور چیز نہیں جو کہ اومیگا تھری فیٹی ایسڈ اور اینٹی آکسیڈنٹ کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ اس مچھلی میں اتنی صلاحیت پائی جاتی ہے کہ وہ آپ کے تھکے ہوئے جسم کو چاق و چوبند اور چشت بنادے۔ آپ سالمن فش کو فرائیڈ آلو اور اُبلی ہوئی سبزیوں کے ساتھ بنا سکتے ہیں۔ اگر اس سے مزید غذائی افادیت حاصل کرنا مقصد ہو تو اس میں تھوڑی مقدار زیتون کے تیل کی بھی شامل کی جاسکتی ہے۔ براؤن رائس اور پاستا کے ساتھ بھی پکائی جاسکتی ہے جو لمبے عرصہ تک کے لیے آپ کو چارج رکھنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

**چکن بریسٹ:** مرغی کے سینہ میں سب سے کم کیلوریز پائی جاتی ہے اس لیے اسے دن میں کسی بھی وقت پکا کر کھا سکتے ہیں، مرغی کا سب سے صحت مند حصہ مانا جاتا ہے۔ یہ آسانی سے پکایا جاسکتا ہے اور ذائقہ سے بھی بھرپور ہوتا ہے اگر اس میں تمام مناسب اجزاء ڈال کر پکایا جائے تو اس سے بہتر ذائقہ دار ڈش کوئی دوسری نہیں ہوسکتی۔ ایکسرسائز کے لیے جانے سے پہلے آپ کی یہ چکن ڈش تیار ہونی چاہئے تاکہ جب آپ واپس آئیں تو گرم کرکے نوش کرسکیں ناشتہ کیونکہ دن کے آغاز کا پہلا کھانا جو پورے دن کیلئے آپ کے جسم کو طاقت مہیا کرتا ہے اس لیے یہ مکمل اور بھرپور ہونے کے ساتھ بھاری بھرکم بھی ہونا چاہیے۔ چکن بریسٹ کا سالن اگر براؤن رائس کے ساتھ تناول کیا جائے تو یہ ایک صحتمند ناشتہ کا کام انجام دے گا۔ اور یہ آپ کو ایک لمبے عرصہ تک کے لیے چاق و چوبند رکھنے میں مدد دیگا۔

**کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد دو بال کیوں؟**

معاشرے میں پائے جانے والے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی، طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوچکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# دستر خوان جھاڑنا بھی ایک فن ہے!

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

حضرت مولانا سید اصغرحسین رحمۃ اللہ علیہ جو ''حضرت میاں صاحب'' کے نام سے مشہور تھے' بڑے عجیب و غریب بزرگ تھے۔ ان کی باتیں سن کر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانے کی یاد تازہ ہوجاتی ہے۔ حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

شہر کے قیام کے دوران ایک مرتبہ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے فرمایا: کھانے کا وقت ہے' آؤ ہمارے ساتھ کھانا کھالو۔

میں ان کے ساتھ کھانا کھانے بیٹھ گیا' جب ہم لوگ کھانے سے فارغ ہوئے تو میں نے اپنی سعادت مندی کے طور پر دسترخوان کو لپیٹنا شروع کردیا کہ میں باہر جاکر دسترخوان جھاڑوں' حضرت میاں صاحب نے مجھے ایسا کرتے دیکھا تو حضرت میاں صاحب نے میرا ہاتھ پکڑلیا اور فرمایا: ''کیا کررہے ہو؟'' میں نے کہا: ''حضرت دسترخوان جھاڑنے جارہا ہوں''

حضرت میاں صاحب نے پوچھا ''دسترخوان جھاڑنا آتا ہے تمہیں؟'' میں نے کہا: ''حضرت! یہ دسترخوان جھاڑنا کون سافن یا ایسا علم ہے جس کے لیے باقاعدہ تعلیم کی ضرورت پڑتی ہو' باہر جاکر جھاڑ دوں گا۔''

حضرت میاں صاحب نے فرمایا: ''اسی لیے تو میں نے تم سے پوچھا تھا کہ دسترخوان جھاڑنا آتا ہے یا نہیں؟ معلوم ہوا کہ تمہیں دسترخوان جھاڑنا نہیں آتا۔''

میں نے کہا: ''پھر آپ سکھادیں''

فرمایا: ''ہاں! دسترخوان جھاڑنا بھی ایک فن ہے''

پھر آپ نے اس دسترخوان کو دوبارہ کھولا اور بڑی احتیاط کے ساتھ اس پر جو بوٹیاں اور بوٹیوں کے ذرات تھے ان کو ایک طرف کیا اور ہڈیوں کو جن پر کچھ گوشت وغیرہ لگا ہوا تھا ان کو ایک طرف کیا اور روٹی کے جو چھوٹے چھوٹے ذرات تھے ان کو ایک طرف جمع کیا پھر مجھ سے فرمایا: ''دیکھو! یہ چار چیزیں ہیں اور میرے یہاں ان چاروں کی علیحدہ علیحدہ جگہ مقرر ہے۔ یہ جو بوٹیاں ہیں ان کی فلاں جگہ ہے' بلی کو معلوم ہے کھانے کے بعد اس جگہ بوٹیاں رکھی جاتی ہیں وہ آکر ان کو کھالیتی ہے اور ان ہڈیوں کے لیے فلاں جگہ مقرر ہے۔ محلے کے کتوں کو وہ جگہ معلوم ہے وہ آکر ان کو کھالیتے ہیں اور جو روٹیوں کے ٹکڑے ہیں ان کو میں دیوار پر رکھتا ہوں یہاں پرندے' چیل کوے آتے ہیں اور وہ ان کو اٹھا کر کھالیتے ہیں اور یہ جو روٹی کے چھوٹے چھوٹے ذرات ہیں تو میرے گھر میں چیونٹیوں کا بل ہے' ان کو اس بل میں رکھ دیتا ہوں وہ چیونٹیاں اس کو کھالیتی ہیں۔''

پھر فرمایا: ''یہ اللہ جل شانہٗ کا رزق ہے' اس کا کوئی حصہ ضائع نہیں جانا چاہیے''

حضرت مفتی محمد شفیع صاحب فرماتے تھے کہ اس دن ہمیں معلوم ہوا کہ دسترخوان جھاڑنا بھی ایک فن ہے اور اس کو بھی سیکھنے کی ضرورت ہے۔

## تایا کا آزمودہ عمل! جو مانگا ملا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ وظیفہ مجھے میرے تایا جان سے ملا' ان کے بقول تمام بڑے اکابرین کا اتفاق ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ہر نام مبارک اور پرتاثیر ہے مگر یہ پانچ نام بہت زیادہ اثر رکھتے ہیں جو بھی مشکل یا پریشانی آئے یہ پانچ اسماء الحسنیٰ پڑھ کر اللہ سے مانگیں ضرور ملے گا' یقین شرط ہے۔ پانچ اسم یہ ہیں: **یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ یَالَطِیْفُ یَاحَافِظُ یَامُقْتَدِرُ** ہر نماز کے بعد صرف پانچ مرتبہ پڑھیں۔ اچانک کوئی مسئلہ' کوئی پریشانی' کوئی مشکل' بیماری' تنگدستی' گھریلو الجھن بس اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے ہر فرض نماز کے بعد صرف پانچ مرتبہ درج بالا اسم پڑھ لیجئے۔ ان شاء اللہ چند دنوں کے اندر اندر آپ اس کے رزلٹ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔ فائدہ ملنے پر پوری امت مسلمہ' شیخ الوظائف' مجھے اور میرے تایا جان کو خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (محمد ارسلان رفیق' کراچی)

## آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری بچی سرکاری سکول میں چہارم کلاس میں پڑھتی ہے' میں گزشتہ کئی ماہ سے گھر میں بیروزگار پڑا تھا' گھر میں ہروقت کی ہونے والی نوک جھوک کا بچی پر بھی اثر پڑتا' ایک صبح گھر میں خوب لڑائی ہوئی' بچی نے بیگ اٹھایا اور روتے ہوئے سکول چلی گئی' سکول میں بھی روتی رہی تو اس کی ٹیچر نے اس کو علیحدہ بلا کر وجہ پوچھی تو بچی نے سب کچھ بتادیا' بچی کی ٹیچر نے اپنے بیگ میں سے ایک چھوٹا سا کتابچہ نکالا اور میں ایک صفحہ پر پین سے نشان لگایا اور بچی کو سمجھایا کہ گھر جاکر اپنی والدہ اور والد سے کہنا کہ یہ پڑھا کرے' ان شاء اللہ آپ کے گھر سے لڑائی جھگڑے اور تنگدستی ختم ہوجائے گی۔ میں نے کتابچہ دیکھا تو اس پر مزید اعمال کے ساتھ جس عمل پر پین سے نشان لگا تھا وہ یہ تھا۔ معاشی حالات کی بہتری کیلئے: نماز فجر کے بعد آیۃ الکرسی گیارہ بار اور نماز عشاء کے بعد اول و آخر تین مرتبہ درود شریف اور **یَاوَھَّابُ** 300 مرتبہ پڑھ کر گڑگڑا کر دعا مانگیں۔ میں نے پڑھنا شروع کردیا' صرف چند ہفتوں کے اندر اندر مجھے ایک دوست نے اپنے ساتھ کام میں لگالیا' الحمدللہ! اب میں خود ٹھیکیدار ہوں' گھر سے ساری لڑائیاں' جھگڑے ختم اور سکون آگیا ہے۔ (ن' فیصل آباد)

**گیارہ بار پڑھا شفاء مل گئی:** مجھے بیٹھے بیٹھے اچانک دل کی سائیڈ پر سخت تکلیف ہوتی' بعض اوقات تو میں اوندھے منہ گرجاتا' چلتے ہوئے سانس چڑھ جاتا' کچھ دیر بیٹھتا' سانس بحال کرتا اور پھر چلنا شروع کرتا۔ ایک مرتبہ ایک چائے کے ہوٹل پر بیٹھا تھا کہ ایک چھوٹا سا بچہ آیا اور ہر کسی کے ہاتھ میں ایک کتابچہ تھما کر چلا گیا' میں نے بھی آگے بڑھ کر لے لیا' گھر آکر پڑھا تو اس میں وظائف ہی وظائف تھا' مگر ایک جگہ میری نظر ٹھہر گئی' عمل یہ تھا کہ رات سوتے وقت دائیاں ہاتھ دل پر رکھ کر صرف گیارہ مرتبہ **یَابَاعِثُ یَانُوْرُ** پڑھنا تھا جبکہ اس کے فوائد بے شمار لکھے ہوئے تھے' (باقی صفحہ نمبر 60 پر

قارئین! بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو




دوسروں تک پہنچایئے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں' ہسپتالوں' کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر داورسی کا ذریعہ بنیں! (قیمت فی کتابچہ 20 روپے تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)

قدرت کا انمول تحفہ
# طب نبوی حسن و جمال کریم

چہرے کا حسن دوبالا کرے' داغ' دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ

انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے

طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ

قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# بیماریوں سے بچاؤ کے لیے خوشبو لگائیے

(ا۔م، لاہور)

کہتے ہیں کہ خوشبو انسان کی حساس ترین اور شاندار ایجاد ہے کیونکہ یہ ذہنی انتشار کو ختم کرتی ہے۔ اگر کبھی آپ کو کسی باغ میں جانے کا اتفاق ہو جہاں پھول ہی پھول ہوں یا کسی عطر بنانے والی فیکٹری میں گئے ہوں تو آپ نے محسوس کیا ہوگا کہ ایسی جگہوں پر داخل ہوتے ہی آپ کا موڈ خوشگوار ہونا شروع ہو جاتا ہے اگر آپ وہاں کام کرنیوالے لوگوں کا مشاہدہ کریں تو آپ دیکھیں گے کہ وہ لوگ بہت ہشاش بشاش ہیں اور بہت خوش مزاج ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ خوشبو انسان کے مزاج کو خوشگوار بناتی ہے۔ نہ صرف مزاج کو خوشگوار بناتی ہے بلکہ کئی جسمانی تکالیف کو کم کرنے میں بھی مددگار ہے۔ خوشبو صرف پھولوں سے ہی نہیں بلکہ پودے کے مختلف حصوں مثلاً چھال، تنے، جڑ، پتوں سے بھی حاصل ہوتی ہے۔ ایروما تھراپی میں خوشبو کو صرف سونگھا ہی نہیں جاتا بلکہ اس کے تیل مختلف طریقوں سے استعمال کئے جاتے ہیں۔ تیل لگانے، مساج کرنے یا ان کی خوشبو ناک میں داخل ہونے سے پٹھوں، ہڈیوں پر اپنا اثر دکھاتی ہے اور دماغ کے ذریعے اعصابی نظام کو بہتر بناتی ہے۔ ایروما تھراپی سے زیادہ تر نفسیاتی تناؤ، ڈپریشن، موڈ کی بہتری جسمانی درد کا علاج کیا جاتا ہے۔

## پرسکون نیند کے لیے

خوشبو کے اثرات مختلف طریقوں سے مرتب ہوتے ہیں۔ مختلف خوشبوؤں اور مختلف پودوں کی خوشبو کے اثرات مختلف ہوتے ہیں۔ خوشبو کے مالیکیولز دماغ خلیوں میں احساسات اور جذبات کو متحرک کرتے ہیں مثلاً ''لیونڈر'' کی خوشبو دماغ کو سکون دیتی ہے اور نیند آجاتی ہے۔ رات کو کمرے میں لیونڈر کی خوشبو آرام دہ نیند دیتی ہے۔

## اروما تھیراپی

دنیا بھر میں ایروما تھراپی سے ایسے مسائل کا حل تلاش کر کے انہیں اپنایا جا رہا ہے۔ چند آئل جو عموماً استعمال کئے جاتے ہیں ان میں لیونڈر آئل ذہنی تناؤ ''ڈپریشن'' نیند کی کمی کے لیے استعمال ہوتا ہے، لیمن گراس، بدہضمی، چہرے کی ایکنی، جسمانی درد، پسینہ کی زیادتی کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ لیموں پیروں کی سوزش پیروں میں فنگس انفیکشن، جسم پر پھولی ہوئی رگوں سے تکلیف میں کمی کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ تلسی کا تیل سانس کی تکلیف، زکام سردی، تھکن، آرتھرائٹس، جانور کے کاٹے ڈنگ، مچھروں سے حفاظت سائی نس کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

## ذہنی تناؤ سے نجات

کسی خوشبو کو سونگھ کر اچانک آپ کے ذہن میں کوئی خوشگوار یاد تازہ ہوگئی، اگر ہاں تو سائنس بھی اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ مخصوص مہک انسان کو اس کے سنہرے دور میں واپس لے جاتی ہے مگر بات یہی پر ختم نہیں بلکہ کچھ خاص خوشبوئیں ہمارے ذہن اور جسم پر بھی حیرت انگیز اثرات مرتب کرتی ہیں۔ تناؤ سے لیکر سردرد، خوشی، نیند غرض متعدد مثبت بہترین کیلئے یہ خاص خوشبوئیں ہمارے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوتی ہیں۔ درج ذیل میں ایسی ہی خوشبوؤں کا ذکر ہے جو ماحول مہکانے کے ساتھ ساتھ ہمارے جسم و ذہن کیلئے بھی فائدہ مند ثابت ہوتی ہیں۔ خوشبو سے علاج کو اروماتھراپی کہا جاتا ہے۔

## لیونڈر کی مہک نیند کیلئے فائدہ مند

لیونڈر نامی پھول کی مہک ذہن اور جسم کو فوری طور پر سکون کا احساس پہنچاتی ہے، خاص طور پر بے خوابی کے شکار افراد کیلئے تو یہ بہت فائدہ مند ہے۔ ایک تحقیق میں یہ بات سامنے آئی تھی کہ جامنی رنگ کے لیونڈر کی مہک نیند کیلئے فائدہ مند ہے۔ ذہن اور جسم کو فوری طور پر سکون کا احساس پہنچاتی ہے خاص طور پر بے خوابی کے افراد کیلئے تو یہ بہت فائدہ مند ہے۔ ایک تحقیق میں یہ بات سامنے آئی تھی کہ جامنی رنگ کے ان پھولوں کی خوشبو نیند کے مسائل کیلئے انتہائی موثر ثابت ہوتی ہے۔

## دار چینی کی مہک ذہن تیز کرتی ہے

یہ میٹھی مہک والی بوٹی آپ کی دماغی طاقت کو بڑھاتی ہے۔ ایک امریکی یونیورسٹی میں تحقیق میں یہ بات سامنے آئی تھی کہ دار چینی کی خوشبو سونگھنے سے دماغی افعال جیسے یادداشت، توجہ اور دیکھ کر رد عمل جیسی صلاحیتیں بہتر بنانے میں معاون ہے۔

## صنوبر کی خوشبو تناؤ کم کرتی ہے

پائن یا صنوبر کی مہک ہمارے تشویش یا فکر کو کم کرتی ہے۔ ایک جاپانی تحقیق کے مطابق صنوبر کے درختوں کے آس پاس گھومنے سے تناؤ اور مایوسی کی شرح کم ہوتی ہے اور اعصاب کو سکون محسوس ہوتا ہے، اس کے علاوہ تحقیق میں مزید یہ بات سامنے آئی کہ اس مہک کے اثر سے فوری طور پر ذہنی سکون کا احساس ہوتا ہے۔

## گھاس کی خوشبو آپ کو خوش باش بناتی ہے

ایک تحقیق کے مطابق اس مہک سے ایسا کیمیکل خارج ہوتا ہے جس سے لوگوں کو خوشی اور سکون کا احساس ہوتا ہے۔ یہ خوشبو عمر بڑھنے کے ساتھ ذہنی تنزلی کی کمی کو پورا کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پارک میں جا کر گھاس پر بیٹھنے سے انسان کا موڈ خوشگوار ہو جاتا ہے۔

## ترش پھلوں کی مہک توانائی کا احساس دلاتی ہے

اگر آپ ذہنی طور پر زیادہ بہتر کارکردگی کے خواہشمند ہیں تو کافی یا چائے کی بجائے ترش پھلوں کا انتخاب کریں۔ لیموں اور مالٹے صرف وٹامن سی کی وجہ سے ہی نہیں جانے جاتے بلکہ ان دونوں کی مہک سے توانائی کا احساس بڑھتا ہے۔

## ونیلا کی خوشبو

مزاج کو بہتر بناتی خوشی اور سکون کا احساس دلاتی اور موڈ خوشگوار کرتی ہے۔

## پودینہ کی مہک ارتکاز بڑھاتی ہے

سانسوں کی تازگی کے ساتھ ساتھ پودینے کی خوشبو دماغ کیلئے فائدہ مند ہے۔

## چنبلی کے پھول کی مہک

ذہن کو ہوشیار تو کرتی ہے مگر یہ مایوس کن خیالات کی روک تھام میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہے۔ ایک تحقیق میں یہ بات سامنے آئی کہ چنبیلی کے تیل کی مہک سے ڈپریشن سے ریلیف ملتا ہے اور مزاج خوشگوار ہوتا ہے۔

## سیب کی خوشبو

ایک سیب کا روزانہ استعمال ضرور رکھے ڈاکٹروں سے اور یہ بات کم از کم سردرد کی حد تک تو بالکل درست ہے کیونکہ سیب کی خوشبو سردرد کی روک تھام کیلئے بہت مفید ہے۔ تحقیق کے مطابق اس پھل کی خوشبو سے میگرین یا آدھے سر کے درد کو کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔

گُردی
مختصر دوائی فائدے بے شمار
کمزور گردے پرانی سے پرانی گردہ مثانے کی پتھری یوریا یورک ایسڈ، کریٹنن ڈائیلاسز سے نجات کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گردی استعمال کریں
گردے کے مریض کو جہاں شفایابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔
(قیمت صرف 230 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

### قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر

## عمر بھر غیر ضروری بال نہ آئیں گے! انوکھے 2 ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس نسخہ جات کی بہت پرانی ڈائری پڑی ہے اس میں بہت نایاب نسخہ جات ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں:۔

### خونی بواسیر کی جادو اثر دوا

یہ نسخہ پرنالے کی طرح بہتے خون کو فوراً بند کر دیتا ہے۔ ھوالشافی: رتن جوت، چھلکا انار کابلی، چاکسو مقشر، سرمہ سفید، دانہ الائچی خورد (ہر ایک ایک تولہ) تمام ادویات کو باریک کر کے بقدر چھ ماشہ روزانہ باسی پانی سے دیں اور روٹی گھی سے کھانے کی ہدایت کریں۔ چند دنوں میں بواسیر ختم۔

### میٹھی مراد کے استعمال سے شرطیہ لڑکا ہوگا

ھوالشافی: بداری قند اور اعلیٰ بیل گری کو ہر دو تازہ ادویات لیکر جدا جدا پیس کر پانی کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور ان کے اوپر سونے، چاندی کے ورق لپیٹ کر محفوظ رکھیں بس دوا تیار ہے۔ **مقدار خوراک و ترکیب:** جن کے لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں، وہ حمل ٹھہرنے کے پورے 60 روز گزرنے کے بعد 61ویں یا 62ویں حد 63ویں روز عورت کو نہلا دھلا کر اور نئے کپڑے بدلوا کر ایک گولی بوقت صبح اور دوسری گولی بوقت دوپہر اور تیسری گولی شام کے وقت ہمراہ دودھ گائے دیں۔ مگر یاد رہے دودھ ایسی گائے کا ہو جس نے بچھڑا دیا ہو نیز اس روز گائے کے دودھ کے اور کچھ کھانے پینے کو نہ دیں اگر شام کے وقت بھوک زیادہ ستائے تو چاول گائے کے دودھ سے دیں۔

### جلن دار پھنسیوں کیلئے انتہائی مفید مرہم

زنک آکسائیڈ (باریک کپڑے سے چھنا ہوا) 150 گرام، ہیرافین آئنٹمنٹ یا صرف ویزلین سفید 850 گرام تھوڑی سی ویزلین میں زنک اوکسائیڈ ملا کر خوب رگڑیں پھر باقی ویزلین آہستہ آہستہ ملاتے اور رگڑتے جائیں۔ جلن دار پھنسیوں وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

### جلے ہوئے مقام کیلئے اس سے بہتر کچھ نہیں

بورک ایسڈ باریک شدہ کپڑے سے چھنا ہوا پانچ حصے، ویزلین سفید یا پیرامین آئنٹمنٹ 95 حصہ۔ **ترکیب تیاری:** حسب سابق زخم اور جلے ہوئے مقام کیلئے مفید ہے۔

### مچھر بھگا تیل! بنائیے فروخت کیجئے!

سٹرہ نیلا آئل ایک پاؤنڈ، وائٹ آئل تین پاؤنڈ، لیمن گراس آئل ایک اونس تینوں کو باہم ملا کر خوب حل کریں اور ایک ایک یا دو دو اونس شیشیوں میں نفیس پیکنگ کر کے فروخت کریں، رات کو سوتے وقت جسم کے ننگے حصوں پر ملیں مچھر نزدیک تک نہیں آئے گا۔ اسے مزید تیز کرنے کے لیے وائٹ آئل کی مقدار بڑھا دیں۔

### عمر بھر غیر ضروری بال نہ آئیں گے

(1) ایکسٹرا یکٹ کالچی سائی ایک پاؤنڈ، الکحل حسب ضرورت دونوں چیزوں کو ملا کر کریم کی شکل پر تیار کرلیں اور ایک ایک اونس کی شیشیوں میں بند کرلیں۔ ترکیب استعمال: بالوں کو اترا، موچنا یا بال صفا پاؤڈر وغیرہ سے صاف کر کے دوائی کا لیپ کریں دس منٹ بعد دھولیں چند بار ایسا کرنے سے بال ہمیشہ کیلئے نکلنا بند ہو جائیں گے۔ (2) کالچی سائی (سورنجاں) تین چھٹانک، نشاستہ تین چھٹانک، کاربونیٹ آف پوٹاشیم دس چھٹانک، بیریم سلفائیڈ ایک چھٹانک تمام چیزوں کو باریک پیس کر سفوف بنالیں اور بوقت ضرورت تھوڑا پانی ملا کر پاؤڈر کی طرح استعمال کریں پانچ منٹ بعد دھولیں بال بھی اتر جائیں گے اور کئی بار ایسا کرنے سے بال اگنے بھی بند ہو جائیں گے۔ (زمر، لاہور)

## عبقری سے پڑھے وظائف کے فوائد جو مجھے ملے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری گزشتہ سات سال سے پڑھ رہی ہوں، زندگی کے ہر موڑ پر آئے مسئلہ کا حل اس رسالہ میں مجھے موجود ملتا ہے۔ ویسے تو بے شمار ٹوٹکے اور وظائف آزمائے مگر آج جتنے یاد ہیں وہ لکھ رہی ہوں ان شاء اللہ مزید بھی لکھتی رہوں گی تاکہ مخلوق خدا کو فائدہ ہو۔

(1) کھیعص والا عمل کرنے سے جس سے آپ کو کام ہو وہ بندہ آپ پر مہربان ہو جاتا ہے۔ عمل یہ ہے: جب بھی کسی شخص سے کام ہو یا آپ چاہتے ہیں کہ وہ بندہ آپ کی بات سنے اور آپ کا احترام کرے تو جانے سے پہلے پانچوں انگلیوں پر کھیعص اس طرح پڑھیں کہ پہلے 'ک' پڑھیں اور ایک انگلی بند کر دیں، پھر 'ھ' پڑھیں اور دوسری انگلی بند کر دیں، پھر ی پڑھیں اور تیسری انگلی بند، پھر ع پڑھیں چوتھی انگلی بند اور پڑھ ص پڑھ کر انگوٹھا ملا کر مٹھی بند کرلیں، جب اس بندے کے سامنے جائیں تو مٹھی کھول دیں۔ بس اتنا سا عمل ہے۔

(۲) خواب میں جنات ڈراتے ہیں تو "یا قہار" پڑھتی ہوں تو وہ دفع ہو جاتے ہیں۔ اور میں پرسکون نیند سو جاتی ہوں۔

(۳) جب بھی کوئی چیز گم ہو "یَارَبِّ مُوسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" والا وظیفہ پڑھنے سے لمحوں میں مل جاتی ہے۔

(۴) رکشے والے کے سامنے "یا قہار" پڑھتی ہوں تو میری مرضی کے پیسے لیتا ہے۔

(۵) جب بھی درد سر ہوتا ہے نام "محمد ﷺ" درد والی جگہ پر لکھتی ہوں درد فوراً ٹھیک ہو جاتا ہے۔

(۶) سورۂ والعصر والا عمل کرنے سے جو چاند کی چودھویں کو چاند کو دیکھ کر لا تعداد پڑھنا ہے اس کے پڑھنے سے میری زندگی میں گناہوں کی تعداد کم ہوئی، سکون ملا، مسائل حل ہونا شروع ہو گئے۔ (ج، چکوال)

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
درد شقیقہ میں مبتلا افراد اسے استعمال کریں
گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا
قیمت 140 روپے علاوہ ڈاک خرچ

غلام قادر ہراج جھنگ

# گردے کی پتھری ختم! چند مفید مشورے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گردے کی پتھری خارج کرنے کے لیے چند مفید آزمودہ علاج پیش خدمت ہیں' یقیناً قارئین مستفید ہوں گے:(۱) تینوں وقت کی غذا سے دو گھنٹے قبل تین چار گلاس پانی پئیں۔ رات کو نہ پئیں۔

(۲) کھیرے کا استعمال ایک ماہ کریں بشرطیکہ اس کی قاشوں پر کالا نمک اور پسا ہوا نوشادر چھڑکا جائے۔(۳) خربوزے کا چھلکا نصف کلو لیں' چار کلو پانی میں ابالیں جب آدھا رہ جائے تو چھان لیں' حسب منشاء میٹھا کرکے ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے ایک کپ پلائیں۔(۴) گاجروں کا پانی ایک پاؤ لیکر تین ماشے قلمی شورہ ڈالیں اور ملا کر روزانہ پلائیں۔

(۵) انار کے دانے پیس کر چنے کے شوربہ کے ساتھ استعمال کریں' دن میں تین بار یہ عمل کریں۔(۶) چھوٹی الائچی کا سفوف چھ ماشہ' صبح شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔(۷) ایک پیالی رس چقندر دن میں تین بار استعمال کریں۔

## درج ذیل غذا سے دوران بیماری پرہیز کریں

آلو، اروی، مسور کی دال، ٹماٹر، انڈا، پالک، چاول، دال ماش، گوبھی، مٹر اور ٹھنڈا پانی۔

## سنگرہنی! مہلک مرض! علاج بھی کیجئے!

سنگرہنی یہ ایک مہلک بیماری ہے جس سے مریض دستوں میں مبتلا ہوکر گھل گھل کر جان دے دیتا ہے۔ سنگرہنی کے معنی ہیں ''ہمیشہ ساتھ رہنے والی بیماری''۔ **علامات:** مٹیالے رنگ کے دست آتے ہیں کبھی کبھی ان میں خون بھی آتا ہے۔ کبھی کبھی بلا علاج دست رک بھی جاتے ہیں پھر دوبارہ شروع ہوجاتے ہیں اکثر مریض کے منہ کے اندر چھالے بن جاتے ہیں۔

علاج: ھوالشافی: دھماسہ بوٹی (جسے کینسر کا تریاق کہا جاتا ہے) ایسی حالت میں اکھاڑیں جب پھول لگنے کے بعد اس کی کچی ڈوڈیاں لگ چکی ہوں۔ اکھاڑ کر سایہ میں خشک کرلیں ایسی جگہ آگ لگائیں جہاں ہوا نہ لگتی ہو ورنہ راکھ اُڑ جانے کا خدشہ ہے۔ اس راکھ کو ڈبیہ میں بند کریں اس دوائی سے تین چار ماشے حسب مزاج عمر، قد، چاول کے پانی سے ایک خوراک صبح ایک خوراک شام کو دیں۔ سوائے دہی کے کوئی غذا نہ دیں۔ تین روز کے بعد چاول بھی دے سکتے ہیں۔ بفضلہ تعالیٰ مریض کلی طور پر صحت پائے گا۔

(۲) آم کی اندرونی چھال پانی میں پیس کر ناف کے اردگرد ضماد کریں۔(۳) مریض کے سرہانے امرود کے تازہ پتے، سبز دھنیا اور گلاب کی پتیاں رکھیں اور مریض سے کہیں کہ ہر وقت باری باری ان تینوں چیزوں میں سے کوئی ایک چیز منہ میں رکھیں اور منہ خالی نہ رکھیں۔ دو دن دہی کے علاوہ کچھ نہ کھائیں پھر چاول استعمال کریں۔ پندرہ دن کے بعد کچا آلو، کچا امرود اور کلیجی کا پانی استعمال کرے۔ ان شاء اللہ مریض تندرست ہوجائے گا۔

## دیسی بیر اور جَو کی روٹی کا کمال

ٹانگوں میں درد: میری ٹانگوں میں شدید درد ہوتا تھا۔ اٹھنا بیٹھنا بہت مشکل ہو رہا تھا میں نے ایک ہفتہ دیسی بیر کھائے اور صبح جَو کی روٹی استعمال کی ٹانگوں کا درد اللہ تعالیٰ کے فضل سے بالکل دور ہوگیا۔

## قبض و گیس والے مریض متوجہ ہوں

ملتان کے ایک بزرگ حکیم صاحب سے نسخہ ملا ہے جوان کا بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ ایلوا 20 گرام، سونف 10 گرام، انیسوں 10 گرام، سفید زیرہ 10 گرام، پوست ہلیلہ زرد موٹی (بیج نکال کر) 20 گرام، اسبغول ثابت (لیس دار) 10 گرام۔ ترکیب: 150 گرام پانی میں اسپغول رات کو بھگوئیں صبح جالی دار کپڑے سے لعاب نکال دیں۔ تمام اجزاء باریک پیس کر لعاب میں مکس کریں سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔ دو گولیاں رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کریں۔

## دل میں سوراخ ہونا

بھوآنہ ضلع چنیوٹ کے ایک حکیم صاحب کو دل کا عارضہ تھا ڈاکٹروں نے چیک کیا کہ دل میں سوراخ ہوچکا ہے۔ انہوں نے تین ماہ متواتر ''حم لاینصرون'' کا وظیفہ کیا اور بے تحاشا ورد کرکے اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔ تین ماہ کے بعد دوبارہ لیبارٹری ٹیسٹ کرایا تو ڈاکٹر حیران رہ گئے کہ دل کے سوراخ کا نام و نشان تک نہیں' اللہ کریم کے کلام میں کتنی برکت ہے۔

# لاعلاج بیماری اور جادو جنات کے ڈسے افراد کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ ہمیشہ عبقری اور آپ کی فیملی کا ہمیشہ نگہبان ہو۔ قیامت تک عبقری کے پورے نظام، تسبیح خانہ، دارالتوبہ، روحانی منزل کی ہمیشہ غیبی مدد کرے۔ (آمین)۔ اگست کے شمارے میں لکھا تھا کہ جن لوگوں کے آدھے سر میں درد ہو تو بیری کے پتوں کو پانی میں ابال کر اس پانی سے غسل کریں فوراً آرام آجائے گا۔ مجھے بیری کے پتوں کی کوئی پہچان نہ تھی' بازار گئی پھر ہسپتال بیٹے کی دوائی لینے گئی وہاں بہت زیادہ درخت لگے ہوئے تھے' پوچھتے پوچھتے مجھے بیری اور نیم کے پتے مل گئے۔ اس کے علاوہ آپ نے ایک مرتبہ رسالہ میں لکھا تھا کہ چالیس بیری کے پتے لیں ہر پتے پر علیحدہ علیحدہ تین مرتبہ پہلا کلمہ تین مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر پتوں کو ابال کر اس پانی سے نہائیں ہر لاعلاج بیماری اور جنات کے ڈسے ہوؤں کے لیے لاجواب چیز ہے' واقعی زبردست چیز ہے۔ نہانے کے بعد محسوس ہوتا ہے کہ جسم سے کوئی بوجھ اتر گیا ہے۔ میں متواتر استعمال کر رہی ہوں طبیعت میں بہت بہترین محسوس ہو رہی ہے۔ (زوجہ محمد اسحاق، راولپنڈی)

## من پسند ٹرانسفر کیلئے میری بہن کا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اس عمل کے میرے ذاتی تجربات ہیں لیکن میں آپ کو صرف ایک تجربہ لکھ رہی ہوں' دو سال پہلے میری بہن کی شادی ہوئی' میرے بہنوئی پاکستان کی ایک سکیورٹی فورس میں ملازم ہیں' شادی کے فوراً بعد ان کی ٹرانسفر ایک ہزار کلومیٹر دور ایک پہاڑی علاقہ میں ہوگئی' میری بہن بہت زیادہ پریشان تھی' وہ چاہتی تھی کہ ان کی ٹرانسفر اپنے شہر میں ہوجائے' اس کیلئے ان کو میں نے یہ عمل بتایا کہ ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ' تین مرتبہ سورۂ اخلاص اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف' صبح و شام اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ آپ یقین نہیں کریں گے کہ صرف ایک ہفتے میں ان کی درخواست منظور ہوگئی اور ان کا ٹرانسفر بھی ہوگیا' اب وہ ہمارے شہر میں ہی ہیں' ان کو ڈیپارٹمنٹ بھی مل گیا ہے' صبح جاتے ہیں اور شام کو واپس گھر آجاتے ہیں' واقعی اللہ تعالیٰ کے کلام میں بڑی طاقت ہے اگر کوئی یقین سے پڑھے تو۔ (پوشیدہ' بہاولنگر)

جوانی گولیاں

سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں

جب جوانی بے لگام ہوجائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہوجائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہوجاتی ہیں۔ چہرے پر دانے' داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ' چڑچڑاپن۔ ڈیپریشن' ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہوجانا۔ ایسی تمام حالتوں میں ''جوانی گولیاں'' استعمال کریں۔

قیمت صرف 150 روپے

# سورۂ تغابن پہلی آیت ایک مرتبہ پڑھیں اور شفا پائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ سے تعلق بہت پرانا ہے اگرچہ ملاقاتیں بہت کم ہوئی ہیں۔ عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' لاجواب تحریریں اور بے مثال وظائف سے مزین رسالہ لوگوں کو پڑھنے کیلئے دیتا ہوں۔ لوگوں کے مشاہدات رسالے کے متعلق سنتا اور عبقری میں پڑھتا ہوں تو دل خوشی سے باغ باغ ہوجاتا ہے۔ میری عمر اس وقت 78 سال ہے الحمدللہ! جسم کے کئی دردوں سے اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا ہے۔ ہاں اگر کبھی بخار ہوجائے وہ بھی 104-105 تک، مگر جسم میں کسی قسم کے درد کا احساس تک نہیں ہوتا۔ 2000ء سے اس وظیفہ کی پابندی کررہا ہوں' وقت بہت ہی کم خرچ ہوتا ہے' اپنے پاس آنے جانے والوں کو اکثر بتاتا رہتا ہوں۔ عبقری کے اور وظائف سے بھی لوگوں کو آگاہ کرتا رہتا ہوں۔ مذکورہ وظیفہ حسب ذیل ہے: ہر فرض نماز کا سلام پھیرنے کے بعد یا دعا کے بعد دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پیشانی پر رکھ کر سورۂ تغابن کی پہلی آیت صرف ایک بار پڑھ لیا کریں۔ یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ صرف ایک بار پڑھ لیا کریں۔ وظیفہ پر دوام شرط ہے۔ فوری اثر اور تیر بہدف عمل ہے' میری طرف سے تمام قارئین کو اس کی اجازت ہے۔ درد کے علاوہ بھی کوئی مسئلہ ہو اس کی نیت کرکے یہ آیت ہر نماز کے بعد سخت تصور کرتے ہوئے پڑھیں' چند دنوں میں مسئلہ حل ہوجائے گا۔ ان شاء اللہ۔ (قاری مشتاق' گجرات)

## موہکے کا علاج گھوڑے کا بال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ٹوٹکہ سیکشن میں اپنا ایک آزمودہ ٹوٹکہ لیکر حاضر ہوا ہوں' اس سیکشن میں واقعی بہت کمال کے ٹوٹکے ملتے ہیں' ہم بھی بہت مستفید ہوتے ہیں' ہم نے اپنے بڑوں سے سنا ہے کہ موہکے کا علاج گھوڑے کا بال موہکے پر کس کر باندھ دینے سے موہکا اُتر جاتا ہے۔ (افضال احمد، سکھر)

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن:** قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔

**نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کبھی ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

قسط نمبر 149

اسلام اور رواداری

## پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

ابن زیب بھکاری

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی ﷺ کے پیرو کار ہیں انکا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے بیت المقدس کا محاصرہ کیا' محاصرہ سے پریشان ہوکر بیت المقدس کے پادریوں نے اس شرط پر صلح کی کہ شرائط خود خلیفہ کے ذریعہ طے ہوں' چنانچہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی طلب پر امیرالمومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بیت المقدس تشریف لے گئے' امیرالمومنین شہر بیت المقدس کے قریب پہنچ گئے تو ایک عیسائی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ میں ایک ذمی ہوں اور یہ سامنے میرا باغ ہے آپ کی فوج کے کچھ لوگ باغ کو نقصان پہنچا رہے ہیں امیرالمومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ باغ کے پاس گئے دیکھا کہ کچھ لوگ باغ سے انگور لیے جارہے ہیں' امیرالمومنین نے ان کو ٹوکا' انہوں نے کہا کہ ہم لوگوں کو بھوک لگی تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ باغ میں گئے وہاں بھی کچھ لوگوں کو پایا' آپ نے اس ذمی کو اپنے پاس بلایا اور باغ کی قیمت دریافت کرکے اس کی قیمت ادا کردی۔

"پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" "امن اور عبقری" انسانیت اور رواداری' کتب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔

# میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سببِ تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکر گزار ہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا' مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے' اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 69: شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول:** قارئین کون نہیں چاہتا ہے کہ اس کی زندگی شاندار ہو اور اس کی زندگی میں خیر ہو' شر نہ ہو اس زندگی میں راحت ہو' مشکل نہ ہو اس زندگی میں عافیت ہو' مصیبت نہ ہو تو پھر ایسے حالات میں۔ جاندار اصولوں کی طرف توجہ کیے بغیر راحت نہیں مل سکتی پھر جب بھی جاندار اصولوں کی طرف توجہ دی جائے گی اور ان کو مشعل راہ بنایا جائے گا زندگی پرسکون پرعافیت اور راحت سے مزین ہوگی۔ اس کتاب کی تالیف صرف اسی لیے کی گئی کہ زندگی پرسکون پرعافیت اور راحت سے مزین ہو' یہ تمام اصول اس کتاب میں آپ کو ملیں گے۔ ہاں ایک چیز لازم ہے غیرشرعی عمل میں راحت ہرگز نہیں' برکت ہرگز نہیں۔ اس کتاب کی تالیف میں جن معزز شخصیات کی تحریروں اور رسالہ جات سے استفادہ حاصل کیا گیا ان کے نام درج ہیں: میم الف۔ مرحوم شیر محمد اختر۔ مسعود احمد برکاتی۔ رضوان اکبر۔ سرفریڈرک ٹریویز۔ محمد بشیر جمعہ۔ زاہد علی۔ محمد شریف کیانی۔ قدسی عسکری۔ ممتاز احمد خان۔ مسعود فارابی۔ ڈاکٹر ایم اے فاروقی۔ پروفیسر بدر اسماعیل۔ زبیر حسین۔ عرفان محمود۔ شاہد عمر۔ حکیم فیروزالدین اجملی۔ رسالہ جات: حکایت۔ سیارہ ڈائجسٹ۔ اردو ڈائجسٹ۔ ہمدرد صحت۔ قومی ڈائجسٹ۔ ضیاء الحکمت۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر "پتھری ڈائیلاسز کورس" کا کمال دیکھیں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
یوریا' یورک ایسڈ اور کریٹنین بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# پرندہ آیا گھر سے کالی چیز اٹھائی اور سکون ہو گیا!

### پھر ہماری ابو سے صلح ہوگئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں اور میری والدہ بہت شوق سے پڑھتی ہیں، ہم دونوں نوچندی جمعرات تسبیح خانہ میں درس سننے آتے ہیں اور باقی مہینہ آن لائن درس لائیو سنتی ہیں۔ عبقری رسالہ کی وجہ سے ہماری زندگی میں بہت آسانیاں آگئی ہیں، گھر سے سالہا سال پرانے جھگڑے جو کسی صورت ختم ہی نہ ہوتے تھے، وہ آج ختم ہو چکے ہیں۔ میں یہاں قارئین کو بتانا چاہتی ہوں کہ میرے ابو جان بہت جھگڑالو طبیعت کے ہیں، ایک منٹ میں ان کا بلڈ پریشر بہت ہائی ہوجاتا ہے اور پھر جو منہ میں آیا نکال دیا، کسی کا کوئی لحاظ نہیں، لڑائی بڑھتی اور پھر بڑھتی ہی جاتی۔ میں گھر کے اس ماحول کی وجہ سے بہت پریشان تھی، میں والدہ کے ساتھ جمعرات کے دن صبح صبح لاہور پہنچی، ہم دونوں پہلے لاہور شاہی قلعہ میں موجود ''موتی مسجد'' میں گئے، وہاں بتائے گئے نوافل ادا کیے۔ نوافل کا طریقہ: دو رکعت نفل کی نیت کریں جب سورۂ فاتحہ پڑھیں، جب آیت اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پر پہنچیں تو اس آیت کا مسلسل تکرار کرنا ہے۔ جب تھک جائیں تو باقی نماز مکمل کر کے سلام پھیر لیں اور اللہ کے حضور گڑگڑا کر دعائیں کریں۔ ہم نے بھی خوب دعائیں مانگیں، اللہ کریم سے باتیں کیں اور واپس گھر آ گئے۔ رات کو سوتے وقت میں نے ایسے ہی سوچا کہ میں نے تو وہاں موتی مسجد کے شاہی جنات دیکھے ہی نہیں، ایسے ہی سوچتے سوچتے میں سوگئی۔ خواب دیکھا کہ سفید رنگ کا زمین پر کپڑا بچھا ہوا ہے اور اس کے اوپر بہت سے جنات بیٹھے ہوئے ہیں سبز اور گولڈن لباس میں اور بہت بڑی اللہ کے ذکر کی محفل ہورہی ہے۔ پھر میں نے دیکھا کہ پرندہ ہے جو ہمارے گھر کوئی کالی سیاہ چیز ہے وہ اٹھا کر لے گیا۔ اس کے بعد ہماری ابو سے صلح ہوگئی۔

### بیٹے کا کزن گم ہوا اور یوں مل بھی گیا

میرے کزن کا بیٹا گم ہوگیا میں نے سورۂ کوثر پڑھنی شروع کردی جب میں نے تقریباً 60,70 بار پڑھی ہم ڈھونڈ ڈھونڈ کر تھک چکے تھے تو ایک شخص اسے لیکر ہمارے گھر آ گیا یہ سورہ کوثر کی برکت سے ہوا۔

### رکی ہوئی تنخواہ بحال ہوگئی

میں ایک جگہ پرائیویٹ کمپنی میں جاب کرتی تھی میری وہاں تنخواہیں پھنسی ہوئی تھیں، میں بہت پریشان تھی، پیسوں کی اشد ضرورت تھی۔ ''جنات کا پیدائشی دوست'' کالم میں ایک عمل پڑھا، میں نے وہ کرنا شروع کردیا، صرف دو ماہ عمل کیا، ہمارے آفس کے مالک نے ایک لڑکے کو بھیج کر پیسے گھر بھجوا دیئے۔ یہ عمل کرنے کی وجہ سے میرے شوہر کا رویہ میرے ساتھ بہت بہتر ہوگیا ہے اب تو وہ علیحدہ گھر بنانے کی خود ہی باتیں کرنا شروع ہوگئے ہیں حالانکہ اس سے پہلے ان کا ایسا ارادہ ہرگز نہیں تھا۔ یہ میرے اللہ کا کرم ہے۔

**چاند کا عمل:** جب چاندنی رات ہو تو چاند کو دیکھتے ہوئے اگر سورۂ شمس اکتالیس بار پڑھیں اور جتنے دن بھی چاند اپنی چاندنی میں رہے یعنی اس کی چاندنی واضح ہو اس کو دیکھتے ہوئے اکتالیس دفعہ پڑھیں ہر دفعہ بسم اللہ اول و آخر سات دفعہ درود شریف ضرور پڑھیں۔

### جہاں لڑائی ہو رہی ہو یہ پڑھیں!

میں جہاں بھی لڑائی ہوتے دیکھتی ہوں یہ آیت پڑھ لیتی ہوں

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿الانعام ۴۵﴾ فوراً لڑائی ختم ہوجاتی ہے۔

ایک مرتبہ مارکیٹ میں شاپنگ کرنے گئی تو ایک دکان میں بڑی زبردست لڑائی ہورہی تھی۔ ایسا لگتا تھا کہ یہ لڑائی بہت زیادہ بڑھ جائے گی۔ میں نے سانس روک کر چند بار یہ آیت پڑھ کے پھونک ماردی، یقین کیجئے چند سیکنڈز کے اندر لڑائی بالکل ختم ہوگئی۔ میں نے تو بہت مرتبہ آزمایا ہے جہاں بھی پڑھ کر پھونک مارتی ہوں جھگڑا ختم ہوجاتا ہے۔ (اللہ کی بندی، فیصل آباد)

# بونے جنات کا بچہ! میرے گھر آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور تسبیح خانہ تاقیامت آباد رہے۔ عبقری رسالہ میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' سلسلہ وار کالم میں، لاہور شاہی قلعہ میں موجود موتی مسجد اور اس کے نوافل کے متعلق بہت پڑھا تھا، میں فیصل آباد میں ایک پرائیویٹ سکول کی پرنسپل ہوں۔ پھر ہمارے سکول کا ٹرپ لاہور گیا، ہم نے موتی مسجد جانے کا فیصلہ کیا تاکہ وہاں جا کر نوافل ادا کرسکیں۔ کیا بتاؤں کہ موتی مسجد کے نوافل نے تو میری زندگی ہی بدل دی، سب سے پہلے سعادت جو زندگی میں پہلی بار ملی وہ موتی مسجد کی صفائی تھی۔ میں نے خوب دبا دبا کر جھاڑو لگا کر کوڑا نکالا، جائے نماز بچھائی اور روتی گئی۔ رو رو کر اللہ سے اللہ کو مانگتی گئی پھر جب ہم واپس آئے تو میرے ہاتھوں سے خوشبو آرہی تھی، یہ وہی خوشبو تھی جو موتی مسجد سے آرہی تھی۔ پھر اسی رات میں نے خواب میں دیکھا کہ میں موتی مسجد کے پیچھے والے چوک میں کھڑی ہوں اور آسمان کی طرف دیکھتی ہوں تو آسمان سے گلاب کی پتیوں کی مجھ پر بارش ہوتی ہے پھر آنکھ کھل گئی۔ چند دنوں کے بعد پھر میں نے ایک خواب دیکھا کہ ہمارے گھر میں ایک بچہ ہے جو سر سے گنجا ہے اور آنکھیں بہت زیادہ بڑی بڑی ہیں اور اس کا دھڑ واضح نہیں ہے تو میں کہتی ہوں یہ کیا؟ یہ تو موتی مسجد کے جنات کا بچہ ہے جو ہمارے گھر میں آگیا ہے پھر وہ چھپ جاتا ہے اور ہم سب گھر والے اسے ڈھونڈنے لگ جاتے ہیں پھر میں کہتی ہوں وہ نظر نہیں آرہا مگر ہے یہیں ہمارے گھر میں۔

موتی مسجد سے واپس آنے کے بعد میری عجیب وغریب حالات ہوئے، میری پریشانیاں کم ہوئیں، میرے دل کو سکون ملا، گھر میں سکون ہوا، سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں یہ خیال ڈال دیا کہ میں نے اعمال لوگوں میں پھیلانے ہیں، خاص کر اپنی رشتے داروں میں ہماری فیملی ان چیزوں سے بہت دور ہے اور اکثر لوگ ڈپریشن کا شکار ہیں۔ میں نے اب لوگوں کیلئے اللہ سے مانگنا شروع کردیا ہے تاکہ ایک تو مجھے اعمال پڑھنے والوں کی صحبت مل جائے اور دوسرا آپ کی یہ بات میرے دل کو لگ گئی ہے کہ ''یہ بھی کوئی زندگی ہے کہ اپنے لیے جیئے اور اپنے لیے ہی مرگئے۔ ان بہاروں سے گزر جا تیری منزل کہیں اور ہے''، میرے لیے دعا کریں کہ میں ایسا کر پاؤں اور اللہ میرے اندر سے میں نکال دے اور تو تو ہی رہ جائے۔ (سعدیہ فیصل، فیصل آباد)

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کر دیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# اب تو ہر مسئلہ چٹکی بجائے حل ہو رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وتندرستی والی زندگی عطا کرے اور آپ کی کاوشوں کو پورا کرے آج کے دور میں جہاں خون سفید ہو چکے ہیں وہاں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے آپ جیسے مخلوق خدا کا خیال اور درد رکھنے والے لوگ بھی موجود ہیں۔ جب سے تعلق عبقری سے جڑا ہے عجیب وغریب قسم کے مشاہدات سامنے آئیں ہیں۔ ہر مسئلہ چٹکی بجاتے حل ہو جاتا ہے ان ہی ڈھیروں واقعات میں سے ایک لکھ رہی ہوں۔ حضرت صاحب واقعہ کچھ یوں ہے کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ دواخانے آئی۔ وہاں آ کر پتہ چلا کہ ٹوکن کا ٹائم ختم ہو چکا ہے تقریباً دوپہر 2 بجے کا وقت تھا۔ خیر ہم نے سوچا تھوڑی دیر سانس لے لیتے ہیں اندر جا کر ہم بہت پریشان تھے۔ میں دل میں سوچ رہی تھی کہ یہاں سے خالی ہاتھ کیسے واپس جا سکتے ہیں میں انمول خزانہ کا وظیفہ نمبر 2 راستے میں پڑھتی آ رہی تھی۔ میں نے وہاں بیٹھ کر دوبارہ پڑھنا شروع کیا اس تصور کے ساتھ کہ میں یہاں سے خالی ہاتھ واپس نہیں جاؤں گی۔ اتنی دیر میں ایک اماں جی نے مجھے مخاطب کیا اور کہا کہ بیٹی کیا تمہیں ٹوکن نہیں ملا میں نے کہا نہیں کہنے لگی پریشان نہ ہو اللہ سے دعا کرو۔ میں نے ان سے کہا کہ میں کر رہی ہوں دعا۔ پھر انہوں نے مجھ سے چند باتیں کیں اور ان کی باتوں سے محسوس ہوا کہ وہ کوئی عام عورت نہیں ہیں۔ ان کی آنکھیں بہت چمکدار اور حلیہ دیہاتی تھا۔ ان سے میں نے پوچھا اماں جی آپ کو کیا بیماری ہے آپ کس چیز کی دوا لینے آئی ہیں۔ وہ کہتی کہ مجھے کچھ نہیں ہے میں سکون لینے آتی ہوں اور پھر چلی جاتی ہوں انہوں نے مجھے موتی مسجد جانے کو کہا اور وہاں نوافل ادا کرنے کا بھی کہا میرا تو پہلے بھی بہت دل تھا پر میری والدہ نہیں مانتی تھیں۔ پھر اچانک انہوں نے مجھے اپنا ٹوکن دیا جس کا نمبر 129 تھا میں نے کہا کہ اماں جی آپ کیسے جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ میں پھر آ جاؤں گی میں تو ہواؤں میں آتی ہوں ہواؤں میں جاتی ہوں میں نے ان سے پوچھا کہ وہ کہاں سے آتی ہیں تو انہوں نے بتایا کہ میں شالامار باغ سے آئی ہوں یہ کہتے ہی وہ اٹھ کر چلی گئیں۔ میں نے ان کو تسبیح خانے میں تلاش کیا پر وہ نہیں ملیں۔ وہ تو جیسے صرف ہماری مدد کرنے کے لیے ہی آئیں تھیں اللہ ان کو خوش رکھے پھر اسی دن چیک کروا کے ہم واپس جانے لگے تو میٹرو بس میں چڑھے میرا اور میری والدہ کا میٹرو کارڈ گم ہو گیا ہم نے یارب موسیٰ یارب کلیم بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھا لوگوں سے بھری پڑی بس میں سے ہمارے کارڈ مل گئے۔ میٹرو سے اترے تو ہمیں معلوم نہیں تھا کہ کون سے نمبر کی بس ہمارے گھر کی طرف جائے گی۔ کیونکہ ہم پہلے کبھی گھر سے باہر نہیں نکلے اس لیے کچھ معلوم نہیں تھا کیسے جانا ہے۔ بس سٹاپ پر ایک عورت آئی اور اس نے ہم سے پوچھا کہ آپ نے کہاں جانا ہے ہم نے اسے بتایا وہ کہنے لگی کہ اسی بس میں جانا جس میں میں چڑھنے لگی ہوں ہم اس کے ساتھ بیٹھ گئے اس نے جانا کہیں اور تھا پر اس نے کہا کہ میں آپ لوگوں کو آپ کے سٹاپ پر اتار کر ہی جاؤں گی۔ ہم نے اس کا شکریہ ادا کیا اور گھر آ گئے۔ یہ سب کچھ آپ سے اور عبقری سے نسبت کی وجہ سے ہوا۔ اللہ تعالیٰ اس کے لیے راہیں کھول دیتا ہے۔ عبقری کے وظائف ماسٹر کا کام کرتے ہیں اور انمول خزانے کی تو کیا ہی بات ہے۔ (صباء، لاہور)

# بارش کا پانی پاگل پن اور جادو کا آخری علاج

رومی احمد پوری — قسط 3

بارش کا پانی! اس کے فوائد پر جتنا لکھوں اتنا کم ہے، جیسے جیسے تحقیق کر رہا ہوں ویسے ویسے اس کے انوکھے راز مجھ پر افشاں ہو رہے ہیں' میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ ہمارے گھر میں ہر وقت بارش کا پانی بوتلوں میں دستیاب ہوتا ہے اور ہم تو خاص طور پر مہمانوں کو بارش کا پانی مشروب کے طور پر پیش کرتے ہیں' اس میں شفاء ہی شفاء ہے۔ میں اپنے والد محترم کے ساتھ اکثر شمالی علاقہ جات کا سفر کرتا ہوں' بارش کی پانی کی قدر اور اس کے فوائد میں نے شمالی علاقہ جات میں دیکھے ہیں' وہاں لوگ بارش کا پانی اکٹھا کرتے ہیں' کپڑے سے چھان کر پیتے ہیں' ان کی صحت لاجواب ہوتی ہے۔ ستر سال کا آدمی بھی پہاڑ ایسے چڑھتا ہے کہ جیسے ابھی پچیس سال کا نوجوان ہے' بارش کو لوگ رحمت کہتے ہیں' جو رحمت ہوتی ہے اس میں برکت بھی ہوتی ہے' شفاء بھی ہوتی ہے' راحت بھی ہوتی ہے۔

شمالی علاقہ جات میں ایک پہاڑی باشندہ نے میرے والد محترم کو عجب ٹوٹکہ بتایا کہ ہمارے ہاں بارش کے پانی اور جو کے دلیہ سے جادو کا علاج کیا جاتا ہے۔ وہ پہاڑی مزید بتانے لگا ہمارے ہاں ایک بات مشہور ہے کہ پاگل کو اگر ستر دن تک بارش کا پانی پلائیں اور جو کا دلیہ کھلائیں نہ کچھ اور کھلائیں نہ پلائیں تو پاگل تندرست ہو جائے گا اس کا پاگل پن ختم ہو جائے گا۔ یہ بات بھی ہمارے ہاں مشہور ہے کہ اگر کوئی ایسا فرد جو کسی لاعلاج بیماری، لاعلاج جادو یا کالے جنات کی گرفت میں ہو وہ ستر دن بہت زیادہ بارش کا پانی پیئے اپنی ضرورت سے بھی زیادہ پیئے اور دن رات صرف جو کا دلیہ کھائے' اس کا جادو بھی ٹوٹ جائے گا اس کی بندش بھی ختم ہو جائے گی اس کو صحت وتندرستی بھی ملے گی اور جسمانی بیماریاں چاہے وہ جتنی بھی لاعلاج کیوں نہ ہوں سب ختم ہو جائیں گی۔

قارئین! ملک پاکستان پر اللہ کریم کا بہت کرم ہے کہ یہاں بارشیں بہت زیادہ ہوتی ہیں' خاص طور پر لاہور اور اس کے گردونواح میں ہر سال بارشوں کے ریکارڈ ٹوٹتے ہیں' اس نعمت کو پرنالوں کے ذریعے نالوں کی غذا نہ بنایئے بلکہ اکٹھا کیجئے' قدر کیجئے' پیجئے' پلایئے اور شفاء پایئے۔ یہ کوئی مشکل کام بھی نہیں' جب بھی بارش ہو بڑے پتیلے' دیگچی یا پرات بارش میں رکھ دیجئے' بارش کے بعد پانی چھان کر بوتلوں میں بھر لیجئے اور پھر محفوظ کر لیجئے' طالب علم بچوں کو استعمال کروائیں' بیمار کو پلائیں' جادو زدہ کو پلائیں۔ شفاء ہی شفاء۔

## جب مجھے یرقان ہوا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے یرقان ہو گیا تھا میں نے بارش کے پانی پر 70 بار سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی، آیت کریمہ، درود شریف، سورۂ فلق، سورۂ الناس والا وظیفہ کیا۔ 50 فیصد ٹھیک ہو گیا ہوں اور ایک نسخہ پچاس گرام کلونجی' پچاس گرام اسپغول چھلکا اور شہد سو گرام لیکر معجون بنا لیں' یہ نسخہ استعمال کیا۔ معدہ بالکل ٹھیک ہو گیا' طبیعت ہشاش بشاش ہو گئی۔ (منظور احمد' منڈی بہاؤالدین)

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد کولہے میں درد اور کھچاؤ' اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کہ آپ خود حیران و پریشان
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
قیمت 600 روپے

# معذور لڑکی کی کامیاب شادی اور اولاد نرینہ!

ذکیہ اقتدار راؤ، بہاولنگر

دو انمول خزانے کا کتابچہ میں نے خود یقین کے ساتھ پڑھا‘ جب اس کے فوائد ملے تو میری عقل دنگ رہ گئی اس کے پڑھنے کے بعد جو معجزے اللہ نے دکھائے اور ہر کام میں آسانیاں فرمائیں تو میں نے یہ انمول خزانہ خریدے اور ہر دکھی پریشان کو دیا کرتی ہوں۔ یہ کبھی نہ سوچا یہ میرا دوست ہے یا دشمن۔ شادی کے موقع پر‘ غمی کے موقع پر‘ ان دو مواقع پر خواتین اپنے دکھ یوں بیان کرتیں جیسے کوئی دکھوں کا آلہ ہو اور اس دکھ کے آلے کا کوئی بٹن نہ ہو۔

یوں خواتین اپنے غموں کی داستان سناتیں ہر خاتون کا غم ایسا کہ سن کر سوچنا پڑتا کہ ان کو قرآن کی کونسی آیت بتاؤں؟ مگر میرے پاس دو انمول خزانے کا کتابچہ موجود ہوتا اور وہ کتابچہ دکھی خاتون کو دے دیا کرتی اور عرض کرتی کہ ہمیشہ باقاعدگی سے مسلسل یقین کی طاقت سے پڑھیں‘ ہمیشہ سچ بولنے‘ نمازوں کی پابندی توجہ والی ہو۔ یہ دو انمول خزانے آپ کے ہر دکھ کا علاج ہے۔ ہر غم سے نجات ہے ہر مسئلے کا حل ہے روحانی‘ جسمانی ہر بیماری کا خاتمہ ہے۔ شادیوں کی بندش ٹوٹ جائے گی، جادو سخت سے سخت ہو‘ ٹوٹے گا، اس کے پڑھنے سے نفرتیں محبت میں بدل جائیں گی‘ بے گھر لوگوں کو گھر مل جائے گا‘ بے روزگاروں کو روزگار ملے گا، بے اولادوں کو اولاد ملے گی، یہ صرف آپ بہنوں کو دے رہی ہوں اور بتا رہی ہوں‘ اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے۔

## پیدائشی معذور اس عمل سے ٹھیک

(ا) ایک خاتون جس کی بیٹی میں پیدائشی نقص تھا‘ یوں دنیا میں آنے والی بچی ایک بدنی نقص لے کر آئی۔ گھر میں ایک سوگ کی کیفیت تھی‘ گھر والوں کیلئے اور خاص ماں کیلئے بہت آزمائش تھی۔ میری ملاقات اس خاتون سے شادی کے موقع پر ہوئی۔ وہ بہت غمگین تنہا بیٹھی تھیں ناچیز ان کے قریب گئی‘ پوچھا آپ اتنی اداس کیوں ہیں؟ ان کے چہرے پر دکھ کی پرچھائیاں گہری ہوگئیں اور گویا ہوئیں میرا غم ایسا ہے‘ یہ دکھ ایسا ہے دنیا کا کوئی انسان اور کوئی حکیم کوئی ڈاکٹر میرے دل کے اندر جو بیماری ہے‘ اس کی دوا نہیں دے سکتا ہے۔ میں نے ان کو بہت تسلی دی ان کے دکھوں پر محبت کا مرہم رکھ کر پیار سے بات کی‘ آپ اپنا غم تو بتائیں‘ وہ ساتھی کہنے لگیں: ایک شرط پر اپنا غم بتاؤں گی کیا آپ کے پاس اس غم کی دوا ہے؟ جواباً کہا ان شاء اللہ آپ کو ہر غم کی مصیبت کی آزمائش کی دوا ملے گی۔ میرا رابطہ ایسی ہستی سے ہے جو میرے اور آپ کے غم دور کرتی ہے۔ وہ ساتھی میری عرض سن کر مطمئن ہوئیں‘ انہوں نے اپنے غموں کی طویل داستان سنائی‘ ان کی گفتگو مختصر لکھ رہی ہوں۔ میرے بطن سے میری پہلی اولاد بیٹی کی شکل پیدا ہوئی مگر اللہ تعالیٰ نے اس میں بدنی نقص رکھ دیا بس اس کی پیدائش پر میرے سسرال والوں نے میرے ساتھ کیا سلوک کیا۔ پھر کچھ وقفے کے بعد کہا‘ میرے ساتھ ایسا سلوک کیا شاید جانوروں کے ساتھ بھی ایسا سلوک نہیں کیا جاتا۔ وہ میرا ہاتھ پکڑ کر کہنے لگیں: مجھے بتائیں میں ماں تھی‘ کیا میری چاہت تھی کہ میرے ہاں بدنی نقص والی بچی پیدا ہو اور اولاد نرینہ نہ ہو۔ اب میری بیٹی جوان ہے اس کا کوئی رشتہ لینے کو تیار نہیں ہے میرے ساتھ میری بیٹی پر بھی ستم ڈھائے جاتے ہیں وہ ایک پل خاموش ہوئیں۔ مجھے جھنجھوڑ کر کہنے لگیں کیا آپ کے پاس کوئی مرہم ہے جس سے میری بیٹی کا نقص ختم ہو جائے کوئی دوا ہے جس سے اس کا رشتہ ہو جائے کیا ایسا علاج ممکن ہے کہ میرے ہاں اولاد نرینہ ہو جائے۔

# میرے غم ایسے دور ہوئے جیسے کوئی کپڑا دھل گیا

ان کی تمام باتیں بہت توجہ سے سنیں اور یقین سے کہا ان شاء اللہ یہ سب کچھ آپ کو ملے گا کیونکہ آپ کی بیماریاں ہیں‘ آپ کی بیٹی کا بدن نقص ہے آپ کو بیٹوں کی پیدائش کی چاہت ہے‘ ان تمام خواہشات کی تکمیل کا تعلق کسی انسان سے نہیں ہے بلکہ اس مہربان اور حاکم ہستی سے ہے جو ایک پل میں فیصلے کرتی ہے‘ مظلوم کی مدد کرتی ہے۔ آپ کی بیٹی کا رشتہ ہوگا کیونکہ جوڑے آسمانوں پر بنتے ہیں‘ رب کریم آپ کی بیٹی کا رشتہ بھیجے گا‘ اس کا گھر بسائے گا۔ آپ کے ہاں اولاد نرینہ بھی ہوگی‘ آپ کے بدن میں قوت پیدا ہوگی۔ آپ کے گھر میں آپ کے ساتھ مہربانوں والا سلوک ہوگا۔ وہ خاتون خوشی سے چیخ اٹھیں کیا ان تمام غموں کا مرہم ہے؟ علاج ہے؟ ہاں! میں نے کہا۔ اچھا جلدی سے مجھے وہ مرہم دیں‘ وہ بولیں۔ کیا واقعی! وہ مرہم آپ استعمال کریں گی‘ میں نے کہا۔ کہنے لگیں: میں کروں گی‘ ہزار بار کروں گی‘ اچھا تو سنیں‘ وہ مرہم صرف پڑھنے کیلئے ہے۔

آپ مینا کی طرح بغیر سمجھے اس کو پڑھتی رہیں بلکہ اس کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیں۔ خیر انہوں نے تمام شرائط پر عمل کرنے کا وعدہ کیا۔ اپنا پرس کھولا اور اس سے دو انمول خزانہ نکلا اور ان کے ہاتھ میں تھما دیا اور ان سے کہا آپ اسے غور سے پڑھیں‘ میری موجودگی میں‘ انہوں نے اسے غور سے پڑھا مجھ سے وعدہ کیا اور چلی گئیں۔

طویل عرصہ گیا شب و روز کی مصروفیت میں اس دکھی خاتون کو بھول گئی مگر کمال اس خاتون کا اس نے مجھے یاد رکھا۔ میں حسب معمول سب کو ناشتہ کروا کے فارغ ہوئی تو ساتھ ہی دوپہر کے کھانے کی تیاری کر رہی تھی اور ساتھ ہی **یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ** کا ورد جاری تھا۔ اچانک دروازے پر گھنٹی بجی دوبار تین بار آخر چولہا بند کیا اب دروازے کی جانب قدم اٹھ رہے تھے دروازے پر پہنچ کر پوچھا کون؟ نسوانی آواز آئی بہن دروازہ کھولو۔ دروازہ کھول دیا۔ ایک خاتون تھیں دو بچوں کے ہمراہ ان کے چہرے پر بے حد خوشی تھی‘ میں سوچوں میں گم تھی کہ ان کو کہاں دیکھا ہے؟ ایک دم ان کی آواز آئی میری محسنہ مجھے نہیں پہچانا اور ساتھ ہی انہوں نے اپنا بند ہاتھ کھولا‘ یہ دیکھو آج سے تین برس قبل مجھے یہ دوا، یہ مرہم اور یہ علاج دیا تھا اور وہ وہ انمول خزانہ تھا۔

اس اللہ تعالیٰ کی بندی نے وہ خزانہ پلاسٹک کور میں رکھا تھا۔ مجھے بھی وہ میرج ہال یاد آ گیا‘ وہ بیتے سال یاد آ گئے‘ ساتھ ہی دکھی داستان بھی۔ مگر آج ان کی داستان کا رخ کچھ اور تھا‘ واقعی! اللہ نے ان کا دامن خوشیوں سے بھر دیا۔ آج وہ کیا کہہ رہی ہیں آپ بھی سنیے۔

آپا آپ نے مجھے یہ انمول خزانہ دیا بس میں یہ لے کر گھر گئی‘ رات دن اس کو پڑھنے لگی پڑھتی رہی پڑھتے پڑھتے ایک سال بیت گیا‘ ایک روز عصر کی نماز پڑھ کر میں تسبیح کر رہی تھی میری سامنے نظر پڑی تو دیکھا میری ساس کے پاس دو اجنبی خواتین محو گفتگو ہیں۔ کچھ دیر کے بعد وہ خواتین چلی گئیں میری ساس نے مجھے بتایا کہ (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

گردے فیل شفاء

گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام

کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا‘ یورک ایسڈ‘ کریٹینن‘ پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلاسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت: 150 روپے)

# ضدی بیماریوں سے چھٹکارا پانے والوں کے تجربات

**قارئین کی شکایت عبقری کی ادویات:** قارئین شکایت کرتے ہیں کہ سیرپ یا شہد کا رنگ کبھی گہرا کبھی ہلکا' سیرپ کا قوام کبھی پتلا کبھی گاڑھا۔۔۔ ذائقہ کبھی زیادہ کڑوا کبھی کم! ادویات کے پاؤڈر کے رنگوں میں بھی کمی وبیشی۔ اس طرح کی بے شمار اور شکایات! دراصل قارئین! ہاتھ سے تیار ہونے والی دوائی اپنی ایک مکمل اور جامع تاثیر رکھتی ہے۔ مشین سے تیار ہونے والی دوائی کا انداز اور ہوتا ہے۔ یہ کمی بیشی نہ اجزا میں ہے نہ تاثیر میں ہے بلکہ موسم کی سردی گرمی کبھی مواد کو پگھلا دیتی ہے کبھی سکیڑ دیتی ہے۔

## بچی کے قد میں نمایاں اضافہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی عمر 10 سال ہے لیکن قد چھوٹا ہونے کے باعث لگتی 7 سال کی تھی میں اس کے قد کو لے کر بہت پریشان تھی۔ مختلف چلڈرن اسپیشلسٹ ڈاکٹرز سے اس بارے مشورہ کیا' دو سے تین ماہ ادویات اور اچھی خوراک، صبح کی ورزش بھی اس کو کرواتی لیکن ایک انچ بھی قد میں اضافہ نہ ہوا۔ ایک روز میں اپنی بچی کو لے کر صبح کی سیر کے لیے مقامی پارک میں گئی وہاں اس کو جھولے کے ساتھ لٹکا رہی تھی تو پاس سے بیٹھی ہوئی ایک خاتون نے کہا کہ بہن اس طرح بچے کا قد نہیں بڑھے گا اس کیلئے مناسب خوراک اور علاج کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ میں نے اس کو اپنی تمام کہانی سنائی کہ کہاں کہاں میں اپنی بچی کو لے کر گئی اور کتنے ماہ دوائی دی۔ خاتون نے مجھ سے کہا کہ آپ ایسے کریں عبقری دواخانے کا ''قد دراز کورس'' استعمال کرائیں' انشاء اللہ دو تین کورسز کے استعمال سے آپ کی بچی کا قد بڑھنا شروع ہوجائے گا۔ میں نے خاتون سے عبقری دواخانے کا ایڈریس لیا اور اگلے روز ہی دواخانے پہنچ گئی اور قد دراز کورس لے کر واپس گھر آئی۔ میں نے بچی کو دوا دینا شروع کی اس کے ساتھ ساتھ اس کے کھانے پینے کا خاص خیال رکھا اور صبح کی سیر اور ورزش تو پہلے ہی میری روٹین میں شامل تھی۔ دو ماہ میں میری بچی کے قد میں واضح فرق نظر آنا شروع ہوگیا۔ (نبیلہ شیخ، لاہور)

## کان درد ایسے غائب جیسے کبھی ہوا ہی نہ تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دس دن سے میرے کان میں شدید درد تھا' شائیں شائیں کی آوازیں، کھجلی، خارش ہوتی تھی میں نے تیل گرم کر کے کان میں ڈالا جس سے خارش اور کھجلی ختم ہوگئی لیکن درد نہیں جا رہا تھا۔ ڈاکٹر کے پاس گیا اس نے کہا کہ آپ کے کان میں چھوٹی سی پھنسی ہے۔ چیک اپ کے بعد ڈاکٹر نے دوائی دیدی ایک خوراک کھائی جس سے درد ختم ہوگیا۔ لیکن دو دن بعد پھر ویسے ہی درد ہونا شروع ہوگیا۔ ہر روز کوئی نیا نسخہ آزما رہا ہوں لیکن تمام کوششیں بیکار رہی۔ آخر تنگ آ کر میں نے کان میں تمام چیزیں ڈالنا بند کر دی کیونکہ درد ختم ہی نہیں ہو رہا تھا۔ میری بڑی بہن گھر آئیں' ان کو میرے کان کے مسائل کا علم تھا' اس نے آتے ہی مجھے بلایا اور ''کان شفاء'' میرے ہاتھ میں تھما دی۔ میں نے لکھی گئی ہدایات کے مطابق قطرے ڈالے تین دن ڈراپر کے استعمال سے میرے کان کا درد غائب ہوگیا۔ بہن سے فون پر بات ہوئی اسے بتایا کہ میرا کان درد بالکل ختم ہوگیا' اب ہمارے گھر میں بھی سب عبقری رسالہ پڑھتے ہیں' درس سنتے ہیں' میں تو ہر ماہ عبقری رسالہ حسب توفیق لوگوں میں تقسیم بھی کرتا ہوں کیونکہ عبقری ہی سے میری بہن کو ''کان شفاء'' ڈراپر کا علم ہوا تھا اور اس نے عبقری دواخانہ سے منگوا کر مجھے دیا۔ الحمدللہ! عبقری رسالہ تقسیم کرنے سے ہی میرے بے شمار مسائل حل ہو رہے ہیں اور یہ میں جاگتی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں۔ (فیضان منور، دیپالپور)

## بواسیر سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے مصالحہ دار چیزیں کھانے کا بہت شوق تھا' اکثر ہفتے کی شام کو دوستوں کے ساتھ پروگرام بنا لینا کہ آج تکہ، کباب، کڑاہی اور اس جیسی چٹ پٹی چیزیں کھانا میرا شوق تھا۔ ایک روز مجھے بواسیر کی شکایت سی ہوئی میں نے ڈاکٹر کو تمام صورتحال بتائی تو اس نے کہا کہ تمہیں بواسیر ہوگئی ہے آج سے تمام مصالحے دار چیزیں کھانا بند کر دو ورنہ زیادہ نقصان ہونے کا خدشہ ہے۔ ادویات کا استعمال باقاعدگی سے کرو۔ میں نے ڈاکٹر کی دی گئی ادویات کا استعمال جاری تھا بیس دن مسلسل ادویات کھانے سے معدے خراب ہوگیا بواسیر کا مرض بھی ٹھیک نہ ہوسکا۔ میری پریشانی دن بدن بڑھتی جا رہی تھی۔ جسم کمزور اور خون کی کمی کا شکار ہونے لگا تھا۔ میں موبائل پر انٹرنیٹ استعمال کرتا تھا تو کسی دوست نے میرا نمبر عبقری کے واٹس ایپ پر رجسٹرڈ کروا دیا تھا۔ مجھے اکثر میسج آتے پر کبھی اوپن نہیں کیے ایک روز میں فارغ بیٹھا تو میں نے واٹس ایپ کے میسج اوپن کیے تو اس میں ایک پوسٹ ''بواسیر کورس'' دوائی کی تھی۔ بذریعہ پارسل گھر منگوالی۔ ہدایات کے مطابق دوائی کھانا شروع کی ایک کورس کے استعمال سے مجھے واضح فرق محسوس ہوا اور تقریباً دو کورس کے استعمال سے مجھے بواسیر جیسی بیماری سے نجات مل گئی۔ (ندیم کاشف، پھول نگر)

## بوجھل طبیعت میں چستی آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے دس سال سے بینک میں جاب کرتا آ رہا ہوں سارا دن کرسی پر بیٹھنا اور نظر کمپیوٹر کی طرف لگائے رکھنا ہی بہت بڑا کام ہے۔ طبیعت بوجھل بوجھل، سستی، جسم میں جیسے جان ہی نہیں ایسی طبیعت رہنا شروع ہوگئی تھی۔ میں نے بینک سے چھٹیاں کرنا شروع کر دی جس سے میری کارکردگی کافی متاثر ہوئی۔ دل کرتا تھا کہ گھر بار چھوڑ کر کہیں دور جنگل میں چلا جاؤ جہاں مجھے ذہنی سکون ملے۔ پھر میں نے ایک ماہر نفسیات سے رابطہ کیا اس نے مجھے مشورہ دے کہ آپ کچھ دنوں کے لیے قبائلی علاقہ جات میں رہ کر آئیں وہاں کی خوبصورت وادی کا دورہ کریں اس سے آپ کو ذہنی سکون مل جائے گا لیکن میری جیب اجازت نہیں دیتی تھی۔ کچھ دن گھر میں آرام کرنے کے بعد دوبارہ بینک جانا شروع کیا تو منیجر نے مجھے بلایا اور صورتحال بارے دریافت کیا کہ تم اتنی چھٹیاں کیوں کرتے ہو؟ میں نے وجوہات بتائی کہ میں ذہنی سکون کی تلاش میں ہوں۔ منیجر صاحب نے اپنے دراز میں ہاتھ ڈالا اور ''سکون افزاء سیرپ'' میرے سامنے رکھ دیا اور کہا کہ اس کو تم نے ایک ہفتے میں ختم کرنا ہے اس کے بعد مجھے آ کر بتانا۔ ایک گلاس پانی سکون افزاء حل کیا اور پی گیا۔ اس کا ذائقہ تو کڑوا تھا مگر کچھ دیر بعد جسم راحت اور سکون سے بھر گیا۔ ایک ہفتے بعد جب منیجر نے مجھ سے پوچھا کہ کیا حال ہے؟ میں نے کہا سر آپ نے مجھے کیا دیدیا ہے میرے تو جسم میں تو جان سے آگئی مجھے ایسی دس بوتل لا دیں۔ منیجر صاحب مسکرا کر بولے کہ یہ عبقری دواخانے سے تمہیں مل جائے گا۔ (علی فرحان، لاہور)


**فیملی شفاء** گیس۔ بدہضمی۔ سینے کی جلن سے فوری نجات' ہر وقت جیب میں رکھنے کی چیز شفاء کی ایسی پڑیا جس کے کھاتے ہی ہو جائے تکلیف دور۔ ہر وقت گھر میں اور سفر میں ساتھ رکھیں۔ کھایا پیا فوراً ہضم' طبیعت ہشاش بشاش۔ (قیمت فی ساشے صرف 10 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# خوشگوار ازدواجی زندگی آپ بھی گزاریئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو اڑھائی سال ہو گئے ہیں۔ پہلا سال تو بہترین گزرا لیکن پچھلے ڈیڑھ سال سے میں دن بدن کمزور ہوتا چلا گیا۔ حتیٰ کہ ازدواجی حقوق ادا کرنے سے جی چرانے لگا' کاروبار کے سلسلے میں دوسرے شہروں میں کئی کئی ہفتے گزار دیتا حالانکہ کام ایک دو دن کا ہوتا تھا۔ میں اپنے حقوق سے بھاگ رہا تھا' دل ہی دل میں سوچتا کہ کب تک خود سے بھاگتا رہوں گا' مختلف جگہوں سے علاج کروائے' ہزاروں گنوائے مگر کوئی فائدہ ہاتھ نہ آتا' دوا کھالیتا تو فرق محسوس ہوتا دوا کا اثر ختم ہوتا تو ساتھ ہی دوبارہ وہی حال۔ دیسی' انگریزی ادویات کھا کھا کر معدہ کی حالت بھی بہت بری ہو گئی' ایک دن میرے واٹس ایپ پر عبقری کی ایک پوسٹ شیئر ہوئی' کسی نے میرا نمبر عبقری واٹس ایپ گروپ میں ڈلوا دیا' مجھے روزانہ اعمال' ٹوٹکے اور شیخ الوظائف کے ویڈیو کلپس ملنا شروع ہو گئے' میری زندگی میں دین آنا شروع ہوا' میں نے نماز پڑھنا شروع کر دی اور بتائے گئے اعمال کرنا شروع کر دیئے' عبقری ویب سائٹ اور فیس بک پیج لائک کیے' وہاں سے عبقری دواخانہ کا معلوم ہوا کہ شیخ الوظائف حکمت بھی کرتے ہیں' بڑی خوشی ہوئی' اسی دن وہاں فون کیا' اپنی حالت اسسٹنٹ صاحب کو بتائی' انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی ''قوتی گولیاں'' ''معجون مراد'' اور ''جوہر شفاء مدینہ'' لکھی گئی ترکیب سے استعمال کرنے کا مشورہ دیا' یقین کیجئے صرف تین تین ڈبیاں بھی مکمل استعمال نہ کی تھیں کہ میں پھر سے اپنے حقوق ادا کرنے کے مکمل قابل ہو گیا۔ الحمدللہ! اب انتہائی خوش اور مطمئن ہوں' عبقری رسالہ خود بھی پڑھتا ہوں' اپنی اہلیہ کو بھی پڑھواتا ہوں اور درس سنتا بھی ہوں اور گھر میں بھی لگا کر رکھتا ہوں' گھر میں سکون آ گیا ہے۔ لڑائی جھگڑے ختم ہو گئے ہیں۔ (ک۔ بھمبر آزاد کشمیر)

# موٹاپا کو شکست دینے کا فارمولہ لکھ لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا اکثر دوسرے شہر آنا جانا لگا رہتا تھا اگر صبح کا ناشتہ گھر کیا ہے تو دوپہر کا کھانا دوسرے شہر ہوتا تھا۔ میں اکثر کھانے میں فاسٹ فوڈ کا استعمال ہی زیادہ کرتا تھا کیونکہ فاسٹ فوڈ میری مرغوب غذا تھی۔ کولڈ ڈرنک تو میں ایسے پیتا جیسے پانی ہو۔ ایک دن میں میں تقریباً ایک لیٹر سے زیادہ کولڈ ڈرنک پی جاتا تھا جس وجہ سے میں موٹاپے کا شکار ہو گیا' چلنے پھرنے میں بہت دشواری تھی مجھے پتہ تھا کہ یہ فاسٹ فوڈ اور کولڈ ڈرنک میرے لیے باعث نقصان دہ ہے لیکن پھر بھی میں کھاتا تھا اب نوبت یہاں تک آ گئی تھی کہ میں کرسی پر بیٹھ گیا تھا' چلتا تو موٹاپے کی وجہ سے جوڑوں میں درد شروع ہو جاتا' شوگر میں بھی مبتلا ہو گیا تھا۔ مسلسل ادویات کا استعمال میرا مقدر بن چکی تھیں۔ ایک دن کرسی پر بیٹھا کچھ سوچ رہا تھا تو میرا دھیان میری پرانی الماری پر پڑا سوچا فارغ بیٹھا ہوں کیوں نہ اس کی صفائی ہی کر دوں۔ الماری کی صفائی شروع کی تو میرے ہاتھ عبقری رسالہ آیا میں نے دیکھا اور سوچا اس کا مطالعہ کرتا ہوں' اس میں ہے کیا؟ الماری کی صفائی کرنے کے بعد کرسی پر بیٹھا اور عبقری رسالہ کو ہاتھ میں لیا اور پڑھنا شروع کر دیا۔ پہلے میں نے ایسا رسالہ کبھی نہیں پڑھا تھا' عبقری میری الماری میں آیا؟ یہ بھی اتفاق تھا کیونکہ کام کے سلسلہ میں میرا اکثر شہر سے باہر جانا ہوتا تھا تو ایک روز میں سفر پر جا رہا تھا' اخبار کے سٹال پر اس دن کا اخبار لیا تو اخبار فروش نے کہا آپ یہ عبقری رسالہ بھی خرید لیں' بہت اچھا رسالہ ہے اس میں بہت سی فائدہ مند باتیں ہیں۔ میں نے اس کے کہنے پر خرید لیا اور سفر پر روانہ ہو گیا لیکن رسالہ میں نے نہیں پڑھا اور ایسے ہی سفر سے واپسی پر گھر آیا اور رسالہ الماری میں رکھ دیا تھا۔ خیر آج عبقری رسالہ پڑھنے کا موقع ملا اس میں بہت سی ادویات اور نسخہ جات تھے' میں بھی اپنی بیماری سے متعلق دوائی ڈھونڈنے لگا۔ کافی ڈھونڈنے کے بعد ایک دوائی مل ہی گئی جس کا نام ''موٹاپا کورس'' تھا اس کی مکمل تفصیل پڑھی اور فون پر دوائی کا آرڈر دیا دو دن بعد دوائی میرے گھر پہنچ گئی' استعمال کرنا شروع کی اور پرہیز بہت کیا۔ ایک کورس مکمل ہو گیا ساتھ پھر ''عرق موٹاپا شفاء'' کا استعمال بھی شروع کر دیا' ان دونوں کے استعمال سے میرے وزن میں واضح کمی ہو گئی اب میں چلنے پھرنے لگا ہوں۔ (محمد سعید، گجرات)

# قبض، بدہضمی، پھولا ہوا پیٹ چند روز میں ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے تین ماہ سے معدے کے مختلف بیماریوں میں مبتلا تھا۔ ڈاکٹری علاج بھی کروایا ایک ہفتہ ٹھیک رہا دوسرے ہفتے پھر بیمار ہو گیا۔ خوراک کا دیر سے ہضم ہونا، گیس کا ہر وقت خارج ہونا، قبض جیسی بیماریوں نے مجھے گھیر لیا تھا۔ مختلف کمپنیوں کے معجون اور پھکیوں کا استعمال اکثر کرتا رہتا تھا۔ وقتی طور پر کچھ فائدہ ہوتا تھا۔ جب بھی میں کھانا کھاتا میرا پیٹ پھول جاتا ایسے جیسے ابھی پھٹ جائے گا۔ ایک روز دودھ والے نے میرا پیٹ دیکھا تو ہنس پڑا اور کہنے لگا تاہے آج کل خوب کھا رہے ہیں؟ میں نے کہا نہیں جناب آپ غلط سمجھ رہے ہیں مسئلہ کوئی اور ہے۔ جب میں نے اپنا مسئلہ اس کو بتایا تو اس نے کہا یہ تو مسئلہ ہی نہیں اس نے جیب سے ایک پھکی کی ڈبی نکالی اور مجھے سے کہا کہ یہ پوری ڈبی جلد سے جلد ختم کر لینا میں پھر آؤں گا۔ پھر ایک ہفتے بعد ملاقات ہوئی تو میں نے اس کو کہا یہ کیا چیز تھی؟ جو بھی تھی کمال تھی اس کی ایک دو خوراک کے استعمال سے ہی میرا پیٹ ایسے ہلکا پھلکا جیسے روئی ہوتی ہے۔ کھانا آسانی سے ہضم ہو رہا ہے۔ میں نے اس سے کہا کہ مجھے بتاؤ اس پھکی کا نام کیا ہے اور یہ کہاں سے ملے گی۔ دودھ والے نے مجھ سے کہا کہ یہ تین پھکیوں کا مرکب ہے جوہر شفاء مدینہ، روحانی پھکی اور ٹھنڈی مراد اور یہ عبقری دواخانے سے ملتی ہیں۔ آپ ان تینوں سفوف لیکر مکس کر کے استعمال کرنا میں نے اس کا شکریہ ادا کیا اور عبقری دواخانے آ کر تینوں سفوف خرید کر مکس کیے اور استعمال شروع کر دیا' ایک ماہ مسلسل استعمال کے بعد میرے معدے کا نظام بالکل ٹھیک ہو گیا اب میرے پیٹ میں نہ گیس، نہ مجھے قبض ہے۔ (محمد رفیق، لاہور)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول


سات تخم شفاء

اس دوا کو درویش کی دعا ہے۔ یقین والوں کیلئے اتنا کافی ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔

بواسیر۔ ذیابیطس۔ ہائی بلڈ پریشر۔ معدہ کے تمام امراض کا علاج۔ موٹاپا۔ ڈپریشن۔ ذہنی دباؤ کا مکمل علاج۔ پرانی خارش۔ الرجی، زخموں کیلئے۔ چھائیاں' داغ دھبوں کا علاج۔ (قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# کبھی ٹوٹکے اکٹھے کرنے کی دیوانی تھی! آج سب لکھ دیا

## استری صاف کرنے کا طریقہ

بجلی کی استری کو اگر زنگ لگ جائے تو اخباری کاغذ پر نمک لگا کر اس پر رگڑنے سے زنگ دور ہوجاتا ہے۔

## کپڑے دھونے کیلئے

کپڑے دھونے سے پہلے ان کے بٹن زپ وغیرہ بند کردیں تاکہ وہ آپس میں نہ الجھیں۔ کپڑوں کو بے رنگ ہونے سے بچانے کیلئے انہیں الٹا کرکے دھوئیں اور سکھائیں پہلی بار گہرے رنگ کے کپڑے دھوتے وقت ٹھنڈے پانی میں نمک ملالیں اس سے پکڑوں کا رنگ پکا ہوتا ہے۔ گہرے رنگ کے کپڑے جو کئی بار دھلے ہوں ان میں چمک لانے کیلئے بھی یہ عمل موزوں ہے۔

## ہیضہ کا خاتمہ

لیموں اور پیاز کا رس ملا کر پینے سے ہیضے میں افاقہ ہوتا ہے۔ پودینے کا رس پینے سے ہیضہ ختم ہوجاتا ہے۔ جائفل کا جوشاندہ پینے اور لونگ پانی میں اُبال کر پینے سے ہیضے میں لگنے والی پیاس ختم ہوجاتی ہے پیاز کے رس میں چٹکی بھر ہینگ ملا کر آدھے گھنٹے بعد پی لینے سے ہیضے میں شفا ملتی ہے۔

## کلونجی سے موٹاپے کا یقینی علاج

موٹاپا دور کرنے کیلئے نیم گرم پانی میں کلونجی کا باریک سفوف کرکے اسی کے برابر کالی مرچیں ملالیں اور اس کے ساتھ شہد اور ایک لیموں کا رس صبح نہار منہ پئیں۔ کلونجی زائد چربی کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ شوگر کنٹرول کرنے میں بھی مددگار ہے۔

## بوتلوں کی صفائی

بوتلوں کی صفائی کیلئے بوتل میں تھوڑا سا واشنگ پاؤڈر اور ایک انڈے کا چھلکا چکل کر بوتل کے منہ میں ڈال دیں اور بوتل کو ہلائیں۔ پھر یہ سب اُلٹ کر باہر نکال دیں اور دھو کر صاف کرلیں۔

## سفید کپڑوں کی پیلاہٹ دور کرنا

سفید کپڑوں کی پیلاہٹ دور کرنے کیلئے کپڑوں کو دھونے کے بعد پانی میں تھوڑا سا لیموں نچوڑلیں اب اسی میں کپڑے کھنگالیں تو سفید سرکہ یا نمک ملالیں اور سائے میں خشک کریں۔

## قالین کے گڑھے برف سے دور کیجئے

اگر قالین پر گڑھے پڑ گئے ہوں تو برف کا ایک ٹکڑا لیجئے اور اس مقام پر رکھ دیجئے، جہاں پر گڑھا پڑا ہوا ہے برف کے ٹکڑے کو پگھل جانے دیجئے، تاکہ قالین کے ریشے خوب نرم اور ملائم ہوجائیں۔ چند منٹ کے بعد ایک کانٹا (FORK) لیجئے اور نمی والی جگہ پر رگڑیے۔ رگڑ سے قالین کے ریشے اُبھر کر اوپر آجائیں گے اور قالین کی سطح ہموار ہوجائے گی۔ گڑھا غائب ہوجائے گا اور قالین نیا لگنے لگے گا۔

## اخروٹ کھرونچوں اور خراشوں کو ختم کرتا ہے

لکڑی کی میز، کرسی یا دیوار پر کھرونچیں اور خراشیں پڑجاتی ہیں۔ ایک سالم اخروٹ لیجئے اور اسے توڑے بغیر ان کھرونچوں اور خراشوں پر رگڑنا شروع کردیں۔ اخروٹ کے سخت چھلکے میں بھی تیل، ہوتا ہے، یہ تیل ان خراشوں میں بھر جائے گا اور فرنیچر چمک اٹھے گا۔

## اخبار سے کھڑکیوں کے شیشے صاف کیجئے

اخبار کے ریشے (FIBRES) ٹشو پیپر کی نسبت زیادہ گنجان ہوتے ہیں۔ لہٰذا گندے اور دھندلے شیشوں کو اگر اخبار سے صاف کیا جائے تو نہ صرف ان پر جما ہوا گردوغبار دور ہوجاتا ہے بلکہ یہ شیشوں کی نمی کو جذب کرکے انہیں خوب چمکا دیتا ہے۔

## بند نالی کیسے کھولیں

نالی بند ہوجانے پر باورچی خانے میں پانی بھر جاتا ہے اور کام میں دشواری ہوتی ہے۔ اس پریشانی سے نجات پانے کے لیے سوڈا بائی کاربونیٹ کی ایک پیالی نالی میں ڈال دیں اور اس کے بعد ایک پیالی سرکہ اس پر ڈال دیں۔ پانچ منٹ کے بعد نالی میں کھولتا ہوا پانی ڈال دیں۔ نالی بالکل صاف ہوکر کھل جائے گی۔

## دیواروں کے سوراخ صابن سے بھریں

اگر دیواروں میں سوراخ ہوگئے ہوں تو اسی رنگ کے صابن سے دیواروں کو بھر دیں۔ اس کے بعد صابن سخت ہوجائے تو برش سے سطح برابر کردیجئے سوراخ غائب ہوجائیں گے۔

## ایلومینیم سے کپڑے کی شکنیں دور

کپڑوں پر استری پھیرتے وقت دہری محنت کرنی پڑتی ہے۔ کپڑے کی شکنیں آگے اور پیچھے دونوں طرف سے دور کرنی پڑتی ہیں۔ اس سے بچنے کے لیے استری والی جگہ پر ایلومینیم کی ایک شیٹ رکھ کر استری کریں۔ کپڑے کی شکنیں بیک وقت دونوں طرف سے دور ہوجائیں گی۔

## چقندر کا چھلکا اتارنا

چقندر ابالنے کے دوران تنکا چبھو کر یہ دیکھ لیا جائے کہ چقندر بالکل گل گیا ہے، گل گیا ہو تو اسے پانی سے نکال کر کسی کھردرے کپڑے یا اخبار کے کاغذ کی تہوں میں دبا کر ہلکا سا مسل لیں تو چھلکا فوراً اُتر جائے گا اور ہاتھ بھی خراب نہیں ہونگے۔

## پاؤں کی سوجن کا خاتمہ

پاؤں سوج گئے ہوں تو اس شکایت کو دور کرنے کیلئے دیسی شلجم ابال لیں۔ ابلے ہوئے شلجم کے پانی میں نمک اور سرسوں کا تیل مل کر پاؤں کو اس میں ڈبوئے رکھیں اور ابلے ہوئے شلجم کے ٹکڑے آہستہ آہستہ انگلیوں پر ملیں۔ تھوڑی دیر بعد پاؤں خشک کرکے کپڑوں میں لپیٹ کر سو جائیں۔ انگلیوں کی سوزش ختم ہوجائے گی۔

## لپ اسٹک کا نشان مٹانا

اگر کپڑوں پر لپ اسٹک کا دھبہ لگ گیا ہے تو کپڑا دھونے سے پہلے داغ والے حصے پر پٹرولیم جیلی لگادیں لپ اسٹک کا نشان غائب ہوجائیگا۔

## پٹرولیم جیلی کے فوائد

پٹرولیم جیلی ہلکے پھلکے معمولی زخموں جیسے رگڑ لگ جانا' کٹ جانا اور خراش پڑجانا وغیرہ کو آرام پہنچانے میں بہت مددگار ثابت ہوتی ہے چونکہ زخموں کو تیزی سے ٹھیک کرنے کیلئے موئسچرائزنگ یعنی چکناہٹ اور نمی کی بہت ضرورت ہوتی ہے اور پٹرولیم جیلی میں موئسچرائزنگ کی خصوصیات موجود ہوتے ہیں۔ آپ پٹرولیم جیلی کو پورے جسم پر خاص طور پر ہاتھوں اور پیروں پر اپلائی کرسکتی ہیں۔ یہ خشک جلد کے مسئلے سے مکمل طور پر نجات دلاتی ہے۔ سردیوں میں اکثر ہاتھوں پیروں کی جلد پھٹنے لگتی ہے تو آپ ٹرولیم جیلی استعمال کرکے اس الجھن سے چھٹکارا پاسکتی ہیں۔ آپ اپنے بچے کے بار بار ہونے والے ڈائپر ریشز سے بہت پریشان ہیں تو آپ ٹرولیم جیلی ڈائپر پہنانے سے قبل بچے کی جلد پر اپلائی کردیں۔ اس عمل سے آپ کے بچے کو جو ڈائپر ریشز کا مسئلہ درپیش ہے اس میں آرام آئے گا اور ڈائپر ریشز ہونے کا خدشہ بھی کم ہوجائے گا۔ انگلی پر تھوڑی سے پٹرولیم جیلی لے کر اس کو جوتوں پر مل دیں اس کے بعد نرم کپڑے سے رگڑ کر صاف کرلیں۔ اب آپ جوتے کی چمک دیکھیں۔

تریاق
پیٹ کے کیڑوں کا مؤثر ترین علاج
الحمدللہ! یہ دوا بے شمار مریضوں پر سالہا سال سے آزمودہ ہے۔ اس کا چند دنوں کا استعمال پیٹ سے کیڑوں کا مکمل صفایا کرتا ہے اور غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ (قیمت 120 روپے)

| دلی مراد پوری ہونے کا اشارہ | طمع لالچ میں بڑا نقصان | دنیاوی خوشحالی کا اشارہ | پریشان کن حالات آنے کا خدشہ | اژدھا کا منہ کلہاڑی سے کاٹ دیا | خواب اور روشن تعبیر |
|---|---|---|---|---|---|

## طمع لالچ میں بڑا نقصان

میں نے دیکھا میں خشک میوہ جات لینے کے لیے مارکیٹ میں جاتا ہوں۔ مارکیٹ میں سنتا ہوں کہ پشاور میں یہ خشک میوہ جات کوئی دس بیس روپے کے فرق سے مل رہے ہیں۔ میں مارکیٹ سے اڈے پر جاتا ہوں اور ٹکٹ لے کر بس میں بیٹھ جاتا ہوں اور بس چلنے لگتی ہے۔ کوئی 60 کلومیٹر طے کرنے کے بعد میں سوچتا ہوں کہ میں نے تو تھوڑے سے میوہ جات لینے تھے اور میرے پاس اتنے پیسے بھی نہیں ہوتے کہ میں کافی مقدار میں میوہ جات لوں اور یہ کہ میں پشاور پہلی بار جا رہا ہوں۔ تب ہی میں خوفزدہ ہو جاتا ہوں اور اگلے اسٹاپ پر بس سے اتر جاتا ہوں۔ اترنے سے پہلے بس اینٹوں کی دیواروں کے درمیان سے گزر کر ایک جگہ پر رکتی ہے اور میں ڈرائیور سے پوچھتا ہوں کہ کیا مجھے ٹکٹ کے پیسے واپس مل جائیں گے کیونکہ میں نے سفر پورا طے نہیں کیا۔ پھر وہ مجھے کہتا ہے کہ فلاں اڈے پر چلے جاؤ تو تمہیں 50 فیصد واپس مل جائیں گے میں اس جگہ پر پہنچتا ہوں تو مجھے ایک ملازم کہتا ہے آفس ابھی بند ہے بعد میں آنا۔ (اورنگزیب، ڈی جی خان)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو اس بات پر متنبہ کیا گیا ہے کہ قناعت پسندی اختیار کریں، کہیں ایسا نہ ہو کہ طمع یا لالچ میں آ کر کوئی بڑا نقصان کر بیٹھیں، آپ ہر نماز کے بعد اکیس بار یَاصَبُوْرُ پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ واللہ اعلم۔

## اژدھا کا منہ کلہاڑی سے کاٹ دیا

میں نے فجر کے وقت سے تھوڑا پہلے خواب میں دیکھا کہ ہر طرف سیلاب کا سماں ہے اور بہت سے مختلف نسل کے سانپ میرے اردگرد ہیں اور میں ان سانپوں کو مار رہا ہوں۔ ان سانپوں کو مارنے میں میری بڑی بہن اور میری پھوپھی زاد بہن میری مدد کر رہی ہیں۔ ان میں سے ایک اژدھا نما سانپ ہے جس کا منہ زمین پر تھا اور میں نے کلہاڑی سے وار کیا تو اس کا آدھا منہ کٹ گیا پھر میں نے فوراً دوسرا وار کیا اور اس کی گردن کاٹ دی۔ اس کے بعد جگہ تبدیل ہو جاتی ہے اور دو سانپ میرے ایک جانب سے گزر رہے ہیں جن میں سے ایک کا رنگ سیاہ اور دوسرے کا رنگ کلیجی مائل ہے پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (م۔م، قصور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے بعض خاندان کے افراد حسد کی بنا پر آپ کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں لیکن ان شاء اللہ ان کو اپنے مقصد میں ناکامی ہوگی۔ آپ اپنا اور اپنی بڑی بہن اور پھوپھی زاد بہن کا حسب استطاعت صدقہ دے دیں یا ان کو کہیں کہ وہ اپنا صدقہ دے دیں۔ نیز ہر نماز کے بعد 19 بار یَاحَفِیْظُ پڑھ لیا کریں۔ واللہ اعلم۔

## دنیاوی خوشحالی کا اشارہ

میری بھابھی نے خواب میں دیکھا کہ وہ عمرے پر گئی ہیں۔ انہوں نے سفید رنگ کا عبایا پہن رکھا ہے۔ پہلے نماز پڑھی پھر اِدھر اُدھر مکہ شہر کو دیکھا۔ جہاں ایک کھجور کا باغ ہے جس میں صرف ایک درخت بڑا اور باقی چھوٹے چھوٹے کھجور کے پودے ہیں۔ وہاں انہیں ان کی والدہ مرحومہ بھی ملتی ہیں۔ بھابھی سوچتی ہیں، انہیں یہاں اتنے دن ہو گئے ہیں اور پتہ ہی نہیں چلا۔ (رخسانہ خان، بہاولنگر)

تعبیر: آپ کی بھابھی کا خواب ماشاء اللہ مبارک ہے اور اس بات کا اشارہ ہے کہ انہیں اللہ پاک کا تعلق نصیب ہوگا، بہتر دنیاوی خوشحالی کا بھی اشارہ ہے۔ واللہ اعلم۔

## دلی مراد پوری ہونے کا اشارہ

میں نے خواب میں دیکھا کہ ہم لوگ اپنی نانی اماں کے گھر گئے ہیں۔ میری امی کسی کے گھر گئی ہیں تو میری ماموں کی بیٹیاں میری امی کی برائی کر رہی ہیں۔ میری ممانی اپنی بیٹیوں کو کچھ نہیں کہتیں۔ میری امی جب واپس نانی کے گھر آتی ہیں تو میں امی کو بتاتی ہوں کہ یہ آپ کی برائی کر رہی تھی۔ میری امی ان کی طرف دیکھ کر کہتی ہیں کہ ان کی زبانیں بہت لمبی ہیں۔ ان کو کسی چھوٹے بڑے کی تمیز نہیں، میرے ماموں کی بیٹیاں چپ رہتی ہیں، وہ شاید دال چن رہی ہوتی ہیں۔ میں جب کچن سے نکلتی ہوں تو سامنے سے میرا کزن آ رہا ہوتا ہے وہ میری طرف دیکھ کر مسکراتا ہے۔ میں بھی مسکراتی ہوں تو میری نظر جب ممانی پر پڑتی ہے تو مجھے ایسا لگتا ہے جیسے ممانی مسکرا رہی ہیں تو میرا کزن میرے پاس آ کر کہتا ہے کہ میں تمہارے لیے امی سے بات کروں کہ تم مجھے بہت اچھی لگتی ہو تو میری ممانی وہاں آ کر کہتی ہیں کہ ہاں یہ مجھے بھی پسند ہے۔ (ص۔ء، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ انشاء اللہ آپ کی دلی مراد پوری ہوگی اور حاسد کو ناکامی کا سامنا ہوگا۔ آپ سورۃ الناس صبح شام 13 بار پڑھا کر اپنے اوپر پھونک لیا کریں واللہ اعلم۔

## پریشان کن حالات آنے کا خدشہ

میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے سکول کی وردی پہنی ہوئی ہے اور میں اپنی دوست کے گھر جا رہی ہوں۔ میں اس کے گھر جاتی ہوں تو وہ اپنے گھر سے کار نکالتی ہے۔ میرے سر پر گہرے نیلے رنگ کی دو شالیں ہیں، مجھے گرمی لگتی ہے۔ میں گھر واپس آتی ہوں تو دروازہ کھلا ہوتا ہے اور گھر میں دو نامعلوم خواتین آپس میں ہنس رہی ہوتی ہیں۔ ہم کھڑے ہو کر ان کو دیکھ رہے ہوتے ہیں' ایسے لگتا ہے کہ جیسے وہ ہمارے متعلق ہی باتیں کر رہی ہیں' اور خاص طور پر ہمارے گھر کی باتیں ان کے منہ سے سن کر میں حیران ہوتی ہوں۔ پھر منظر بدلتا ہے کہ سڑک کی جگہ ریل گاڑی کی پٹری ہوتی ہے، میں اور میری دوست ایک چھوٹے سے ڈبے میں بیٹھے ہیں، جس کی چھت نہیں ہے۔ پٹری کے ساتھ ایک لمبی سی دیوار بھی ہوتی ہے اور ڈبہ بڑی تیزی کے ساتھ پٹری پر چل رہا تھا کہ میں نے دیکھا کہ آگے سے پٹری ختم ہو جاتی ہے، میں نے اور میری دوست نے چھلانگ لگا دی۔ (س، گجرات)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کچھ پریشان کن حالات پیش آنے کا خدشہ ہے، تاہم آپ ہر نماز کے بعد سات بار یَاحَفِیْظُ ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر حفاظت کی دعا کر لیا کریں۔ انشاء اللہ حفاظت رہے گی۔ واللہ اعلم۔

چھلکا اسپغول
معدے کو صاف رکھے۔ بلڈ پریشر کا لیول برقرار رکھنے میں مدد دے۔ کولیسٹرول کم اور دل صحت مند۔ قبض سے دور۔ نظام ہضم کو تندرست رکھے۔ پیچش۔ مروڑ میں فائدہ بخش۔ گھر میں رکھنے کی چیز۔
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ



www.ubqari.org

# 100 سال پرانی کتاب کے بوسیدہ نسخہ جات!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کے اور عبقری کی ٹیم کے درجات بلند فرمائے۔

## کھانسی کے لیے 12 ہزار بار آزمایا گیا نسخہ

بہت پرانی کتاب سے لیا گیا نسخہ ہے برائے سل دق کی کہنہ کھانسی کی مجرب دوا جس کا صرف مدراس شہر میں بارہ ہزار مریضوں پر تجربہ ہوا حکیم سید احمد حسین سے بے شمار حکماء صاحبان دوا لیکر جاتے رہے۔ نسخہ: چوب چینی، تخم سویہ ہموزن کو گیارہ گنا وزن پانی میں جوش دیں جب ½ رہ جائے تو اس میں ایک تولہ افیون گھول لیں اور چارتہہ کپڑے میں چھان لیں پھر اس میں دو تولہ گوند کیکر، چار تولہ میعہ سائلہ، چار تولہ کندر، چار تولہ ست ملٹھی تین ماشہ زعفران' ایک ماشہ کچلہ ملا کر اتنا پکائیں کہ گولی بن سکے۔ خوراک: دن میں تین بار سفید چنے کے برابر گولی پانی سے لیں۔ بچوں کی کھانسی میں بھی نافع ہے۔

## نسخہ جریان مختصر مگر مجرب

کتیرا اور دارچینی ہر ایک 100 گرام، چینی 200 گرام لے کر مکس کرلیں، خوراک: چھ گرام ہمراہ نیم گرم دودھ یا پانی روزانہ دوبار استعمال کریں۔

## داد و چنبل کیلئے

اس نسخہ سے کم از کم 95 مریضوں کو شفاء ملی ہے۔ انتہائی مجرب ہے۔ ھوالشافی: سہاگہ، سلفر' چونا ہموزن لیکر پانی میں حل کر کے لگائیں' چندروز میں شفاء ہوگی۔

## نسوانی حسن کے مسائل کا حل (مجرب المجرب)

صاحب نسخہ حکیم غلام محی الدین نوابوں کی اولاد سے ہیں انہوں نے تجویز کیا۔ بے شمار کو استعمال کروایا۔ اس کا استعمال نسوانی کمی کو بڑھاتا ہے' سینے میں سختی بڑھاتا ہے' سینہ کی نشوونما ہوتی ہے' انتہائی مجرب ہے' بے شمار خواتین کو اس نسخہ کے استعمال سے شفاء ملی ہے۔ **ھوالشافی:** پوست درخت کیلا' پوست درخت انجیر' پوست انار ہر ایک 50 گرام، ہلدی 150 گرام، روغن گاؤ 150 گرام تمام ادویہ کو تین جوش دیں۔ اس کو چھان لیں (استعمال) رات کو روغن لگا کر مالش کریں اور سینک دیں بے شمار مستورات کو شفاء ملی۔

## خواتین کیلئے خون روک نسخہ لے لیجئے!

بندہ کے پاس ایک 60 سالہ اماں آئیں' انہیں گاڑی میں ان کا بیٹا لایا۔ تین شب و روز سے خون جاری تھا۔ ایلوپیتھک اور ہومیوپیتھک کی ادویات سے ذرا برابر افاقہ نہ ہوا۔ نقاہت سے قریب المرگ تھیں' پہلے میں نے بلڈ پریشر لو کی دوائی دی' اس کے بعد یہ نسخہ استعمال کروایا۔ ھوالشافی: سنگ جراحت اور گیرو ہموزن کی دو دو ماشے کی خوراک' دن میں چار بار ہمراہ شربت انجبار لیں' پہلے ہی روز تیسری خوراک سے جاری خون رک گیا۔

## دانتوں کو مضبوط کرنے کیلئے بے نظیر منجن

دانتوں کو مضبوط کرنے کے لیے بے نظیر ہے۔ پوست ترپھلہ، زنجبیل' پپلاں' توتیا، مازو، نمک لاہوری، تینگ ہر ایک الگ الگ پیس لیں' پھر تمام کو ملالیں۔ صبح و شام ملیں دانت مضبوط اور سفید بھی ہونگے۔

## کامیاب نسخہ ''سنون تمباکو'' نوٹ کرلیجئے

بے حد مفید، بے چین و درد سے چیختا مریض آدھے گھنٹے یا ایک گھنٹہ میں سکون کا سانس لیتا ہے دانت سفید بھی کرتا ہے (نسخہ) اچھا پتری تمباکو' گیرو' کالی مرچ ہر ایک 50 گرام بہت زیادہ پیس لیں۔ استعمال: جب دانت درد ہو چٹکی بھر کر رکھ دیں تھوکتے رہیں دن میں چار پانچ بار رکھیں۔

## عرق تمباکو برائے فالج لقوہ

استرخاء قولنج، ریح' معدے کی ریاح' جگر و ماساریکا کے سدوں کو کھولنا' رحم کے جامد و خراب مادوں کو تحلیل کرتا' غذا کو ہضم کرتا ہے' بھوک لگاتا ہے' دردسر' بلغمی وجع المفاصل بلغمی کو نافع درد و کمی حیض میں نافع امراض رحم کو دور کر کے قابل اولاد بناتا ہے۔ اطبائے متاخرین کی ایجاد ہے۔ خود بنائیں اور دولت و ثواب کمائیں۔ (نسخہ) تمباکو زرد خشک 56 تولہ اور تین ماشہ۔ اجوائن و معتر ہر ایک ایک تولہ اور ½10 ماشہ، دارچینی' لونگ ہر ایک نو ماشہ' سب کو گیارہ سیر پانی میں ایک دن رات بھگو دیں۔ عرق کشید کرلیں یا کسی سے کرالیں۔ خوراک روزانہ صبح و شام دو تولہ، سرد و بادی اشیاء سے پرہیز۔

## کالے یرقان کی ایسی تیسی، ٹیکوں سے نجات

پوست درخت لسوڑہ ½ سیر کو ایک سیر پانی میں خوب جوش دیں صبح اور شام ٹھنڈا کر کے پلائیں تین دن کافی ہیں ویسے ایک ہفتہ پلادیں۔

## مچھلی کی میحائی

مچھلی کو موٹا موٹا قیمہ کر کے لوہے یا تانبے میں ڈال کر ڈھانپ کر نیچے آگ جلا کر راکھ کرلیں۔ (فوائد) اس راکھ کو خوب پیس لیں کپڑ چھان کر کے رکھ لیں۔ بچہ جننے کے بعد بعض زچہ کا بخار اور سردی کمزوری نہیں جاتی' آج کل لوگ ہسپتالوں کے چکر لگاتے اور پیسے اڑاتے ہیں۔ کھانسی کیسی بھی ہو چاہے کالی کھانسی ہو، بلغمی ہو ساتھ بخار بھی ہو ان تمام امراض میں مکئی کے تین دانے کے برابر ہمراہ پانی دن میں تین بار یا چار بار کھلانا ہے۔ (حکیم عباس علی، واہ کینٹ)

## وظیفہ پڑھا! تین ماہ کے اندر شادی ہوگئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ اور آپ کے متعلق میری سہیلی نے مجھے بتایا' میں اپنی شادی کی وجہ سے کافی پریشان تھی' کافی عرصہ کے بعد سوشل میڈیا پر اپنی سہیلی سے باتوں باتوں میں دل کا حال سنایا' تو میری سہیلی نے مجھے ایک لنک سینڈ کیا' میں نے کلک کیا تو عبقری کی ویب سائٹ کھل گئی' میں نے کافی سٹڈی کرنے کے بعد اپنی سہیلی سے بات کی تو اس نے مجھے عبقری رسالہ اور آپ کے متعلق تفصیل سے بتایا' میں نے ویب سائٹ پر ہی تمام رسالہ پڑھا' درس سننے میرے دل کو لگے' میں نے دفتر عبقری فون کیا' شیخ الوظائف سے ملنے کی ترتیب پوچھی تو انہوں نے خط لکھنے کا کہا۔ میں نے جوابی لفافہ کے ساتھ اپنا شادی کا مسئلہ بیان کیا تھا اور آپ نے مجھے ایک وظیفہ دیا تھا جس کے کرتے ہی میرا مسئلہ حل ہوگیا تھا' میں نے یہ وظیفہ صبح و شام دن رات مستقل مزاجی اور یقین کے ساتھ پڑھا۔ میری شادی دو تین مہینہ کے اندر ہوگئی تھی۔ وظیفہ یہ تھا یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔ الحمدللہ! سسرال میں بھی عبقری پڑھتی ہوں' شوہر بھی عبقری رسالہ پڑھتے ہیں۔ درس ہم دونوں سنتے ہیں۔ میری سہیلی سے آج بھی میری بات ہوتی ہے' اس کا دل کی اتاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتی ہوں کہ اس نے مجھے عبقری ویب سائٹ کا لنک سینڈ کر کے مجھ پر بہت بڑا احسان کیا' شادی کے بعد بھی کچھ مسائل آئے مگر عبقری وظائف سے کچھ ہی عرصہ میں سب کچھ ٹھیک ہوگیا۔ (اہلیہ ظہیر، کراچی)

9 اجزاء پر مشتمل
مغل اعظم شاہی معالج آٹا
نسلیں رہیں تندرست' ذہین صحت منداور خوبصورت
شوگر، کولیسٹرول، موٹاپا۔ ہائی بلڈ پریشر۔ یورک ایسڈ۔ امراض قلب۔ پیٹ کا بڑھنا۔ قبض۔ جوڑوں کا درد۔ اعصابی کمزوری و کمزوری اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہمیشہ استعمال میں رکھیں۔ قیمت 400 روپے

## ساری ساری رات بلغم تھوکنے والے افراد متوجہ ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ عبقری رسالہ میرا پورا گھرانہ پڑھتا ہے‘ آپ کے درس سے خوب فیض پا رہے ہیں‘ میں عبقری سے کیسے جڑا آپ بھی پڑھیے۔ میری عمر 45 سال ہے اور مجھے ریشہ اور بلغم اتنا تھا کہ میں بتا نہیں سکتا ساری ساری رات جاگ کر گزارتا گھر والے میری کھانسی اور بلغم سے تنگ آ گئے تھے۔ میں نے طرح طرح کی ادویات کا استعمال کر کے اپنے آپ کو اور تباہ کر لیا تھا۔ سگریٹ زیادہ سے زیادہ پینا میرا معمول تھا۔ حالانکہ ڈاکٹرز نے سختی سے سگریٹ منع کی ہوئی تھی لیکن میں گھر سے باہر جا کر پانچ سے چھ سگریٹ پی جاتا اس طرح مرض بڑھتا گیا۔ ایک روز میں میڈیکل سٹور پر بلغم کی دوائی لے رہا تھا میرے ساتھ کھڑے شخص نے مجھے دیکھا اور میڈیکل سٹور کے باہر کھڑا ہو گیا میں سٹور سے باہر نکلا تو میری طرف آیا سلام کیا اور کہنے لگا بھائی جو اس وقت تمہاری حالت ہے کبھی میری بھی ہوا کرتی تھی۔ میں نے عبقری دواخانہ کا ’’شفاء حیرت سیرپ‘‘ کی دس بوتل استعمال کی آج میں تندرست ہوں۔ میں نے اس سے پوچھا کہ یہ عبقری دواخانہ کہاں ہے مجھے کوئی فون نمبر یا ایڈریس دے دو میں بھی وہاں جانا چاہتا ہوں۔ میں ایڈریس لے کر دواخانے پہنچا تو دواخانے میں بہت رش تھا میں سوچنے لگا کہ آج کے جدید دور میں بھی حکیم کے دواخانے پر اتنا رش ضرور یہاں سے مجھے شفاء ملے گی۔ میں نے ٹوکن لیا اور بیٹھ گیا۔ میری باری آئی اور میں نے اسسٹنٹ حکیم صاحب سے ملاقات کی انہوں نے مجھے ’’شفاء حیرت سیرپ‘‘ استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں نے پانچ بوتل لی اور گھر آ گیا۔ ’’شفاء حیرت سیرپ‘‘ کا استعمال شروع کیا چار بوتل استعمال کرنے پر میری بلغم نہ ہونے کے برابر ہو گئی پہلے سانس لینے میں دشواری ہوتی تھی لیکن اب سکون سے سانس لیتا ہوں۔ (زبیر، لاہور)

## خاندان کی سب سے کمزور لڑکی میں تھی مگر اب۔۔۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جوں ہی جوانی میں قدم رکھا‘ خون کی کمی کا شکار ہو گئی۔ خاندان میں سب سے کمزور اور پتلی لڑکی میں ہی تھی۔ مجھے آئرن کے انجکشن لگتے تھے ڈاکٹرز نے کہا لگواتی رہو گی تو خون پیدا ہوتا رہے گا ورنہ خون کی اور زیادہ کمی کا شکار ہو جاؤ گی۔ شادی کے بعد بھی میں انجکشن لگواتی رہی۔ انجکشن لگوا لگوا کر میں تنگ آ گئی کہ آخر کب تک ایسے سلسلہ چلتا رہے گا۔ میں نے سوچا کہ دیسی علاج کرواتی ہوں ایک دو حکیم صاحبان سے چیک اپ کروایا تو انہوں نے کہا کہ آپ کا جگر خون نہیں بنا رہا اور یہ کہہ کر دوائی کا تھیلا ہاتھ میں تھما دیا کہ یہ کھاؤ اور مہینہ بعد دوبارہ آنا۔ ایک دو ماہ میں نے دیسی دوائی استعمال کی لیکن فرق نہیں پڑا۔ مجھے تلاش اصل جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ادویات کی تھی یہ تلاش کچھ اس طرح ختم ہوئی ایک روز میرے میاں گھر آئے اور ان کے ہاتھ میں عبقری رسالہ تھا میں نے کہا یہ کیا چیز ہے اس نے کہا کہ سڑک پر پیدل جا رہا تھا ایک آدمی آیا مجھے رسالہ دیا اور چلا گیا۔ میں نے رسالہ پکڑا اور کرسی پر بیٹھ کر اس کا مطالعہ کرنا شروع کیا۔ اس میں ایک دوائی جس کا نام ’’خون افزاء‘‘ تھا درج تھی جو خاص طور پر خون بنانے والی دوا تھی میں نے دو ڈبی فون پر منگوائی اور اس کا استعمال شروع کیا تقریباً دو ماہ دوائی کے استعمال کے بعد میں نے ٹیسٹ کروایا تو میرا HB بڑھ چکا تھا‘ میں بہت خوش ہوئی۔ مزید دوا منگوالی اور استعمال شروع ہے۔ (ام کلثوم، لاہور)

## سرکاری سکول ٹیچر کی ذہانت اور چستی کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے شہر کے ایک سرکاری سکول میں ٹیچر ہوں۔ میری جماعت میں تقریباً 50 کے قریب بچے ہیں۔ سارا دن ان کو پڑھا پڑھا کر جسمانی و دماغی طور پر تھک جاتی تھی۔ سکول سے گھر آ کر گھر کا کام کاج، کھانا بنانا، بچوں کو سنبھالنا جس وجہ سے جسم درد کی شدت میں اضافہ ہو جاتا کھڑے ہونے‘ چلنے‘ پھرنے میں دشواری پیش آتی ہے۔ جسم میں درد کے لیے میں ایلوپیتھک گولیاں کھاتی رہتی تھی جس سے وقتی طور پر آرام آ جاتا لیکن میں چاہتی تھی کہ س جسم درد سے مستقل جان چھوٹ جائے‘ روزانہ رنگ برنگی گولیاں کھانے سے معدہ خراب اور ذہنی طور پر میں ڈیپریشن کا شکار ہو چکی تھی۔ میں نے اپنی ساتھی ٹیچر سے اپنی طبیعت کا ذکر کیا۔ س نے مجھے سے کہا کہ لاہور میں عبقری دواخانہ ہے وہاں جاؤ ان کی ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار کی ہوتی ہے جس کا کوئی نقصان نہیں‘ فائدہ ہی فائدہ ہو گا۔ میں اگلی صبح شیخوپورہ سے لاہور آئی اور عبقری دواخانہ میں موجود اسسٹنٹ حکیم صاحب سے ملاقات کی۔ میں نے ان کو پنے تمام مسائل بتا دیئے جس میں سے سب سے بڑا مسئلہ جسم درد کا تھا۔ انہوں نے ’’ستر شفائیں‘‘ ’’روحانی پھکی‘‘ باقاعدگی سے استعمال کرنے کا مشورہ دیا کہ ان ادویات کی دو دو ڈبی ستعمال کر لیں ان شاء اللہ آپ تندرست و توانا ہو جائیں گی۔ میں نے دونوں ادویات کی دو دو ڈبی لی اور واپس اپنے گھر آ گئی۔ اور اسی دن سے ادویات کا باقاعدگی سے استعمال کرنا شروع کر دیا۔ تقریباً دس دن لگاتار دوائی کے استعمال سے میرے جسم کا درد ایسا غائب ہوا جیسے تھا ہی نہیں۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا جس نے عبقری دواخانہ کا راستہ دکھایا اور مجھے شفاء ملی۔ (ثوبیہ، شیخوپورہ)

عبقری کا شہد سو فیصد خالص ہے‘ شہد کا جمنا فطری عمل ہے۔ مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔ قارئین! اعتماد سے عبقری کی ادویات استعمال کر رہے مشکور ہیں۔ (ادارہ عبقری)

## الرجی اور خارش سے آرام آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کا عرصہ دراز سے قاری ہوں لاجواب رسالہ ہے۔ خود بھی پڑھتا ہوں اور دوسروں کو بھی پڑھنے کا مشورہ دیتا ہوں۔ میرے والد صاحب ایک کیمیکل کی فیکٹری میں کام کرتے ہیں ان کے ہاتھ پر اکثر الرجی ہو جاتی اور پھر خارش بھی شروع ہو جاتی۔ اس خارش کی وجہ سے والد صاحب ساری ساری رات جاگتے اور پورے جسم پر خارش کرتے رہتے۔ اس بارے ڈاکٹر سے مشورہ کیا تو اس نے دو تین کھانے کے لیے گولیاں اور خارش کے لیے ایک لوشن لکھ دیا میں میڈیکل سٹور سے لے آیا اور والد صاحب کو باقاعدگی کے ساتھ ادویات اور لوشن کا استعمال کروایا۔ پہلے دو دن تو سکون رہا لیکن تیسرے دن پھر الرجی اور خارش شروع ہو گئی میں پریشان ہو گیا۔ پھر میرے ذہن میں آیا کہ شاید عبقری رسالہ میں الرجی اور خارش کا کوئی ٹوٹکہ یا نسخہ ہو۔ میں نے عبقری پڑھنا شروع کیا صفحات پلٹتے پلٹتے اچانک میری نظر صفحہ کے نیچے ادویات والی پٹی پر پڑی جہاں ’’مرہم سکون‘‘ بارے لکھا تھا۔ میں نے اسی وقت کال کر کے دو ’’مرہم سکون‘‘ کا آرڈر دیا اور دو دن بعد پارسل میرے گھر تھا۔ مرہم سکون پر لکھی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے میں نے والد صاحب کو مرہم کا استعمال کروایا۔ ایک ڈبی ختم ہو گئی اور دوسری ابھی آدھی ہوئی تھی کہ جسم پر الرجی ختم ہو گئی اور ساتھ خارش کا بھی خاتمہ ہو گیا۔ والد صاحب اب سکون سے سوتے ہیں۔ (محمد صادق، چشتیاں)

**عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں**

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا‘ لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# دس سال پرانا درد چند دنوں میں کیسے ختم ہوا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب میری عمر 19 سال تھی تو سکول میں پنکھے کا بٹن آن کرتے ہوئے مجھے کرنٹ لگا تھا جس کی وجہ سے میرے پورے بازو میں درد تھا اور وہ درد آج بھی محسوس ہوتا ہے آج میری عمر 29 سال ہے۔ اس درد کو ختم کرنے کے لیے کافی ادویات کا استعمال کیا اور مختلف قسم کے نسخہ یا ٹوٹکے کے ذریعے تیل تیار کیے اور لگاتا رہا مگر صرف وقت کے ضیاع اور پیسہ کی بربادی کے سوا کچھ نہیں پایا۔ میں اپنے بائیں ہاتھ سے کوئی بھی وزنی چیز نہیں اٹھا سکتا تھا کیونکہ جس دن کوئی وزنی چیز اٹھا لو تو بس ساری رات تکلیف میں گزرتی تھی۔ ایک روز مسافر بس میں ساہیوال سے دوسرے شہر سفر کر رہا تھا‘ جب بس میں سوار ہو رہا تھا تو بیگ بمشکل اٹھایا‘ ساتھ بیٹھے بزرگ متوجہ ہوئے اور کہا کہ بیٹا ماشاء اللہ جوان ہو‘ کیا ہوا بیگ کیوں نہیں اٹھایا جا رہا؟ میں نے ان کو اپنی ساری روداد سنا دی‘ بزرگ مسکرائے اور گویا ہوئے میرے پاس ایسی بام ہے جس سے جسم کے جوڑوں میں درد، گنٹھیا، شاٹیکا، بچوں میں نمونیا، سوکڑا پن، ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں ٹیڑھی ہو جانا جیسے دیگر امراض میں مفید ہے۔ میں نے کان کھڑے کیے اور ان کی بات کو غور سے سننا شروع کی آخر میں انہوں نے کہا کہ میں جس بام کی بات کر رہا ہوں وہ ”دردی ہربل بام“ ہے‘ یہ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ہے‘ آپ ساہیوال شہر میں ان کی ایجنسی ہے وہاں سے جا کر لے لیں‘ پھر انہوں نے مجھے نمبر بھی دیا‘ عبقری رسالہ اپنے بیگ سے نکال کر مجھے ہدیہ بھی کیا اور اس کے فوائد بھی بتائے۔ میں نے اسی دن ”دردی ہربل بام“ لی اور گھر چلا گیا‘ لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کی۔ صبح اٹھا تو بازو کی درد میں واضح کمی محسوس ہوئی تقریباً ایک ہفتہ اس عمل کو کرنے سے میرے بازو کا 90 فیصد درد ٹھیک ہو گیا ہے اب میں بھاری چیز بھی اٹھانے کے قابل ہو گیا ہوں۔ (نور شاہ، ساہیوال)

# انسولین کے انجکشن بند شوگر کنٹرول میں آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کی عمر 60 سال ہے اور تقریباً پچھلے 10 سال سے وہ شوگر کی مریضہ ہیں۔ شوگر کی وجہ سے کمزوری بہت زیادہ ہے۔ نماز بھی کرسی پر بیٹھ کر پڑھتی ہیں۔ گھر کا کام کاج نہیں کر سکتیں‘ صرف کرسی پر بیٹھ کر سبزی وغیرہ کاٹ لیتی ہیں۔ ان کی شوگر پچھلے دنوں بہت زیادہ ہو گئی تھی جو تقریباً 500 کے قریب پہنچ گئی‘ ڈاکٹر نے انسولین کے انجکشن لگانے کا مشورہ دیا لیکن بھائی نے کہا نہیں انجکشن نہیں لگوانے۔ حیرت ہے شوگر کنٹرول کی دو دو گولی بھی دی پر کوئی فرق نہیں پڑ رہا تھا‘ شوگر پر کنٹرول پانا مشکل ہو رہا تھا‘ گھر میں پریشانی تھی۔ ایک شام بھائی گھر میں داخل ہوئے تو ان کے ہاتھ میں ایک شاپر تھا جس پر عبقری لکھا ہوا تھا میں نے سوچا ہوگی کوئی مشروب کی کمپنی‘ کوئی شربت وغیرہ لے کر آئے ہوں گے لیکن جب میں امی کے کمرے میں پہنچی تو ان کی ادویات کی میز پر چھ بوتل ”عرق شوگر شفاء“ پڑی تھی۔ بوتل پر نام پڑھ کر ہی سمجھ گئی یہ کوئی شوگر کی دوا ہے۔ خیر بھائی نے میری ذمے داری لگائی کہ والدہ کو ٹائم کے ساتھ اور بوتل میں لکھی ہوئی ہدایات کے مطابق ”عرق شوگر شفاء“ دینا ہے۔ میں نے تقریباً ایک ہفتہ عرق شوگر شفاء کا استعمال والدہ کو کروایا جس کا واضح فرق شوگر کنٹرول ہونے سے پتہ چل گیا۔ واقعی یہ اس بوتل میں شوگر سے شفاء بھری ہوئی ہے۔ اب ہم والدہ کو کوئی میڈیسن نہیں دیتے بس عرق شوگر شفاء دیتے ہیں جس سے والدہ کی شوگر مکمل طور پر کنٹرول میں آگئی ہے۔ (حنا، لاہور)

# بیٹے کے کمزور بدن میں جان آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کی عمر 14 سال ہے لیکن لگتا وہ 10 سال کا تھا‘ اس کا وزن نہیں بڑھ رہا تھا جس وجہ سے وہ عمر میں چھوٹا ہی لگتا تھا۔ انتہائی کمزوری اور پتلا دکھائی دیتا تھا۔ کھاتا پیتا بھی بہت کم تھا‘ وہ پڑھائی میں انتہائی سست‘ کتاب ہاتھ میں لیے چار چار گھنٹے بیٹھا رہتا۔ میں اور میری بیوی اس کے لیے بہت پریشان تھے۔ ایک ڈاکٹر سے اس کا چیک اپ کروایا‘ اس نے وزن بڑھانے اور طاقت کے دو سیرپ لکھ دیئے‘ دو مہینے سیرپ پلانے کے بعد بھی وزن نہ بڑھا۔ ایک روز میرا کسی کام کے سلسلہ میں مزنگ چونگی جانا ہوا۔ میں سٹاپ پر کھڑا تھا تو ایک شخص نے آکر مجھ سے پوچھا کہ ”عبقری دواخانہ“ کہاں ہے؟ میں نے کہا میں یہاں کا رہائشی نہیں ہوں آپ کسی اور سے پوچھ لیں اتنے میں ایک آدمی ہمارے پاس سے گزر رہا تھا تو روک گیا اور کہنا لگا بھائی کس نے عبقری دواخانے کا ایڈریس پوچھا میں نے کہا ان صاحب نے پوچھا ہے تو پھر اس نے عبقری کا اڈریس بتایا۔ میں نے ایڈریس بتانے والے شخص سے پوچھا یہ عبقری دواخانہ کیا ہے۔ اس نے بتایا کہ یہاں بس بہت بڑے حکیم صاحب بیٹھتے ہیں جو خالص دیسی جڑی بوٹیوں کی ادویات مریضوں کو دیتے ہیں۔ میں نے یہ سن کر عبقری دواخانے کا رخ کیا اور وہاں جب پہنچا تو دواخانے میں بہت رش تھا میں نے سوچا ضرور ان کی ادویات میں شفاء ہے اتنی خلق خدا یہاں علاج کیلئے آتی ہے۔ میں اگلے دن اپنے بیٹے کو لے کر دواخانے پہنچ گیا اور اسسٹنٹ حکیم صاحب کو چیک کروایا انہوں نے ”اکسیر البدن“ تجویز فرمائی۔ دوائی لی اور گھر آگیا اور زوجہ کو ہدایت کی کہ وہ باقاعدگی سے بیٹے کو دوا دے۔ تقریباً ایک ماہ اکسیر البدن کا استعمال کروایا۔ اس کے بعد بیٹے کا وزن چیک کیا تو بڑھ گیا تھا اس کے ساتھ ساتھ اس کے کمزور بدن پر گوشت بھی بننا شروع ہو گئے‘ پچکے گال بھر گئے اور ماشاء اللہ انتہائی خوبصورت ہو گیا۔ (احسن، لاہور)

## معدے و جگر کے مسائل حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پیشہ کے لحاظ سے ٹرک ڈرائیور ہوں‘ مختلف شہروں میں آنا جانا لگا رہتا ہے اور شہر کا پانی دوسرے شہر کے پانی سے جدا ہے۔ جب بھی بھوک لگی‘ ٹرک سائیڈ پر لگایا اور ہوٹل سے کھانا کھالیا‘ باہر کے کھانے کھا کھا کہ میرے معدہ جواب دے گیا‘ ایک حکیم صاحب سے مشورہ کیا‘ انہوں نے کہا تمہارے معدے اور جگر میں گرمی ہے‘ انہوں نے مجھے دس دن کی دوائی دی جس کو استعمال کرنے کے بعد میرا جسم ٹھنڈا رہنا شروع ہو گیا جو خطرے کی علامت تھا۔ ایک روز میرا پشاور کی طرف کسی کام سے جانا ہوا۔ وہاں ایک پٹھان بھائی کو میں نے اپنا مسئلہ بتایا تو انہوں نے کہا کہ پشاور میں عبقری دواخانے کی ایجنسی فلاں بازار میں ہے ان سے تم ”اصلاح معدے جگر کورس“ لے کر استعمال کرو انشاء اللہ دو کورسز میں تمہیں مرض سے نجات مل جائیگی۔ میں نے دو کورس خریدے اور استعمال کرنا شروع کیے واقعی ایک کورس کے استعمال سے ہی میری طبیعت میں واضح فرق آگیا۔ (وسیم، پشاور)

## صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش ونگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیلڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو)، لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو، الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# 30 ہزار بچ گئے آپریشن بھی نہ ہوا اور پتھری بھی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بھائی کو گردے میں اکثر درد رہتا تھا ہم اس کو کہتے کہ پانی زیادہ پیا کرو پانی کم پینے کی وجہ سے درد ہوتا ہے اور بات کو رفعہ دفعہ کردیتے۔ لیکن جب مسلسل درد رہنا شروع ہوا تو میں نے بھائی کو مشورہ دیا کہ کسی اسپیشلسٹ ڈاکٹر کو چیک کرواتے ہیں مجھے لگتا ہے کہ آپ کے گردہ میں پتھری ہے' ہم ڈاکٹر کے پاس گئے' اس نے تسلی سے چیک کیا' الٹراساؤنڈ کیا تو معلوم ہوا کہ گردے کے اندر چھوٹی سی پتھری ہے۔ ڈاکٹر نے کہا کہ آپ ایسا کریں' لیزر آپریشن کروالیں' ہم نے کہا کہ کتنا خرچہ آئے گا؟ ڈاکٹر نے کہا کہ کمرے کا خرچ اور دیگر اخراجات ڈال کر 30 ہزار سے اوپر کا خرچ ہوگا۔ میں نے کہا ڈاکٹر صاحب آپ فی الحال دوائی دیدیں ہم مشورہ کرکے آپ کو بتائیں گے کہ آپریشن کروانا ہے یا نہیں۔ خیر ڈاکٹر صاحب نے ایک ہفتے کی دوائی دی اور ہم گھر آ گئے مسلسل ایک ہفتہ دوائی کے استعمال کی' جب دوائی استعمال کرتے تو چند گھنٹے درد محسوس نہ ہوتا مگر جیسے ہی دوائی کا اثر ختم ہوتا درد پھر بڑھنا شروع ہوجاتا' اب اتنے پیسے نہیں تھے کہ آپریشن کروالیتے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ کوئی ایسا راستہ دیکھا دے پیسے بھی کم لگیں اور صحت بھی مل جائے۔ اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمالی پھر ایک روز گلی میں جاتے ہوئے میرا پرانا دوست مل گیا۔ باتوں باتوں میں' میں نے اس سے بھائی کے متعلق بات کی تو اس نے کہا کہ یہ کونسی بڑی بات ہے تم آپریشن نہ کروانا کل میں تمہیں ایک دوائی لے کر دوں گا بس وہ استعمال کرواؤں۔ اگلے روز وہ گھر آگیا اور دوائی دے کر کہنا لگا کہ ٹائم پر دوائی دینا کوئی ناغہ نہ ہوا انشاء اللہ سب ٹھیک ہوجائے گا۔ میں نے شاپر سے دوائی نکالی تو اس پر ''پتھری، ڈائیلاسز کورس'' لکھا تھا۔ ایک کورس کے استعمال کے بعد درد بالکل ختم ہوگئی' جب دوبارہ ٹیسٹ کروایا تو پتھری ختم ہوچکی تھی۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ آپریشن سے بھی جان چھوٹ گئی اور پتھری بھی ختم ہوگئی۔ (حیدر خان، پشاور)

# کمر پٹھوں کے شدید درد سے چند دنوں میں چھٹکارا مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو 10 سال ہوگئے اور میرے تین بچے ہیں۔ سارا دن ان کی دیکھ بھال اور گھر کا کام کاج کرتے کرتے اکثر میری کمر اور پٹھوں میں درد رہنا شروع ہوجاتا۔ بس پھر کوئی کام کرنا عذاب لگتا۔ محلے کے ڈاکٹر سے دوائی لے لیتی وقتی طور پر ایک دو دن سکون رہتا لیکن پھر کمر میں درد شروع ہوجاتا۔ میں بہت پریشان تھی کہ میں کیسے اس درد میں بچوں کی دیکھ بھال کروں گی؟ عبقری رسالہ تقریباً ایک سال سے میرے شوہر نے ہاکر کے ذریعے گھر لگوا رکھا تھا جو ہر ماہ باقاعدگی سے گھر دے جاتا۔ میرے شوہر عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ ان کے سٹڈی روم میں عبقری کے کافی شمارے پڑے ہیں۔ میں ان کے روم کی صفائی کررہی تھی تو میں نے سوچا کہ آخر میرے شوہر اس رسالے میں اتنی دلچسپی کیوں لیتے ہیں' ذرا میں بھی عبقری کا مطالعہ کرکے دیکھوں' صفائی چھوڑی اور رسالہ پڑھنے بیٹھ گئی' صفحات پلٹتی گئی اور پڑھتی گئی اور منہ سے ماشاء اللہ کا ورد نکالتی گئی' لاجواب اور باکمال رسالہ تھا' مجھے غصہ آرہا تھا کہ میرے شوہر نے مجھے بھی عبقری پڑھنے کی ترغیب ہی نہ دی اور اتنے بڑے خزانہ سے خود ہی مستفید ہورہے ہیں۔ صفحات پلٹتے پلٹتے آخر کے صفحہ پر ادویات کا تعارف پڑھا تو وہاں ''کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس'' کے متعلق لکھا تھا۔ شام کو میرے شوہر گھر آئے تو میں نے پہلے تو ان سے شکوہ کیا کہ آپ نے عبقری کے متعلق مجھے کیوں نہ بتایا مزید ان سے کہا کہ عبقری میں ایک دوائی ہے ''کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس'' مجھے وہ چاہیے۔ شوہر صاحب مسکرائے اور کہنے لگے کہ کیسا لگا ''عبقری'' رسالہ میں نے کہا کہ یہ تو بہت ہی لاجواب رسالہ ہے میں نے آج تک ایسا رسالہ نہیں دیکھا اس میں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے اور نسخہ جات بہت ہیں یہ وہ ٹوٹکے ہیں جو ہماری دادی، نانی استعمال کیا کرتی تھیں۔ شوہر نے کہا کہ میں تم کو کل دوائی لادوں گا اگلی شام کو گھر آئے تو ان کے ہاتھ میں کورس تھا۔ میں نے استعمال کردیا۔ ایک کورس کے استعمال سے درد میں نمایاں کمی ہوئی۔ میں نے اپنے شوہر سے کہہ کر ایک اور کورس منگوالیا ہے جس کا استعمال ابھی بھی جاری ہے۔ (زوجہ عارف بیگ، لاہور)

## رشتہ کروانے والی خاتون کے مشورہ پر عمل کیا اور بگڑا چہرہ سنور گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مختلف کمپنیوں کی کریمیں لگا لگا کر میں نے اپنا چہرہ بگاڑ لیا تھا ہر کسی سے اپنا چہرہ چھپانے کی کوشش کرتی کیونکہ چہرہ کالے دھبوں اور دانوں سے بھرا پڑا تھا۔ میں نے خون صاف کرنے والے سیرپ کا بھی استعمال کیا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا ایک اسکن اسپیشلسٹ سے چیک کروایا تو اس نے کہا کہ یہ سارا کام کیمیکل کا ہے' آپ جو کریمیں استعمال کرتی تھیں اس میں کیمیکل تھے۔ اس نے مجھے ہومیوپیتھک کی ایک کریم دی میں نے اس کا استعمال شروع کیا دو ڈبی کے استعمال سے دانوں میں پیپ پڑنا بند ہوگئی لیکن دانے ختم نہیں ہوئے دن رات اپنے چہرے کا سوچ سوچ کر ذہنی مریضہ بنتی جارہی تھی۔ میری بڑی بہن کی رشتے کے بات چل رہی تھی جس نے رشتہ کروایا تھا وہ خاتون ایک روز ہمارے گھر آئی اس نے مجھ سے کہا کہ تم اپنا چہرہ کیوں پردے میں رکھتی ہوں خواتین سے پردہ کیا کرنا۔ میں نے چہرے سے دوپٹہ ہٹایا اور کہا اس وجہ سے پردہ کرتی ہوں' میرے چہرے پر بہت زیادہ دانے ہیں۔ اس نے کہا کہ تم نے کوئی کریم استعمال کی میں نے کہا ایک نہیں بہت زیادہ کریمیں استعمال کی جس کا نتیجہ یہ آپ کے سامنے ہے' اس نے مجھے حوصلہ دیا اور کہا کہ کل میں ایک کریم لاؤنگی تم وہ لگانا میں نے صاف انکار کردیا کہ میں کوئی کریم استعمال نہیں کروں گی اس نے کہا کہ یہ عام کیمیکل والی کریم نہیں ہے یہ ''دیسی کریم'' ہے۔ ایک بار میرے کہنے پر استعمال کرنا انشاء اللہ سب دانے، دھبے ختم ہوجائینگے۔ میں نے کہا ٹھیک ہے آپ کہتی ہیں تو کرلوں گی' اگلی صبح وہ کریم دے گئی میں نے دن میں تین بار کریم کا استعمال شروع کیا جس کی بدولت میرے چہرے پر دھبے اور دانے کم ہونا شروع ہوگئے' میں نے فون پر رشتہ کرانے والی خاتون کو کہا کہ یہ کہاں سے ملے گی اس نے مجھے بتایا کہ ڈبی کے اوپر ''عبقری دواخانہ'' کا ایڈریس اور نمبر ہے آپ ان سے منگوالو' فون کرکے ایڈریس لکھواؤ' کریم تمہارے گھر پہنچ جائے گی۔ میں نے ایسا ہی کیا' عبقری دواخانہ کال کی اور کریم میرے گھر پہنچ گئی تقریب تین ڈبی کے استعمال سے ہی میرا چہرہ روشن اور بے داغ ہوگیا۔ اب الحمدللہ عبقری رسالہ تمام گھرانے بڑے شوق سے پڑھتا ہے۔ (ش۔ن، مانگا منڈی)

عرق شوگر شفاء

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' نگاہ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈیپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو ''عرق شوگر شفاء'' جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا' ''عرق شوگر شفاء'' چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# دکھیاروں نے جب عبقری تقسیم کیا تو کیا ہوا؟ انوکھے ہوشربا سچے انکشافات! پڑھیے اور چونک جائیے!

ماہنامہ عبقری! جس نے بھی پڑھا' روحانی اور جسمانی مسائل کا حل ملا' لاکھوں الجھنوں' گھریلو پریشانیوں' کاروباری بندشوں' لاعلاج بیماریوں سے چھٹکارا پاچکے! مگر جب قارئین نے عبقری تقسیم کیا تو انوکھے انکشافات ہوئے' بستر مرگ پر پڑے لوگ اٹھ بیٹھے' جادو سے تھکے ہارے ٹھیک ہو گئے' کاروباری اور نوکری پیشہ کے مسائل دنوں میں حل ہوتے لوگوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے! بے شک جو دوسروں کے مسائل حل کرنے میں مدد کرے اللہ اس کے مسائل پہلے حل فرماتا ہے۔ تو آئیے! قارئین آپ بھی نہ حل ہونے والے مسائل کا تصور کر کے لوگوں کو ان کے مسائل کا حل دیجئے! عبقری پھیلائیے! مسائل سے چھٹکارا پائیے! دنیا و آخرت اور نسلیں سنوار لیجئے۔

## آئیے! دکھی انسانیت کے دکھ دور کرنے میں شیخ الوظائف کے معاون بنیں!

### پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے لان سے عبقری ملا

والدہ کی طبیعت انتہائی خراب تھی ہم انہیں پی آئی سی ہسپتال لاہور لیکر گئے' ڈاکٹرز نے بتایا کہ ان کے دل کے دو والو بند ہیں ہم بہت پریشان لان میں پریشان بیٹھی تھی کہ ایک خاتون نے ہاتھ میں "عبقری" رسالہ تھمایا' پڑھا بہت اچھا لگا اس میں موجود ایک عمل والدہ کیلئے صرف چند ہفتے کیا' والدہ کی طبیعت دن بدن بہتر ہوتی گئی آج الحمدللہ بالکل ٹھیک ہیں جھولیاں اٹھا اٹھا کر ہم سب اس خاتون کو دعائیں دیتے ہیں جس نے عبقری ہدیہ کیا تھا۔ (بشریٰ' کوٹ رادھا کشن)

### عبقری میگزین ہدیہ ملا! میری زندگی بن گئی!

گزشتہ سات سال سے بیروزگار تھا' در در کے دھکوں سے عاجز آچکا تھا' امیدیں ٹوٹ چکی تھیں' ہر طرف سے مایوس ہو کر گھر بیٹھ گیا تھا فاقے' بیماری' ہر وقت کے لڑائی جھگڑوں کو زندگی کا حصہ سمجھ کر گزار رہا تھا' ہمارے پورے علاقہ میں کسی نے عبقری تقسیم کیے' بیگم نے پڑھا' اس میں موجود اسم یَاقَهَّارُ کا ورد تمام گھر والوں نے کھلا کیا' ایک رشتہ دار کے دل میں اللہ نے ڈالا' اس نے مدد کی' اپنا برگر شوارما کا کام شروع کیا' الحمدللہ! علاقہ میں سب سے زیادہ رش میری دکان پر ہے' گھر کا نظام بہترین اور زندگی پرسکون ہوگئی ہے۔ (احمد علی' لاہور)

### عبقری تیرا شکریہ! گھر سے بیماری چلی گئی!

گھر میں بیماریوں نے ڈیرہ ڈال رکھا تھا' الحمدللہ! کاروبار اچھا ہے' کوئی پریشانی نہیں مگر روزانہ ڈاکٹرز اور میڈیکل سٹورز کے چکر لگا لگا کر تھک چکا تھا' کبھی بیوی' کبھی بچے' کبھی خود اچانک بیٹھے بیٹھے طبیعت خراب ہوجاتی۔ کسی نے روحانی علاج کا بتایا' تسبیح خانہ سے تعلق ہے' جاننے والے نے عبقری تقسیم کرنے کا مشورہ دیا' ہر ماہ ایک ہزار رسالہ اپنے شہر میں تقسیم کروانا شروع کیا' اللہ کا لاکھ شکر' جب سے یہ ترتیب شروع کی' گھر سے بیماری چلی گئی' سکون آیا۔ (کاشف' لاہور)

### شادی ہوتے ہوتے رک جاتی! انوکھی بندش! جو ٹوٹ گئی!

میری منگنی ہوئے' آٹھ سال ہوگئے' ہر سال شادی کی تاریخ طے ہوتی' جب دن قریب آتے تو کوئی جھگڑا ہوجاتا یا ایسی بات ہوتی کہ شادی ملتوی ہوجاتی' آٹھ سال اذیت ناک گزارے' اختلافات بھی پیدا ہوئے مگر عبقری وظائف نے اس رشتہ کو بچائے رکھا' میری بہن نے بندش کو توڑنے کیلئے عبقری رسالہ تقسیم کرنے کا مشورہ دیا' میں نے حسب توفیق ہر ماہ 40 رسالے تقسیم کرنے کی نیت کی' تین ماہ یہ عمل کیا اور میری شادی ہوگئی۔ (پوشیدہ' ساہیوال)

### کسی نے عبقری دیا! گھر کا جادو ٹوٹ گیا

بچپن سے گھر میں نحوست دیکھی' ہر کسی نے کہا بڑا سخت جادو ہے' کسی نے عبقری دیا' گھر لایا' وظائف پڑھ' حوصلہ ملا' اس میں موجود ایک وظیفہ خَتم لَا يُنْصَرُوْنَ تمام گھر والوں نے کھلا پڑھنا شروع کر دیا' ہم نے لاکھوں کی تعداد میں پڑھا' آج گھر سے نحوست' بیماری' جھگڑے' تنگدستی ختم ہے۔ میری والدہ ہر دعا میں اس شخص کو نہیں بھولتیں جس نے ہمارے گھر عبقری پہنچایا۔ اللہ اس کو اجر عظیم سے نوازے۔ عبقری ہر ماہ پڑھنا اور درس سننا نہیں بھولتا۔ (محمد عمر' لاہور)

### کورونا آیا' میرے لیے تباہی لایا' عبقری ملا سب مل گیا

ایک ٹریول ایجنسی میں کام کرتا ہوں' کوڈ 19 پاکستان میں آیا' ہمارا آفس بند ہوگیا' خرچے وہیں تھے جبکہ انکم بالکل ختم ہوگئی' چند ہفتوں بعد میں فاقوں پر آ گیا' جمعہ کی نماز پڑھ کر باہر نکلا' ایک اللہ والے عبقری ہاتھ میں تھما دیا' پہلے سمجھا کوئی حکیمی رسالہ ہے' مگر گھر لا کر جب پڑھا اور بیگم کو پڑھایا ہم دونوں نے اس میں موجود وظیفہ یَاقَهَّارُ پڑھنا شروع کر دیا' تین دن بعد ایک دوست نے فون کر کے بلا لیا اور ایک جگہ پہلے سے بہتر نوکری لگ گئی۔ (ابو سہیل' ملتان)

### اللہ اسے آباد رکھے! جس نے میرا گھر آباد کیا

شادی کے ابتدائی سال گھریلو جھگڑے شروع ہوئے' اتنے بڑھے کہ میرے شوہر نے گھر سے نکال دیا' بات طلاق تک پہنچ گئی' خاندان کے بڑے پڑے طلاق تو رک گئی مگر کوئی لینے نہ آیا۔ ایک دن کسی نے دروازہ کھٹکھٹا کر عبقری رسالہ میری والدہ کو تھما دیا' میں نے پڑھا' بہت اچھا لگا' اس میں موجود عمل کیا' چالیس دن بعد شوہر خود لینے آگیا۔ عبقری ہدیہ کرنیوالے کو روزانہ دعائیں دیتی ہوں۔ حسب توفیق خود بھی ہدیہ کرتی ہوں۔ (اہلیہ منیب' کراچی)

### میری کوتاہی تھی! نا سمجھی تھی جس کی سزا ملی

میری دوست ہر ماہ عبقری رسالہ تقسیم کرتی' میں مذاق اڑاتی کہ تجھے آخر کیا ملتا ہے؟ تو بیچاری ہر بار مجھے سمجھاتی کہ اس میں لوگوں کے مسائل کا حل ہے مگر میں نہ مانتی' اچانک مجھے نوکری سے نکال دیا گیا' گھر کا سارا نظام میری تنخواہ پر تھا' میری اسی دوست نے مدد کی' عبقری میں سے ایک وظیفہ بتایا' پڑھا چند ہفتوں کے اندر بہترین جگہ نوکری مل گئی۔ اب سمجھ آئی کہ عبقری انسانیت کا بھلا کیسے کر رہا؟ اب خود بھی تنخواہ سے رسالہ تقسیم کرتی ہوں۔ شکریہ عبقری! (ام ایان' راولپنڈی)

آج ہی اپنے قریبی بک سٹال' ایجنسی' ہاکر یا دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے طلب فرمائیں۔ گھر بیٹھے منگوانے کیلئے ابھی آرڈر کریں - 0332-4091206 0332-7552382

جنت کے پودے دنیا میں لگائیں: عبقری خود پڑھیں احباب کو محبت کیساتھ تحفہ دیں۔ ہر صاحب توفیق عبقری پھیلائیں۔ بے شمار لوگوں کے تجربات کہ انہوں نے عبقری تقسیم کیا تو ان کے گھریلو مشکلات ایسے حل ہوئیں کہ وہ خود حیران رہ گئے۔ آپ بھی تقسیم کریں اور مسائل حل کروائیں۔